سال ۱ — اکتوبر سنہ ۱۹۶۹ع — نمبر ۱

اپنی بات

ہندوستان کی زبانوں میں ہندوستانی کا دائرہ (شیتر) سب سے وسیع ہے۔ یہ زبان یوپی، بہار، مدھیہ پردیش، ہریانہ اور پنجاب کے علاوہ اپنے علاقوں سے باہر دکھن اور مہاراشٹر میں بھی عام بول چال کی زبان ہے۔ ہندوستان کی شہری آبادی میں بھی یہی سب سے زیادہ مقبول ہے۔ اردو اور ہندی اس عام ہندوستانی کے دو ادبی روپ ہیں۔ اردو عربی لکھاوٹ میں لکھی جاتی ہے اور ہندی دیوناگری میں۔ جب ہندوستان کے لئے راشٹر بھاشا کا مسئلہ سامنے آیا تو گاندھی جی نے ہندوستانی کے لئے آواز بلند کی اور ہندوستانی کو زیادہ سے زیادہ پھیلانے کے خیال سے ملک کے مختلف علاقوں میں ہندوستانی پرچار سبھائیں قائم کیں۔ گاندھی جی یہ چاہتے تھے کہ ہندی اور اردو کے ملاپ سے ایک ملی جلی زبان کو پروان چڑھایا جائے اور اسے قومی زبان کی حیثیت سے اپنایا جائے۔ ہندوستانی کو اصل شکل دینے کیلئے وہ ہندی اور اردو کو اسکی پالنے والی بھاشائیں سمجھتے تھے اور «ہندوستانیوں» سے وہ چاہتے تھے کہ وہ ان دونوں سے متعلق اچھے وچار رکھیں اور دونوں سے نزدیک رہیں۔ وہ سیدھے سادھے چالو شبدوں کی جگہ سنسکرت شبد رکھنے یا لفظوں کو سنسکرت کا روپ دینے کے بناوٹی طریقوں کو برا سمجھتے تھے اور چاہتے تھے کہ عام کاروبار میں استعمال ہونے والے لفظوں کو چن چن کر ہندوستانی کے ذخیرہ میں شامل کریں۔ گاندھی جی نے ہندوستانی کیلئے اردو اور دیوناگری دونوں لکھاوٹوں کو پسند کیا اور ہندوستانی کے روپ کے بارے میں صاف صاف کہہ دیا کہ «ہندوستانی» کا مطلب اردو نہیں بلکہ ہند[illegible] اردو کی وہ خوبصورت ملاوٹ ہے جسے اتری ہندوستان کے لوگ سمجھ سکیں اور [illegible] ناگری یا اردو لکھاوٹ میں لکھی جاتی ہو۔ یہ پوری راشٹر بھاشا ہے، باقی جو کچھ ہے وہ ادھورا ہے۔ پوری راشٹر بھاشا سیکھنے والوں کو اب دونوں ہی لکھاوٹیں سیکھنی چاہئیں»۔ گاندھی جی نے اپنے اس ہندوستانی کے مشن کو عام کرنے کے لئے ہندوستان کے مختلف علاقوں میں ہندوستانی پرچار سبھاؤں سے کام لیا۔ لیکن [illegible]

سوائے بمبئی کے ساری پرچار سبھائیں ایک ایک کرکے بند ہوگئیں۔ مسز پیرن کیپٹن اس ہندوستانی کے مشن میں ہر قدم پر گاندھی جی کے ساتھ تھیں انہوں نے اس نیک کام کو جاری رکھا اور جب سنہ ۱۹۵۸ع میں ان کا انتقال ہوگیا تو ان کی بڑی بہن مسز گوسی بہن کیپٹن نے اس میں نئی روح پھونک دی اور اسی ہندوستانی پرچار سبھا کے تحت ایک جون سنہ ۱۹۶۷ع میں ہندوستانی میں سن شودھن کے لئے مہاتما گاندھی میموریل ریسرچ سینٹر کی نیو ڈالی گئی۔

منزل عشق پہ تنہا پہنچے کوئی تمنا ساتھ نہ تھی
تھک تھک کر اس راہ میں آخر اک اک ساتھی چھوٹ گیا

ہندوستانی پرچار سبھا نے جب گاندھی میموریل ریسرچ سینٹر کی بنیاد ڈالی تو اس کے کام کی دیکھ بھال کے لیے پروفیسر ڈی۔ این مارشل (چیرمن) ڈاکٹر ایس۔ این گجندر گڈکر (آنریری سکریٹری) ڈاکٹر ایس۔ ایم کترے، ڈاکٹر پی۔ ایم جوشی اور پروفیسر نجیب اشرف ندوی (مرحوم) پر ایک اکیڈمک کمیٹی بنائی گئی تاکہ ان سے اس ریسرچ سینٹر کو علمی وانتظامی روشنی ملتی رہے۔ ان ممتاز ماہرین کی رہنمائی میں دو سال کی مختصر سی مدت میں ریسرچ سینٹر نے خاصی ترقی کرلی ہے اور ہندی اردو اور لنگوسٹکس میں نایاب اور معیاری کتابوں کا ایک اچھا ذخیرہ جمع ہوگیا ہے۔ اسی طرح اس کی جانب سے چار کتابیں جلد شائع ہوں گی۔ «ہندوستانی زبان» اس ریسرچ سینٹر کا ریسرچ جرنل ہے جس سے اس کے تحقیقی کاموں کی ابتدا ہو رہی ہے۔

مہاتما گاندھی میموریل ریسرچ سینٹر کا مقصد ہندوستانی اور اس کی دیگر بولیوں مثلاً اردو، ہندی، ریختہ، گجری، دکنی، اودھی وغیرہ پر کام کرنے کے علاوہ قلمی کتابوں کی ایڈیٹنگ اور مختلف ہندوستانی کی بولیوں کے ڈسکرپٹیو (Descriptive) اور دیگر ادبی ولسانی مطالعے، اور ہندوستانی کی دولسانی (Bilingual) ڈکشنریاں تیار

کرنا ہے ۔ مجھے یقین ہے کہ سچائی ، خلوص اور لگن سے یہ کام پورے ہوتے رہیں گے اور اس ریسرچ سینٹر کے ذریعے ہندوستانی کی ترقی ہوگی اور اس کی دو بچھڑی ہوئی بیٹیوں ، ہندی اور اردو میں گہرا ملاپ ہوگا ۔

★ ★ ★

پروفیسر نجیب اشرف ندوی اردو ، عربی اور فارسی کے بہت بڑے عالم اور ودوان تھے ان کے شاگرد ہندوستان ہی نہیں بلکہ دنیا کے مختلف علاقوں میں پھیلے ہوئے ہیں ۔ ندوی صاحب شروع سے « ہندوستانی زبان » کے پریمیوں میں سے تھے ۔ انھوں نے ہمیشہ « ٹھیٹھ ہندی » یا « خالص اردو » کی بجائے ہندوستانی کو پسند کیا ۔ وہ لکھتے اور بولتے ہوئے ہمیشہ اس بات کا خیال رکھتے تھے کہ آسان اور سرل زبان استعمال کریں ۔ جب ہندوستانی پرچار سبھا نے مہاتما گاندھی میموریل ریسرچ سینٹر کے لئے اکیڈمک کمیٹی بنائی تو اس میں ندوی صاحب کی خدمات بھی حاصل کی گئیں ۔ وہ اپنے تجربے اور انوبھو سے ہر وقت اس ریسرچ سینٹر کو روشنی دیتے رہے ۔ افسوس کہ ۵ ستمبر سنہ ۱۹۶۸ع کو ندوی صاحب معمولی سی بیماری کے بعد انتقال کر گئے ۔ خدا مرحوم کو کروٹ کروٹ چین نصیب کرے ۔

حامد اللہ ندوی

ہندوستانی پرچار سبھا

ماضی — حال — مستقبل

(۱)

« ہندوستانی زبان » گاندھی جی کو بہت عزیز تھی. وہ اس میں ہندو مسلم یکتا کی پرچھائیں دیکھتے تھے. وہ کہا کرتے تھے کہ « ہندی اردو دو ندیاں ہیں ان میں سے ہندوستانی کی تیسری ندی ظاہر ہونے والی ہے »۔ آزادی سے پہلے ہندوستان کے بہت سے نیتا اس بارے میں گاندھی جی کے ہم خیال تھے لیکن جب ہندوستان آزاد ہوا اور بھارت اور پاکستان کے نام سے دو الگ ملک بن گئے تو دل بھی بٹ گئے اور ہندوستانی زبان کیلئے ان کے دلوں میں جو جگہ تھی وہ اب نہیں رہی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ جب بھارت کی « سرکاری زبان » کے مسئلہ پر غور کرنے کا وقت آیا تو اکثریت نے ہندی کے حق میں رائے دی اور « ہندی » ناگری لکھاوٹ میں بھارت کی سرکاری زبان بن گئی.

گاندھی جی اپنی اس بات پر قائم رہے کہ « ہندوستانی » ہی بھارت کی « راشٹر بھاشا » بن سکتی ہے چنانچہ انہوں نے « ہندوستانی » کے « پرچار » کیلئے جو « سبھا » وردھا میں قائم کی وہ برابر کام کرتی رہی اور اس کام میں گاندھی جی کے بعض مخلص ساتھی بھی ان کا ہاتھ بٹاتے رہے.

ہندوستانی پرچار سبھا وردھا کی جو رپورٹیں अहवाल (احوال) کے نام سے سنہ ۱۹۵۰ء تک چھپتی رہیں ان کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جن لوگوں نے ابتدا ہی سے اس مقصد کا ساتھ دیا اور اس سبھا کی بنیادیں قائم کیں ان میں ڈاکٹر راجندر پرشاد، مولانا ابو الکلام آزاد، پنڈت جواہر لال نہرو، ڈاکٹر ذاکر حسین،

اچاریہ کاکا صاحب کالیلکر ، شری بال گنگادھر کھیر ، ڈاکٹر تارا چند ، ڈاکٹر جعفر حسن ، پروفیسر محمد مجیب ، اشرف ندوی ، شری شریمن نارائن اگروال ، شریمتی پیرن بہن کیپٹن ، پنڈت سندر لال ، پنڈت سدرشن ، شری سیتارام سیکسیریا ، شری امرت لال ناناوٹی ، شری دیو پرکاش نائر جیسی بڑی بڑی ہستیاں شامل ہیں ، کاکا صاحب کالیلکر اور شری امرت لال ناناوٹی نے بعد میں بھی احمد آباد ، وردھا اور دھلی کو مرکز بنا کر اپنا کام جاری رکھا اور شریمتی پیرن بہن کیپٹن نے بمبئی کو چنا اور گاندھی جی کے اس مشن کو کامیاب بنانے کی کوشش میں لگ گئیں .

شریمتی پیرن بہن کیپٹن ھندوستان کے مشہور نیتا دادا بھائی نوروجی کی پوتی تھیں . ابتدائی تعلیم بمبئی ھی میں پائی . میٹرک کرنے کے بعد انہیں انگلستان بھیج دیا گیا . دو تین سال وہ وھاں اپنی تعلیم پورا کرنے میں لگی رھیں . ان دنوں ھندوستان کی تحریک آزادی کا غلغلہ ھر طرف بلند تھا ، اور مختلف نیتا اپنے اپنے طور پر ھندوستان کو انگریزوں کی غلامی سے نکالنے کی کوشش میں لگے ہوئے تھے ، کسی نے توڑ پھوڑ اور دھشت پسندی کو اپنایا تو کسی نے قانونی حدود میں رہ کر تگ ودو کرنے کو بہتر سمجھا ، شریمتی پیرن بہن کیپٹن کی رگوں میں گرم خون تھا ، انہیں انقلابی پارٹیاں زیادہ بھائیں اور وہ یوروپ ھی میں شری ساورکر جیسے انقلابی لیڈروں کے ساتھ مل کر کام کرنے لگیں .

لیکن جب وہ ھندوستان آئیں اور گاندھی جی کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملا تو وہ بہت متاثر ہوئیں . انہیں بہت جلد احساس ہوگیا کہ وہ جس راستہ پر اب تک چلتی رھیں وہ ان کے مزاج کے خلاف ھے . چنانچہ انہوں نے شری ساورکر کو چھوڑ کر گاندھی جی کا دامن تھاما اور آخر وقت تک انہیں کے بتائے ہوئے راستہ پر چلتی رھیں .

گاندھی جی کا کہنا تھا کہ « ھندوستانی کا مطلب ھندی اردو کی وہ خوبصورت ملاوٹ ھے جسے اتری ھندوستان کے لوگ سمجھ سکیں اور جو ناگری یا اردو لکھاوٹ میں لکھی جاتی ہو »

شریمتی پیرن بہن کیپٹن نے جب یہاں ھندوستانی زبان کے پرچار کا کام شروع کیا تو ان کے سامنے گاندھی جی کی یہی بات تھی . اسی پر عمل کرتے ہوئے انہوں نے ھندی

اور اردو دونوں زبانوں کو ، ناگری اور اردو (فارسی) دونوں لکھاوٹوں میں ، ہندو اور مسلمان دونوں قوموں کے درمیان ، زیادہ سے زیادہ پھیلانے کیلئے پورے خلوص اور دیانت داری کے ساتھ ایک خاکہ تیار کیا ۔ پہلی پرکشا ، دوسری پرکشا ، تیسری پرکشا ، قابل اور ودوان کے نام سے مختلف مداوج کے نصاب مرتب کئے گئے ۔ ہندی اور اردو کی درسی کتابیں تجویز ہوئیں اساتذہ اور کارکنان کی خدمات حاصل کی گئیں اور جگہ جگہ کلاسس کا انتظام کر کے ہندوستانی زبان کے پرچار کا کام شروع کر دیا گیا ۔

جب مقصد نیک ہو اور کام کرنے والے مخلص ہوں تو ہر تحریک عوام کو اپنی طرف متوجہ کر ہی لیتی ہے ۔ چنانچہ ہندوستانی پرچار سبھا بھی بہت جلد عوام کا مرکز بن گئی اور یہ کام دن دونی رات چوگنی ترقی کرنے لگا ۔

ریاست بمبئی اس معاملہ میں بڑی خوش قسمت ہے کہ اس کو آزادی کے فوراً بعد ہی شری بی ۔ جی ۔ کھیر ، شری مرارجی بھائی ڈیسائی اور شری ایس ۔ کے ۔ پاٹل جیسے مخلص اور با شعور لیڈر مل گئے جنھوں نے ذات پات کے جھگڑوں سے بلند ہو کر عوام کی خدمت کرنا ابتدا ہی سے اپنا شعار بنا لیا تھا انھوں نے ہر قومی مقصد کا ساتھ دیا ، ہر اچھے کام کو سراہا اور ہر اچھی تحریک کی سرپرستی کی ۔ یہ نا ممکن تھا کہ ہندوستانی پرچار سبھا انہیں اپنی طرف متوجہ نہ کرتی ۔ چنانچہ بہت جلد انکی سرپرستی بھی اسے حاصل ہو گئی ۔

ایک طرف عوام کا ساتھ اور دوسری طرف شری مرار جی بھائی ڈیسائی اور شری ایس ۔ کے ۔ پاٹل جیسی با اثر شخصیتوں کی سرپرستی ، پھر کیا تھا بمبئی میں ہر طرف ہندوستانی ہی ہندوستانی کا چرچا تھا طلبہ ہندوستانی پڑھ رہے تھے ۔ اساتذہ ہندوستانی پڑھ رہے تھے حکومت کے کار کن اور پولیس والے ہندوستانی پڑھ رہے تھے غرض کہ یہاں کا بچہ بچہ ہندوستانی پڑھ رہا تھا ایسا لگتا تھا کہ گاندھی جی کا وہ خواب جو ان کے جیتے جی شرمندۂ تعبیر نہ ہوا ان کے مرنے کے بعد اپنا اثر دکھلا کے رہیگا ۔ لیکن افسوس ہے کہ سنہ ۱۹۵۸ میں شریمتی پیرن بہن کیپٹن کی اچانک موت سے ساری امیدوں پر پانی پھر گیا ۔

وہ لوگ جو ابتدا ھی سے شریمتی پیرن بہن کیپٹن کے دست وبازو بن کر کام کرتے رھے ان میں خصوصیت کے ساتھ شری ریاض احمد، شری نندکشور مسر، شری ھاشم رضوی اور شری اردشیردن شاہ قابل ذکر ھیں۔ جب شریمتی پیرن بہن کیپٹن کے انتقال کے بعد کھیت میں چگنے کو کچھ نہ رھا تو پھر ایک ایک کر کے اس ڈال کے سب پنچھی اڑ گئے، صرف شری ارد شیردن شاہ رہ گئے. سکھ کے ساتھی تھے دکھ میں الگ ھونا گوارا نہ کیا اور آج بھی وہ نہایت خاموشی کے ساتھ اسی خلوص اور جذبہ سے ھندوستانی پرچار سبھا کی خدمت میں لگے ھوئے ھیں.

(۲)

سنہ ۱۹۵۸ ء سے سنہ ۱۹۶۲ ء تک کا زمانہ ھندوستانی پرچار سبھا کے لئے بڑا نازک تھا، جو نحیف اور کمزور جان، خلوص اور جذبہ سے بھرپور ایک باھمت دل کے سہارے، تن تنہا، ھر قدم ھر موڑ پر ھندوستانی زبان کو عام کرنے کے لئے صبح شام دوڑ دھوپ کر رھی تھی، وھی نہ رھی تو پھر سبھا کیا رھتی، نہایت بے بسی اور بے کسی کی حالت میں دم توڑنے لگی، شاید دم توڑ بھی دیتی اگر شریمتی گوسی بہن کیپٹن نے آگے بڑھ کر اسے سنبھالا نہ دیا ھوتا.

شریمتی گوسی بہن کیپٹن، شریمتی پیرن بہن کیپٹن کی بڑی بہن ھیں ان کی تعلیم وتربیت کی کہانی بھی تقریباً وھی ھے جو شریمتی پیرن بہن کیپٹن کی تھی، انہوں نے بھی اپنی چھوٹی بہن کی طرح بمبئی ھی میں اپنی ابتدائی تعلیم مکمل کی، پھر انگلستان جا کر آکسفورڈ سے بی، اے، کیا. بعد میں انگریزی ادب میں تحقیقاتی کام انجام دینے کے لئے ان کا انتخاب ھوا. لیکن صحت نے ان کا ساتھ نہ دیا اور وہ اپنی تعلیمی اور ادبی مصروفیات ادھوری چھوڑ کر بمبئی لوٹ آئیں اور یہاں آ کر وہ بھی اپنے ملک کی سیاسی اور سماجی خدمات میں لگ گئیں. آج بھی وہ متعدد سماجی اور تعلیمی اداروں کی صدر، سکریٹری ھیں ان اداروں میں خصوصیت کے ساتھ گاندھی سیوا سینا اور ھندوستانی پرچار سبھا کا نام لیا جا سکتا ھے.

شریمتی پیرن بہن کیپٹن نے دو اھم کام اپنی زندگی ھی میں کر لئے تھے۔ ایک یہ

کہ حکومت بمبئی سے کہہ سن کر نیتاجی سبھاش روڈ پر دو ہزار مربع گز کا ایک پلاٹ حاصل کر لیا تھا اور دوسرا یہ کہ پنڈت نہرو کو بیچ میں ڈال کر گاندھی سمارک ندھی سے پانچ لاکھ روپیہ حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئی تھیں اور یہ تقریبا طے پاچکا تھا کہ حکومت بمبئی کی دی ہوئی اس زمین پر گاندھی سمارک ندھی سے حاصل کئے ہوئے ان روپیوں کے ذریعہ ایک تین منزلہ عمارت تیار کی جائے اور اس میں نہ صرف یہ کہ ہندوستانی پرچار سبھا کا اپنا ذاتی دفتر ہو بلکہ گاندھی جی کی یادگار کے طور پر ایک ریسرچ سنٹر بھی قائم کیا جائے. جہاں ہندی اردو کا کام ایک ساتھ چاہیے اور اس طرح ہندوستانی زبان کی اشاعت علمی وادبی سطح پر بھی ہو.

عمارت کی تعمیر کا کام چل پڑا تو معلوم ہوا کہ موجودہ فنڈ ناکافی ہے لیکن یہ مسئلہ آسانی سے حل ہو گیا بعض تجارتی ادارے آگے آئے ، اور انہوں نے مناسب شرائط پر روپیہ لگاکراس مشکل کو دور کر دیا اور اس طرح یہ عمارت تین منزلہ سے پانچ منزلہ ہو گئی ، فی الحال یہ پوری عمارت ہندوستانی پرچار سبھا کی ملکیت ہے ۔ اس کے کچھ منزلے وہ خود استعمال کرتی ہے اورکچھ عارضی طور پرکرائے پر دے رکھے ہیں ۔

اس عمارت کی تعمیر کے بعد دوسرا مرحلہ یہ تھا کہ ایک طرف ہندوستانی پرچار سبھا کے کاموں کو از سر نو منظم کیا جائےاور دوسری طرف مہاتما گاندھی موریل ریسرچ سنٹر قائم کرنے کے منصوبہ کو عملی جامہ پہنایا جائے۔ پہلے مقصد کو پورا کرنے کے لئے ایک نیا دستور مرتب کیا گیا اور حسب ذیل اراکین پر مشتمل ایک مجلس عاملہ بنائی گئی ۔

شری مرارجی بھائی دیسائی	صدر
شری ایس. کے. پاٹل	نائب صدر
شری شانتی لال شاہ	معتمد اعزازی
شری پی. اے. ناریل والا	اعزازی خزانچی

شریمتی گوشی بہن کیپٹن ، شریمتی کلثوم سایانی ، شری معین الدین حارث ،

ڈاکٹر کیلاش، شری تصدق حسین، شری آر. ایف. بوگا، شری جی. وی. دیویکر اور شری ایس. آر. شرما ـــ اراکین

دوسرے مقصد کے حصول کے لئے حسب ذیل ممبران پر مشتمل ایک اکیڈمک کمیٹی ترتیب دی گئی۔

پروفیسر ڈی. این. مارشل چیرمین
ڈاکٹر ایس. این. گجندر گڈکر آنریری سکریٹری

ڈاکٹر ایس. ایم. کترے، ڈاکٹر پی. ایم. جوشی اور پروفیسر نجیب اشرف ندوی مرحوم ـــ ممبران

فنڈ کی حفاظت اور آمد وخرچ کی نگرانی کے لئے "ہولڈنگ ٹرسٹیز" کے نام سے ایک تیسری کمیٹی بھی بنائی گئی جس کے لئے حسب ذیل حضرات کا انتخاب عمل میں آیا۔

شری مرارجی بھائی دیسائی، شری ایس. کے. پاٹل، شریمتی گوشی بہن کیپٹن، شری پی. اے. ناریل والا اور لیڈی پریم لیلا ٹھاکرسی

اس طرح ہندوستانی پرچار سبھا کی نئی زندگی کا آغاز ہوا اور یکم جون کو ایک سینیئر ریسرچ آفیسر اور ایک ببلیوگرافیکل اسسٹنٹ کا تقرر کر کے سنہ ۱۹۶۷ع میں مہاتما گاندھی موریل ریسرچ سینٹر کی بنیاد بھی رکھ دی گئی. سینیئر ریسرچ آفیسر ڈاکٹر عبد الستار دلوی نوجوان، سرگرم، معتدل مزاج اور علمی وعملی دونوں حیثیتوں سے ایک دلکش شخصیت کے مالک ہیں۔ انہوں نے اکیڈمک کمیٹی کی ہدایتوں اور اس کے صدر وسکریٹری کے مشوروں پر عمل کر کے دو سال کی مختصر سی مدت میں اس سینٹر کے پنپنے، چلنے اور ترقی کرنے کی ساری راہیں کھولدی ہیں۔ فی الحال لائبریری میں چار ہزار ہندی اور چار ہزار اردو اور کچھ انگریزی کتابیں ہیں۔ کیٹلاگنگ کا کام تیزی سے ہو رہا ہے۔ کتابوں کے دینے لینے کے قوانین بن رہے ہیں۔ ایک ہندی کے لئے اور ایک اردو کے لئے دو ریسرچ اسسٹنٹس کا تقرر ہوچکا ہے۔ دو اور کے تقرر کا انتظام ہورہا ہے اور سنٹر کو مزید ترقی دینے اور اس کو زیادہ سے زیادہ مقبول بنانے کی ترکیبیں سوچی جارہی ہیں۔ ایسا لگتا

ہے کہ اس کو مہاراشٹرا کا ایک مثالی ادارہ بننے میں زیادہ دیر نہیں لگے گی۔

(۲)

جب ہندوستانی پرچار سبھا کا نیا دستور بنا تو اس کے حسب ذیل اغراض ومقاصد قرار دئے گئے تھے۔

« (الف) اس سبھا کا اولین مقصد قومی زبان ہندوستانی کو ترویج دینا ہوگا تاکہ سیاسی ، سماجی اور تجارتی مقاصد کے لئے وہ ملک بھر میں عام طور سے استعمال ہو سکے ، اور مختلف لسانی گروہوں کے درمیان رابطہ کا کام انجام دے ۔»

« (ب) ہندی ، اردو ، برج بھاشا ، اودھی ، دکنی ، گجری اور بہت سی اور زبانوں میں تحقیقاتی کام انجام دینا مشترکہ تہذیب کے پھیلانے میں مدد کرنا اور ہندی کی نشوونما اور ترقی میں حصہ لینا جس کو دستور ہند کے سترھویں حصہ میں « سرکاری زبان » قرار دیا گیا ہے ۔»

« (ج) ہندوستانی میں مختلف قسم کے لغات تیار کرنا اور مختلف ریاستوں میں استعمال کرنے کے لئے قواعد اور کتب حوالہ (Reference Books) ترتیب دینا ۔»

« (د) مدارس کے لئے درسی کتابیں مرتب کرنا »

« (ہ) ہندوستانی میں آسان کتابیں تیار کرنا »

« (و) ہندوستان بھر میں ہندوستانی کے امتحانات منعقد کرنا اور ایسے اداروں اور انجمنوں کو منظور کرنا اور مدد کرنا جو ہندوستانی کو زیادہ سے زیادہ عام کرنے کے مقصد سے اس قسم کے امتحانات چلاتے ہیں ۔»

« (ز) ہندوستانی میں علمی وفنی اصطلاحات کے فرہنگ تیار کرنا »

« (ح) مذکورہ بالا سرگرمیوں کو جاری رکھنے کے لئے شاخیں قائم کرنا ، کمیٹیاں بنانا ، فنڈ اکٹھا کرنا ، ہندوستانی میں کتابیں لکھنے والے ادیبوں کی مدد کرنا ،

مدارس، کتب خانے، دارالمطالعے، ٹیچرس ٹریننگ کلاسس، نائٹ اسکول اور اس قسم کے دیگر ادارے چلانا۔»

«(ط) ایسے اداروں کو ملحق کرنا جو مذکورہ مقاصد کے حصول میں سبھا سے تعاون کرنا چاہتے ہیں۔»

«(ی) منقولہ وغیر منقولہ جائداد بنانا اور مذکورہ مقاصد کی تکمیل کے لئے ضروری قدم اٹھانا۔»

اوپر ہندوستانی پرچار سبھا کے ماضی اور حال کی جو دھندلی سی تصویر پیش کی گئی ہے اس کا تجزیہ کرنے پر معلوم ہوگا کہ سبھا نے اب تک جو کچھ کیا ہے وہ محض مقصد (الف) اور (و) کو پورا کرنے کے برابر ہے لیکن سوال یہ ہے کہ کیا ہندوستانی کی کچھ کلاسس چلا لینے سے یا ایک ریسرچ سنٹر قائم کردینے سے وہ مقصد حاصل ہوجائے گا جو اس زبان کو ملک بھر کے عوام تک پہنچانے کے لئے ضروری ہے۔ اس کا جواب مشکل بھی ہے اور پیچیدہ بھی۔ محض «ہاں» یا «نہیں» میں نہیں دیا جاسکتا۔

جگن ناتھ آزاد نے اپنے ایک سفر نامے «جنوبی ہند میں دو ہفتے» میں، ہندوستان میں عام طور پر بولی اور سمجھی جانے والی زبان کے متعلق اپنے ایک بڑے دلچسپ تجربے کا انکشاف کیا ہے۔ وہ یہ معلوم کرنا چاہتے تھے کہ وہ یا شمالی ہند کے لوگ جو زبان بولتے اور سمجھتے ہیں وہ جنوبی ہند والے بھی بول اور سمجھ پاتے ہیں کہ نہیں۔ اس مقصد کیلئے وہ حیدرآباد سے مدراس تک ہر اسٹیشن پر اترے، ہر آنے جانے والے سے بات چیت کی، ہر پلیٹ فارم اور ہر اسٹال پر لوگوں کو بات کرتے سنا اس طرح ہر ذریعہ سے معلومات حاصل کرنے کے بعد انہیں یہ جان کر حیرت انگیز طور پر خوشی ہوئی کہ وہ جو زبان بولتے ہیں وہ جنوبی ہند کا بچہ بچہ سمجھتا اور بولتا ہے۔

لیکن وہ کونسی زبان تھی جو شمال سے جنوب تک ہر جگہ انہیں مقبول عام

نظر آئی؟ چونکہ وہ اردو کلچر کے پروردہ تھے اس لئے انہوں نے پورے یقین سے
کہدیا کہ وہ «اردو» ہے حالانکہ ہندی والے اس کو کبھی اردو نہیں مانیں گے بلکہ
اس کے برخلاف ان کا اصرار ہے کہ وہ «ہندی» ہے۔

دراصل مشکل اور پیچیدگی اس وقت پیدا ہوئی جب شمال سے جنوب تک عام
طور پر بولی اور سمجھی جانے والی اس زبان کو دو تہذیبی گروہوں نے دو الگ
لکھاوٹوں میں لکھ کر دو الگ نام رکھ دئے۔ ایک تہذیبی گروہ نے ناگری لکھاوٹ میں
لکھ کر اس کو ہندی سمجھا تو دوسرے تہذیبی گروہ نے فارسی لکھاوٹ میں لکھکر اس
کو اردو جانا، حالانکہ دونوں حالتوں میں زبان ایک تھی۔

پھر ایک تہذیبی گروہ کا فطری میلان سنسکرت کی طرف تھا تو دوسرے تہذیبی
گروہ کا عربی وفارسی کی طرف، اسی طرح ایک گروہ مہابھارت اور رامائن کو اپنی
روحانی پاکی کا ذریعہ سمجھتا تھا تو دوسرا صرف قرآن وحدیث کو ساری ہدایات کا
سرچشمہ قرار دیتا تھا۔ ان ساری باتوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک ہی زبان لکھاوٹ کی
تبدیلی اور ہندوستان کی دو بڑی قوموں کے تہذیبی اختلاف اور ذہنی رجحانات کی
وجہ سے آہستہ آہستہ دو ایسی مختلف زبانوں میں تبدیل ہوکے رہ گئی جو ایک دوسرے
کو اپنا رقیب سمجھتی ہیں۔

اس لئے جب بھی ہم ہندوستانی کو عام کرنے کی بات کریں ہمارے ذہنوں میں
یہ بات واضح طور پر ہونی چاہئے کہ یہ صرف دو لکھاوٹوں کو عام کرنے اور اس
میں دو تہذیبی گروہوں کی ترجمانی کو برابر برابر جگہ دینے کا مسئلہ ہے۔

سب سے پہلے ہم لکھاوٹ کے مسئلہ کو لیں۔ جہاں تک ناگری لکھاوٹ کا
تعلق ہے وہ ویسے بھی عام ہورہی ہے۔ یہ لکھاوٹ یوپی، بہار، مدھیہ پردیش
اور راجستھان میں پہلے ہی سے چل رہی تھی، اس لئے وہاں کے لوگوں کے لئے وہ
نامانوس نہیں۔ گجرات اور مہاراشٹر میں رائج زبانوں کی لکھاوٹ بھی تقریبا وہی ہے۔
آسام، بنگال اور پنجاب میں ان کی اپنی زبانوں کی جو لکھاوٹیں ہیں وہ بھی اس سے
زیادہ مختلف نہیں ہیں۔ صرف اڑیسہ اور جنوبی ہند رہ جاتے ہیں جہاں ہندوستان کی

آبادی کا ایک بڑا حصہ بستا ہے اور جہاں کی زبانیں اڑیہ ، تامل ، تیلگو ، کنڑی اور ملیالم اپنی اپنی ایک الگ لکھاوٹ رکھتی ہیں جن کو ناگری لکھاوٹ سے دور کا بھی لگاؤ نہیں ۔ لیکن ہندی چونکہ ہندوستان کی سرکاری زبان تسلیم کرلی گئی ہے اور یہ ان علاقوں میں بھی پڑھائی جاتی ہے یا پڑھائی جاتی رہی ہے اس لئے یہ لکھاوٹ وہاں کی موجودہ نسل کے لئے نئی نہیں ۔

لیکن جہاں تک اردو (فارسی) لکھاوٹ کا تعلق ہے وہ اس قدر عام نہیں ۔ آزادی سے پہلے اس لکھاوٹ سے شمالی ہند اور حیدرآباد دکن کے ہندو مسلمان سبھی واقف تھے ، لیکن ہندوستان کی تقسیم نے اکثر ہندوؤں کے سوچنے کے طریقے کو بدل کے رکھ دیا اور جیسے جیسے دن گذرتے گئے یہ لکھاوٹ مسلمانوں سے مخصوص ہوکے رہ گئی یا پھر تھوڑے بہت سندھی اور کشمیری اس کو جانتے ہیں اور یہ سب مل کر بھارت کی آبادی کا دسواں حصہ مشکل سے بنتے ہیں ۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر ہمیں ہندوستانی زبان کو عام کرنا ہے تو ناگری لکھاوٹ کے مقابلے میں اردو لکھاوٹ کو زیادہ پھیلانے کی ضرورت پڑیگی تا کہ ایک خاص مدت کے بعد اس کے جاننے والے بھی اتنے ہی ہوجائیں جتنے ناگری لکھاوٹ کے جاننے والے ہیں ۔

عام طور پر حکومتوں کی مدد سے ایسے کام بڑی آسانی سے ہو جاتے ہیں لیکن آج کی بگڑی ہوئی فضا میں اس کی امید رکھنا فضول ہے ، اس لئے بہتر یہ ہوگا کہ ہندوستانی پرچار سبھا «لکھاوٹ» ، «پرویش» اور «پریچے» کے نام سے جو ابتدائی امتحانات چلاتی ہے اس کا نصاب از سر نو مرتب کیا جائے اور بھارت کی ایسی جماعتوں یا انجمنوں سے جو کہ گاندھی جی کی تعلیمات پر اب بھی یقین رکھتی ہیں ، فرداً فرداً درخواست کی جائے کہ وہ اس کے پھیلانے میں سبھا کی مدد کریں ۔

اب دوسرا مسئلہ رہ جاتا ہے اور وہ ہے ہندوستان کی دو بڑی قوموں کی تہذیب اور اس کی ترجمانی کو اس زبان میں برابر برابر کی جگہ دینا اور یہ کام اس وقت ہو سکتا ہے جب ہم لغت ، محاورات ، امثال ، تلمیحات ، قواعد ، عروض اور

اصطلاحات اور ان اجزا کو جن کی ترکیب سے زبان بنتی ہے ، از سر نو مرتب کرنے کا ایک سلسلہ شروع کریں ۔

لغت (शब्द-कोश) : لغت الفاظ اور معانی کے رشتے کو ظاہر کرتا ہے ۔ ہندی اور اردو دونوں زبانوں کے بنیادی الفاظ ایک ہی ہیں لیکن الفاظ کے اس ذخیرہ کو بڑھانے کے لئے جن زبانوں کو ماخذ بنایا گیا وہ دونوں کے ہاں مختلف تھیں ۔ اردو والوں نے زیادہ تر عربی فارسی کا سہارا لیا نتیجہ یہ کہ ان کے لغات میں ہندی کے بعد عام طور پر انہی دو زبانوں کے الفاظ ملتے ہیں اور سنسکرت کے بس خال خال ۔ یہی حال ہندی والوں کا بھی ہے ان کا تہذیبی ورثہ زیادہ تر سنسکرت میں ہے اس لئے انہوں نے نئے الفاظ کے معاملے میں زیادہ تر دارومدار سنسکرت پر رکھا ہے اور عربی وفارسی کی طرف کوئی توجہ نہ دی ،خقدرتی طور پر ان کے لغات میں انہی الفاظ کی فراوانی ہے ۔ اس کمی کو صرف ایک طریقہ سے دور کیا جا سکتا ہے اور وہ یہ کہ ان دونوں زبانوں کے لغات کی مدد سے ایک تیسرا ایسا بنیادی لغت تیار کیا جائے جس میں عام ضرورت کے تمام الفاظ چاہے وہ عربی وفارسی کے ہوں یا سنسکرت کے ، موجود ہوں ۔

اس قسم کا ایک لغت تیار کرنے کی ذمہ داری آج سے کچھ سال پیشتر ہندوستانی پرچار سبھا وردھا نے اپنے سر لی تھی ۔ اردو کے لئے شری ملک احمد طالب اور ہندی کے لئے شری واسو دیوانند شاستری کا تقرر ہوا تھا اور یہ دونوں کئی سال تک ناناوٹی جی ، شریمتی پیرن کیپٹن اور پروفیسر نجیب اشرف ندوی کی نگرانی میں یہ کام انجام دیتے رہے مگر پھر پتہ نہ چلا کہ یہ لغت چھپنے بھی پایا یا نہیں ۔

محاورات (मुहावरा-कोश) : محاورہ عربی لفظ ہے ، گھومنے یا گردش کرنے والی چیز کو کہتے ہیں لیکن قواعد کی زبان میں ایسے لفظ یا فقرے کو کہا جاتا ہے جو اپنے اصلی معنوں سے ہٹ کر کسی اور معنی میں عوام میں چل نکلا ہو ۔ ہندی اور اردو کے محاورے کچھ الگ نہیں ہیں بلکہ اردو والوں نے اس میں اضافہ ہی کیا ہے اور فارسی محاوروں کا ترجمہ کرکر کے اس خوبصورتی سے ہندی محاوروں میں ملا دیا ہے کہ وہ بھی ہندی ہی کے محاورے معلوم پڑتے ہیں ۔

منشی چرنجی لال دهلوی نے «هندوستانی مخزن المحاورات»[1] کے نام سے محاوروں کا ایك ضخیم مجموعہ اردو میں مرتب کیا ہے جو تقریبا دس هزار محاوروں پر مشتمل ہے۔ مقدمہ میں ان محاوروں کا تجزیہ کر کے بتایا ہے کہ ان دس هزار محاوروں میں مشکل سے ایك چوتھائی ایسے هوں گے جن میں فارسی یا عربی لفظ آئے هیں ورنہ سب کے سب هندی الاصل هیں۔

بھولا ناتھ تیواری کی کتاب «هندی محاورہ کوش» (हिन्दी मुहावरा-कोश)[2] کے دیکھنے سے معلوم هوتا ہے کہ جس طرح اردو والوں نے فارسی کی مدد سے اس ذخیرہ کو بڑھایا ہے اسی طرح هندی والوں نے بھی سنسکرت سے فائدہ اٹھا کر اس ذخیرہ کو اور مالا مال کرنے کی کوشش کی ہے۔

اب هم کو یہ کوشش کرنی هوگی کہ ان دونوں زبانوں کے محاوروں کا از سر نو جائزہ لیں اور ان میں جن کا چلن عام هو ان کا ایك الگ مجموعہ شائع کیا جائے۔

امثال یا کہاوتیں: (कहावत-कोश) عام طور پر لوگ محاورہ یا کہاوت میں فرق نہیں کرپاتے اور ان کے مجموعے مرتب کرتے وقت دونوں کو ایك دوسرے میں ملادیتے هیں حالانکہ دونوں کو ایك دوسرے سے کوئی بہت زیادہ مناسبت نہیں ہے، محاورہ محض ایك لفظ یا فقرہ هوتا ہے جو بذات خود کوئی پورا مفہوم ادا نہیں کرتا اور اپنی تکمیل کے لئیے مزید الفاظ کا رهین منت هوتا ہے لیکن اس کے برعکس کہاوت بذات خود اپنا ایك مکمل مفہوم رکھتی ہے۔

اردو والوں نے کہاوتوں کی طرف کچھ زیادہ دھیان نہیں دیا۔ کچھ لغات میں مل جاتے هیں اور کچھ محبوب الامثال، نجم الامثال اور فرهنگ امثال وغیرہ کے نام سے چھپے هوئے چھوٹے چھوٹے مجموعوں میں۔ اور ان میں بھی تھوڑی سی هندی کہاوتیں هیں تو زیادہ تر عربی وفارسی کے مشہور جملے اور مصرعے۔ علاوہ ازیں ان کا استعمال بھی عام اردو دان طبقے میں کچھ زیادہ نہیں حالانکہ بات میں خوبی اور حسن پیدا کرنے کے لئیے استعاروں کنایوں کی طرح ان کی بھی بڑی اهمیت هوتی ہے۔

۱۔ مطبوعہ مطبع محب هند دهلی ۱۸۸۶ع ۲۔ کتاب محل الہ آباد ۱۹۶۴ع

ہندی والوں کے یہاں اب بھی ان کا استعمال عام ہے اور ان کے اچھے خاصے ضخیم مجموعے کہاوت کوش کے نام سے ملتے ہیں اس سلسلہ میں بھونیشور ناتھ مسر کی مرتب کی ہوئی «کہاوت کوش»[۱] کا نام خصوصیت کے ساتھ لیا جاسکتا ہے۔

ضرورت ہے کہ ہندی اور اردو والوں کے یہاں کہاوتوں کا جو ذخیرہ ہے اس سے فائدہ اٹھا کر ہم بھی عام فہم اور آسان کہاوتوں کا ایک مجموعہ ترتیب دیں۔

تلمیحات (संकेत कोश) ، تلمیح لفظ ، محاورہ اور کہاوت سب پر بھاری ہے۔ وہ جس خوبصورتی اور آسانی سے تہذیبی روایات کی ترجمانی کا کام کرتی ہے بہت کم دوسرے اجزائے زبان کرتے ہیں۔ ہر زبان کی تلمیحات ہی سے پتہ چلتا ہے کہ اس زبان کا رشتہ کس تہذیب یا کس معاشرہ سے جڑا ہوا ہے۔ اردو والوں نے عام طور پر جن تلمیحات کا استعمال کیا ہے اس سے ہندی والوں کو بڑی شکایتیں ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ :۔

«اردو اپنے محسوسات میں ، خیالات میں ، اسلوب میں یہاں تک کہ مقامی رنگ میں بھی فارسی وعربی سے زیادہ متاثر ہے ، اردو والے رستم ، سہراب ، حاتم ، سکندر ، جمشید ، اور نوشیرواں کے زریں کارنامے بڑے فخر سے بیان کرتے ہیں۔ مگر رامائن اور مہابھارت کے ہیروؤں کو بھول جاتے ہیں ، ان کو لیلی مجنوں ، شیریں فرہاد اور یوسف زلیخا کی محبت کی داستانیں زیادہ پسند ہیں۔ اور ہیر رانجھا ، لورک وچندا اور ڈھولہ مارو جیسی ہندی نژاد پریم کتھاؤں سے کوئی دلچسپی نہیں۔ ان کے من کو دجلہ وفرات جیسی بدیسی ندیاں ، طور وقاف جیسے بدیسی پہاڑ ، نرگس وسوسن جیسے بدیسی پھول اور قمری وبلبل جیسے بدیسی پرندوں کی خوبصورتی موہ لیتی ہے ، اور گنگا وجمنا جیسے ہندوستانی دریا ، وندھیا وہمالیہ ، جیسے ہندوستانی پہاڑ چمپا وچنبیلی جیسے ہندوستانی پھول اور کوئل ومینا جیسے ہندوستانی پرندے ذرا نہیں بھاتے»[۲]۔

تقریبًا اسی قسم کی جانبداری کی شکایات اردو والے بھی ہندی والوں سے کر سکتے ہیں لیکن اگر ذرا دل بڑا کر کے دیکھا جائے تو یہ ساری شکایتیں فضول معلوم ہوتی ہیں کیونکہ ہر تہذیبی گروہ مجبور ہوتا ہے کہ اپنی ہی روایات کا سہارا لے کر

۱ — बिहार राष्ट्र भाषा परिषद पटना 1966
۲ — Persian Influence on Hindi ص ۱۲

بات کو آگے بڑھائے چونکہ ان روایات سے اس گروہ کے سبھی افراد آگاہ ہوتے ہیں اس لئے اس کو ان کے ذریعہ اپنی بات سمجھانے میں بڑی آسانی ہوتی ہے۔

تلمیحات کے سلسلہ میں اردو میں تھوڑا بہت کام ہوا ہے، ہندی والوں نے اس کی طرف کوئی خاص توجہ نہیں کی اچھا ہو اگر دونوں کی تلمیحات سے فائدہ اٹھا کر عام استعمال کے لئے ایک مختصر سا مجموعہ ہم بھی تیار کریں۔ اس سے دو تہذیبی گروہوں کو قریب لانے میں بڑی مدد ملے گی۔

قواعد (व्याकरण) ، زبان کے صحیح استعمال کی راہیں متعین کرنا قواعد کا کام ہے۔ الفاظ کو قواعد کے پیمانوں سے ناپتے وقت عام طور پر اسم، فعل، حرف اور ضمیر میں تقسیم کر دیا جاتا ہے اور جیسے جیسے ان کی حالتیں بدلتی جاتی ہیں ویسے ویسے ان کا دائرہ بھی وسیع ہوتا جاتا ہے۔ چونکہ اردو زبان کی بنیاد ہندی پر ہے اس لئے اس کے تمام فعل، فاعل، مفعول، اضافتیں، ضمیریں اور رابطے ہندی ہیں۔ عربی وفارسی یا کسی اور زبان کا کوئی اثر ہے تو وہ اسماء وصفات کی حد تک ہے اور بس۔ لیکن یہ اپنی ظاہری شکل وصورت میں ہندی سے الگ اس لئے لگتے ہیں کہ ان کی وضاحت کرنے کے لئے جو اصطلاحات استعمال ہوتی ہیں وہ عربی سے مستعار ہیں۔ اگر ان کے ساتھ ساتھ ان کے ہندی مترادفات بھی دیدئے جائیں تو یہ غلط فہمی دور ہوجائے گی اور اس طرح اپنی نئی شکل میں یہ ہندوستانی کے قواعد معلوم دیں گے۔

عروض (छन्द: शास्त्र) : عروض اس فن کو کہتے ہیں جس سے اشعار کا وزن معلوم ہوتا ہے۔ ہندی میں اس فن کو چھند شاستر کہتے ہیں، دونوں میں شعر ناپنے کی ٹکنک وہی ہے۔ اگر اردو والے اس کو حرف وحرکت سے ناپتے ہیں تو ہندی والے وزن اور ماتراؤں سے۔ البتہ ادب کی بعض اور اصناف کی طرح یہاں بھی اردو والوں کا جھکاؤ عربی وفارسی بحروں کی طرف رہا تو ہندی والوں کی پوری کویتا سنسکرت کے چھندوں کی بنیاد پر استوار ہوئی ہے۔ وہ اگر غزل، قصیدہ، مثنوی، رباعی اور قطعہ وغیرہ کے نام سے عربی وفارسی اوزان میں اپنے جذبات وافکار کو موزوں کرتے رہے تو انہوں نے بھی کنڈلیا، سویا، چوپائی، دوہا اور رولا وغیرہ کے

روپ میں ہمیشہ اپنے خیالات کو نظم کیا۔ اس طرح دونوں ایک جگہ سے چلنے کے باوجود دو مخالف سمتوں میں مڑگئے ہیں۔

جہاں تک ہندی والوں کا تعلق ہے وہ بڑی تیزی سے اردو شاعری کو ہندی قالب میں ڈھال رہے ہیں اس لئے یہ نہیں کہا جاسکتا کہ وہ اردو شاعری کے مزاج یا اس کی فنی خصوصیات سے ناواقف ہیں لیکن اسکے برعکس اردو والوں میں ہندی چھندوں کا بہت کم رواج ہے۔ یہ ہندوستانی والوں کا فرض ہوگا کہ وہ دونوں کی اس دوری کو دور کریں اور اس کا طریقہ بھی یہی ہوسکتا ہے کہ عروض اور چھند شاستر دونوں میں سے آسان اور عام پسند اوزان کو لیکر ایک مجموعہ تیار کیا جائے اور دونوں کو ایک دوسرے کے فن سے دلچسپی لینے کا موقع فراہم کیا جائے۔

اوپر ہم نے تفصیل کے ساتھ اردو اور ہندی دونوں زبانوں کے اجزائے ترکیبی اور ان کی ترتیب نو کا ذکر کیا ہے۔ یہ کام بظاہر کچھ مشکل دکھائی دیتا ہے لیکن اگر ہم واقعی گاندھی جی کی تعلیمات پر یقین رکھتے ہیں اور ہمیں ہندوستانی کو واقعی عوام میں مقبول بنانا ہے تو ہمیں یہ کام انجام دینا ہی ہوگا، چاہے اس کے لئے ایک مدت کیوں نہ درکار ہو۔ یہ ضروری نہیں کہ ہم یہ سب کام ایک ساتھ ہاتھ میں لیں، یکے بعد دیگر بھی سلسلہ وار پورا کیا جاسکتا ہے۔

اس قسم کے جو مجموعے بھی ہم شائع کریں، ان کے دو حصے ہونے چاہئیں، ایک ہندی لکھاوٹ میں اور دوسرا اردو لکھاوٹ میں اور دونوں ایک ساتھ مجلد ہوں۔ جو ہندی لکھاوٹ کو آسان سمجھتے ہیں وہ ہندی لکھاوٹ کے حصے میں اور جو اردو لکھاوٹ کو آسان سمجھتے ہیں وہ اردو لکھاوٹ کے حصے میں اپنے کام کی بات ڈھونڈ لینگے اور دونوں لکھاوٹوں پر بار بار ان کی نظر پڑنے کی وجہ سے دونوں سے ان کی دلچسپی بھی باقی رہے گی۔

اور پھر یہ تمام مجموعے سلسلہ وار ہندوستانی لینگویج سیریز (Hindustani Language Series) کے نام سے زیادہ سے زیادہ تعداد میں چھاپ کر کم سے کم قیمت میں فروخت کرنا ہوگا تا کہ اس کا فائدہ عام لوگ اٹھائیں اور ہر طرف ہندوستانی کا بول

بالا ہو۔ اس قسم کی پاپولر سیریز (Popular Series) کی مثالیں انگریزی جیسی بین الاقوامی اور ترقی یافتہ زبان میں بھی پائی جاتی ہیں۔ اس سے زبان کی مقبولیت میں اضافہ ہوتا ہے۔

ہندوستانی زبان کو عام کرنے کی جو تجاویز اوپر پیش کی گئی ہیں ان کا ایک سرسری جائزہ لینے پر معلوم ہوگا کہ یہ ساری تجاویز اس زبان کو صرف ایک عوامی وادبی سطح تک مقبول بناسکتی ہیں۔ ترقی یافتہ قوموں اور ملکوں کے یہاں زبان کا استعمال اس سطح پر جا کر رک نہیں جاتا بلکہ ان پر اک ایسا وقت بھی آتا ہے کہ جب سائنس اور ٹکنالوجی کے راز اپنی زبان میں سمجھنے اور سمجھانے کے لئے انہیں نئی نئی علمی اصطلاحات بھی بنانی پڑتی ہیں۔

اصطلاحات کیا ہوتی ہیں، ان کے وضع کرنے کا طریقہ کیا ہے، اور ان کے بناتے وقت کن کن زبانوں اور اصولوں کی مدد لی جاسکتی ہے وغیرہ ایسے سوالات ہیں جن کا جواب دینے کی وقتاً فوقتاً ہندی اور اردو دونوں زبانوں کے اہل علم نے کوشش کی ہے۔ ہم کو ابھی ان جھگڑوں میں نہیں پڑنا ہے اس لئے کہ یہ منزل ابھی بہت دور ہے۔ فی الحال اگر ہم ہندوستانی کو عوامی اور ادبی سطح تک بھی مقبول بنادیں تو یہ ہمارا بہت بڑا کارنامہ ہوگا۔ یہ ہمارے اغراض ومقاصد اور گاندھی جی کا منشا، دونوں کے عین مطابق ہے۔

ڈاکٹر عبد الستار دلوی

اردو کا ہندوستانی رجحان

زبانوں کے مطالعہ سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ وہ مختلف ذیلی بولیوں اور مختلف ادبی اسالیب پر مشتمل ہیں۔ یہی حال اردو کا بھی ہے۔ چنانچہ اپنے «معیار» کے تخمینی لیبل کے ساتھ وہ دہلوی اردو، لکھنوی اردو، دکنی اردو، بیگماتی اردو وغیرہ متعدد بولیوں میں بٹی ہوئی ہے۔ اسی طرح اردو ادب بھی اپنے اسالیب، لب ولہجہ، انتخاب الفاظ اور مختلف لسانی وادبی اقدار اور رجحانات کے لحاظ سے تین اسالیب یا رجحانات میں منقسم ہے۔ اردو کا پہلا اسلوب وہ ہے جسے مسجع ومقفیٰ اسلوب کہنا زیادہ صحیح ہوگا۔ اس میں اردو مبالغہ وبلند پروازی کے بازوؤں سے اڑتی ہے اور قافیوں کے پروں سے فرفراتی ہے۔ شوکت الفاظ کے زور سے آسمان پر چڑھتی ہے اور استعاروں کی تہہ میں ڈوب جاتی ہے۔ مجموعی حیثیت سے اس اردو کا سارا رجحان فارسی اور عربی الفاظ، ترکیبیں اور تلمیحیں ہیں۔ اردو کا دوسرا رجحان ہندوستانی رجحان ہے، جس میں فارسی عربی کی نئی کٹے بغیر ہندی الاصل لسانی وادبی روایات سے میل کھا کر سبک، سادہ، سلیس شیریں اور کومل بن جاتی ہے۔ اس کی «سادگی واصلیت» بھاشا سے آتی ہے۔ اس میں بارہ ماسے ہیں، گیت ہیں، دوہے ہیں اور ان سب سے بڑھ کر ہندوستانی مزاج اور فکر کی آمیزش ہے۔ تیسرا رجحان انگریزی کا رجحان ہے جس میں سادگی اور صاف گوئی (Directness) کے ساتھ عالمانہ وقار اور سنجیدگی ہے۔ جدید اردو نثر پر اس رجحان کے اثرات گہرے ہیں۔ شاعری میں نظم اور سانیٹ اسی کی دین ہیں۔ ثانی الذکر ہندوستانی رجحان کے علاقائی رنگ روپ دکنی، گجری اور ریختہ کے نام سے موسوم ہیں، لیکن عجیب اتفاق ہے کہ شمال میں ریختہ اپنے قدیم دور میں «زبان ہندوستان» کی بجائے «زبان اردوئے معلیٰ» کی طرف مڑی، اسکے برعکس جنوب میں دکنی نے ہندوستانی پن کو ہمیشہ اپنائے رکھا۔

اردو میں لسانی اعتبار سے «ہندوستانیت» کا یہ رجحان دکنی کے دور دوم سے شروع ہوتا ہے جبکہ اورنگ آباد اور اس کے نواح میں دکنی اردو اور شمالی اردو کے ملاپ سے زبان کا ایک ملاجلا رنگ پیدا ہورہا تھا۔ اورنگ زیب کے زمانہ میں اورنگ آباد میں شمالی اردو اور دکنی اردو کے ملاپ سے اس زبان کا جو رنگ نکھر رہا تھا اسے دکنی اردو اور شمالی اردو سے ہٹ کر اس زبان کے ابتدائی عالموں نے «اورنگ آبادی» کے نام سے یاد کیا ہے جو در اصل مہاتما گاندھی کی کلپنا یا تصور ہندوستانی کی غیر شعوری لیکن عملی شکل ہے۔ اس سلسلے کی اہم دستاویز عزیز اللہ ہمرنگ اورنگ آبادی کی «تفسیر چراغ ابدی» ہے جو انہوں نے سنہ ۱۲۲۱ ھ مطابق سنہ ۱۸۰۶ ء میں لکھی، ابتدائیہ میں ہمرنگ لکھتے ہیں:

«اگرچہ بعض عزیزوں نے زبان دکھنی ہندی آمیز میں تفسیر جزو آخر کی لکھی ہے لیکن بہ سبب الفاظ دکھنی لطف زبان ہندی کا پورا نہیں پاتا اور دل یاروں کا واسطے مطالعہ اس کے رغبت کم لاتا ہے اس واسطے خاطر قاصر میں اس فقیر کی آیا کہ تفسیر جزو آخر کی زبان ہندی میں کہ بالفعل اورنگ آباد کے لوگوں کا محاورہ ہے، لکھیے»[1] یہ «بالفعل اورنگ آبادی» ولی، سراج، دؤاد، عاجز اور شاہ قاسم کی زبان ہے جسے وہ عزیز اللہ ہمرنگ سے پہلے نظم کرتے رہے ہیں۔

اردو کے ادیب و شاعر، مدرسوں کے فارغ التحصیل تھے اور عربی وفارسی ان کے ذہنوں میں گھر کر گئی تھیں غالباً یہی وجہ ہے کہ ان کی زبان اور انداز بیان میں عربی وفارسی کی چھاپ اور ان کے اسلوب پر انہیں زبانوں کا رنگ چھایا ہوا ہے۔ میر امن کی باغ وبہار اور میر عطا حسین تحسین کی «نو طرز مرصع» اور اسی قبیل کی دوسری تصنیفات جنکا تعلق فورٹ ولیم کالج سے ہے عربی وفارسی کے تراجم ہیں اور اس لحاظ سے ان ترجموں کا فارسی وعربی کے اثرات سے محفوظ ہونا غیر فطری بھی تاہم بعد کی کتابوں مثلاً نہال چند لاہوری کی «مذہب عشق»، سرور کی فسانۂ عجائب، سرشار کی فسانۂ آزاد، نذیر احمد کی توبۃ النصوح میں عربی وفارسی اثرات کی شدت اور مسجع

۱— ڈاکٹر عبد الحق: پرانی اردو میں قرآن شریف کے ترجمے اور تفسیریں مطبوعہ «اردو» جنوری سنہ ۱۹۳۷ء ص ۳۲

وستقفی عبارت کی بہتات ان ادیبوں کی ابتدائی تعلیم اور تربیت کا نتیجہ ہے ، پھر فارسی عرصہ سے ہندوستان کی سرکاری زبان کی حیثیت سے بھی رائج تھی اور عرصہ دراز سے اسکا طوطی بول رہا تھا اور تہذیب وشائستگی کا نمونہ سمجھی جاتی تھی ، لہذا اسکا تتبع غیر شعوری طور سے ہماری ہندوستانی فکر کا لازمی جز بنتا گیا۔ آزاد جو فارسیت سے بہت زیادہ مغلوب ہیں ، اردو کی اس خامی اور کمزوری کو محسوس کرچکے تھے اور اسے اردو کی رفتار ترقی کی راہ میں بہت بڑی رکاوٹ خیال کرتے تھے۔ انہوں نے اپنی مشہور کتاب «آب حیات» میں اس کی طرف اشارہ بھی کیا ہے ، آزاد کے مندرجہ ذیل خیال سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ اردو کو ہندوستان گیر اور اسی لحاظ سے ہندوستانیت سے مملو زبان دیکھنا چاہتے تھے ، اور اپنے عہد کے رجحان کو جس میں وہ فارسی کا رنگ وآہنگ اور اسلوب اپنائے ہوئے تھی ، اردو کی ترویج واشاعت میں سب سے بڑی مشکل تصور کرتے تھے۔ آزاد لکھتے ہیں :

«خاص وعام پپیہے اور کوئل کی آواز اور چنپا چمیلی کی خوشبو بھول گئے ، ہزارو بلبل ونسرین وسنبل جو کبھی دیکھی بھی نہ تھی ان کی تعریفیں کرنے لگے۔ رستم واسفندیار کی بہادری ، کوہ الوند اور بے ستون کی بلندی ، جیحوں سیحوں کی روانی نے یہ طوفان اٹھایا کہ ارجن کی بہادری ، ہمالہ کی ہری ہری پہاڑیاں ، برف بھری چوٹیاں اور گنگا جمنا کی روانی کو بالکل روك دیا»۔

مولانا محمد حسین آزاد ادیب اور شاعر تھے اور ایك مصلح کا ذہن رکھتے تھے۔ آزاد کا یہ اصلاحی رجحان ادب وشعر کے ساتھ زبان واسلوب کے بارے میں بھی تھا۔ سنہ ۱۸۵۷ع کی انقلابی وسیاسی تحریك کی ناکامی کے بعد کی تحریکیں ، انگریزی حکومت ، انگریزی تہذیب اور انگریزی زبان سے سمجھوتے کی حیثیت رکھتی ہیں جو اخلاقی بھی ہیں اور اصلاحی بھی ، اس عہد کی ساری علمی ، ادبی ولسانی کوششیں اصلاحی مقاصد لیے ہوئے تھیں۔ زبان وادب کے سلسلے میں ان اصلاحی تحریکوں کی شعوری کوششیں سر سید کا حصہ ہیں ، جنہیں اردو کو سائنٹفك زبان بنانے کا خیال پیدا ہوا۔ تہذیب الاخلاق کے مضامین اور دیگر تصانیف اور اسی طرح حالی کے نثری کار نامے

ادیب اور زبان ہر لحاظ سے اس ادبی ولسانی اصلاحی تحریک کے ابتدائی نقوش ہیں جو ما بعد کے ہندوستان کو ہندوستانی کے روپ میں مشترکہ زبان دیتے جو ہندوستانیت سے پُر ہوتی اور جو فارسی، عربی اور سنسکرت کے لسانی سرمایہ سے اٹوٹ رشتہ برقرار رکھتے ہوئے ایک طرف رجب علی بیگ سرور، نذیر احمد، سرشار، ابو الکلام اور نیاز فتحپوری کی اردو سے الگ عام فہم، سادہ وسلیس زبان ہوتی اور دوسری طرف موجودہ ہندی سے الگ ہوکر جمہوری زبان کے دھارے میں مل کر مہاتما گاندھی کی مشترکہ زبان کا اٹوٹ حصہ بنتی.

محمد حسین آزاد زبان میں بھاشا اور فارسی آمیزش سے نیا رنگ واسلوب اور بھاؤ پیدا کرنا چاہتے تھے. اس خیال کو "آب حیات" سے پہلے وہ اپنے اس لیکچر میں بھی پیش کرچکے تھے جو انہوں نے جدید شاعری کے بارے میں سنہ ۱۸۷۴ء میں لاہور میں دیا تھا. آزاد کے ان خیالات کے اعتبار سے ایسے معلوم ہوتا ہے کہ اگر آزاد زندہ ہوتے تو گاندھی جی کی ہندوستانی تحریک میں ان کے شانہ بشانہ چلتے - کہتے ہیں:

"اے گلشن فصاحت کے باغبانو! فصاحت اسے نہیں کہتے کہ مبالغہ اور بلند پروازی کے بازؤں سے اڑے، قافیوں کے پروں سے فرفر کرتے گئے. لفّاظی اور شوکت الفاظ کے زور سے آسمان پر چڑھتے گئے اور استعاروں کی تہ میں ڈوب کر غائب ہوگئے - تب اس موقع پر ہمیں کیا کرنا چاہئے؟ ہمیں چاہئے کہ اپنی ضرورت کے بموجب استعارہ اور تشبیہہ اور اضافتوں کے اختصار فارسی سے لیں. سادگی اور اظہار اصلیت کو بھاشا سے سیکھیں. لیکن انہیں پر قناعت ناجائز کیوں کہ اب زمانہ کچھ اور ہے. ذرا آنکھیں کھولیں کے تو دیکھیں کے کہ فصاحت وبلاغت کا عجائب خانہ کھلا ہے. جس میں یورپ کی زبانیں اپنی اپنی تصانیف کے گلدستے، ہار طُرّے، ہاتھوں میں لئے کھڑی ہیں اور ہماری نظم خالی ہاتھ الگ کھڑی منہ تك رہی ہے لیکن اب وہ بھی منتظر ہے کہ کوئی صاحبِ ہمّت ہو جو میرا ہاتھ پکڑ کر آگے بڑھائے".

اردو کو ہندوستانی رنگ روپ، لب ولہجہ، روز مرہ ومحاورہ دینے کا

رجحان جسکا پتہ ھمیں سرسیّد اور آزاد کے یہاں ملتا ھے ، اس کی ابتدا دراصل اردو کے تشکیلی دور ھی سے شروع ھو چکی تھی اور اس ھندوستانی زبان کی ترقی اور عروج کی ساری عمارت جن بنیادوں پر کھڑی کی جارھی تھی وہ کسی صورت میں غیر ھندوستانی نہیں تھی۔ اس زبان کا قدیم ادب جو اردو اور ھندی کا مشترک سرمایہ ھے مقامی پھل پھول ، رسم وفا وجفا ، حسن وعشق اور منظر نگاری سے پُر ھے ؛ عہد آزاد میں چونکہ قدماء کے دواوین اور تشکیلی دور کا ادب منظر عام پر نہیں آیا تھا ، اس لئے شاید آزاد کو یہ خیال گذرا جسکا اعادہ انھوں نے اپنے مندرجہ بالا بیان میں کیا ھے اور جیسے اپنے عہد سے فوراً پہلے اور خود اپنے عہد میں اس مخصوص رجحان کو وہ اپنے سامنے دیکھ رہے تھے۔ ورنہ قدیم اردو شاعری (دکنی اور ریختہ) دونوں ھندوستانی خصوصیات سے پُر ھیں اور مقامی روز مرہ ومحاورہ کی تابع ھے۔ تاہم اگر ھم قدیم ادب کو زبان کے لحاظ سے متروک (Obsolete) خیال کریں تب بھی ھندوستانی ادب کو جدید دور میں داخل ھوتے وقت دکن میں ولی ، سراج اور داؤد اور شمال میں میر ، تاباں ، میرحسن ، مصحفی ، انشا ، جیسے شاعر ملے جو برھمنیت اور مسلمانی کا امتزاج رکھتے تھے ، جو کعبہ وکنشت اور دیروحرم میں کوئی امتیاز نہیں قائم رکھتے تھے ، جو قومی یکجہتی کے علمبرداروں میں سے تھے ، جنکی تشبیہیں اور استعارے ، اور علامتیں واشارے ھندوستانی تھے ، اور جنکی زبان شمال وجنوب کے ربط باھمی (ھریانی ، مراٹھی ، گجراتی ، پنجابی) کا لازمی نتیجہ تھی۔ فرق صرف اسقدر تھا کہ ھر مقامی شاعر یا نثر نگار فطری طور پر مقامی لہجہ اور اسلوب والفاظ کا اپنے آپ کو زیادہ پابند کر لیتا تھا۔

ھندوستانی زبان کے تشکیلی ادب کے فوراً بعد اور جدید ھندی واردو سے پہلے جو زبان مہاتما گاندھی کے تصور ھندوستانی کی پابندی کرتی ھے ، اسکی بہترین مثالیں ھمیں ولی اور اسکے معاصرین کی شاعری میں دکھائی دیتی ھیں۔ ولی کی زبان کو ھم اس ملی جلی ھند الملی زبان کا خوبصورت نمونہ قرار دے سکتے ھیں ، ان کی شاعری اور زبان ھندی وعربی فارسی تہذیبی ولسانی روایتوں کا خوبصورت امتزاج ھے۔ ولی نے جن ھندی وسنسکرت الاصل الفاظ کو اپنی ھندوستانی شاعری کا جز بنا کر ان الفاظ کو خیال

بنانے کی کوشش کی ہے اور جس سے ہم سب متاثر ہیں اور محبت کرتے ہیں۔ اسکے چند نمونے درج ذیل ہیں:—

ساجن یا سجن بمعنی محبوب ودلبر ،
سج : دھن ، ادا : شان
سرجنا : پیدا کرنا
سمرن : تسبیح — سناسی : جوگی — سنگات : ساتھی
سنگرام : لڑائی — سندر : حسین — شکر بچن : میٹھے بول
کپٹ : حسد — کٹک : لشکر — کدھیں : کبھی
دان : خیرات — درس یا درشن : دیدار — دیوا : دیا
دھرم دھاری : ایمان والا — چندر : چاند
چھبیلا : خوش وضع — چھند بھری : نازوں بھری
پیڑ : درد — پیم : عشق — پیتم یا پیا : معشوق
پنتھ : طریق ، مذھب — انکھیاں : آنکھیں
نین : آنکھ

ولی ، سراج ، داؤد ، قاسم اور عاجز وغیرہ اورنگ آبادی شعرا کی زبان حیدرآباد اور اس کے نواح کی دکنی نہیں ہے بلکہ جیسا کہ ما قبل السطور میں بتایا جاچکا ہے دکنی اور شمالی اردو کے ملاپ اور ربط سے بنی ہے ۔ قدیم دکنی پر سنسکرت اور پراکرتوں کے علاوہ مقامی زبان مراٹھی کا اثر بھی حد درجہ غالب ہے ۔ دکنی اردو کے اس دور دوم میں جو ولی اور اسکے معاصرین کا دور ہے ، زبان کو ہندوستانی کا لب ولہجہ ملا اور وہ علاقائی اثرات کے ساتھ شمال اور جنوب میں رابطے کی زبان کی حیثیت سے ہمارے سامنے آئی ۔ ولی نے تو تاریخی ، مذھبی اور معاشرتی تلمیحوں کو اپنایا ۔ رستم واسفندیار کی جگہ ارجن نے بان چلائے ، مکہ ومدینہ کی جگہ کاشی وہردوار کا طواف کیا ، حور وملائک کے ساتھ کرشن کی گوپیوں میں گھرا رہا ، سنیاسیوں اور جوگیوں کو اہل اللہ کی صف میں لا بٹھایا ، جیحون اور سیحون کی بجائے گنگا ، جمنا اور

زبدا وتاپتی سے اپنی شاعری کو سجایا اور عید کے ساتھ دیوالی کے دیوں سے بھی روشنی حاصل کی۔

جودھا جگت کے کیوں نہ ڈریں تجھ سوں اے صنم
ترکش میں تجھ نین کے ہیں ارجن کے بان آج

اے صنم تجھ جبیں اُپر یہ خال ہندوے ہر دوار باسی ہے
تب کا مشتاق جی ہے لچھمن سوں کشن سوں جبکہ رام نامی ہے
گرچہ لچھمن ترا ہے نام ولیے اے سجن تو کسی کا رام نہیں
زلف تیری ہے موج جمنا کی پاس تِل اسکے جیو سناسی ہے

تری زلفاں کے حلقے میں دِسے یوں نقش رخ روشن
کہ جیسے ہند کے بھیتر لگیں دیوے دیوالی میں

اردو شاعری کے عہد وسطی میں میر سے لیکر غالب تک تقریبا ہر شاعر نے سہل ممتنع میں شعر کہے، میر کی غزل:

ہستی اپنی حباب کی سی ہے یہ نمائش سراب کی سی ہے

اور غالب کی غزلیں مثلا:

دل ناداں تجھے ہوا کیا ہے آخر اس درد کی دوا کیا ہے

یا مومن کی غزل:

تم میرے پاس ہوتے ہو گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

اردو کی منتخب سادہ وسلیس غزلیں ہیں۔ تاہم اس عہد میں اگر کسی نے شعوری طور پر سادہ، سلیس اور بول چال کی زبان استعمال کی ہے تو وہ تنہا نظیر کی ذات ہے۔ نظیر نے آج سے تقریبا ڈیڑھ سو سال پہلے عوام کی بولی کو وہ اہمیت دی کہ خود ان کی اپنی ذات ناقدین کے لئے اختلاف کا باعث بنگئی۔ کسی نے اسکی شاعری کو عامیانہ شاعری کے لقب سے یاد کیا تو کسی نے نظیر کو آسمان اردو شاعری پر چمکتا ہوا تنہا ستارہ

کے الفاظ سے نوازا ۔ گو حاتم کے زمانے سے ایسے الفاظ کو جو عوام الناس کی زبانوں پر چڑھے ہوتے تھے زبان سے نکالنے کی تحریک شروع ہوچکی تھی تاہم نظیر نے اسی زبان کو رائج کرنے کی کوشش کی اور اسے شعر وادب میں برتا تاکہ اسے عوام سمجھ سکیں اور جو ہندوستانیت سے پر ہو ، حاتم اور ناسخ کی « اصلاح زبان » کی اس تحریک کے خلاف نظیر کا یہ علم بغاوت تھا کہ جس نے « خالص اردو » کے اس تصور کو « کارگہِ شیشہ گراں » ثابت کیا اور متروکات کے سہارے اردو کے ذخیرۂ الفاظ کو وسیع کرنے میں مدد لی اور انہیں متروکات میں سے ایسے سبک ، کومل اور خوش نما الفاظ لئے جنکا مفہوم نازک اور معنی وسیع ہیں ۔ نظیر نے صرف الفاظ کی اس دروبست سے ہی کام نہیں لیا بلکہ نئے نئے الفاظ اور اصطلاحیں بھی اختراع کیں اور اس لحاظ سے اردو فرہنگ کو وسیع کیا ۔ ذخیرۂ الفاظ میں یہ وسعت اردو کے کسی دوسرے شاعر کے ہاں دکھائی نہیں دیتی ۔ زبان کے باب میں نظیر کی سب سے بڑی خصوصیت ایجاد اور اختراع ہے ۔ وہ حسب ضرورت خود لفظ گھڑتے ہیں اور اسکی مطلق پرواہ نہیں کرتے کہ زبان کے Purist اسے ٹکسال باہر کریں گے ۔ انہوں نے ہندی کے لاتعداد الفاظ استعمال کئے ہیں ، اسلئے کہ وہ ان الفاظ کو اردو کا جز سمجھتے تھے انہوں نے « ہندی تعریف سے بھی بہت کام لیا ہے جیسے راجہ سے رجرا ، اور ہندی ڈھنگ پر الفاظ ترتیب دئے ہیں » ۔ نظیر کی نظم « پری کا سراپا » کے چند مصرعے ملاحظہ ہوں کہ جن سے ان کے ہندوستانی لب ولہجہ اور « جو بولو وہ لکھو » کے خیال پر روشنی پڑتی ہے ۔

چتون کی دغا ، نظروں کی لپٹ ، سینوں کی لڑاوٹ ویسی ہے
گالوں کی دمک ، خوبی کی جھمک ، رنگوں کی گھلاوٹ ویسی ہے
بندوں کی ہلت ، جھمکوں کی جھکت ، بالی کی ہلاوٹ ویسی ہے
ٹھٹوں کی اڑاوٹ اور غضب ، قہ قہ کی ہنساوٹ ویسی ہے

اسی انداز میں غزل کے شعر ملاحظہ ہوں ۔

کدھر ہے آج الہی وہ شوخ چلبلیا ۔۔۔ کہ جس کے غم نے مزا دل ہوا ہے تج کلیا

سو یار آپ نہ آیا رقیب کو بھیجا ہزار حیف ہم ایسے نصیب کے بلیا

اردو کو فارسی کے رنگ سے آزاد کرنے کا رجحان متاخرین کے یہاں بھی ابھرا اور اس بات پر زور دیا گیا کہ زبان کو ملکی اصطلاحوں ، محاوروں اور روز مرہ سے سجایا جائے چنانچہ داغ کا شعر ہے :

کہتے ہیں اسے زبان اردو جس میں نہ ہو رنگ فارسی کا

اردو زبان کی یہ تعریف محض شعری ضرورت اور قافیہ کا استعمال نہیں بلکہ داغ کی شاعری اردو کی اس تعریف کا بھر پور نمونہ ہے ۔ داغ نے اپنی شاعری کو فارسی تراکیب اور تشبیہوں اور استعاروں کی بجائے ہندوستانی روز مرہ اور محاورے سے زینت بخشی ۔ بقول مولوی عبد الحق «داغ کا کمال یہ ہے کہ وہ محاورہ یا روز مرہ اس طرح لکھ جاتا ہے کہ خبر تک نہیں ہوتی ، جیسے کوئی بات چیت کرتا ہو ۔ بہت سے ایسے محاورے اور روز مرہ کے جلسے جو ابتک تحریر میں نہیں آئے تھے ، ان کے کلام کی وجہ سے محفوظ ہو گئے ۔ جو مقبولیت ان کو حاصل ہوئی وہ ان کے کسی ہم عصر کو نصیب نہیں ہوئی خاص وعام دونوں ان کے کلام کا مزہ لیتے اور سر دھنتے ہیں ۔ ان کے کلام کی مقبولیت کی وجہ زبان کی صفائی اور سلاست ، بیان کا بانکپن اور بے ساختہ پن ظرافت اور شوخی ، بول چال کا لطف اور خاص انداز بیان ہے ۔ بعض اوقات گھرے مضامین اپنے خاص انداز اور شستہ زبان میں اس صفائی کے ساتھ بیان کر جاتے ہیں کہ حیرت ہوتی ہے ۔ وہ غزل کے شاعر تھے اور غزل میں جو رنگ ان کا تھا وہ انہیں پر ختم ہو گیا ۔ تصنّع ، ثقیل الفاظ ، فارسی ترکیبوں سے احتراز کرتے تھے»[1]

اردو شاعری پر فارسی شعر وادب اور زبان کا اثر واضح ہے ۔ تاہم یہ بھاشا سے بھی متأثر رہی ہے ۔ ولی نے اپنی غزلوں میں ہندوی اثرات کو حسن اور پرکاری کے ساتھ برتا ہے ، یہی حال ولی سے پہلے کی دکنی شاعری کا بھی ہے ، تاہم مجموعی حیثیت سے اس قدیم دور میں ہندی اور فارسی کا حسین امتزاج اس عہد کی شاعری کے حسن

۱ــ انتخاب داغ مرتبہ ڈاکٹر عبد الحق : مقدمہ

کی آرائش کرتا ھے۔ موضوع کے اعتبار سے بھی ان شاعروں کا محبوب صنف نازک سے تعلق رکھتا ھے۔ یہاں تک کہ خود اردو شاعری کے جدید دور میں شامل ہونے تک بھی یہ انداز باقی رھا۔ نظیر اکبرآبادی اکثر وبیشتر اپنی غزلوں میں عورتوں سے چھیڑ کرتے نظر آتے ھیں اور اپنی نظموں میں بھی انہیں کے گیت گاتے ھیں۔ اردو زبان اپنے ارتقا کی مختلف منزلوں میں جہاں دیسی زبانوں سے اثر قبول کرتی رھی ھے وھیں پر اپنی مقامی ادبی روایات اور اصناف سخن کو بھی اپنانے میں کبھی پیش وپس نہیں کیا۔ چنانچہ اردو نے جہاں فارسی سے غزل، مثنوی، قصیدے اور رباعی کو اپنایا وھیں پر ھندی الاصل ادبی روایات سے «بارہ ماسہ» گیت اور دوھے اپنائے۔

موسم کی تبدیلیاں اور خنکی وگرمی ھمیشہ سے مزاج پر اثر انداز ہوتے رہے ھیں یہ اثرات مردوں کے مقابلے عورتوں پر سب سے زیادہ ہوتے ھیں۔ موسموں کے ان اثرات اور جذبات کے اتار چڑھاؤ کو جو برہ میں ان پر گذرتے ھیں، ھندی میں صنف «بارہ ماسہ» کے ذریعہ ان کا اظہار کیا گیا ھے۔ ھندی کی یہ روایت غالبا کالیداس کی «ریتو سنگرہ» سے آئی جس میں چھ موسموں کا حال ملتا ھے۔ ھندی میں ریتو سنگرہ کی یہ روایت اودھی کے ملک محمد جائسی کی پدماوت، قطبن کی مرگاوتی اور مولانا داؤد کی چندائن سے آئی جو بعد کے زمانے میں ادبی لحاظ سے ھندی میں بہت مقبول بنی۔ «بارہ ماسہ» کی اس روایت سے اردو نے بھی فیض پایا، چنانچہ افضل کا «بارہ ماسہ» لسانی وادبی دونوں لحاظ سے اردو میں بڑی اھمیت رکھتا ھے۔ افضل (متوفی سنہ ۱۰۳۵ھ) کے بعد غلام نبی رسلین، احقر، آیت اللہ جوھری، کاظم علی جوان، عبد اللہ انصاری، شاہ طالب وغیرہ بے شمار اردو شاعروں نے اس صنف شاعری میں بھی طبع آزمائی کی اور ھندی سے اپنے ادبی رشتہ کو مضبوط بنایا۔ افسوس ھے کہ بعد کے شعراء نے اس صنف پر توجہ نہ دی تاہم اس سلسلے میں اردو شعروادب میں جو بھی کاوشیں ہوئی ھیں اس سے مشترکہ تہذیبی، لسانی وادبی راستہ کے تعین میں ضرور مدد لی جاسکتی ھے۔ بارہ ماسوں کے سلسلے میں شاہ طالب کے «تیرہ ماسہ» سے چند شعر ملاحظہ ہوں:

اساڑھ آیا کہوں کیا تجھ سے احوال　　سکھی جوگزرا مجھ پر سن تو فی الحال

پیا بن کرتی تھی میں آہ و زاری برس اس میں گئی اک بدری کاری
ہر اک نے چھان چھپر گھر بنایا اٹاری اور چوبارہ سجایا
پیا اپنا بھی گھر ہوتا پیاری وہ اس موسم کے کرتا کار جاری
نہیں معلوم وہ کون سے دیس جو لاؤں اس کو کر کے جوگیا بھیس
محبت کا برا آزار بہنا اری مجھ کو پڑا ناچار کہنا
سکھی میری بری حالت پیا بن نہیں آرام مجھ کو رات اور دن
اری سب نے یہ پوچھا ہے مینا مجھے سوجھے نہ کھانا اور پینا
اساڑھ اب ہو گیا آیا نہ پیتم کہوں کیا ہے بڑا طالب مجھے غم

اردو شاعری کو «ہندوستانی» کسی راہ پر چلانے کی کوششوں کے کامیاب نمونے اردو گیتوں میں بھی ملتے ہیں، گیت ایک صف سخن کے اعتبار سے اردو کو ہندی کی دین ہے۔ حفیظ، الطاف مشہدی میراجی، اختر شیرانی، جوش ملیح آبادی، جمیل الدین عالی، ڈاکٹر مسعود حسین وغیرہ اردو کے بے شمار شاعروں نے ہندی اثر کے تحت گیت لکھے۔ ان گیتوں کی «ہندوستانی» فضا موضوع اور زبان دونوں اعتبار سے قابل تقلید ہے۔ ان گیتوں کے سلسلے میں عظمت اللہ خاں کے «سریلے بول» اردو کا وہ بیش قیمت سرمایہ ہے کہ اسے اردو میں ہیئت اور زبان دونوں اعتبار سے عظمت اللہ خاں کا اجتہادی کارنامہ سمجھا جاسکتا ہے۔ عظمت اللہ خاں نے پہلی مرتبہ جب سریلے بول کو گنگنانا شروع کیا اس وقت فارم اور بحر ہر اعتبار سے یہ اردو دنیا کو چونکا دینے کے لئے کافی تھا۔ انہوں نے اردو شاعری کی تاریخ میں پہلی مرتبہ فارسی وعربی کی بحروں سے پرے ہٹ کر ہندی پنگل میں شعر کہے اور اس طرح نہ صرف زبان بلکہ عروض کے لحاظ سے بھی اسے ہندوستانی فضا اور ہندوستانی شعری روایات سے ہم آہنگ کرنے کی کامیاب کوشش کی۔ اردو کے راستے ہندوستانی زبان کو عظمت اللہ خاں کی یہ بہت بڑی دین ہے۔ جب ان کی نظم «برکھا رت کا پہلا مینہہ» چھپی تو مولوی عبد الحق نے فارسی وعربی عروض کی بجائے ہندی پنگل اور فارسی آمیز زبان کی بجائے بھاشا کی شیرینی کے استعمال اور اس کے اثر کی وجہ سے جو نوٹ تحریر کیا، اس سے نہ صرف عظمت اللہ خاں کے اس تجربے کو سراہا گیا ہے بلکہ اس سے خود مولوی عبد الحق

کے یہاں ہندوستانیت کی طرف رجحان کا بھی پتہ چلتا ہے۔ "اردو شاعری پر فارسی کا زیادہ تر اثر اس لئے بھی ہوا کہ اس نے شروع سے فارسی (عربی) عروض اختیار کیا اور ہندی عروض (پنگل) اختیار نہ کرنے سے وہ بہت سی خوبیوں سے محروم رہ گئی۔ ذیل کی نظم اس خیال کی تائید میں پیش کی جاتی ہے۔ یہ خاص ہندی چیز ہے۔ ہندی ہی بحر میں ادا کی گئی ہے جو اسکے لئے موزوں بھی ہے۔ ہندی کے پیارے اور شیریں الفاظ کا میل اردو فارسی لفظوں کے ساتھ اس طرح ملایا ہے کہ کلام کا حسن دوبالا ہوگیا ہے۔ اور سریلاپن کہیں ہاتھ سے نہیں جانے پایا"۔

عظمت اللہ خاں کے سریلے بولوں سے چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

مجھے پیت کا یاں کوئی پھل نہ ملا   مرے جی کو یہ آگ لگا سی گئی
مجھے عیش یہاں کوئی پل نہ ملا   مرے تن کو یہ آگ جلا سی گئی

میں تھی ننھی سی جان غریب بڑی   کبھی بھول سے دکھ نہ کسی کو دیا
نہ تو روٹھی کبھی نہ کسی سے لڑی   مری باتوں نے گھر کو ہی موہ لیا

تھے تو بالے ہی تم پہ تھا تم کو بڑا   مرا دھیان، کسی کو مجال نہ تھی
مجھے ٹیڑھی نظر سے بھی دیکھے ذرا   مجھے کھیل میں بھی تو کیا نہ دکھی

مرے سر میں تمہارا ہی دھیان بسا   مری چاہ کے راج دلارے بنے
تمہیں دیوتا مان کے من میں رکھا   مری بھولی سی آنکھوں کے تارے بنے

"دام میں یاں نہ آئیے" سے چند بند ملاحظہ ہوں:

جان ملی ہے اسلئے دکھ میں اسے گھلائیے
عمر ہوا ہے کچھ نہیں سانس میں بس اڑائیے
دام میں یاں نہ آئیے، دل نہ یہاں لگائیے

حسن بھی ہے عارضی، چاہ بھی ہے تو دل لگی
لاگ لگاؤ سب ریا، جگ کی سرشت مطلبی
دام میں یاں نہ آئیے، دل نہ یہاں لگائیے

اسی مجموعہ سے شاعرہ روپا متی کے دو بند دیکھئے :

کامنی کومل تھی تو حسن رسیلا ترا
کوکتی کویل تھی تو شبد سریلا ترا
پیت کی ماری ستی شاعرہ روپا متی

عشق کی دیوی تھی تو شعر میں یکتا تھی تو
حسن کی پتلی تھی تو ایک کویتا تھی تو
پیت کی ماری ستی شاعرہ روپا متی

عظمت اللہ کے تجربے کی طرح جو انہوں نے اردو شاعری کے ضمن میں سریلے بولوں میں کیا ھے ، اردو کے ایک اور مشاق غزل گو آرزو لکھنوی نے بھی اپنی جہان آرزو اور فغان آرزو کے ساتھ یہی تجربہ سریلی بانسری میں برتا ھے . سریلی بانسری میں آرزو نے یہ التزام کیا ھے کہ خالص ہندوستانی مزاج اور رنگ میں غزلیں ، رباعیاں اور قطعے لکھے جائیں اور اس کے لئے جو زبان استعمال کی ھے اس میں عربی وفارسی کے الفاظ کم استعمال کئے ھیں اور ھندی روز مرہ ، محاورے اور ترکیبوں سے اپنی شاعری کی مشاطگی کی ھے . آرزو کے اس مجموعے کا نام « سریلی بانسری » بھی ایک اہم اشارہ دیتا ھے . بانسری کے نام سے ھمارا ذھن فوراً کرشن کنہیا اور اس رومانی وعشقیہ ماحول کی طرف جاتا ھے جو ھندوستانی تہذیب وتمدن اور ھندو دیو مالا کا ایک اہم جز ھے . « سریلی بانسری » سے چند نمونے ملاحظہ ھوں۔

جس نے بنا دی بانسری گیت اسی کے گائے جا
سانس جہاں تک آئے جائے ایک ھی دھن بجائے جا

ھاں مری ڈبڈبائی آنکھ دیکھ بندھی رھے یہ دھا ک
وہ بھی لگائے جائے آگ تو بھی لگی بجھائے جا

پھول میں باس پھل میں رس دیتا ھے جو وہ اور ھے
آس نہ توڑ جی نہ چھوڑ جتنی پیوں پلائے جا

اشعار آرزو نے اپنے مجموعہ کلام میں بطور حمد لکھے ہیں۔ اگرچہ اس میں عربی فارسی الفاظ کے استعمال کی گنجائش تھی پھر بھی انہوں نے ہندی الفاظ اور ہندی کا رنگ اپنے کلام پر طاری کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے اسی طرح آرزو کی ہندوستانی مزاج اور ہندی الفاظ سے لیس یہ غزل دیکھئے۔

جی جلنے میں جو سانس ہے جھونکا ہے وہ لوکا
پھنک جاؤنگا اُٹھا جو یونہی لوکے پہ لوکا

ھیرے کی یہ کنیاں تھیں کہ امڈتے ہوئے آنسو
پی جانے پہ دو بوند لہو سیروں ہی تھوکا

کہنا ہے وہ کچھ آرزو ان سے وہ کہیں کب
جب دیکھئے ہے پھول سا منہ لال بھبوکا

"سریلی بانسری" میں بھد لینا، بھر بھندنا، بھوگ پڑنا، بس جانا، بکس جانا، چندرانا، میل میل، ان تلوں میں تیل نہیں، بیل منڈھے چڑھنا، مت ماری جانا، مکھم بات، پھانس کے رکھنا، جیسی کرنی ویسی بھرنی، تھوکا ھوا چاٹنا اور دھان پان ھونا جیسے بے شمار روز مرہ اور محاورے استعمال کئے ہیں۔ چند شعر مثالاً دیکھئے۔

چاہ میں جس کو پھانس کے رکھا اس کو پھر تانس تانس کے رکھا
تھا یہاں کیا کہ سانس نے برسوں کچے دھاگے میں پھانس کے رکھا
سکھ ملا ہے تو دکھ بھی سہنا ہے نہیں لہنا تو پھرا لہنا ہے
جیسی کرنی ویسی بھرنی آرزو تھوکنا ھوگا لہو چاٹا ھوا
وہ دھان پان پان سا ہے تو سینک مان سا

گیت کاروں کی طویل فہرست میں جن میں کے چند نام اوپر گنائے گئے ہیں، میرا جی نے بڑا نام پایا۔ "میرا جی کے گیت" اور "گیت ہی گیت" ان کے گیتوں کے مجموعے ہیں۔ انہیں کے ہاں سے گیت کا نمونہ ملاحظہ ہو:

جیون چور انوکھا ، پیارے جیون چور انوکھا
آنکھ کھلی کی کھلی رہے اور قدم قدم پر دیوے دھوکا ، جیون چور انوکھا
رات کا اس کو دھیان نہیں ہے ، دن میں اپنا کام بناوے
جب الجھے تو بپھر کر آوے ،
جب الجھے تو بپھر کر آوے ، اننت ناگ ہے
اس کی لگائی کون بجھاوے ، ایسی آگ ہے
اندھا ساگر کس نے روکا ، پیارے جیون چور انوکھا
تو بولے سب میرا خزانہ ، میں راجا جگ پرجا
یہ بولے گھر گھاٹ نہ تیرا اٹھ کر اپنے گھر جا
تجھ کو راہ میں کس نے روکا پیارے جیون چور انوکھا
گھات لگا کے چرائے شکتی
کام آئے کچھ نام نہ بھگتی
بجھے نہ دل میں آگ سلگتی
بھڑک بھڑک لپکے چنگاری
بے سنساری

ڈاکٹر مسعود حسین خان اردو کے مشہور محقق اور ماہر لسانیات ہیں جنہوں نے گیت بھی لکھے ہیں۔ لسانی اور ادبی دونوں اعتبار سے ڈاکٹر صاحب کی نظر گہری ہے۔ انہوں نے گیت لکھنے اور چھوڑنے کی دلچسپ عالمانہ توضیح کی ہے اور اپنی لسانیاتی زرف بینی کے پیش نظر گیتوں اور آئندہ چل کر اردو شاعری کی زبان کے بارے میں محاکمہ بھی کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں "جہاں تک ہیئت کا تعلق ہے میں نے اس لسانیاتی کنگا جمنی سے پورا پورا فائدہ اٹھایا ہے جس سے آج اردو کا شاعر دوچار ہے۔ ہندی شاعری سے متاثر ہوکر میں نے پہلے پہل گیت کو اپنایا اور کوشش اس بات کی کی کہ ہندستانی پریم کی ریت کو ٹھیٹھ زبان کے ٹھاٹھ میں پیش کیا جائے۔ کچھ دنوں تک گیت خوش اسلوبی کے ساتھ نذریعہ نجات بنا رہا لیکن میرے ذہنی سفر میں یہ بہت دور تک ساتھ نہ دے سکا۔ اس کے ہلکے پھلکے بول جھنکار کے ساتھ گہرے معنی نہ پیدا کرسکے۔ یہ محسوس ہونے لگا کہ گیت میں گہرائی لانے کے لئے

آریائی زبان کے ڈھائی ہزار سال کے جالیاتی عمل میں ڈوبنا پڑیگا۔ یہ میرے بس کی بات نہ تھی اسلئے غیر شعوری طور پر اس کی جگہ رفتہ رفتہ غزلوں اور نظموں نے لے لی، اور اس بات کا اظہار کیا کہ اردو زبان اب ارتقا کی اس منزل پر پہنچ گئی ہے جہاں اسے عربی وفارسی کے تتبع کی چنداں ضرورت نہیں۔ اس سلسلے میں ہمارا عروض سب سے پہلے زد میں آئیگا۔ اگر ہندی الفاظ کے "الف"، "و" اور "ی" دبائے جا سکتے ہیں تو اس اصول سے مفر عربی وفارسی الفاظ کو بھی نہیں ہونا چاہئے کہ دونوں ہم قدر صوتی اکائیاں ہیں۔ اسی طرح ہمیں عربی فارسی الفاظ کی زیادہ پاسداری اور "دیسی" الفاظ سے کم التفاتی نہیں برتنا چاہئے۔ اردو کے جدید شاعر کو بحور کے نئے تجربے کر کے نئے عروضی اصول مدون کرنا ہونگے[1]۔ جذبات، محبت اور عقیدت کا احترام کرنے کے باوجود یہ حقیقت ہے کہ تہذیبی اور لسانی الٹ پھیر میں مفرس ومعرب ادبی ولسانی اسالیب میں نرمی بہت ضروری ہے اور اردو ہندی کی لسانی وادبی تاریخ میں گنگا جمنی یا ہند الالسانی ہندوستانی ہندی واردو سے تاریخ کا اہم تقاضہ ہے۔

ہندی شاعری کے زیر اثر اردو نے بارہ ماسے، گیت اور دوہے اپنائے اور فراق نے روپ کی رباعیاں کہیں جنکی ساری فضا بھاشا کی فضا ہے۔ گیتوں اور بارہ ماسوں کا تذکرہ اس سے پہلے ہو چکا ہے۔ دوہوں کی ذیل میں خواجہ دل محمد اور جمیل الدین عالی نے غالباً پہلی بار اس صنف شاعری کو اپنی اصلی فضا میں اردو میں برتنے کی کوشش کی اور بے حد کامیاب رہے۔ عالی کے دوہے اپنی ہندوی فضا کی وجہ سے بہت حسین ودل آویز ہیں اور ان دوہوں کے راستے بھاشا کا سارا حسن اردو شاعری میں در آیا ہے جسے اردو زبان اور شاعری کا بیش قیمت سرمایہ تصور کیا جائیگا۔ عالی نے یہ دوہے من کی آگ بجھانے کے لئے کہے ہیں، لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس سے قاری کے من کی آگ بجھنے کی بجائے اور تیز ہو جاتی ہے۔ خدا کرے ان دوہوں کی آگ جسے عالی نے روشن کیا ہے اردو میں ہمیشہ دہکتی رہے اور اردو اور ہندی کے مشترکہ سرمایہ میں ہر آن اضافہ ہوتا رہے اور ان اضافے کے راستے اردو ہندی کا دامن اس طرح سل جائے کہ انہیں کوئی الگ نہ کرسکے اور وہ ہندوستانی کے وسیع دھارے

۱۔ دو تیم : تمہید شعر از ڈاکٹر مسعود حسین خاں، ص ۱۰

ی مل جائیں ۔ عالی کے چند دوہے ملاحظہ ہوں :

کدھر ہیں وہ متوارے نیناں کدھر ہیں وہ رتنار
نس نس کھنچے ہے تن کی جیسے مدرا کرے اتار

گھنی گھنی یہ پلکیں تیری یہ گرماتا روپ
توہی بتا او نار میں تجھ کو چھاؤں کہوں یا دھوپ

کہو چندرماں آج کدھر سے آئے ہو جوت بڑھائے
میں جانوں کہیں رستے میں میری ناری کو دیکھ آئے

روپ بھرا مرے سپنوں نے یا آیا میرا میت
آج کی چاندنی ایسی جس کی کرن کرن سنگیت

پورب کی ابلا ، دکن کی ابلا یا پنجاب کی نار
عالی اپنے من پر سب کے گہرے گہرے وار

نا تری ایسی بالی عمریا نا ایسی نادان
پر جب ہم کوئی بات کہیں تو بنے یوں ہی انجان

ٹھنڈی چاندنی ، اجلا بستر ، بھیگی بھیگی رین
سب کچھ ہے پر وہ نہیں جن کو ترس گئے مرے نین

ساجن ہم سے ملے بھی لیکن ایسے ملے کہ ہائے
جیسے سوکھے کھیت سے بادل بن برسے اڑ جائے

اس «ہندوستانیت» کے چند نمونے جدید دور میں نہ صرف ہندوستانی شاعر بلکہ پاکستانی شاعروں کے ہاں بھی ملتے ہیں اور نتیجے کے طور پر کہا جاسکتا ہے، کہ یہ رجحان وسیع معنوں میں ہندوستان گیر رجحان ہے۔ عالی کے دوہوں کے علاوہ یہ لسانی وادبی رجحان ابن انشا، قتیل اور ناصر کاظمی کے یہاں بھی موجود ہے:

تنہائی میں تیری یاد جیسے ایک سریلی دھن
جیسے چاند کی ٹھنڈی لو جیسے کرنوں کی کن من
جیسے جل پریوں کا ناچ جیسے پایل کی جھن جھن
(ناصر کاظمی)

میٹھی بولی میں پپیہے بولے گنگناتا ہوا جب تو نکلا
(ناصر کاظمی)

گلی گلی آباد تھی جن سے کہاں گئے وہ لوگ
دلّی اب کے ایسی اجڑی گھر گھر پھیلا سوگ

سارا سارا دن گلیوں میں پھرتے ہیں بیکار
راتوں کو اٹھ اٹھ کر روتے ہیں اس نگری کے لوگ

سہمے سہمے بیٹھے ہیں راگی اور فن کار
بھور بھئے اب ان گلیوں میں کون سنائے جوگ

(ناصر کاظمی)

اردو میں ہندوستانی کے ابتدائی نقوش جہاں تک نثر کا تعلق ہے فورٹ ولیم کالج کی کتابوں میں ابھرتے ہیں۔ میر امن کی «باغ وبہار» اور گنج خوبی، مظہر علی ولا اور للو لال جی کی بیتال پچیسی اور فورٹ ولیم کالج کے باہر انشا اللہ خان انشا کی معروف «رانی کیتکی کی کہانی» اس کی چند مثالیں ہیں اور تینوں کتابیں اپنی سلاست وروانی اور ہندی اردو کے اتصال کا بہترین نمونہ ہیں۔ گو اول الذکر دو کتابوں میں بدیسی شبدوں سے بچنے کی خواہ مخواہ کوشش نہیں کی گئی ہے تاہم مؤخر الذکر میں انشا نے یہ شعوری

کوشش کی ہے کہ وہ ایک ایسی کہانی لکھیں کہ جس میں «ہندی چھٹ اور کسی بولی کی پٹ» نہ ملے تاکہ ان کا «جی پھول کی کلی کے روپ میں کھلے اور «باہر کی بولی اور گنواری کچھ اوس کے بیچ میں نہ ہو»۔ انشا اپنے اس مقصد میں بڑی حد تک کامیاب بھی ہوئے۔ انہوں نے عربی، فارسی الفاظ کے استعمال سے بچنے کی کوشش کی ہے اور اس کوشش اور تجربے میں وہ ایک ایسی مصنوعی زبان گھڑنے میں کامیاب بھی ہوئے۔ «رانی کیتکی کی کہانی» کی زبان میں گاندھی کے تصور ہندوستانی کے ابتدائی نقوش ابھرے ہیں اور اگر انشا حسب ضرورت عربی فارسی الفاظ بھی استعمال کرتے تو رانی کیتکی کی زبان اور اسکا اسلوب ہندوستانی کا بہترین نمونہ ہوتے۔ اگر انشا بدیسی لفظوں سے اس حد تک پرہیز نہ کرتے تو یہ کتاب اردو ہندی کے ہندوستانی روپ کی ترکیب اور امتزاج (Synthesis) کا قابل تقلید نمونہ ہوتی۔ تاہم موجودہ حالت میں بھی اس مختصر کہانی میں اتنی سکت ہے کہ وہ اردو ہندی کو لسانی اعتبار سے دو راہے پر لاکر اتصال اور اختلاط زبان کے امکانات کے راستے دکھائے۔ رانی کیتکی سے ذیل کی دو عبارتیں ملاحظہ ہوں :—

« کنورجی کا انوپ روپ کیا کہوں کچھ کہنے میں نہیں آتا، نہ کھانا، نہ پینا، نہ لگ چلنا، نہ کسی سے کچھ کہنا، نہ سننا، جس دھیان میں تھے اوسی میں گوتھے رہنا اور گھڑی گھڑی کچھ کچھ سوچ سوچ سر دھنا»

«رانی کیتکی کا بھلا لگنا لکھنے پڑھنے سے باہر ہے۔ وہ دونوں بھووں کی کھچاوٹ اور پتلیوں میں لاج کی سماوٹ اور نوکیلی پلکوں کی روندھاوٹ اور ہنسی کی لگاوٹ، دنتڑیوں میں مسّی کی اوداھٹ اور اتنی بات پر روکاوٹ سے ناک اور تیوری چڑھا لینا اور سہیلیوں کو گالیاں دینا اور چل نکلنا اور ہرنیوں کے روپ سے کرچھالیں مار پڑے اوچھلنا کچھ کہنے میں نہیں آتا»

« کنوراودے بھان کے اچھے پنے میں کچھ چل نکلنا کس سے ہوسکے۔ ہائے رے، اون کے اوبھار کے دنوں کا سہانا پن اور چال ڈھال کا اچھن بچھن، اوٹھتی ہوئی کونپل کی پھبن اور مکھڑے کا گدرایا ہوا جوبن جیسے بڑے تڑکے ہرے

بھرے پہاڑوں کی گود سے سورج کی کرن نکل آتی ہے ، یہی روپ تھا ۔ اوس کی بھیگتی مسوں سے رس ٹپکا پڑتا اور اپنی پرچھائیں دیکھ کر اکڑتا ، جہاں جہاں چھاتے تھی اوس کا ڈول ٹھیک ٹھاک اون کے پاؤں تلے جیسے دھوپ تھی ۔

ہندوستانی کی مندرجہ بالا عبارتیں ایسی ہیں کہ ان پر اردو اور ہندی کی انشا پردازی ناز کریگی ۔ زبان وبیان کے لحاظ سے تقریباً یہی حال « بیتال پچیسی » کا ہے ۔ اس میں پچیس کہانیاں سنائی گئیں ہیں جو ان گنت اخلاقی نکات سے بھری ہوئی ہیں اور تمام تر ہندوستانی تہذیب اور معاشرت اور ہندوستانی طرزِ تخیل کی نمائندہ ہیں ۔ زبان کے اعتبار سے بھی یہ کہانیاں ہندوستانی اسلوب پیش کرتی ہیں اور بھاشا کے اثر کے تحت لکھی گئی ہیں ۔ اکثر عبارتوں میں ہندی الاصل الفاظ بھی استعمال ہوئے ہیں جو اکثر ایسے مشکل اور غیر مانوس ہیں کہ اس سے عبارت کی سلاست وروانی اور خوبصورت « بھاشا پن » متاثر ہوجاتا ہے ۔ لیکن اس کے عام اسلوب کی بناء پر یہ انداز بیان اور زبان اسے اصطلاحی « ہندوستانی » کی بہترین نمائندہ بنادیتی ہے ۔ انشا کے برخلاف « پریم پچیسی » میں عربی وفارسی کے لفظ بھی اسی کثرت سے آئے ہیں جو اہتمام اس کے مترجمین نے ہندی الفاظ کے استعمال میں کیا ہے ۔ اور یہی وجہ ہے کہ « رانی کیتکی کی کہانی » کے مقابلے میں پریم پچیسی کا انداز بیان مصنوعی اور بناوٹی نہیں معلوم ہوتا بلکہ بڑی حد تک فطری بنگیا ہے ۔ بیتال پچیسی میں ایسے کئی مقامات ہیں کہ جملوں اور عبارتوں میں کبھی غیر مانوس ہندی شبد استعمال ہوئے ہیں تو کبھی نامانوس فارسی عربی لفظوں کا پریوگ کیا گیا ہے جو اسکے حُسن کو داغدار کردیتے ہیں ، لیکن انہیں داغوں کے پس پشت اور انہیں بادلوں کی اوٹ سے ہلکی ہلکی روشن کرنیں بھی نمودار ہوجاتی ہیں جو « ہندوستانی » کے لحاظ سے روشنی دیتی ہیں ، امید بندھاتی ہیں اور آج جبکہ زبان لسانی دوراہے پر کھڑی ہے ۔ ہماری رہنمائی کرتی ہیں ۔ پریم پچیسی کی روشنی میں بھاکاپن کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں ۔

« ایک راجا مکٹ نام بنارس کا تھا اور اس کے بیٹے کا نام بجر مکٹ تھا ۔ ایک دن کنور اپنے دیوان کے بیٹے کو ساتھ لیکر شکار کو گیا اور بہت دور جنگل میں

جانکلا۔ جنگل کے بیچ میں ایک سندر تالاب تھا کہ اس کے کنارے ہنس چکور چکوی، بگلے مرغابیاں سب کے سب کلول میں تھیں۔ چاروں طرف پختہ گھاٹ بنے ہوئے، کنول تالاب میں کھلے ہوئے کناروں پر طرح طرح کے درخت لگے ہوئے کہ جنکی گھنی گھنی چھاؤں میں ٹھنڈی ہوا آتی تھی۔ نیچے پکھیرو درختوں پر چہچہوں میں تھے۔ رنگ برنگ کے پھول بن میں پھول رہے تھے۔ اُن پر بھونروں کے جھنڈ کے جھنڈ گونج رہے تھے"۔

بیتال پچیسی کی چوتھی کہانی میں بیتال چمپاپور کی رانی سلوچنا کے حسن کا بیان ملاحظہ ہو :۔

"اس کا مکھ چندر ماں سا، بال گھٹا سے، آنکھیں مرگ کی سی، بھوں دھنش جیسی، ناک تیر کی سی، گلا کپوت کا سا، دانت انار کے دانے سے، ہونٹوں کی لالی کندرو کی سی، کمر چیتے کی سی، ھاتھ پاؤں کومل کونل سے اور رنگ چنپے کا سا، سولھویں کہانی میں رتن دت سیٹھ کی لڑکی کے حسن کا ذکر یوں ہوا ہے :۔

"حسن گویا اندھیرے گھر کا اجالا ہے۔ آنکھیں مرگ جیسی، چوٹی ناگن جیسی بھویں کمان کی سی، ناک تیر کی سی، بتیسی موتی کی لڑی، ہونٹ کنول کے سے، وہ چندر مکھی، چمپک بدنی، ہنس گمنی اور کوکل بینی تھی" بیسویں کہانی میں رتن دت بنیے کی بیٹی کا محبوب عشق کی آگ میں جل رہا ہے۔ اس کا بھی بیان دیکھئے :۔

وہ بھی برہ سے بیاکل ہو رہا ہے۔ اس کا متر گلاب کے پانی میں چندن گھس اس کے بدن میں لگاتا ہے اور کیلے کے کومل پاتوں سے پون کر رہا ہے۔ تس پر بھی برہ کی آگ سے وہ گھبرا کر جلد ہی جلد پکارتا ہے۔ مجموعی حیثیت سے فورٹ ولیم کالج اور فورٹ ولیم کالج کے باہر انشا کی "ہندوستانی" فضا اردو نثر کو راستے دکھاتی رہی ہے انیسویں صدی میں اردو کی اسی تحریک نے سائنٹفک سوسائٹی اور پھر سرسید کے اس نثری رجحان کو آگے بڑھایا جس میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ اردو نثر ہر اس لحاظ سے اردو زبان [illegible] وبلاغت کا نمونہ ہو، اپنی عہد میں حسب ضرورت

انگریزی لفظوں کو اپنانے اور نثر اور نظم دونوں میں استعمال کرنے کا خیال پیدا ہوا۔ اردو ادب کی ترقی کے عہد وسطی میں سرسید، اور حالی اس رجحان کے سب سے بڑے نمائندے ہیں۔ مجموعی حیثیت سے سرسید کی تحریریں اور حالی کی نثر اور نظم شعوری اصلاحی کوششیں ہیں جنہیں وہ اردو زبان اور ادب میں رائج کرنا چاہتے تھے۔ اس مختصر مقالے میں تفصیلات کی گنجائش نہیں تاہم یہی نثر ونظم کا اصلاحی رجحان، غالب کے خطوط سے ہوتا ہوا جدید دور میں پریم چند، سدرشن، کرشن چندر، بیدی وغیرہ کے افسانوں اور ناولوں میں دکھائی دیتا ہے تو دوسری طرف زبان وبیان کا یہ انداز خواجہ حسن نظامی، صلاح الدین احمد، ڈاکٹر ذاکر حسین اور مولوی عبد الحق جیسے محققین اور نثر کے ائمہ کی نگارشات میں بکھرا پڑا ہے۔

اردو کی ادبی تاریخ میں عبد الحق کی خدمات اتنی گرانقدر ہیں کہ انہیں ایک فرد نہیں بلکہ کئی افراد تصور کرنا پڑتا ہے۔ وہ ایک ذات نہیں تھے بلکہ ایک ادارہ اور ایک انجمن تھے۔ انہوں نے اپنی انجمن ادب سے علم وادب کی جو خدمات کی تھیں، اس کے صلے میں انہیں بابائے اردو کے خطاب سے نوازا گیا، لیکن اردو کے اس سپاہی نے جب بھی موقع ہوا اردو کے ساتھ ہندی کی حمایت میں پہل کی، آسان اور سلیس زبان کے استعمال پر زور دیا اور ہندی اور اردو دونوں کو ایک دوسرے کی طاقت قرار دیا۔ عبد الحق نے سرسید اور حالی کی زبان کی ہمیشہ پابندی کی اور ایسی زبان لکھی جسے ملک کا ہر چھوٹا بڑا آسانی سے سمجھ سکتا ہے اور ہمیشہ اس بات کا مشورہ دیا کہ ہم آسان سے آسان زبان استعمال کریں۔ مولوی صاحب کی زندگی کا صرف ایک مقصد تھا یعنی ہندوپاک میں اردو کی اشاعت وترقی۔ اپنے اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے انہوں نے لڑائی بھی لڑی۔ یہ لڑائی، جیسا کہ معلوم ہے ہندی کے ان حامیوں سے رہی جو اردو کو دفن کر کے اس کی قبر پر ہندی کا تاج محل تعمیر کرنا چاہتے تھے، یا جو بہت ہی مشکل قسم کی ناقابل فہم زبان کو «ہندی» کا نام دیکر رائج کرنا چاہتے تھے۔ عبد الحق نے ان کے خلاف جنگ میں سب سے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا جو ہندی کے پرچار کے پردے میں آسان اردو یا ہندوستانی کے خلاف طرح طرح کی غلط فہمیاں پھیلاتے تھے۔ ان کی اس لڑائی کی وجہ سے جو بناوٹ کی سادگی سے تھی بہت سے لوگ انہیں

«ہندی» کے دشمن سمجھنے لگے اور مشکل ہندی کے حامی ان کے خلاف ہوگئے ۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اردو اور ہندی کا جو چولی دامن کا ساتھ ہے ، اسکے پیش نظر مولوی صاحب کو ہندی کا مخالف یا دشمن سمجھنا بڑی نادانی ہے ۔ وہ نہ صرف یہ کہ ہندی کے مخالف نہیں تھے ، بلکہ اس سے محبت کرتے تھے ۔ انہیں معلوم تھا کہ اردو کو ہندی سے اور ہندی کو اردو سے بہت کچھ لینا ہے اور یہی وہ واحد ذریعہ تھا کہ جس سے دونوں زبانوں کی مغائرت دور کی جا سکتی تھی ۔ تعصب کی ایسی فضا میں صرف چند لوگ ایسے تھے جو زبان کو سیاسی آلودگی سے پاك رکھنا چاہتے تھے اور حقائق کے سہارے مسئلہ زبان کو حل کرنے کے حامی تھے مولوی صاحب ان میں سے ایك تھے وہ اپنے اصول سے انحراف نہ کرتے ہوئے پوری ایمانداری اور سچائی کے ساتھ اردو اور ہندی کے مقام کو پہچانتے ہوئے آسان زبان کے کٹر حامیوں میں سے تھے اور ہندی اردو دونوں کی خصوصیات کو اپنانے کی حسب موقع تلقین بھی کرتے تھے ۔ اپنے ایك خطبے میں مولوی صاحب نے کہا :—

«جہاں کہیں میں نے ضرورت سمجھی ہندی کی حمایت ہی کی» اس بیان کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ انہوں نے عثمانیہ یونیورسٹی کے منتظمین کو اس بات پر رضامند کیا کہ وہ ہندی کی تعلیم کا بھی انتظام کریں[1] ۔

آزادی کے بعد ہندوستان کی سرکاری زبان ہندی قرار دی گئی لیکن واقعہ یہ ہے کہ جنوبی ہند میں اس زبان کے حق میں دوستانہ فضا پیدا نہ ہوسکی ۔ یہی حال آج سے بیس سال پہلے بھی تھا ۔ عبد الحق کے پاکستان جانے سے پہلے ہندی کے حامیوں کا یہ خیال تھا کہ ہندی کی اس مخالفت سے عبد الحق خوش ہونگے اور مخالفین کی مدد بھی کرتے ہونگے ، لکن حقیقت اس کے برعکس ہے : عبد الحق نے اپنے ایك خطبے میں لکھا ہے ۔

«احاطۂ مدراس میں ہندی کی اشاعت اور پروپیگنڈے کا بھی ذکر آیا تو میں نے یہی کہا کہ میں ہرگز اس کی مخالفت نہیں کرنی چاہئے کیوں کہ جس قدر ان میں ہندی کا رواج عام ہوگا اسی قدر وہ ہم سے قریب ہوجائینگے کیوں کہ

۱۔ دیکھئے خطبات عبدالحق مرتبہ عبادت بریلوی ص ۱۱۱

جتنی سے زیادہ ہندوستان کی کوئی زبان اردو سے زیادہ قریب بلکہ اقرب نہیں ہے۔

مولوی عبد الحق کو جنہیں ہندی کا دشمن سمجھا گیا تھا، واقعہ یہ ہے کہ ہندی سے کبھی دشمنی نہیں کی بلکہ عملی طور سے اسے عام کرنے کی کوشش کی اور اس کے لئے فضا ہموار کرتے رہے، اسلئے کہ ہندی کی طاقت اردو کی طاقت بھی تھی۔ ان دونوں اسالیب کا ایک دوسرے سے گہرا خونی رشتہ ہے۔ وہ ہندی کی پیاری، سبک، دلکش ترکیبوں سے محبت کرتے تھے اور اس کے آسان، سلیس اور کومل شبدوں سے اردو کے دامن کو وسیع سے وسیع تر کرنا چاہتے تھے۔ وہ نہایت فراخ دلی کے ساتھ ہندی کے ایسے بے شمار الفاظ اردو میں استعمال کرتے تھے کہ جس کی مدد سے اردو اور ہندی کو ایک مرکز پر لانے میں آسانی ہوتی اور جس سے گاندھی جی کے ہندوستانی کے خواب کی تعبیر نکلتی۔ عبد الحق نے اپنی تحریروں اور تقریروں میں ہندی شبدوں کے علاوہ ہندی کے محاورے اور روز مرّے چن چن کر استعمال کئے ہیں اور حد تو یہ ہے کہ «بابائے اردو» کسی خوبصورت ترکیب کی تلاش میں عام قاعدے سے ہٹ کر الفاظ بنانے سے بھی نہیں چوکتے تھے۔ قومی زبان کے لئے «دیش بھاشا»، بین الاقوامی زبان کے لئے «جگت بھاشا» اور کلاسیکی کتاب کے لئے «مہا تصنیف» کی اصطلاحوں کو اردو میں رائج کرنے کی ابتدائی کوششیں عبد الحق ہی نے کیں۔ اصطلاح سازی کا یہ طریقہ مہدی افادی کے مقیاس الشباب، ادب العالیہ، مادۂ اختراعی اور «مقاسُ الحرارت» سے بالکل مخالف طریقہ تھا جسے عبد الحق نے ہندی پریمی کی حیثیت سے رائج کرنے کی کوشش کی۔

اردو کے لحاظ سے ہندی کے چند غیر مانوس شبد جنہیں عبد الحق نے اپنی تحریروں میں استعمال کیا ہے اسکی مثالیں حسب ذیل ہیں۔

اسکا دوش (الزام) میں ان کو نہیں دیتا

اگرچہ اس کو اٹھانے والے بہت سے مہا پرش

اس بس بھرے شہر میں

دوسروں کو چنوتی (چیلنج) دینا اور اپنی فوقیت جتانا

عبد الحق نے ہندی روز مرے اور محاورے بھی استعمال کئے ہیں۔ اسکی چند مثالیں دیکھئے:

انجمن ترقی اردو ایک مدت سے انکل پچو کام کرتی ہے

اسکی ابتدا بھی اسی الاپ سے کی ہے

یہ لہلہاتا چمن ایک دن جھاڑ جھنکاڑ ہو جائے گا

عبد الحق کی زبان وبیان کی سادگی (ہندوستانیت) کی ایک مثال ملاحظہ ہو:

"سر انٹونی میکڈانل کے عہد جبروت مہد میں اس دبی آگ کو پھونکیں مار مار کر سلگایا گیا اور ابھی کچھ دم نہ لینے پائے تھے کہ شدھی اور سنگٹھن نے وہ شعلے بھڑکائے جنکی آنچ ابتک کم نہ ہوئی اور جو آتا گیا ایک آدھ کپا تیل کا لنڈھاتا گیا۔"

اس سیدھی سادی عبارت کی بلاغت کے آگے انشا پردازی اور رنگین نثر کا بانکپن ویسے ہی پھیکا پڑ جاتا ہے جیسے غازہ وریشم میں ملبوس نئی تہذیب کی حوّا کا حسن، دیہاتی سادہ معصوم مگر پرکار حسن کے سامنے موم کی طرح پگھل کر بہہ جاتا ہے۔ عبد الحق ہندی کے روز مرے، محاورے اور الفاظ خاص طور سے اپنے خطبات میں زیادہ استعمال کرتے ہیں اور شاید اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ سامعین میں بھی ان الفاظ کے چلن کو عام کرنا چاہتے تھے، اور اس طرح ان الفاظ کا استعمال اردو کے حق میں مفید سمجھتے تھے۔ اس ہندی کے بارے میں جیسے عام طور سے ہندوستان کی جنتا بولتی ہے اور جس سے ہمیشہ اردو رس کھینچتی رہی ہے اردو ہندی میں ملاپ، دوستی اور یگانگت کے خیال سے عین اس زمانے میں جبکہ اردو اور ہندی کے حامی اپنی اپنی جگہ آپس میں بر سر پیکار نیام سے تلواریں کھینچے ہوئے اپنی اپنی پدمنیوں کے لئے لڑ رہے تھے تب عبد الحق نے کھلے بندوں اپنی رائے کا اظہار اس طرح کیا تھا کہ:۔

باہمی رقابت اور مخالفت کی کوئی وجہ نہیں۔ ہندی کی اشاعت سے ہندی سیکھنے والے اردو سے اور اردو سیکھنے والے ہندی سے زیادہ قریب ہوجائیں گے کیونکہ کوئی دو زبانیں باہم اتنی قریب نہیں جتنی اردو ہندی۔ اسی کے ساتھ یہ بھی یاد

رکھنا چاہئے کہ کوئی شخص اردو زبان کا اعلیٰ ادیب اور محقق نہیں ہوسکتا جب تک ہندی نہ جانے اور اسی طرح ہندی کا ادیب اور محقق ہونے کے لئے اردو کا جاننا لازم ہے۔ ان دو زبانوں کا مطالعہ اصلی معنوں میں چولی دامن کا ساتھ ہے اور اس لئے ایک دوسرے کی مخالفت لا حاصل ہی نہیں بلکہ مضر ہے[1]۔

ہندوستانیت کا یہ رجحان جسکا مختصر جائزہ پچھلی سطور میں لیا گیا ہے جدید تر اردو شاعروں ، افسانہ نگاروں اور ناول نویسوں کے ہاں بھی ملتا ہے ۔ سدرشن ، کرشن چندر ، بیدی ، مہندر ناتھ ، رشك ، وغیرہ افسانہ نگاروں اور ناول نویسوں کا ذکر اس سے پہلے ہو چکا ہے ۔ جدید تر شاعروں میں جنکی ایك طویل فہرست ہے ، «ہندوستانی» لب ولہجہ ، بھاشا کا رس اور مقامی بولیوں کی خوشبو کے لحاظ سے اردو کے ایك نوجوان شاعر ندا فاضلی کی سب سے بڑی خصوصیت ہے ۔ لسانی وادبی ہر دو اعتبار سے اس کی ضرورت ہے کہ ہم ایسی زبان کو اپنائیں جس میں مختلف علاقائی زبانیں اور مقامی بولیاں ہوں ، ایسی نرم اور نازك آوازیں اور لب ولہجہ میں وہ نرمی ہو جو لوك گیتوں کی خصوصیت ہوتی ہے ۔ اردو میں اسکا رجحان ابتدا ہی سے ہے ۔ ضرورت ہے کہ اس روایت کو ایك تحریك اور آدرش کی صورت میں اپنایا جائے ، ہندوستانی کا یہ انداز اردو ہندی کے لئے سب سے زیادہ قابل قبول ہونا چاہئے ۔ نرائن پرساد بیتاب نے «مہا بھارت» نامی ایك ڈرامہ لکھا ہے ۔ اس ڈرامہ میں دو کردار بات چیت کرتے ہیں ۔ اس میں سے ایك پوچھتا ہے کہ میں اپنا مدعا اردو میں بیان کروں یا ہندی میں ۔ اسپر دوسرے کردار نے جواب دیا

نہ خالص اردو نہ ٹھیٹھ ہندی زبان گویا ملی جلی ہو
الگ رہے دودھ سے نہ مسری ، ڈلی ڈلی دودھ میں دھلی ہو

ٹھیٹھ ہندی اور خالص اردو والوں کے لئے یہ پیغام آج بھی «پیغام حق» ہے

۱۔ خطبات عبد الحق مرتبہ عبادت بریلوی

دیوی سنگھ چوہان

اردو کی ترقی میں ہندوؤں کا حصہ

محبان زبانِ اردو اور اس کے ادیبوں میں یہ تصور جڑ پکڑ گیا ہے کہ اردو کی پرورش و پرداخت اور ارتقا میں مسلمان ادیبوں کے ساتھ ساتھ ہندو ادیبوں نے بھی کافی ہاتھ بٹایا ہے۔ مرحوم نصیر الدین ہاشمی نے انجمن ترقیٔ اردو ، بمبئی کے زیر اہتمام ایک مقالہ ۱۹۵۲ع میں دکن میں اردو کے ہندو شعرا کے تذکرے ، پیش کیا تھا۔ مرحوم ہاشمی صاحب نے ایک کتابچہ میں بھی ان ہندو شعرا کا ذکر فرمایا ہے۔ ہر کہیں اس واقعہ کی طرف اشارہ ملے گا کہ ارتقائے اردو میں ہندو ادیبوں نے بھی کافی جانفشانی برتی ہے۔ حال ہی میں شری کالیداس گپتا متخلص بہ رضا متوطن کینیا ، آفریقہ نے اپنے کلام شعلۂ خاموش میں اپنے اس یقین کا اس طرح اظہار کیا ہے

کیا داغِ دلِ زار دکھاتے ہو مجھے تم — یوں شمع مری بزم میں ہر رات جلی ہے

قسمت سے بھی بڑھکر ہے زمانہ ترا قاتل — جو بات کہی تونے وہ مشکل سے ٹلی ہے

ہندو ہے نہ مسلم ہے رضا مذہبِ اردو — دونوں ہی کی آغوش میں یہ پھولی پھلی ہے

(صفحہ ۲۹۶)

اردو زبان کے قدموں کی علامتیں اواخر ساتویں صدی اور اوائل آٹھویں صدی ہجری میں رونما ہوئیں۔ نویں صدی میں اس کا ادب پیدا ہونا شروع ہوگیا تھا ، خصوصاً دکن میں ۔ دسویں صدی میں اس نے بال وپر کھولے اور گیارھویں صدی اس کے عنفوانِ شباب کا زمانہ ہے۔ اس صدی کے اختتام پر اردو زبان نے کافی استطاعت ورچتگی حاصل کرلی تھی۔ اس زبان کی نشوونما گیارھویں صدی کے آخر تک خاص طور پر دکن ہی میں ہوئی ، شمال میں کہیں شاذ ونادر ہی کوئی ادیب پیدا ہوا ہو تو ہو۔

مرحوم ہاشمی نے اپنی کتاب دکن میں اردو میں زبان کی ترقی کے سات دور قرار دئے ہیں جو کسی معیارادبی یا تنقیدی یا لسانی یا اور کسی معیاری قدروں کو ملحوظ رکھ کر نہیں قرار دئے ہیں۔ شاید ان کے سامنے محض حاکموں کا عروج وزوال رہا ہے۔ تاہم سنہ ۱۲۲۰ھ مطابق سنہ ۱۸۰۵ع کو موصوف نے پانچویں دور کا آغاز قرار دیا ہے جو ایک لحاظ سے مبنی بر صداقت ہے۔ اس لئے کہ تقریبا اسی دور میں جس بھاشا کو دکنی کہا جاتا تھا وہ عام طور سے متروک ہونا شروع ہوگئی۔ دوسرا اہم جزو جو سیاسی حالات کا نتیجہ تھا یہ کہ کلکتہ میں انگریزی حکومت کے زیر سایہ اردو اور ہندی کی ترقی کی الگ الگ کوششیں شروع ہوگئیں۔ اب تک دکنی یا ہندی یا اردو ایک ہی زبان متصور ہوتی تھی۔ اب کے دو زبانوں کا تصور سامنے آیا اور اسی بنیاد پر متواتر کوششیں جاری رہیں۔ ان سطور میں ہم اردو یا ہندی یا دکنی کے ہندو شاعروں کا جائزہ سنہ ۱۲۲۰ھ تک ہی محدود رکھیں گے۔

اردو کا تصور

عربی فارسی رسم الخط میں لکھی گئی اس زبان کو اس کے ادیبوں نے ابتداءً ہندی کے نام سے پکارا تھا ہرات سے بھارت آئے ہوئے حکیم یوسفی نے دسویں صدی ہجری کے اوائل میں اس زبان کو ہندی کے نام سے یاد کیا اور اپنا قصیدہ «در لغات ہندی» منظوم کیا۔ بیجاپور کے مشہور صوفی شاہ میراں جی شمس العشاق اور ان کے فرزند شاہ برہان الدین نے اس زبان کو ہندی ہی کے نام سے عوام تک پہنچایا۔ صوفیت میں اسی خاندان سے لگاؤ رکھنے والے قاضی محمود بحری نے سنہ ۱۱۱۲ھ م سنہ ۱۷۰۰ عیسوی میں اعلان کردیا ہے کہ

ہندی تو زبانچہ ہے ہماری کہنے نہ لگے ہمن کو بھاری

(بیت ۲۷۸، من لگن)

دکن کے کئی شاعروں نے اس زبان کو دسویں صدی ہجری کے اواخر میں دکنی کے نام سے بھی یاد کیا ہے۔ اس کو خواہ دکنی کہئیے یا ہندی اس کی اصلیت یا حقیقت میں کسی نے کوئی فرق نہیں دیکھا۔ ہندی کہنے پر کسی کو کوئی دوسری چیز متصور

نہیں ہوتی تھی۔ البتہ فارسی کے قدرداں اس ہندی یا دکنی کو حقارت کی نظر سے دیکھتے تھے۔ اس کا جواب ملک الشعرا ملا نصرتی نے اپنی مشہور رزمیہ مثنوی علی نامہ (باب ہفتم) میں دے دیا ہے۔ وہ کہتا ہے

کرے بات اپنے کوئی جو دکھنیاں پوبد	سند لیا کو یو شعر کرتا ہے رد
اگر کوی ہو معنی کوں کر آرسی	پڑے رزمیہ ھندی یا فارسی
اگر ہے او کامل سمجھ کا دھنی	تو اس یک تے ہوئے دو ہنر سوں غنی
بزرگی ہے ھندی میں اکثر سکائی	وگر نئیں تو مضمون کی کان بڑائی

(ابیات ۱۱۲ ، ۱۱۳ ، ۱۱٤ و ۱۲٦)

مختصر یہ کہ شروع شروع میں شاعروں نے اس زبان کو ھندی نام دیا۔ لیکن چونکہ دکن میں زبان ھندی کے علاوہ دیگر زبانیں مثلاً گجراتی، مراٹھی، کنڑ اور تلگو بھی بولی جاتی تھیں اس لئے ھندی کے ادیبوں نے اس کو دکنی، دکھنی یا دکھنی بھی کہا ہے۔ آخر الذکر لفظ بہ تشدید صوتیہ «کھ» عادلشاھی شاعر عاجز نے اپنی مثنوی «لیلی مجنون» مطبوعہ «قدیم اردو» مرتبہ مسعود حسین خان حیدر آباد، بیت ٦٤٣ میں اس طرح استعمال کیا ہے۔

کہے ھاتفی فارسی نظم سوں ۔۔۔ کیا دکّھنی قصّا اس، عزم سوں

ایک لحاظ سے دکھنی ھندی بعد میں بولی جانے والی اردو سے مختلف ہے۔ یا اسی حقیقت کو یوں بیان کیا جاسکتا ہے کہ ایک طرف ناگری رسم الخط میں لکھی جانے والی ھندی اور دوسری طرف عربی فارسی حروف میں لکھی جانے والی اردو، دونوں زبانوں کا قدیم روپ دکھنی ہے۔ ھندی بھارت کی اور اردو پاکستان کی قومی زبانیں ھیں۔ دونوں زبانوں کی ادبی اور لسانیاتی تواریخ دکھنی اردو کے گہرے مطالعہ کے بغیر نہیں لکھی جاسکتیں۔

دکنی اردو کے ادیبوں نے اس زبان کے نیچر یا اصلیت کے بارے میں کہیں کچھ ذکر کیا ہو تو اس کا ہم کو علم نہیں ہے اور یہ بات ہماری نظر سے نہیں گذری۔

الست صنعتی نامی شاعر نے اپنی مثنوی قصۂ بے نظیر (مولفہ سنہ ۱۰۵۵ھ م سنہ ۱۶۴۵ع) میں اس بات کا ذکر کیا ہے کہ زبان کو عام فہم بنانے کے لیئے اس نے سنسکرت کے لفظ کم استعمال کئے ہیں۔

اسے فارسی بولنا شوق تھا ۔۔۔ و لے کئے عزیزاں کو یوں ذوق تھا
کہ دکھنی زباں سوں اسے بولنا ۔۔۔ جو سیپی تے موتی نمن رولنا
رکھیا کم سنسکرت کے اس میں بول ۔۔۔ ادک بولنے تے رکھیا ہوں اصول
جسے فارسی کا نہ کچھ گیان ہے ۔۔۔ سو دکھنی زباں ان کو آسان ہے
سو اس میں سنسکرت کا ہے مراد ۔۔۔ کیا اس تے آسانگی کا سواد

(ابیات ۳۶۸، ۳۷۰ تا ۳۷۲)

اردو کی موجودہ بناوٹ اور روش کو دیکھتے ہوئے دکھنی اردو کی تین چار خصوصیتیں ہمارے سامنے آتی ہیں۔ اولا یہ کہ تمام موجودہ انڈوآرین زبانوں کی طرح، دکھنی اردو یا ھندی کا تمام تر ذخیرۂ الفاظ بھی بھارتیہ تتسم اور تدبھو لفظوں پر مشتمل ہے اور دیشی یا دیشج الفاظ بھی دیگر انڈین زبانوں کی طرح اس زبان میں بھی موجود ہیں۔ ثانیا اس زبان کا صرف ونحو بالکلیہ وہی ہے جو گجراتی، مراٹھی، بنگالی وغیرہ کا ہے۔ اور آج کی اردو کا صرف ونحو بھی وہی ہے۔ اس خصوص میں دکنی اور اردو میں فرق صرف اتنا ہوا ہے کہ مختلف حروف کی ایک کثیر تعداد دکنی میں مستعمل ہوتی ہے۔ جبکہ اردو میں خان آرزو اور مظہر کے زمانے ہی سے ان حروف میں سے ایک چھوٹی سی تعداد کو برقرار رکھ کر باقی ثقیل اور بار طبع حروف کو نکالدینے کی کوشش شروع ہوگئی۔ تاہم لسانیاتی نقطۂ نظر سے اردو زبان دکھنی ہی کا بدلا ہوا روپ ہے۔ ثالثا یہ کہ جب تک دکھنی ھندی ایک مروجہ زبان رہی اس میں بھارت اور بھارت کی سماجی، تہذیبی حالت کا عکس نظر آتا رہا اور بمقابلہ اردو کے دکنی میں بھارتیتا کافی حد تک دکھائی دیتی ہے۔ رابعا یہ حقیقت ہے کہ بھارتیہ بھاشاؤں کے مروجہ اصول کے تحت دکنی زبان میں استعمال ہونے والے فارسی عربی جیسی بدیشی زبانوں کے لفظوں پر پراکرتیکرن کا سنسکار ہونے کے بعد ان کو زبان میں جگہ ملتی تھی۔ گویا دیگر بدیشی

زبانوں کے الفاظ کو امالے کے ساتھ دکنی میں استعمال کیا جاتا تھا۔ یہ چار باتیں دکنی اردو کی خصوصیتیں تصور کی جا سکتی ہیں۔ دکنی کے اردو سے کسی حد تک مختلف ہونے میں ان لسانیاتی تبدیلیوں کے علاوہ بھی اور بہت سے عناصر کا حصہ ہے۔

زبان ریختہ کیا ہے؟

شعرا و اُدبائے اردو نے اس زبان کے دھلی اور شمال میں رواج پانے کے ابتدائی زمانے میں اس زبان کو ریختہ کہا اور پھر کچھ ہی مدت بعد اس کو زبان اردوئے معلی اور زبان اردو کے نام سے یاد کیا گیا۔ مرور زمانہ کے ساتھ زبان کا لفظ محذوف ہوگیا اور صرف اردو کا لفظ اس زبان کے لئے مستعمل ہونے لگا۔ یہ واقعہ سنہ ۱۲۵۰ ھجری کے لگ بھگ کا ہے۔ مرحوم ڈاکٹر عبد الحق کے قول کے مطابق «زبانِ اردوئے معلی» کا لفظ سب سے پہلے استادِ زبانِ اردو میر تقی میر نے اپنے تذکرہ نکات الشعرا میں استعمال کیا ہے۔ موصوف نے اس مجموعی ترکیب کا استعمال اردو زبان کے لئے صرف ایک جگہ پر کیا ہے اور ساتھ ہی اپنی مذکورۂ بالا کتاب کا نام خاتمے میں اس طرح درج کیا ہے۔ «تمام شد نکات الشعراء هندی من تصنیف میر محمد تقی میر تخلص، بحسب الفرمائش حضرت سید عبد الولی صاحب وقلم عزلت تخلص»۔ اس سے ظاھر ہے کہ میر صاحب نے «زبان اردوئے معلی» کے الفاظ بطور صفت، زبان ھندی کے لئے استعمال کئے ہیں۔ ان کا یہ منشاء معلوم ہوتا ہے کہ ان الفاظ سے اس زبان کی تشریح ہو، نہ کہ اس کا نام تبدیل ہوجائے۔ زبان کا نام تبدیل کرنے کی تجویز میر صاحب نے پیش کی ہو اس کا کہیں پتہ نہیں چلتا۔ البتہ اس بات کا پتہ ضرور چلتا ہے کہ جس ھندی زبان کو وہ ریختہ کہتے ہیں وہ زبان کیا ہے اور کیسی ہونی چاھئیے۔ تذکرۂ نکات الشعرا کا پورا مضمون خاتمہ اسی کی وضاحت میں لکھا گیا ہے۔ زبان ریختہ کی چھ خصوصیات میر صاحب نے گنوائی ہیں۔ اس پوری عبارت کو یہاں دھرانا باعث طوالت ہوگا۔ وہ کہتے ہیں کہ ریختہ کی یہ چند قسمیں ہوتی ہیں۔ اول قسم یہ کہ شعر کا ایک مصرع فارسی ہوتا ہے اور دوسرا مصرع ھندی۔ دوسری قسم یہ کہ ایک ہی مصرع میں آدھا مصرع ھندی ہوتا ہے اور بقیہ آدھا فارسی۔ ریختہ کی تیسری

قسم وہ ہے جس میں تمام حرف وضل فارسی ہوا کرتے ہیں اور اس قسم کو موصوف نے قبیح قرار دیا ہے۔ گویا یہ طریقہ ان کو منظور نہیں۔ چوتھی قسم وہ ہے جس میں ترکیبات فارسی آتی ہیں. وہ فرماتے ہیں کہ ایسی ترکیبات زبان ریختہ سے مناسبت رکھتی ہیں اور یہ جائز ومناسب ہے. ایسی ترکیبوں کو غیر شاعر نہیں جانتا. اسی طرح ایسی ترکیبات جو زبان ریختہ کے لئے نامانوس ہوں معیوب سمجھنی چاہئیں۔ ایسا سمجھنا سلیقۂ شاعری پر موقوف ہے اور استعمال کرنے والے کے مزاج پر منحصر ہے. اگر ترکیب فارسی زبان ریختہ کی گفتگو سے موافقت رکھتی ہو تو اس کے استعمال میں کوئی مضایقہ نہیں۔ یہ انکی رائے وصلاح ہے۔ پانچویں قسم ایہام کی ہے جس کا رواج شعرائے سلف میں موجود تھا۔ لیکن ان کا خیال ہے کہ آج کل اس صنف کو پسند کرنے والے شاعر کم نظر آتے ہیں. شستگی کے ساتھ اس کا استعمال ہونا چاہئے. ایہام کے معنی بتلاتے ہوئے لکھا ہے کہ کوئی لفظ کسی بیت میں اس صنف کا مستعمل ہو تو اس لفظ کے دو معنی ہوتے ہیں. ایك معنی قریب اور دوسرے معنی بعید. شاعر کی نظر میں قریبی معنی متروک اور معنی بعید ملحوظ ہوتے ہیں. اس بحث میں سب سے اہم اور آخری بات جو میر صاحب نے فرمائی ہے وہ ہے ریختہ کے انداز کی. وہ فرماتے ہیں کہ انداز وہ ہے جو ہم نے اختیار کیا ہے. یہ انداز تجنیس، ترصیع، تشبیہ، گفتگو کی صفائی، فصاحت، بلاغت، ادابندی، خیال وغیرہ کو محیط ہے. اور ہم کو ان باتوں سے لطف آتا ہے. ہم اس سے محظوظ ہوتے ہیں. ہر کوئی جو اس فن میں طرز خاص کا مالك ہے اس کے معنی سمجھتا ہے، عام لوگوں سے اس کا سروکار نہیں. یہ اپنے جیسے مزاج رکھنے والے یاروں کے لئے لکھا جاتا ہے. نا کہ ہر کسی کس وناکس کے لئے. کیونکہ سخن کا میدان بہت وسیع ہے اور اس چمنستان کے رنگ برنگی مناظر سے ہم آگاہ ہوتے ہیں اس کی سند میں میر صاحب یہ مصرع پیش کرتے ہیں:

«ہر گلے را رنگ وبوے دیگر است»

میر صاحب کی مذکورہ بالا زبان ریختہ کی خصوصیات پر نظر ڈالنے سے پہلے یہ یاد دلانا ضروری ہے کہ ریختہ نام ہے ایک خاص انداز بیان کا جس میں دو یا دو

سے زیادہ زبانیں استعمال کی جاتی ہیں ۔ اس خاص طرز کو سنسکرت میں کرمبھک شیلی کہا جاتا ہے ۔ وشوناتھ پنڈت امیر خسرو دہلوی کا ہمعصر اور علم الادبیات سے متعلق ایک کتاب ساھتیہ درپن साहित्यदर्पण کا مصنف ہے ۔ وشوناتھ پنڈت نے کرمبھک شیلی کی تعریف اپنی اس کتاب میں درج کی ہے اس نے لکھا ہے کہ کرمبھک کے معنی ہیں پھیلا ہوا ، ملا ہوا ۔ وہ طرز تحریر جس کے معنی الگ الگ زبان پاروں میں پھیلے ہوئے ہیں کرمبھک کہلاتی ہے ، کرمبھک کی تعریف وشوناتھ نے اس پرکار دی ہے ۔

करम्भकं तु भाषाभिर्विविधाभिर्विनिर्मितम ।

— विश्वनाथस्य साहित्यदर्पणो

کرمبھک وہ (طرز یا شیلی) ہے جو الگ الگ بھاشاؤں پر مشتمل ہے ۔ سنہ ۱۷۰۰ عیسوی کے لگ بھگ اس طرز میں مراٹھی کے کچھ شاعروں نے کئی ابیات لکھی ہیں ۔ اس پر بحث کی یہاں گنجائش نہیں ۔ امیر خسرو دہلوی نے بھی طرز ریختہ میں کئی اشعار لکھے ہیں ۔ خسرو نے سنہ ۷۲۵ ھ م ۱۳۲۵ع میں وفات پائی ۔ ریختہ لفظ (ریختن بمعنی پھیلانا ، کئی زبانوں میں لکھنا) اسی کرمبھک لفظ کا ہم معنی ہے ۔ دونوں ایک ہی طرز یا شیلی یا انداز بیان کو پیش کرتے ہیں ۔

میر محمد تقی میر نے ریختہ کی جو چھ خصوصیات بیان کی ہیں ان پر انھوں نے اپنی رائے بھی دیدی ہے کہ کونسی خصوصیات قابل قبول ہیں ۔ اول الذکر دونوں خصوصیات پر میر صاحب نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا ۔ دونوں اقسام پر گویا سکوت اختیار کیا ہے ۔ شاید یہ دونوں ان کو پسند نہیں ۔ صاف ناپسندیدگی کا اظہار نہیں کیا ، نہ ان کو سراہا ہے ۔ ریختہ میں فارسی کے حروف وافعال کو میر صاحب نے معیوب اور ناقابل تقلید قرار دیا ہے ۔ ہندی زبان میں فارسی ترکیبات جو ریختہ کے مزاج سے موافقت رکھتی ہوں میر صاحب کے لئے قابل قبول ہیں ۔ بعد میں اردو میں یہی ہوتا رہا ۔ ایہام کا استعمال محدود طریقے پر اور شستگی کے ساتھ موصوف نے جائز قرار دیا ہے ۔ قسم ششم کو میر صاحب نے گویا ریختہ کی جان قرار دیا ہے جو بالکلیہ درست وصحیح ہے ۔ ہر زبان میں ادیب کا انداز بیان ہی اس کا سرمایۂ عظیم ہوتا ہے ۔ ریختہ کے لئے بھی یہ

موزوں ہی ہے میر صاحب کے استدلال کا لب لباب یہ ہے کہ ریختہ وہ زبان ہندی ہے جو متذکرۂ بالا خصوصیات کی حامل ہو۔

ہندؤوں کا حصہ

اب دیکھنا یہ ہے کہ اردو زبان کی پنج صد سالہ زندگی میں ہندو ادیبوں نے کس حد تک حصہ لیا ہے۔ سنہ ۱۲۲۰ ھم سنہ ۱۸۰۵ع کے بعد کا دور اور اس زمانے کے ادیبوں کو ان سطور میں شامل نہیں کیا گیا۔ حال میں لکھی ہوئی کتابیں بھی دیکھی گئیں۔ کتاب «ہند وشعرا» مصنفہ خواجہ عشرت لکھنوی ۱۹۳۱ع میں صرف انیسویں اور موجودہ صدی کے ادیبوں کا ذکر ہے۔ متقدمین کا تذکرہ اس میں نہیں پایا جاتا۔ جناب سید رفیق مارہروی کی کتاب «ہندؤوں میں اردو» مطبوعہ سنہ ۱۹۵۷ع میں بھی ہندو ادیبوں کا تعارف ہے مگر یہ موجودہ صدی کے شاعروں کا تذکرہ ہونے کے باوجود بہت ہی بے ترتیب ہے۔ کتاب میں ایک بھی عنوان یا باب نہیں ہے۔ ۴۸۶ صفحات کا سفینہ بس چل رہا ہے۔ نہ کہیں ادیبوں کی فہرست ہے نہ ان کے زمانے کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ اشاریہ کی امید ہی کیا کریں۔ مصنف نے اردو کا تاریخی پس منظر پیش کیا ہے۔ اس کتاب میں بھی متاخرین ہی کا چرچا ہے۔ بڑی کاوش سے چندر بھان برھمن کے علاوہ ایک اور شاعر ولی رام ولی کا ذکر مل سکا جو دارا شکوہ کا درباری اور ھمعصر تھا۔ نصیرالدین ھاشمی نے سنہ ۱۲۲۰ تک کی اردو کی زندگی کو چار ادوار میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے دو دور اورنگ زیب کے بیجاپوری اور قطب شاہی حکومتوں کا خاتمہ کرنے پر ختم ہوتے ہیں۔ موصوف نے بتلایا ہے کہ دور اول سنہ (۹۰۰ ھم ۱۳۴۷ع تک) ان کو کوئی ہندو شاعر یا ادیب دکھائی نہیں دیا۔ دور دوم میں انھوں نے ایک رام راؤ نامی شاعر کا ذکر اسٹوارٹ کی فہرست کی بنیاد پر کیا ہے۔ اس رام راؤ کا تخلص سیوا تھا۔ لیکن کوئی کلام دستیاب نہیں۔ ھاشمی صاحب نے تیسرا دور صرف ۳۶ سالوں کا قرار دیا ہے جو سنہ ۱۱۰۰ سے سنہ ۱۱۳۶ ھ تک کا ہے۔ یہ محض قیاسی دور ہے جس میں کوئی خصوصیت نہیں۔ سوائے اس کے کہ آخرالذکر سال میں آصف جاہ اول نے دکن میں حکومت قائم کی۔ سچ پوچھو تو تیسرا اور چوتھا دور مسلسل ایک ہی قرار دیا جاسکتا ہے۔ سنہ ۱۱۰۰ سے

سنہ ۱۲۲۰ ھ تک کا زمانہ اردو کے گونا گوں حالات پر مشتمل ہے۔ اسی دور میں اس زبان نے اپنا نام تبدیل کیا۔ اسی دور میں اس زبان کے اکثر وبیشتر تذکرے لکھے گئے۔

شاعروں اور ادیبوں کے تذکرے مرتب کرنا یہ اردو زبان ہی کا خاصہ ہے۔ یہ رواج اردو نے زبان فارسی سے لیا ہے۔ فارسی میں تذکرے لکھنے کا رواج بہت ہی پرانا یعنی نویں صدی عیسوی سے رائج ہے۔ اردو کا پہلا تذکرہ لکھنے کا سہرا دکن کے ایک شاعر کے سر ہے۔ ۱۱۶۵ ھ م ۱۷۵۲ ع میں اورنگ آباد مہاراشٹرا کے باشندے خواجہ خان محمد نے گلشن‌گفتار نامی تذکرۂ شعرا مرتب کیا۔ اس نے (۳۰) شاعروں کا ذکر اپنی اس چھوٹی سی کتاب میں کیا ہے۔ یہ ریختہ ہندی یا اردو کا اولین تذکرہ ہے جو دکن ہی میں لکھا گیا۔ ان میں ۱۶ شعراء دکن کے رہنے والے ہیں اور بقیہ شمالی ہند کے، اس تذکرہ اولین میں صرف ایک ہندو شاعر کا ذکر پایا جاتا ہے۔ دوسرا تذکرہ میر محمد تقی میر صاحب کا ہے جس کا ذکر اوپر ہوچکا ہے۔ اس تذکرہ میں کل (۱۰۲) شعرا کے کلام کا تعارف کرایا گیا ہے۔ جن میں چار ہندو شعرا بھی شامل ہیں۔ نکات الشعرائے ہندی ۱۱۶۶ ھ میں مرتب ہوا۔ فتح علی گردیزی نے اپنا تذکرہ ریختہ گویاں ۱۱۶۶ ھ میں مکمل کیا۔ یہ ایک ناقص کتاب ہے جو میر صاحب کے تذکرہ کے جواب میں لکھی گئی ہے۔ اس میں (۹۸) شاعروں کا ذکر کیا گیا ہے اور تین شعرا از اہل ہنود اس میں شامل ہیں۔ ۱۱۶۸ ھ میں قیام الدین قائم چاندپوری نے مخزن نکات لکھا اس میں (۱۱۸) شعرا کا حال درج ہے۔ منجملہ نو شعرا ہندو ہیں۔ ۱۱۷۵ ھ میں لچھمی نارائن شفیق اورنگ آبادی نے ۱۸ سال کی عمر میں چمنستان شعرا نامی تذکرہ مرتب کیا۔ اس کتاب میں (۲۱۳) شاعروں کے پسندیدہ کلام کا ایک گلدستہ پیش کیا گیا ہے۔ اس میں صرف (۱۲) شعرا ہندو پائے جاتے ہیں۔ بقیہ سب مسلمان ہیں۔ اس کے بعد ۱۲۰۹ ھ میں غلام ہمدانی مصحفی نے اپنی کتاب تذکرہ ہندی تصنیف کی۔ موصوف نے (۱۹۳) شاعروں کے کلام سے ہمیں متعارف کرایا ہے۔ ان میں کل نو شاعر ہندو ہیں۔ ۱۲۲۰ ھ میں میر قدرت اللہ متخلص بہ قاسم نے، آج تک لکھے ہوئے سارے تذکروں سے ضخیم وبسیط تر تذکرہ مجموعہ نغز کے نام سے مرتب کیا جس کو مرحوم محمود شیرانی نے لاہور سے شائع کیا۔ اس تذکرہ میں جملہ (۶۹۳) شاعروں

کے کلام سے روشناس کرایا گیا ہے. ان میں (۵۹) شعراء ہندو ہیں. ۱۲۳۰ھ میں اسمٰعیل خاں یکتا لکھنوی نے اپنی تصنیف دستور الفصاحت میں، ریختہ کے قواعد صرف ونحو کے علاوہ زبان کی فصاحت وبلاغت واضح کرنے کے لئے (۳۵) شاعروں کے کلام سے مدد لی ہے. ان شاعروں میں صرف ایک ہندو شاعر ہے. ان تذکروں میں، بلحاظ تعداد شعراء شفیق اورنگ آبادی، مصحفی اور قاسم کے تذکرے اہم ہیں. بقیہ تذکروں میں شعرا کی تعداد قلیل ہے. ان تین تذکروں میں ہندو شعرا بالترتیب فی صد ۶ء۶، ۱ء۴ اور ۵ء۸ ہیں. ان سات آٹھ تذکروں میں مذکور تمام شاعروں کو مجموعی طور پر دیکھا جائے تو ان کی تعداد (۱۴۸۳) ہوتی ہے اور ان میں ہندو شاعروں کی تعداد (۹) ہے. یہ یاد رہے کہ بعد کے تذکروں میں اول الذکر تذکروں کے شاعروں کا بھی ذکر کیا ہے. گویا بعد کے تذکروں میں ان شاعروں کے تذکرے کا اعادہ کیا گیا ہے. یہ بات ہندو اور مسلمان دونوں شعراء پر صادق آتی ہے. اس پوری تعداد شعراء میں ہندو شعراء کی تعداد ۶ فیصد سے کچھ کم یعنی (۶ء۵ فیصد) ہے. ما حصل یہ کہ ہندو شعراء کی تعداد ۶ فی صد کے لگ بھگ ہے. یہ صورت حال سنہ ۱۲۲۰ھ م ۱۸۰۵ء تک پائی جاتی ہے. یہ وہ زمانہ ہے جب دھلی اور لکھنو کا شیرازہ بکھر رہا تھا. یہ جدید دور کا آغاز بھی ہے جب کہ کلکتہ میں فورٹ ولیم کالج کی بناء پڑرہی تھی اور حیدرآباد اردو داں شاعروں کا مرکز بن رہا تھا. یہی دور ہے جب کہ دکھنی ہندی متروک ہوتی گئی اور مروجہ اردو کو فروغ حاصل ہوتا رہا.

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ متذکرۂ صدر تمام تذکرے گو ریختہ یا ہندی زبان کے ہیں، لیکن فارسی زبان میں لکھے گئے ہیں. اس کی وجہ کیا ہوسکتی ہے؟ فارسی کا جو حال ہو سو ہو، لیکن سنسکرت اور پراکرت کا یہ حال ضرور دیکھنے میں آیا ہے کہ پراکرت کی قواعد صرف ونحو ہمیشہ سے سنسکرت میں لکھی جاتی رہی ہے. ماڈرن انڈو آرین بھاشاؤں کے بارے میں بھی یہی اصول کار فرما نظر آتا ہے. پراکرت اور اپبھرنس کا صرف ونحو مشہور عالم ہیم چندر نے ۱۱۵۰ میں سنسکرت ہی میں مرتب کیا تھا. ماڈرن انڈو آرین زبانوں میں شاید اودھی یا کوشلی ہی ایسی ایک زبان ہے جس کو اپنا صرف ونحو قدیم ترین زمانے میں لکھا جانے کا شرف حاصل ہے. کوشلی کا

صرف ونحو سنسکرت زبان میں "اُکتی ویکتی پرکرن" उक्तिव्यक्तिप्रकरण کے نام سے ایک عالم دامودر پنڈت نے قبل ۱۱۵۰ع تحریر فرمایا تھا۔ اس کتاب کو ڈاکٹر سُنتی کُمار چٹرجی نے جو لسانیات کے مسلم الثبوت استاد ہیں ۱۹۵۳ع میں بمبئی سے شایع کیا ہے۔ ہیمچندر اور دامودر پنڈت ہم عصر ہیں جو امیر خسرو سے سو ڈیڑھ سو سال قبل ہوگذرے ہیں۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ ہندوستانی زبانوں کے صرف ونحو عموماً سنسکرت زبان میں لکھے جاتے تھے۔ شاید یہی طریقہ کار اور رواج ریختہ یا ہندی کے صرف ونحو اور تذکراتِ شعرا کے لئے اُدبائے فارسی داں نے اختیار کیا۔ نہ محض تذکرات، بلکہ لغات ہندی بحروف فارسی بھی فارسی زبان میں لکھے گئے۔ امیر خسرو کی خالق باری عالموں کے سامنے ہے۔ اسی طرح عبد الواسع ہانسوی کی غرائب اللغاتِ ہندی اور اس کا وہ نسخہ جو سراج الدین علی خان آرزو کے ہاتھوں مرتب ہوا، دنیا کے سامنے ہے جس کو ڈاکٹر سید عبد اللہ نے کراچی سے از سر نو مرتب کرکے سنہ ۱۹۵۱ع میں شائع کیا ہے۔

ما حصل

ریختہ یا اردو کے زیر بحث دور میں اس زبان کا نام ہمیشہ سے ہندی ہی چلا آیا ہے۔ دکن والوں نے اس کو دکنی کہا۔ مصحفی نے اپنے تذکرے کا نام تذکرۂ ہندی رکھا اور میر محمد تقی میر نے اپنے تذکرے کو نکات الشعرا ہندی سے نامزد کیا۔ سراج الدین علی خان آرزو نے سنہ ۱۱۶۳ھ م سنہ ۱۷۵۰ع کے لگ بھگ، عبد الواسع ہانسوی کی تصنیف غرائب اللغات کو بنیاد بنا کر نوادر الالفاظ تیار کی۔ ڈاکٹر سید عبد اللہ نے، آرزو کی بیان کی ہوئی اردو کی نوعیت یاہیئت اصلیہ پر روشنی ڈالتے ہوئے مقدمہ میں لکھا ہے کہ "اس میں جہاں کہیں اردو کا لفظ استعمال ہوا ہے وہ ہماری زبان اردو سے براہ راست علاقہ تو نہیں رکھتا۔ مگر اس سے زبان اردو کے بنیادی معنی ومفہوم اچھی طرح واضح ہو جاتے ہیں۔ گویا آرزو کے نزدیک زبان اردو وہ ہے۔

(۱) جس میں بادشاہ، امرا وسلاطین تکلم کرتے ہیں۔

(۲) شہری زبان (بمقابلہ قصبات کی زبان کے)

(۳) وہ «زبان مقرر» (یا ٹکسالی اور میعاری زبان) جو ادب وشعر انشا کی زبان بننے کے قابل ہوتی ہے اور لوگ اسی کو میعاری زبان سمجھتے ہیں»
(ص ۳۲)

آگے چل کر ڈاکٹر سید عبد اللہ صاحب رقمطراز ہیں۔

«مگر اردو ان کے نزدیک محاورۂ مولدین ہے۔ یعنی هندی کی وہ خاص شکل ہے جو عربی فارسی الفاظ کی آمیزش سے تیار ہوتی ہے»۔

اور آگے کہتے ہیں

«ان اقتباسات سے هندی، زبان هندیٔ اهل اردو، اور ریختہ کی حدود بہت حد تك معین ہو جاتی ہیں»

اس بحث سے یہ بات صاف ہوجاتی ہے کہ اردو کی ہیئت اصلیہ واقعتہً هندی بھاشا کے ایك مخصوص اسلوب یا شَیلی کی سی ہے جو مسلمان بادشاہ، امراء، ادبا، شعرا نے بحروف عربی اپنائی ہے۔

دوسری اہم ترین بات یہ ہے کہ اس ریختہٗ هندی یا دکنی یا اردو کا ارتقاء بطور قومی زبان ہوتا آیا ہے۔ ہماری نظر میں قومی زبان وہ ہے جو اپنی جائے پیدائش کے علاوہ دوسرے علاقوں یا پردیشوں میں ملك کے ہر بین العلاقائی کاروبار میں استعمال ہوتی ہے۔ جب مسلمانوں نے بھارت میں مرکزی حکومت قائم کی تو عوام سے ربط پیدا کرنے کے لئے فارسی سے کام نہیں بن سکتا تھا وہ دفتری زبان ہو سکتی تھی لیکن فوج اور عوام کی روز مرہ کی زندگی کی ضروریات پوری نہیں کر سکتی تھی۔ اس لئے بول چال کی زبان کے لئے مسلمانوں نے شروع سے دهلی کی اطراف واکناف کی کھڑی بولی کو اپنایا۔ مسلمانوں کا گذر زیادہ تر شمالی هندوستان اور مغربی حصوں میں رہا۔ شمال میں راجستھانی، پنجابی، برج، کوشلی، میتھلی جیسی هندی کی بولیاں مروج تھیں۔ مسلمانوں کی مستعملہ کھڑی بولی یا ریختہ هندی ان حصوں میں کافی آسانی سے سمجھی میں آسکتی تھی۔ گجراتی کی راجستھانی سے قربت ضرب المثل ہے۔ گجرات میں اس ریختہ هندی

نے آسانی سے جگہ پالی۔ مہاراشٹر میں مذہبی آمد ورفت کی وجوہ کی بناء پر برج بھاشا کا رواج زمانۂ قدیم سے (قبل ۱۲۷۲ع) جاری تھا۔ مسلمانوں کی یہ زبان یہاں کے عوام آسانی سے سمجھ سکتے تھے۔ دفتری خط وکتابت کے لئے نہ سہی، ریختۂ ہندی اوروں کے ساتھ مسلمانوں کی بات چیت اور بول چال کی ضروریات پورا کرتی تھی۔ آہستہ آہستہ اس بول چال کی بھاشا نے تحریری صورت اختیار کرلی اور چند صدیوں میں اس نے ادبی روپ اختیار کرلیا۔ اس قومی زبان کے اپنی جائے پیدائش کے باہر پھلنے پھولنے کا یہ فطری اور نیچرل طریقہ تھا۔ پہلے پہل اس نے بول چال پر قبضہ کیا۔ کچھ استطاعت حاصل کرنے پر ادبی میدان جیت لیا اور اور قوت پانے پر وہ سرکاری دفاتر پر بھی حاوی ہوگئی۔ مرکزی حکومت کے دفتروں پر قبضہ کرنے کا موقع پانے میں اس کو دیر لگی۔ یہ کام بھی حصول آزادی اور دستور ہند کے نفاذ کے بعد کچھ حد تک آسان ہوگیا۔

مسلمان ادیبوں اور شاعروں نے کھڑی بولی بحروف عربی کے علاوہ، اودھی، برج اور راجستھانی میں مثنویاں لکھنے اور دیگر اصناف سخن میں دستگاہ حاصل کرنے کی کوشش کی۔ ملا داؤد کی مثنوی چنداین کوشلی کی شاید اولین تصنیف ہے۔ منجھن کی مثنوی مَدھُو مالتی برج بھاشا میں کافی پرانی ہے۔ راجستھانی بھاشا میں جان شاعر کی ٠مثنوی قیام خاں راسا، اب روشنی میں آچکی ہے۔ مراٹھی زبان میں تو مسلمانوں نے خاص مقام حاصل کرلیا ہے۔ مراٹھی کے مسلمان شاعروں میں شیخ محمد نے (بہ قید حیات سنہ ۱٦٤٠ع) کافی اونچا مرتبہ پایا ہے اور اسکے کلام کو مستند کتاب نَونِیت میں جگہ مل گئی ہے۔ زبان سندھی کی ترقی میں بھی مسلمان ادیبوں نے کافی ہاتھ بٹایا جو محتاج تعارف نہیں۔

اس کے برعکس ریختہ ہندی میں ہندوؤں کا تعاون بہت ہی کم ہے۔ اس کے ممکنہ وجوہات کیا ہوسکتے ہیں؟ یوں دیکھا جائے تو شمالی ہندوستان کی ہندی بھاشا کے لئے غیر ہندی حصوں یا پُردیشوں کے لوگوں میں کوئی نفرت کا جذبہ نہیں پایا جاتا۔ ہم مراٹھی کے مزاج سے بخوبی واقف ہیں۔ مراٹھی بھاشا کی ادبی تاریخوں سے یہ بات بخوبی ثابت ہے کہ مراٹھی ادیبوں نے برج بھاشا میں تیرھویں صدی عیسوی کے وسط سے اپنی

ادبی دستگاہ کا ثبوت پیش کیا ہے ۔ اس خصوص میں ونئے موہن شرما کی کتاب « مراٹھی سنتوں کی ہندی کو دین » بحروف ناگری اب دنیا کے سامنے ہے ۔ ساتھ ساتھ ڈاکٹر کرشن دیواکر کی کتاب « مراٹھی ادیبوں کا ہندی لوک ساہتیہ » ما بعد کی صدیوں کے ادب پر روشنی ڈالتی ہے ۔ اس سے واضح ہے کہ مہاراشٹر ہندی بھاشا کو ناگری حروف میں بہت پہلے سے اپنائے ہوئے تھا ۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہی صورت حال ہندی بھاشا کے دیگر پڑوسی بھاشاؤں کی ہے ۔ اس صورتِ حال کے باوجود یہ واقعہ اظہر من الشمس ہے کہ سلطنتِ مغلیہ کے ختم ہونے تک ریختہ ہندی یا اردو میں ایک وسیع ادب موجود ہونے کے باوجود ، اس میں ہندوؤں کا حصہ آٹے میں نمک کے برابر بھی نہیں ۔ معلوم ہوتا ہے ہندی کو فارسی رسم الخط میں اس زمانے کی ہندو جنتا اور عوام اور عالموں نے ہمدردانہ نظر سے نہیں دیکھا ۔ اور نہ اس میں پیدا ہونے والے شعر وادب میں کوئی عملی تعاون پیش کیا ۔ مراٹھی یا دیگر بھاشاوں کے ادب میں ریختہ ہندی کے متعلق کوئی رائے زنی ہمارے دیکھنے میں نہیں آئی ۔ البتہ سنسکرت کی ایک تاریخی تصنیف مولفہ مہا پنڈت جیے رام پنڈیا (سنہ ۱۶۵۸ ء اور سنہ ۱۶۷۲ ء) موسومہ « رادھا مادھو وِلاس چنپو » میں حسب ذیل تذکرہ ملتا ہے ۔

ततः तैः सह प्रविष्टो जयरामकवीश्वरः स्वस्ति इति उक्त्वा निर्दिष्टप्रदेशे उपविश्य द्वादशना-रिकेलफलानि उपहारीचकार । राजा सकुतूहलं किं इति द्वादशफलानि उपहारीक्रियंते इति साकूतं अपृच्छत् । कवेः द्वादशभाषासु संस्कृतप्राकृत गोपाचलीय गुर्जरवक्तर ढुंढार पंजाब हिंदुस्थान बंगुलयावनी दाक्षिणात्ययावनी कर्णाटकाख्यासु निरर्गलं कवयामि इति ज्ञापायतुमिति ।

تب ان کے ساتھ جیے رام کبیسر نے داخلہ کیا ۔ اس نے اشیرباد دیا اور مقررہ جگہ پر جا بیٹھا ۔ اس نے راجا کو دوازدہ ناریل پھلوں کا نذرانہ پیش کیا ۔ راجا نے سکوت کے ساتھ یہ پوچھا کہ یہ دوازدہ پھلوں کا نذرانہ کیوں ؟ جواب ملا شاعر دوازدہ بھاشائیں جانتا اور ان میں شعر وسخن کرتا ہے ۔ ان پھلوں سے اس کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہے ۔ بارہ بھاشائیں یہ ہیں ۔ سنسکرت ، پراکرت مراد مراٹھی ، گوپا چلی یعنی گوالیاری یا برج ، گجراتی بکتر (نامعلوم) ، ڈھنڈھار یعنی مشرقی راجستھانی ، پنجابی ، ہندوستانی ، بگول یعنی مراٹھی کی اہیرانی بولی ، یاونی یعنی فارسی ، دکھنی یاونی یعنی دکن کے مسلمانوں کی زبان یعنی دکنی ہندی یا اردو اور کنڑ ۔

یہاں پر یہ بات دلچسپ اور قابل توجہ ہے کہ جےرام پنڈت نے گوالیاری برج کے علاوہ ، ہندوستانی اور مسلمانی دکنی ان دو بھاشاؤں کا تذکرہ کیا ہے۔ ہمارے خیال میں یہ دونوں زبانیں ایک ہی ہیں۔ ہندوستانی وہ کھڑی بولی ہے جو ناگری لپی یا رسم الخط میں ہندوئی کہلاتی تھی اور جس کا سب سے قدیم گرنتھ « قطب شتک » بحروف دیو ناگری اب بتوسط ڈاکٹر ماتا پرساد گپت شائع ہو چکا ہے۔ جےرام پنڈت فارسی اور دکنی اردو جانتا تھا۔ اس کے باوجود اس نے ہندوستانی اور یاونی دکنی کا دو الگ الگ بھاشاوں کے طور پر ذکر کیا ہے۔ واقعتاً یہ دونوں بھاشائیں ایک ہی ہیں۔ محض رسم الخط الگ ہے اس سے ایک بات ظاہر ہوتی ہے کہ دکنی اردو کے بارے میں ہندو شاعروں کا کیا نظریہ تھا۔ وہ اس کو محض مسلمانوں کی زبان کہتے تھے۔

اس نظرے کی بنیاد یہی ہو سکتی ہے کہ اس دور میں مسلمان فاتح کی حیثیت سے ہندوستان آئے تھے ، فارسی زبان سرکاری دفتروں پر حاوی تھی۔ زبان کی اجنبیت کے ساتھ ساتھ اس کا رسم الخط بھی اجنبی اور بدیشی تھا ان فاتح مسلمانوں کے لئے ہندو عوام میں ، کم سے کم ، ہمدردی کا بھی فقدان تھا۔ اسی بناء پر فارسی اور فارسی رسم الخط میں لکھی ہوئی دکنی ہندی کو محض مسلمانوں سے منسوب کیا گیا ہے۔ یہ قرین قیاس ہے کہ اسی نظریہ کے مد نظر ہندو عالموں اور پنڈتوں نے فارسی اور ریختہ ہندی کو شروع میں بالکل نہیں اپنایا۔ مرور زمانہ سے کدورت کم ہوتی گئی۔ کچھ ادیبوں نے اس زبان میں بھی طبع آزمائی کی۔ لیکن اس خصوص میں بھی ایک خاص بات یہ ہے کہ ریختہ ہندی میں لکھنے والے عموما بادشاہ وقت کی ملازمت سے منسلک تھے۔ ثانیا ان کی اکثریت فرقہ کائستھاں سے ہے۔ دهلی ، لکھنو اور حیدر آباد کے ادیب بلا استثناء ملازم اور کایستھ ہی نظر آتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو عالم حکومت وقت سے الگ تھے انھوں نے اس زبان میں لکھنے سے دلچسپی ظاہر نہیں کی۔

مـاخـذ

۱۔ نوائے ادب ، رسالہ ، اپریل سنہ ۱۹۵۲ع ، بمبئی

۲۔ شعلۂ خاموش ، کالیداس گپتا رضا ، بمبئی سنہ ۱۹۶۸ع

۳۔ نکات الشعرا ، میر محمد تقی میر ، مرتبہ عبد الحق ، اورنگ آباد سنہ ۱۹۳۵ع

۴۔ دکھنی ہندو اور اردو ، نصیر الدین ہاشمی حیدر آباد سنہ ۱۹۵۸ع

۵۔ گلشن گفتار ، حمید اورنگ آبادی سنہ ۱۱۶۵ ھ مرتبہ عبد الحق اورنگ آباد ۱۹۳۰ع

۶۔ تذکرۂ ریختہ گویان ، فتح علی گردیزی سنہ ۱۱۶۶ ھ مرتبہ عبد الحق اورنگ آباد سنہ ۱۹۳۳ع

۷۔ مخزن نکات ، قائم چاند پوری سنہ ۱۱۶۸ ھ مرتبہ عبد الحق اورنگ آباد

۸۔ چمنستان شعرا ، لچھمی نرائن شفیق سنہ ۱۱۷۵ ھ مرتبہ عبد الحق حیدر آباد

۹۔ تذکرۂ ہندی ، مصحفی ۱۲۰۹ ھ مرتبہ عبد الحق اورنگ آباد سنہ ۱۹۳۳ع

۱۰۔ مجموعۂ نغز ، قدرت اللہ قاسم ۱۲۲۱ ھ مرتبہ محمود شیرانی لاہور ۱۹۳۳ع

۱۱۔ نوادر الالفاظ ، سراج الدین علی خان آرزو مرتبہ سید عبد اللہ ۱۹۵۱ع

۱۲۔ رادھا مادھو ولاس چنپو ، از جیرام پنڈت ، مرتبہ وی ، کے ، راجواڑے پونا سنہ ۱۹۲۲ع

امیر اللہ خان شاہین

جون ٹی پلیٹس — ایک عظیم ماہر لغت

جنگ پلاسی کے بعد انگریزوں کے قدم سر زمین ہند پر پختگی سے جم گئے. اٹھارویں صدی کی آخری دھائی میں انگریزوں کی فتح مکمل ہونے پر سماج ، ادب اور انتظام ریاست کے لئے ناظموں اور منتظموں کی ضرورت کو انفرادی شخصیتوں اور اجتماعی اداروں نے علیحدہ علیحدہ اور من حیث المجموع پورا کیا. ادب وشعر کے نغمے بلند ہوئے تو دوری اور مغائرت کی دیواریں بھی ھٹنے لگیں. تاریخ کے ابواب شاھد ھیں کہ انگریزوں نے ذاتی طور پر معاملات ملکی سے زیادہ ھندوستانیوں کے نجی معاملات اور ان کی دلچسپیوں میں بھی حصہ لینا شروع کر دیا چنانچہ دھلی کا پہلا ریذیڈنٹ اختر لونی سرسید کے نانا فرید الولہ اور ولیم فریزر نواب احمد بخش کے یہاں عزیزوں کی طرح آتے جاتے تھے.

سنہ ۱۸۰۰ء میں فورٹ ولیم کالج کے قیام نے اردو نثر کا دامن الفاظ کے ذخائر سے بھر دیا. جان گلکرسٹ ، اس کے رفیقوں اور جانشینوں کی اردو نوازی سے انکار ممکن ھے نہ اغماض بہتر! خبث نیت سے بحث نہیں ، یہاں حسن عمل سے سروکار ھے. زبان کو سمجھنے سمجھانے اور اس کے معانی ومفاھیم ومطالب کے لئے لغت ھی واحد اور موثر ترین وسیلہ ھوا کرتی ھے چنانچہ ابتداً لغت نویسوں نے بھی اپنی ذمے داریاں سنبھالیں Forbes اور Bates کی ڈکشنریاں مرتب ھوئیں انھیں بنیادوں پر پلیٹس نے ایک نئی اردو سے انگریزی ڈکشنری ترتیب دی.

تذکروں میں John Thompson Platts کے بارے میں تفصیلی معلومات تو نہیں ملتیں کچھ نمایاں اور ناگزیر باتیں ضرور معلوم ھوتی ھیں. جس سے اس فاضل ماھر لغت کے حالات زندگی کا ایک دھندلا سا مرقع سامنے آتا ھے.

سی۔ ای۔ بکلینڈ C. E. Buckland کی مشہور زمانہ Dictionary of Indian Biography کے صفحہ ۲۳۷ (London-Edition 1906) پر جو کچھ ملتا ہے وہ یہ ہے کہ ممدوح کا سن ولادت سنہ ۱۸۳۰ء ہے۔ غدر کے دوران مرکزی صوبے جات میں بحیثیت انسپکٹر آف اسکول متعین رہا۔ بنارس کالج میں ہیڈ ماسٹر رہا۔ بیماری کے سبب لندن واپس ہو گیا۔ سنہ ۱۸۸۰ء میں آکسفورڈ میں فارسی کا استاد ہو گیا۔ انڈین سول سروس کے امتحانات کے لئے «ہندوستانی» کا ممتحن ہوا۔ ایک اردو انگریزی ڈکشنری مرتب کر کے شائع کی۔ علاوہ بریں فارسی گرامر پر جزوی کام کیا۔ نیز فارسی مضامین کا ترجمہ کیا۔ (کس زبان میں؟ اسکی وہاں کوئی صراحت نہیں) سنہ ۱۹۰۴ء میں انتقال کرجانے پر ۲۶ ستمبر کو آکسفورڈ میں دفنایا گیا۔

تحقیق مزید پر معلوم ہوا کہ پلیٹس کی محولہ بالا دو کتابوں میں گرامر کا نام ہے Grammar of Hindustani Language جو بآسانی دستیاب نہیں۔ دھلی کے Archives میں اس کا کوئی نسخہ دستیاب نہیں۔ دوسری ڈکشنری کا نام ہے "A Dictionary of Urdu, Classical Hindi and English"

پلیٹس کی اس ڈکشنری کے نہ صرف کرم خوردہ نسخے ملجاتے ھیں بلکہ ماسکو سے اس کا ایک نیا ایڈیشن بڑے اہتمام کے ساتھ شائع ہوا ہے جو دو حصوں پر مشتمل ہے اور بآسانی دستیاب ہو جاتا ہے۔ پلیٹس کی یہ ڈکشنری بڑی خوبیوں کی حامل ہے۔ آج تک اردو داں حضرات نے جو کچھ اس ضمن میں کیا ہے اسکی حیثیت اس کے مقابلے میں ثانوی ہے۔ بڑی دیدہ ریزی اور جاں کاھی سے اسکو مرتب کیا گیا ہے۔ یہ درست ہے کہ پلیٹس کا یہ کارنامہ کہیں خلاء میں نہیں ہو گیا ہے اس سے قبل ہی کئی دیدہ وروں نے جو کام کئے وہ اپنی جگہ سنگ میل کی حیثیت رکھتے ھیں۔ پلیٹس نے اسی بنیاد پر ایک مہتم بالشان عمارت کھڑی کردی۔ Forbes کی ڈکشنری بھی کافی اھمیت کی حامل ہے، تاہم وہ ایک خاص مدت تک بے نظیر ہونے کے باوصف آنے والے عہدوں کیلئے کچھ زیادہ مفید نہ ثابت ہو سکتی تھی اسی لئے پلیٹس کو ایک نئی لغت کی تدوین کی ضرورت محسوس ہوئی جس کا اظہار اس نے اپنے دیباچے میں بھی کیا ہے۔ پلیٹس کے پاس الفاظ کا زیادہ ذخیرہ ہے اور لسانی تبدیلیوں پر اس کی نگاہ کچھ زیادہ ہی

نکتہ رس ہے یہ اس لئے بھی کہ اسے ایک بنے بنائے کام میں اضافہ کرنا تھا کوئی نئی بنیاد نہیں اٹھانی تھی۔ ۱۸ ویں صدی کے اواخر سے ۱۹ ویں صدی کے اوائل تک اردو نے جس تیزی سے ترقی کی منزلیں طے کیں اس کے لئے یہ لازمی ہو گیا تھا کہ اس دور کا کوئی اہل نظر ان ضرورتوں کو محسوس کرتا جو ان نئے حالات میں پیش آرہی تھیں۔ بیشتر پرانے الفاظ، محاورے وتراکیب متروک ہو رہے تھے۔ نئی نئی اصطلاحیں الفاظ وتراکیب اختراع ہو رہی تھیں۔ زبان کا ظرف وسیع سے وسیع تر ہوتا جا رہا تھا۔ ایک مزاج بن رہا تھا۔ گو زبان کا کینڈا اس وقت تک نہیں بنا تھا۔ تاہم رد وبدل اور اخذ وقبول کا سلسلہ بہت تیزی سے حرکت میں آچکا تھا۔ پلیٹس نے ان نئے لسانیاتی تقاضوں کو سمجھتے ہوئے نئی لغت کی تدوین کی۔ اس کے لئے فاضل مرتب نے ہندی اردو کتب اور ان تمام رسائل وجرائد کا جو اس کے زمانے میں موجود تھے ایک طویل مدت تک بہ نگاہ غائر مطالعہ کیا۔ ہندوستانیوں سے تعلقات استوار کئے۔ ان کی مجلسوں اور محفلوں میں نشست وبرخاست کی۔ مشرقی مجالس میں حاضریاں دیں۔ نئے نئے محاوروں، ترکیبوں اور اصطلاحوں کو چپکے چپکے ذہن میں بھی جمع کرتا رہا اور نوٹ بھی کرتا رہا۔ اسی ہمہ گیر مطالعہ اور باہمی گفتگو سے اس کے سامنے یہ حقیقیت آئی ہوگی کہ کتابوں کی علمی زبان، مقالوں کا سنجیدہ اسلوب بیان، رسائل وجرائد میں شائع ہونے والے ہلکے پھلکے مضامین کی سلیس وشگفتہ زبان اور اخباروں کی صحافتی طرز نگارش میں بیّن فرق ہوتا ہے۔ ماہر لغت کی حیثیت سے زبان والفاظ کے استعمال پر پلیٹس کی نگاہ دقیقہ سنج واقع ہوئی ہے۔ ذاتی یاد داشتوں اور وقتاً فوقتاً لئے گئے ان نوٹوں نے اس کو عملی اقدام کی طرف رجوع کیا یہاں تک کہ وہ وقت جلد ہی آلگا جب تدوین لغت کا ذہنی منصوبہ کاغذ پر منتقل ہونا شروع ہوا، حتی کہ یہ چھوٹا سا منصوبہ ایک ضخیم کتاب کی شکل میں مرتب ہوگیا۔

جہاں تک Bates کی ڈکشنری کا تعلق ہے وہ بنیادی طور پر ہندی داں حضرات کی ضرورتوں کے پیش نظر لکھی گئی ہے جبکہ پلیٹس کے سامنے اردو داں طبقے کی ضرورتیں تھیں۔ یوں بھی پلیٹس کی نگاہ میں نہ صرف یہ کہ Forbes نے Bates کے کام پر کوئی اضافہ نہیں کیا بلکہ الٹا مضر ثابت ہوا۔ پلیٹس نے یہ دلچسپ بات کہی ہے کہ

Bates کی لغت میں Forbes کی خوبیاں منتقل نہیں ہو سکی ہیں، اس کی تمام خامیاں بے کم وکاست اپنا لی گئی ہیں۔ اسی طرح Dr. Fallon کی ڈکشنری ایک خاص مقصد کے تحت لکھی جانے کے سبب بہت ہی تہی دامن اور کم مایہ ہے۔ یہ وہ عوامل تھے جنھوں نے پلیٹس کی توجہ اپنی طرف منعطف کرا کے ایک نئے کام کا کامیاب آغاز کیا۔ پلیٹس نے اپنی ڈکشنری مرتب کرتے ہوئے پرانے چراغوں سے نیا چراغ ضرور جلایا، تاہم آنکھیں بند کر کے ان کی مکمل پیروی نہیں کی بلکہ ان کی خامیوں پر نگاہ رکھتے ہوئے بصیرت کی روشنیوں کو عام کرنے میں مدد دی۔

دکنی کے افعال «پڑیلے»، «مٹیا»، «بولیا»، وغیرہ گجراتی ہی کے اثر کا نتیجہ ہیں۔ اسی طرح حروف جارتے، تھے اور سے بھی گجراتی الاصل ہیں۔ اس کے علاوہ گجراتی الفاظ مثلاً پچھیں بمعنی «بعد میں» یا «پھر»، جوتا بمعنی «دیکھتا» جیسے بمعنی «اب» ایم اور ایمنا بمعنی «اس طرح» اور ڈوسا بمعنی «بوڑھا» وغیرہ متعدد الفاظ ایسے ہیں جو دکنی اردو میں شامل ہوگئے ہیں، ملا وجہی کی قطب مشتری، سب رس اور دیگر دکنی فن پارے اس قسم کے الفاظ سے بھرے پڑے ہیں چند مثالیں شاید خالی از دلچسپی نہ ہوں:

پچھیں یا حقیقت اچھو یا مجاز
ہر یک ڈگ میں شردھن کو جوتا اتھا
کہاں لگ سو میوہ سو کھانا جیسے
دیا شاہی اپنی قطب شاہ کوں
کہ ڈوسا ہوا میں کر اب راج تو

مندرجہ بالا مصرعوں میں خط کشیدہ لفظ اردو پر گجراتی اثر کا نمونہ ہیں۔

مولوی عبدالحق[1] نے قدیم اردو پر گجراتی کے اثر کی چھ صورتیں دکھائی ہیں مثلاً اچھنا اور اس کے مشتقات (Derivatives) گجراتی فعل «چھے» (ہے) کے زیر اثر ہیں۔ شخصی ضمیروں میں «ہمن» اور «ہمنا» گجراتی «ہمنے» کی قدیم اردو شکل ہے، «چہ» تاکیدی، گجراتی اور مرہٹی اثر کا نتیجہ ہے۔ بعض اسم اور مصدر مثلاً «گمنا»، دل بہلنا، «سوسنا»، برداشت کرنا «ابھال»، بادل «ایلاڑ»، قریب ندی کے اس پار، «پیلاڑ»، دور، ندی کے اس پار «انجھو»، آنسو اور «ندرا» نیند گجراتی اور قدیم اردو کا مشترکہ مستقل سرمایہ ہیں۔ «سی» علامت مستقبل کے بدلے دکنی اردو میں مستعمل تھا۔ اس سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ دکنی پر گجرات کے علاقہ میں جہاں پر یہ گجری کے نام سے موسوم تھی اور دکن میں

(۱) رسالہ اردو جولائی سنہ ۱۹۲۸ع صفحہ ۴۳-۵۴۲

بیجاپوری علاقے میں اس پر گجراتی کا اثر بھی بڑی حد تک پڑا اور آہستہ آہستہ قطب شاہی دور کے شاعروں اور ادیبوں میں بھی سرایت کر گیا۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ، وجہی کی «سب رس» اور «قطب مشتری» اور غوّاصی کی «سیف الملوک» اور «بدیع الجمال» وغیرہ قدیم اردو کتابوں میں اس گجراتی اثر کی متعدد مثالیں مل جاتی ہیں جس کی چند مثالیں نیچے دی جاتی ہیں:

کھوانے بمعنی کھلانے، گھرے گھر بمعنی گھر گھر، رہسے بمعنی رہے گا۔ اسی طرح بیسیا بمعنی بیٹھا گجراتی ماضی فعل بنانے کی ترکیب پر ہے۔ نہاسنا یا ناٹھنا بمعنی بھاگنا، پچھیں بمعنی پیچھے یا بعد میں، آج بھی گجرات میں عام بول چال کا جز ہے[1]

دکنی اردو زبان کی ترقی کی ان اہم منزلوں میں سے ہے جسے اردو زبان و ادب کا کوئی مورّخ نظر انداز نہیں کرسکتا۔ اردو کے تشکیلی دور کے نمونوں میں دکنی کی اہمیت یوں بھی زیادہ ہوتی ہے کہ اس سے اردو زبان و ادب کی سمت و رفتار کے خطوط ابھرتے ہیں اور اس کے پیش نظر اردو کی قدامت کا تعیّن ہوتا ہے۔ دلی اور نواحِ دلی کے اردو کی جنم بھومی ہونے کے باوجود اردو نے اپنی شکل و صورت دکن میں بنائی اور ادب پیدا کیا۔ چونکہ دکن میں یہ زبان شمال سے گئی تھی اور شمال میں اس کی ہمسایہ زبانیں مثلاً اپبھرنش، کھڑی بولی، ہریانی، پنجابی، برج اور اودھی وغیرہ تھیں اردو ان کے اثرات سے بچ نہ سکی اور انہیں اثرات کے ساتھ دکن پہنچی جہاں پر ہند آریائی زبانوں سے دور دراوڑی السنہ کے درمیان اس کی پرورش و پرداخت ہوئی جن کا لسانیاتی رشتہ اردو ہی نہیں بلکہ ساری شمالی بولیوں سے الگ تھا۔ جنوب میں مرہٹی ہی ایک ایسی زبان تھی جس کا اردو سے خاندانی رشتہ تھا۔ یہی وجہ ہے کہ جہاں پر اس نے مرہٹی کو متأثر کیا وہیں پر خود بھی اس سے متأثر ہوئی۔ لطف کی بات تو یہ ہے کہ اردو جنوب میں دراوڑی زبانوں مثلاً تلگو اور تامل سے رابطۂ اتحاد پیدا کرتی ہے۔

---

(۱) سید ظہیر الدین مدنی: «ولی» گجراتی۔ سلسلۂ مطبوعات انجمن اسلام اردو ریسرچ انسٹی ٹیوٹ بمبئی، ص ۹۵

مرہٹی زبان سے اردو کا متأثر ہونا اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ دکن کے وسیع وعریض خطّہ کا ایک بڑا حصہ لسانیاتی اعتبار سے مرہٹی کا علاقہ تھا ۔ مہاراشٹر کا موجودہ علاقہ ودوبھ برار اورنگ آباد وغیرہ ہندوستان کی ماضی قریب کی تاریخ میں دکن ہی سے موسوم رہا ہے ۔

اردو چودھویں صدی عیسوی میں علاؤ الدین خلجی (سنہ ۱۳۰٦ء) اور محمد تغلق (سنہ ۱۳۲۷ء) کی فوجوں کے ساتھ دکن پہنچی جب کہ انہوں نے دیوگیری (دولت آباد) کو گھیر کر اسے سلطنت دلی کا حصہ بنا لیا تھا لیکن سنہ ۱۳٤۷ء میں حسن گنگو بہمنی کی خود مختار دکنی سلطنت کے قیام کے بعد دکن کا تعلق شمال سے منقطع ہوگیا اور اسی لحاظ سے دکنی اردو کا تعلق بھی شمال کی اردو سے ٹوٹ گیا ۔ شمالی ہندوستان میں دفتری زبان کی حیثیت سے ہمیشہ فارسی رائج رہی ۔ دکن بھی ابتداء میں فارسی ہی کے زیر اثر رہا تاہم سیاسی اغراض، رعایا پروری، وسیع النظری اور روا داری کے پیش نظر اپنے ہمعصر بنگالی حکمرانوں کی طرح دکن کے بہمنی سلاطین نے بھی مقامی زبان و ادب کی ترقی و پرداخت میں دلچسپی لی اور رعایا کو شانت کیا ۔ یہاں تک کہ مرہٹی کی علاقائی حیثیت کے پیش نظر عادل شاہی (سنہ ۱۵۰٥ء) اور قطب شاہی (سنہ ۱۵۸۱ء) سلاطین نے اسے دورباری زبان کی حیثیت عطا کی اور دفتری کارگذاریاں مرہٹی میں ہونے لگیں ۔ مالیات (Revenue) کا نظام مرہٹہ افسران کے تحت کردیا گیا ، چہ جائیکہ فوجی افسر بھی مرہٹہ قوم ہی سے تھے[1] ۔

ہندوستانی کا علاقہ ہندوستان کی دیگر زبانوں کے لحاظ سے سب سے زیادہ وسیع اور عریض علاقہ ہے اور جب کوئی زبان کسی وسیع علاقے پر پھیل ہوتی ہو تو لسانی اعتبار سے وہ مختلف ذیلی بولیوں میں منقسم ہوجاتی ہے ۔ مغربی ہندی جو اردو کی اصل اور منبع ہے تقریباً پانچ ذیلی بولیوں (Sub-dialects) میں منقسم ہے، جو حسب ذیل ہیں :

۱ ۔ بندیلی ۲ ۔ ہریانی یا بانگڑو ۳ ۔ برج بھاشا ٤ ۔ قنوجی ۵ ۔ کھڑی بولی

1. Dr. Tarachand: Influence of Islam On Indian Culture (1954). Page 320.

مندرجۂ بالا پانچ بولیوں میں موخرالذکر کھڑی بولی عہد ما بعد میں ہندوستانی کے نام سے موسوم ہوئی[1] جو عام طور سے مغربی روہیلکھنڈ شمالی دوآبہ اور پنجاب میں ضلع انبالہ میں بولی جاتی تھی۔ اب اس کا دائرۂ اثر سارے شمالی ہندوستان اور دکھن میں میسور اور بنگلور کے علاوہ ہندوستان کے تقریباً سارے بڑے شہروں مثلا احمد آباد، بمبئی، مدراس وغیرہ تک پھیلا ہوا ہے، جنوب میں ہندوستانی کی دو اہم بولیاں گجری (بولیٔ گجرات) اور دکنی (بولیٔ دکن) خاص طور سے مشہور و معروف ہوئیں۔

جدید ہند آریائی زبانوں میں مراٹھی ایک بہت ہی اہم اور ادبی لحاظ سے بہت ہی ممتاز زبان ہے۔ اسے ریاست مہاراشٹر کی سرکاری زبان ہونے کا شرف حاصل ہے، مراٹھی بولیوں کے اعتبار سے سات بولیوں میں منقسم ہے، جو عام طور سے کوکنی کہلاتی ہیں۔ پونا مرہٹی ناگپوری مرہٹی اور دیشی مرہٹی، اس کے علاوہ ہیں، ان بولیوں میں پونا اور اس کے اطراف و جوانب کی زبان معیاری زبان تسلیم کی جاتی ہے، مرہٹی فی الوقت دیوناگری لکھاوٹ میں لکھی جاتی ہے مرہٹی کے ابو الآبا سنت گیانیشور سے لیکر بو۔ شی۔ ریگے تک پھیلا ہوا اس کا ادب اور اس کی روایتیں بہت ہی شاندار ہیں۔ جدید ہند آریائی زبانوں میں گجراتی کے ساتھ مراٹھی ہی ایسی زبان ہے جو سنسکرت کے زیر اثر تثنیہ کا صیغہ رکھتی ہے۔ اردو جسکا مولد و منشا دلّی اور نواح دلّی کا علاقہ ہے۔ اپنی پیدائش سے تقریباً ایک صدی بعد علاؤالدین خلجی (سنہ ۱۳۰٦ ء) اور محمد تغلق (سنہ ۱۳۲۷ ء) کے ساتھ دکن پہنچی جہاں اس کا اوّلین مرکز دیوگیری یا دولت آباد تھا جو لسانی اعتبار سے مرہٹی کا علاقہ ہے بہمنی سلطنت (۱۳۴۷ ء) کے قیام کے بعد یہ زبان دکن میں ہندی، دکنی وغیرہ مختلف ناموں سے سنہ ۱۷۰۰ ء تک پروان چڑھتی رہی، کبھی اس کے مراکز گلبرگہ اور بیدر بنے جو کنڑی علاقے سے تعلق رکھتے تھے اور کبھی بیجاپور اور گولکنڈہ کی عادل شاہی میں یہاں کے سلاطین کے عدل و انصاف سے متاثر ہوکر اور ان کی رواداری کی علامت کے طور پر تلگو کے علاقہ میں پرورش پاتی رہی[2]، تاہم اردو

1. G. A. Grierson: Linguistic Survey of India Vol. IX Part 1.

اس علاقہ میں بھی باوجود کنڑ اور تلگو سے ربط کے اپنے فطری رحجان کے موجب اپنی ہم پیالہ اور ہم نوالہ ہند آریائی مرہٹی ہی سے زیادہ متاثر ہوتی رہی۔ اردو اور مراٹھی کو اس کے خاندانی و نسلی رشتہ نے استقامت بخشی اور دونوں بہنیں ایک دوسرے کو مختلف سمتوں میں متاثر کرتی رہیں۔

اردو لسانی اعتبار سے شمالی ہندوستان سے وابستہ ہونے کے باوجود اپنے دور ارتقا میں شروع ہی سے ہندوستان گیر زبان کی حیثیت رکھتی تھی، جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ وہ شمالی ہند آریائی زبانوں کے ساتھ ہی جنوب میں ہند آریائی مراٹھی سے اپنا رشتہ استوار کرسکی۔ اس کے برخلاف شمالی ہند کی دیگر زبانیں مثلاً پنجابی بنگالی، اریا، میتھلی، اودھی، آسامی وغیرہ ایک ہی جغرافیائی علاقہ میں محدود ہوکر رہ گئیں، لہٰذا ان کا لسانی رشتہ اپنے علاقے کے باہر کی زبانوں سے استوار نہ ہوسکا۔

جنوب میں اردو اور مراٹھی کے مراسم کی دوسری وجہ جیسا کہ ما قبل السطور میں بیان کیا جاچکا ہے، یہ ہوئی کہ یہ لسانی اعتبار سے ایک ہی خاندان اور نسل کی زبانیں ہیں، لہٰذا ایک دوسرے کے بنیادی مزاج میں کوئی فرق نہ ہونے کی وجہ سے دونوں کے قریب آنے کے بھرپور مواقع تھے۔ اردو اور مراٹھی الفاظ کے تقابلی مطالعے سے یہ بات ثابت ہوگی کہ دونوں زبانوں کے تقریباً ۶۵ فیصد لفظوں کی اصل ایک ہی ہے اور ان دونوں زبانوں میں Cognates کی حیثیت رکھتے ہیں۔ یہ حقیقت حال جنوب میں مراٹھی کے ساتھ دیگر زبانوں کی نہیں ہے، اسلئے کہ جنوب کی ساری زبانیں مثلاً تامل، تلگو، کنڑ ملیالم زبانوں کے ایک علاحدہ خاندان دراوڑی خاندان سے تعلق رکھتی ہیں اور ظاہر ہے کہ ایک ہی خاندان کی زبانیں ایک دوسرے کو متاثر کرنے کی صلاحیت زیادہ رکھتی ہیں، بہ نسبت دوسرے خاندان کی زبانوں کے۔ جنوب میں مراٹھی اور اردو کے لسانی لین دین سے اردو اور مراٹھی والوں میں تہذیبی و ثقافی اثرات بھی نمودار ہوئے، جیسا کہ عام طور سے زبانوں کے معاملات میں ہوتے آیا ہے۔

محمد قلی قطب شاہ (۱۵۶۶ء سے ۱۶۲۲ء) اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر تسلیم کیا جاتا ہے۔ وہ فنون لطیفہ کا رسیا اور علم و فن کا عاشق و شیدائی تھا، نہ صرف یہ کہ یہ خود شاعر تھا بلکہ شعر و ادب کے پروانوں کا قدردان بھی تھا. اس کے عہد میں گولکنڈہ میں متعدد شاعر اور ادیب جمع تھے۔ قدیم اردو کا باکمال نثر نگار اور شاعر ملا وجہی اس کے دربار سے منسلک تھا. دکن میں اردو کی ترقی کے اس ابتدائی عہد سے ھی یہاں کی زبان پر مرھٹی کے اثرات مرتسم ہونے شروع ہو گئے تھے، اردو اور مراٹھی کے مندرجہ بالا تاریخی و لسانی پس منظر میں ادبی سطح پر مرھٹی اور اردو میں لفظ و معنی کا یہ لین دین عہد ولی (۱۱۱۹ھ مطابق ۱۷۰۷ء) تک قائم رهتا هے. جسطرح مرھٹی نے تاریخی ادوار میں ادبی وبول چال کی اردو کو متاثر کیا هے وهیں پر سورویروں کی اس زبان نے تنجور کی مرھٹا حکومت اور اس کے واسطے سے یہاں پر مقیم لاکھوں مراٹھوں کی گھریلو بول چال کی زبان ہونے کی حیثیت سے دراوڑی زبان "تامل" کو بھی بدرجہ اتم متاثر کیا ہے[1].

اردو میں دخیل مراٹھی لفظوں کی سرسری فہرست سے جو کلیات قلی قطب شاہ[2]، سب رس[3]، قطب مشتری[4]، گلشن عشق[5]، پھول بن[6]، من سمجھاون[7] قدیم اردو[8] دیوان ولی[9]، کلیات سراج[10]، کلیات غواصی[11] اور دیوان داؤد[12] سے مرتب کی گئی ہے، اس بات کا اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ مراٹھی کے متعدد لفظ دکنی اردو نے جوں کے توں اپنے ذخیرۂ الفاظ میں محفوظ کر لئے ہیں اور چند ایسے بھی ہیں جنھیں دکنی اردو نے معمولی صوتی تغیر کے ساتھ اپنا لیا ہے.

---

۱ - P. C. Ganeshundram and V. I. Subramaniam: Marathi Loans in Tamil. Indian Linguistics (Jules Bloch Memorial Volume) 1954. PP. 104 - 128

۲ - "کلیات قلی قطب شاہ" مرتبہ ڈاکٹر محی الدین قادری زور. ۳ - "سب رس" از ملا وجہی، مرتبہ ڈاکٹر مولوی عبد الحق. ۴ - "قطب مشتری" از ملا وجہی، مرتبہ ڈاکٹر عبد الحق. ۵ - "گلشن عشق" از نصرتی، مرتبہ ڈاکٹر عبد الحق. ۶ - "پھول بن" از نشاطی، مرتبہ پروفیسر سروری. ۷ - "من سمجھاون" از شاہ تراب [illegible] مرتبہ ڈاکٹر

دکنی اردو میں دخیل مراٹھی لفظوں کی مختصر فہرست:

اسماء: Nouns:

لفظ	معنی	لفظ	معنی
اپکار	احسان	بانٹے	حصے
بچار	فکر، سوچ	دھانوں	عزم، ارادہ، دوڑ
بست	چیز، شے	ڈھگ	انبار، ڈھیر
ابھال	آسمان	ڈھگار	ڈھیر
ارت	معنی	مان	عزت
اڑباٹ	ناھموار راستہ	سنگات	ساتھ
تغادا	تقاضہ	سنگاتی	ساتھی
جناور	جانور	یکٹ پن	اکیلاپن
جھاڑ	درخت	لٹک	ادا
بڑبڑا	بابلا	اندلا	اندھا
بڑبڑے	بلبلے	اُمس	جوش، اُمنگ
بھار	بوجھ، بار، وزن	دھاک	ڈر، خوف
باٹ	راستہ	سیوٹ	آخری
بیسک	بیٹھک، نشست	اوتاول	جلدبازی، عجلت
پات	کواڑ، پٹ	جھانپ	چھلانگ
پارکھی	پرکھنے والا	پاول	قدم
اودمان	جوار	پاولاں جمع	قدم

عبدالستار دلوی و ڈاکٹر سیدہ جعفر۔ ۸ - «قدیم اردو» (اوّل و دوم)، مرتبہ ڈاکٹر مسعود حسین خان۔ ۹ - «دیوانِ ولی» مرتبہ احسن مارہروی۔ ۱۰ - «کلیات سراج» مرتبہ پروفیسر عبدالقادر سروری۔ ۱۱ - «کلیاتِ غواصی» مرتبہ ڈاکٹر محمد عمر ۱۲ - «دیوان داؤد» اورنگ آبادی، مرتبہ زینت ساجدہ۔

لفظ	معنی
پاونا	مہمان
جھرا	چشمہ، سوتا
چاڑی	چغلی
پستک	کتاب
پور	سیلاب
پیشوے	وزیر
ٹیلک	تلک، قشقہ
ٹیٹوی	ٹیٹری (ایک آبی پرندہ کا نام)
ڈونگر	پہاڑ، چٹان
دیس	دن
دیوا	دیا، چراغ
دھیر	صبر، استقلال
سسا	خرگوش
کاچ	کانچ
اٹی	بہت
روس	غصہ
چک	بھول، سہو، خطا
چومک	مقناطیس
بوٹ	انگلی
چیک	رس، جو گیلی لکڑی سے نکلتا ہے
کلف	قفل

لفظ	معنی
کولا	لومڑی
کیلی	کنجی
کھلگا	بھینسا
گاڑوزی	شعبدہ باز، بازیگر
گڑگا	گھٹنا
لانڈگا	گیدڑ، بھیڑیا
سارکھا	مثل، مانند
ساندا	جوڑ
سسرواڑ	سسرال
سوس	برداشت
مالا	منزلہ
ماڑی	بالا خانہ، بنگلہ
مت	مشورہ، رائے
متا متے	مشورۃ
مونڈی	سر
نرڑی	نرخرہ، حلق
سیوال	کائی
کاڑی	تنکہ
کلنگڑ	تربوز
کل	خاندان
کونڈبار	قید، بند
کولسہ	کوئلہ
کوم	اکھوا کی نوک

لفظ	معنی
کھان	کان (معدن)
کھڈے	گڑھے
گمت خانہ	تفریح خانہ
گمت	مزا، تفریح، موج
گھاٹ	پہاڑی، پہاڑی راستہ
لاب (لابھ)	فائدہ، نفع
میز	احاطہ
ناڑ	نبض
نایک	سردار
ویتاگ	بیزاری، اکتاہٹ
ہتی	ہاتھی
باٹ سارو	مسافر
وارا	ہوا
بھانڈے (جمع)	برتن

لفظ	معنی
توڑاں (جمع)	ضربیں
تھر	تہہ
ٹھکان	جگہ
دھامنیاں (جمع)	سانپ کی ایک قسم
ڈھوراں "	مویشی
دھوراں "	دھول
ان پان	کھانے کی چیز
شکر پھوٹنیاں	شکر لپٹے ہوئے چنے
ماپھل	جائفل
نام	قشقہ
وانر	بندر
آوا	کمہار کے برتن بھوننے کی بھٹی

افعال: Verbs

لفظ	معنی
اپٹنا	اکھاڑنا
اگنا	طلوع ہونا، پیدا ہونا
آننا	لانا
بسنا	بیٹھنا
باڑنا	ڈالنا
باڑے (میں)	ڈالے میں

لفظ	معنی
جالتا (مصدر جالنا)	جلانا
بھکنا	اول فول بکنا
بلکانا	ناجائز طور پر کسی چیز پر قبضہ جمانا
یتیس	یتیم
دسنا	دکھائی دینا، نظر آنا

لفظ	معنی
پھرا کر	بدل کر
پھو گیا	پھول گیا
ٹاک	ڈال
جال	جلادے
سادنا	حاصل کرنا، انجام دینا
ساندنا	جوڑنا، تیار کرنا
سوسنا	برداشت کرنا، جھیلنا
جھینجنا	گھٹنا، گھسنا
چڑ اوتر	چڑھنا اوترنا
کونڈنا	بند کرنا، گھٹنا
گلنا	پگھلنا
گھالنا	ڈالنا
دھونڈ کاڑی	ڈھونڈ نکالی
کاڑی	نکالی

لفظ	معنی
کاڑ کر	نکال کر
سپڑنا	پانا، مل جانا، حاصل ہونا
النگنا	عبور کرنا، پار کرنا
ناندنا	سگھڑپن سے رهنا. زندگی بسر کرنا
سیونا	چھونا
هیرنا	گھیرنا، ذهن میں رکھنا
گونتھیا	پھنسا
لاجنا	شرمانا
پھاٹ	پھٹ کر
ڈلملنا	هلنا، پس و پیش کرنا
هٹکنا	پوچھنا
پیرنا	بونا

صفات (Adjectives)

لفظ	معنی
آپ بھاوتا	خود پسند
اتم	خوبی، اعلی
ادک-ادھک	زیادہ، بہت
پھکٹ	مفت
ترپھرے	بیتاب هوئے
بھاری	اعلی، وزنی
چاڑی خور	چغل خور

لفظ	معنی
جگاجوت	جہاں افروز دنیا کو روشن کرنے والا
زیاست	زیادہ
سرس	زیادہ، اچھا، بہتر
چپل	تیز
چتر	تیز

لفظ	معنی	لفظ	معنی
کلکلاٹ	بیقراری	نیٹ	سیدھا، اچھی طرح
کھانکرگھول	پریشان	مچ	احمق
گھٹ	مضبوط، گاڑھا	یکادے / یکادھے	ایک آدھ
سگلی	سب		
نبتر	بدتر، بیکار	لسلساتا	سرسبز، تر و تازہ شاداب
نوی	نئی		
نوا	نیا	اوتاولا	جلدباز، بےقرار
کنولی	نرم، خام	نول	عجیب

متعلقات فعل (Adverbs)

بھاڑتی	مواخذہ	لگالگ	متواتر
تاؤ	جوش	بیگی	جلدی
حالی	فی الوقت، ان دنوں	اجھون	ابھی، ھنوز، ابتک
نزیک	نزدیک		

حروف جار (Prepositions)

پن لیکن

دکنی میں دخیل مراٹھی لفظوں کا صوتی مطالعہ (Phonology):

مندرجہ بالا الفاظ کے پیش نظر ذیل میں ایسے الفاظ کا سرسری صوتی مطالعہ پیش کیا جاتا ھے:

حروف علت (Vowels)

حروف علت کے لحاظ سے مراٹھی لفظوں کے دکنی میں آنے سے جو

تبدیلیاں پیدا ہوئیں وہ حسب ذیل ہیں

۱- a > ə مثلاً

سانپڑنے > سنپڑنے «حاصل ہونا»

آندھلا > اندھلا — «اندھا»

آسمان > اسمان — «آسمان»

۲- o > ə مثلاً

کونولی > کنولی — «خام، غیر پختہ»

حروف صحیح (Consonants)

(۱) ہند آریائی کی معروف خصوصیت و /V/ کی ب /b/ دولبی بندشی مسموع آواز (bilabial voiced stop) میں تبدیلی دکنی میں بھی عام ہے مرہٹی کے وہ الفاظ جن میں ابتدائی حالت میں /و/ آتا ہے دکنی اردو میں یہ /ب/ میں بدل جاتا ہے مثلاً

مراٹھی	اردو	معنی
وچار	بچار	خیال
وست	دست	چیز
وانٹے	بانٹے	حصہ

(۲) مراٹھی کی ھکار بندشی غیر مسموع (aspirated voiceless) آواز دکنی اردو میں درمیانی حالت میں سادہ (un aspirated) بن گئی ہے جیسے /دھ/ /د/ بن گیا ہے۔ مثلاً

مراٹھی	اردو	معنی
ادھک	ادک	زیادہ
سادھنا	سادنا	حاصل کرنا
آندھلا	اندلا	اندھا

(۳) یہی حال ہکار بندشی مسموع آواز کا ہے۔ اس میں بھی /بھ/ /ب/ میں بدل گیا ہے۔ مثلاً

مراٹھی	اردو	معنی
لابھ	لاب	فائدہ

(۴) ہکار بندشی رگڑالو /rh/ ڑھ بھی اردو میں /ڑ/ / r / میں بدل گیا ہے جیسے

مراٹھی	اردو	معنی
میڑھم	میڑ	
کاڑھنا	کاڑنا	نکالنا

(۵) انفی (Nasalized) آوازوں میں مرھٹی میں کوزی آواز (retroflex nasal) / n / بھی ہے، اردو ہمیشہ ہی اس کوزی انفی آواز سے دور رہی ہے، چنانچہ ایسے مرھٹی الفاظ جو اس مخصوص صوت کو استعمال کرتے ہیں، ان کے اپنانے پر بھی اردو نے انھیں اپنی صوتی خراد پر کس کر انھیں اپنے مزاج سے ہم آہنگ کرلیا ہے، چنانچہ مراٹھی کی / n / اردو میں / n / ہی رہتی ہے جیسے:

مراٹھی	اردو	معنی
بسنے	بسنے	بیٹھنا
آنے	آنے	لانا
دسنے	دسنے	دیکھنے

(٦) مراٹھی لفظ کی دندانی صفیری مسموع صوت / ز / دکنی اردو میں تالوی مسموع "ج" میں بدل جاتی ہے جیسے:

مراٹھی	اردو	معنی
ازون	اجون	اب تک
زالنے	جالنے	جلانا
زناور	جناور	جانور

(۷) تھپکدار کوزی مسموع (retroflex flaped voiced) / ڑ / دکنی اردو میں / ر / تالیکا دندانی مسموع (rolled voiced) میں بدل جاتی ہے مثلا

مراٹھی	اردو	معنی
پیلاز	پیلار	ندی پار

(۸) چ /c/ مراٹھی کی مخصوص دندانی غیر مسموع سادا بندشی آواز ہے، اردو میں یہ تالوئی بندشی غیر مسموع آواز /c/ میں بدل جاتی ہے مثلاً

مراٹھی	اردو	معنی
/c/ چازی	/c/ چاڑی	چغلی
چرفرنا	چرفرنا	تلملانا
کاچ	کاچ	کانچ
چوک	چوک	غلطی

(۹) /ج/ تالوئی بندشی مسموع آواز دکنی میں دندانی صفیری مسموع /ز/ میں بدل گئی ہے، جبکہ اس کے برخلاف مثالیں ملتی ہیں (دیکھئے خصوصیت نمبر ٦) جیسے:
مراٹھی کا جیاست میں /ج/ دکنی میں /ز/ زیاست (بمعنی «زیادہ») بنگیا ہے۔

(۱۰) مراٹھی دندانی صفیری ہکاری غیر مسموع (aspirated voiced dental fricative) دکنی میں تالوئی ہکار بندشی مسموع (palatal aspirated voiced stop) /جھ/ میں تبدیل ہوگیا ہے مثلاً مراٹھی /زھاپ/ دکنی اردو میں /جھاپ/ اور /زھرتی/، /جھرتی/ بنگیا ہے

(۱۱) مراٹھی لفظ کی مسموع دولبی بندشی صوت (bilabial voiced stop) دکنی اردو میں دولبی غیر مسموع بندشی صوت (bilabial unvoiced stop) میں بدل گئی ہے مثلاً مراٹھی «نبتر» اردو میں نپتر [بمعنی بیکار میں بدل گیا ہے]

(۱۲) تالوئی صفیری غیر مسموع آواز (palatal unvoiced fricative) /ش/ اردو میں دندانی غیر مسموع صفیری آواز (dental unvoiced fricative) /س/ میں بدل گئی ہے مثلاً مرھٹی کا لفظ «شیوٹ» اردو میں «سیوٹ» بنگیا ہے

هئیت رکنی [Syllabic Structure]

دکنی اردو میں دخیل مرہٹی لفظوں کی رکنی ساخت میں بھی تبدیلی پیدا ہوگئی ہے مثلاً :

مراٹھی	دکنی اردو	لفظ	معنی
CVCCV	CVCV	حلّی-حالی	حال میں ۔ فی الحال
CVCCV	CVCV	کلی - کلی	کنجی
CVCCV	CVCC	وستو - بست	چیز
CVCVC	CVC	دیوس ۔ دیس	دن
CVCVCV	CVCVC	پاھونے ۔ پاونے	مہمان
CVCCVCCV	CVCCVC	سنپورن ۔ سنپور	پورا

دکنی اردو پر مراٹھی کے اثرات کے سلسلے میں پیش کی گئی لفظوں کی فہرست سے اس کا اندازہ ہوجاتا ہے کہ مراٹھی کے مختلف لسانی پیکر (Linguis-tic Forms) نے اسے متأثر کیا ہے جیسا کہ ابتداء ہی میں کہا جاچکا ہے، ان لفظوں میں بہت سے لفظوں کی نشاندھی شمالی ہند کی بولیوں میں بھی کی جاسکتی ہے اور ایسے لفظ تمام آریائی زبانوں میں متحدالاصل (Cognates) بھی ہوسکتے ہیں[1]، تاہم ان کے مراٹھی سے اشتراک کے رشتہ کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ ذیل میں دکنی اردو سے منتخب اشعار کی روشنی میں مراٹھی کے دخیل لفظوں کا مطالعہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ قلی قطب شاہ کے شعر ہیں:

(۱) احمد سراوی کی نل دمن هریانی اردو کا ایک نادر نمونہ ہے۔ اس میں بھی دکنی کے چند لفظ استعمال ہوئے ہیں مثلاً مہاڑی (محل) کانٹھ (کنارہ) آننا (لانا) اوتاولی (جلد باز)، بقول ڈاکٹر سید عبد اللہ، محمد شاهی دور میں دھلی میں جو دکنی اثرات پڑرہے تھے، ان سے یہ کتاب مدوّن ومحفوظ نہیں چنانچہ بعض دکنی الفاظ اس کتاب میں باربار آتے ہیں (دیکھئے مباحث از ڈاکٹر سید عبد اللہ مطبوعہ مجلس ترقی ادب لاهور سنہ ۱۹۶۵ء ص ۔ ۱۱۲ و ص ۲۷ - ۱۲۶)۔

جس ٹھار جاتی هوں بی میں کچ وقت گمتا نین مرا
انگن دیسے کونڈ بارسوں هور دار میں نیں کوچ حظ

اس شعر میں دار (दार) دروازے کے معنی رکھتا ھے گمتا اور کونڈ (कोंड) بالترتیب طبیعت کے بہلنے اور گھٹن کے معنوں میں استعمال ہوتے ہیں۔

قطب شاہ کی بارہ پیاریوں میں ایک کا نام کنولی تھا۔ کنولا یا کونولا نازک، تازہ اور خام وغیرہ کے معنوں میں مراٹھی میں مستعمل ھے۔ قطب شاہ نے اس نرم و نازک گانے والی کنولی پیاری پر کئی نظمیں لکھی ھیں، چنانچہ ایک شعر میں کہتا ھے:

کالیاں گوریاں سکھیاں کوں جگ میں جو تھیاں سو بسریا
کونلی سکی کو دیکھت میں سد بھولیا دکن میں

ایک دوسری غزل میں کونلی اور اوتاولی بالترتیب نازک اور جلد باز کے معنی میں استعمال کرتے ہوئے کہ وہ نازک بدن مہ پارہ عشق میں جلد بازی کرنے کھڑی ھے۔ قطب شاہ کہتا ھے:

کونلی بالی نیہہ میں اوتاولی کھڑی   عشق ارتاولی سوں پیانیں مد بھرتی

اپنی محبوب "پیاری" سے مخاطب ہوکر قطب شاہ کہتا ھے کہ جوانی اور جوبن مہمان کی حیثیت رکھتے ہیں، لہذا معشوق کو چاہئے کہ عاشق کے لئے اس کی جوانی و جوبن عیش و عشرت کا باعث ہو۔ مراٹھی میں پاھونا (पाहुणा) بمعنی مہمان ھے، قطب شاہ کہتا ھے:

جوانی و جوبن ھے سب پاونا   کہ تجھ تھے ہوئے عیش سائیں کوں جم

مراٹھی میں نوا (नवा) کے معنی نئے کے ھیں۔ اسی سے نوی "نئی" اور نوے (نئے) بنتے ہیں، مراٹھی کے یہی نوا، نوی اور نوے قدیم اردو میں بکثرت استعمال ہوتے ہیں چنانچہ قطب شاہ کہتا ھے کہ نئی پیاری نشہ عشق نئے ناز و انداز سے پلاتی ھے:

نوی پیاری نوی نیہہ میں نوے چھند سوں پلاتی ہے
جوبن چھجیاں اوپر نیلم بھور مستی سوں راکھی رہے

سنتاپ (संताप) مراٹھی میں پریشانی ، تکلیف اور بوریت کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے ، یہ لفظ دکنی میں بھی مروج ہے:

مرے تن سے سنتاپ سب دور کر ٭ کہ میں ہوں ترے وصل کے مد کی ماتی
"پاتر" طوائف اور بازاری عورتوں کے لئے استعمال ہوتا ہے - گو جدید مراٹھی میں اب اس لفظ کا رواج نہیں ہے تاہم کوکنی میں اب بھی عام بول چال میں یہ لفظ پایا جاتا ہے اور نٹوے (نخرے) کے معنی رکھتا ہے، یہ دونوں لفظ دکنی میں پائے جاتے ہیں :

محمد کی غلامی بج اہے سب دیس" ارزانی
گھرے گھر پاتران نٹوے انندان سوں نچاؤ تم

مراٹھی کا دیوس (दिवस) کوکنی میں "دیس" ہے دیس کے معنی دن کے ہیں، چنانچہ شاعر کہتا ہے :

دیوانا ماہ رویاں کا نہ میں کچھ آج کل تھیے ہوں
ازل کے دیس تھے یو فن منجے درکار ہو آیا

مراٹھی میں "پڑ پڑ کر" بمعنی گر گر کر ہے اور "گڑ کے"، گھٹنے کو کہتے ہیں یہ دونوں بھی دکنی میں محفوظ ہیں:

تجھ کوں دیکھ تاب میں نہ لیانے تھے ٭ گڑ کے پھٹ پھٹ گئیں پڑ پڑ کر

مراٹھی میں اندھے کو آندھلا (आंधळा) کہتے ہیں، غواصی کہتا ہے کہ دل کا اندھا دیدار سے حظ نہیں اٹھا سکتا :

نہیں روشن دلاں کوں باج حظ دیدار کا ہرگز
جکوئی اندھلا اچھے دل کا اچھے دیدار سے کیا حظ

« ڈیوٹی » مراٹھی میں چھوٹے چراغ کو کہتے ہیں ، غواصی کہتا ہے :

سور کی ڈیوٹی لگا کر هفت کشور میں ڈھنڈوں
کینچ تج ویسا منجسے مل سے نہ اسے ساجن چراغ

واٹ (वाट) راستہ دکنی میں ابتدائی /و/ کی جگہ /ب/ کے ساتھ پایا جاتا ہے /و/ کا /ب/ میں بدلنا هند آریائی کی عام خصوصیت ہے، غواصی اپنی ایک رباعی میں کہتا ہے :

بن دام توں اے یار کسی هاٹ نہ جا ٭ بن پیر پرت باٹ کدهیں داٹ نہ جا
جیسے باٹ جوسیدهی نیں معشوق طرف ٭ سنتا ہے میری بات تو اس باٹ نہ جا

مندرجہ بالا رباعی میں باٹ (راستہ) کے علاوہ باٹ اور داٹ دو اور مراٹھی لفظ استعمال ہوئے ہیں . هاٹ کے معنی وہ جگہ ہے جہاں ہمیشہ بھیڑ رهتی هو جیسے بازار اور میلے وغیرہ اور داٹ (दाट) گھنے اور گنجان کے معنوں میں استعمال ہے ، « نام » پرانی مراٹھی میں قشقہ کے معنوں میں استعمال ہوتا تھا جو سادھو سنت اپنی پیشانی پر لگاتے ہیں ، چنانچہ شاہ تراب « من سمجھاون » میں کہتے ہیں :

چیچ نام آرا کھرا وہ لگاتے ولے من کے من کے کا نیں بھید پاتے

دکنی اردو کی چند صرفی (morphological) خصوصیات :

دکنی میں الفاظ کی جمع بنانے کے لیئے « الیف نون » بڑھانے کا قاعدہ عام ہے ، مرهٹی میں بھی جمع بنانے کا یہی قاعدہ مروج ہے لیکن دکنی اور مرهٹی کے اس قاعدے میں جو فرق ہے وہ یہ کہ دکنی میں آخری مصوتہ ہمیشہ انفی [Nasalized Vowel] ہوتا ہے لیکن مرهٹی میں یہ « ہمیشہ » کی قید نہیں ہے ، ممکن ہے دکنی نے جمع بنانے کا قاعدہ مرهٹی سے لیا هو - اور انفی خصوصیت کے لیئے وہ مرهٹی کی بولی کوکنی سے متأثر هوئی هو ، پھول کی جمع پھولاں وغیرہ مرهٹی اور دکنی دونوں میں پائی جاتی ہے :

سورج مکھ پھول پر پھلتے ہیں عنبر پھول کنتل کے
پنسائے یو عجب پھولاں سو مشکیں کیس اچپل کے

پروفیسر محمود شیرانی نے الیف اور نون بڑھا کر جمع بنانے کے قاعدے کو پنجابی بتایا ہے۔ اور اسی مناسبت سے وہ دکنی کو پنجابی الاصل بتاتے ہیں۔ پروفیسر مسعود حسین خاں جمع بنانے کے اس طریقے کو ہریانی کا اثر بتاتے ہیں لیکن دکنی اور مراٹھی کی ہمسایگی کے پیش نظر جمع بنانے کے قاعدے میں بھی اس کا پنجابی یا ہریانی سے زیادہ مرہٹی سے متأثر ہوئی زیادہ قرین قیاس معلوم ہوتا ہے۔ یوں بھی دکنی شعراء اور نثار دیگر لغوی و نحوی اعتبار سے مراٹھی سے زیادہ واقف معلوم ہوتے ہیں۔ مراٹھی میں لوک (لوگ) کی جمع لوکاں، استری (عورت) کی جمع استریاں، پھول کی جمع پھلاں، بی (بیج) کی جمع بیاں وغیرہ کو ثبوت کے طور پر پیش کیا جاسکتا ہے، اس سلسلے میں سب رس مصنفہ ملا وجہی سے چند مثالیں درج ذیل ہیں:

«دنیا ایسی ہے جو اس دنیا خاطر لوکاں نے ماں باپ کو مارے ہیں۔ بھایاں نے سگے بھایاں سوں عداوت سارے ہیں» اصل عورتاں اپنے مرد بغیر دوسرے کو اپنا حسن دکھلانا گناہ کر جانتیاں ہیں۔ اپنے مرد کو ہر دو جہان میں اپنا دین و ایمان کر پہچانتیاں ہیں»

«چ» تاکیدی مراٹھی سے مخصوص ہے جو دکنی میں بھی در آئی ہے اسطرح در آئی ہے کہ اسکا جز ہوکر رہ گئی ہے۔ آج بھی بول چال کی زبان میں «چ» تاکیدی دکن اور دکنی کے زیر اثر علاقوں میں افراط سے مستعمل ہے۔ اسی طرح امر نہین (Negative particle) «نکو» بھی مراٹھی اثرات کا نتیجہ ہے۔ تاکیدی «چ» اور امر نہی «نکو» بقول ڈاکٹر مسعود حسین خاں دکنی مخطوطات میں کلیدی درجہ رکھتے ہیں۔[1]

---

۱ ڈاکٹر مسعود حسین خاں: شعر و زبان: قدیم و جدید اردو کی کشمکش سرزمین دکن میں ص ۱۹۶ مطبوعہ حیدرآباد ۱۹۶۶ء

محاورے (Idioms) اور ضرب الامثال (Proverbs) :-

دکنی اردو میں صرف الفاظ ہی نہیں بلکہ مراٹھی کے محاورے اور ضرب الامثال بھی استعمال ہوئی ہیں اور لفظوں کے ساتھ محاوروں اور ضرب الامثال کا کسی زبان میں استعمال ہونا اس بات کا قوی ثبوت ہیں کہ ان دونوں زبانوں میں کس قدر بہناپا ہوگا۔ مراٹھی اور اردو کے اس مقدس رشتہ کی طرف ان محاوروں اور ضرب الامثال سے بھی روشنی پڑتی ھے۔ مراٹھی میں «بات پھوڑنا» راز فاش کرنے کے معنوں میں استعمال ہوتا ھے۔ غواصی کہتا ھے :

جسے من میں بات رکھیا تھا چھپا کے غواصی
سو تج پرت کے خیالاں وہ بات پھوڑے ھے

سوکھ سوکھ کر کانٹا ہونا، مراٹھی میں سوکھ سوکھ کر کاڑی ہونا ھے (کاڑی بمعنی پتلی یا باریک ٹہنی) چنانچہ غواصی کہتا ھے :

کاڑی ہوا ہوں سکھہ سکھہ کاڑی میں ہور منج میں
بن عشق کر نہ سک سے کوئی انتخاب ہرگز

مراٹھی « پایاں پڑ » پاؤں پڑنا کا مرادف ھے۔ غواصی کہتا ھے :

اس رتھپے سوں کوں نہ جانے تیوں جا مناتا ھے جیسو پایاں پڑ

« کاسواچی زوپ » (कासवाची झोप) مراٹھی میں خواب خرگوش ھے۔ شاہ تراب « من سمجھاون » میں کہتے ہیں۔ ذیل میں چند اور محاورے درج کئے جاتے ہیں جو مراٹھی اثر کا نتیجہ معلوم ہوتے ہیں۔

	محاورہ	معنی
۱ -	بول لگانا	نام دھرنا
۲ -	داناں دان ہونا	برباد ہونا
۳ -	دڑی مارنا	خاموش ہو رہنا
۴ -	ناوں جگارنا	نام روشن کرنا
۵ -	ھانک مارنا	آواز دینا

ذیل کی دو ضرب الامثال وجہی نے «سب رس» اور قطب مشتری میں استعمال کی ہیں۔ یہ دونوں ضرب الامثال مراٹھی کی ہیں۔ خود ضرب الامثال کے لئے بھی وجہی مرادف مثلا (म्हण) ہی کہتا ہے۔

۱ - بیل گیلا آنی زوپا کیلا bayl gela ani zopa kela
۲ - ساٹھے و بد نہاٹے sathe va bud nhate

اول الذکر کے معنی کسی کام کو وقت گذرنے پر کرنے کے ہیں اور ثانی الذکر مراٹھی میں سٹھیانے کے مضمون میں مستعمل ہے۔

اردو زبان پر مرہٹی کے یہ اثرات ولی اور اس کے معاوین شعراء تک بہت زیادہ ہیں، لیکن ولی کے بعد مرہٹی کے یہ اثرات کم ہوتے گئے۔ ولی اور سراج کے بعد مرہٹی زبان کے اثرات میں کمی کی وجہ وہ لسانی حقیقت ہے جسے ولی کے سفر دلی سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ولی جب عہد اورنگ زیب میں دلی پہنچے (سنہ ۱۱۱۲ھ ۱۷۰۰ء) تو وہ دیوان ولی بھی اپنے ساتھ لے گئے۔ دکن میں یہ دور اردو کا تھا جس پر مقامی بولیاں اپنے اثرات جمائے تھیں، لیکن یہی دور شمال میں بیدل اور سعد اللہ گلشن اور فارسی کی ڈھلتی ہوئی جوانی کا عہد تھا، ولی شمالی ہند کی فارسی زبان و ادبی روایتوں سے متأثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے اور جب دکن واپس لوٹے تو اپنے ساتھ فارسی زبان اور وہ ادبی روایتیں بھی ساتھ لائے کہ جنکی بنیاد پر جدید اردو زبان کی تعمیر ہوئی اور اسطرح آہستہ آہستہ دکن کی ادبی زبان میں بھی مقامی بولیوں، خاص طور سے مرہٹی کے اثرات میں کمی واقع ہوتی گئی اور فارسی اسکے مزاج میں رستی گئی۔ یہی وجہ ہے کہ آج شمال اور دکن کی ادبی زبان کا ایک ہی معیار ہے، گو بول چال کی زبان میں مقامی اثرات سے اردو اب بھی محفوظ نہیں۔ حیدرآباد، ریاست مہاراشٹر اور بمبئی کی اردو میں اب بھی مرہٹی کی صوتی و حرفی خصوصیات اور مرہٹی الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔

ساجد اللہ ندوی

ٹامل پر عربی فارسی اردو کے اثرات

(۱)

ٹامل ھندوستان کی ایک بہت ھی قدیم زبان ھے، یہ یہاں کی وہ واحد زبان ھے جو ڈھائی ھزار سال سے بھی زیادہ عرصہ سے زندہ ھے اور اس کے بنیادی ڈھانچہ میں سر مو فرق نہ آیا، سنہ ۱۹۶۱ء کی مردم شماری کے مطابق اس زبان کے بولنے والوں کی مجموعی تعداد ۴۴۲، ۴۶۵، ۳۰ ھے اور یہ تامل ناڈو اور سیلون کے علاوہ جنوبی افریقہ، مشرقی افریقہ، مورشیس، برما، ملایا، سنگاپور، فیجی وغیرہ میں بھی پائے جاتے ھیں، چونکہ یہ لوگ عادات و اطوار، رسم و رواج اور طرز معاشرت کے معاملے میں سخت رو نہیں ھوتے اس لئے اندرون ملک میں بھی ھر طرف پھیلے ھوئے ھیں اور انھوں نے آسانی کے ساتھ ھر جگہ اپنے آپ کو ماحول کے مطابق بنالیا ھے.

سنسکرت کی طرح اس زبان کا ادب بھی اپنی ایک طویل تاریخ رکھتا ھے، مدورا کے بعض غاروں میں جو کتبات دریافت ھوئے ھیں اگر ان کو بھی ادب میں شامل کرلیا جائے تو بلا شبہ یہ ماننا پڑیگا کہ تامل ادب کی بنیاد تیسری صدی قبل مسیح سے بھی پہلے پڑچکی تھی، دکھنی دیوتا اگستیا (Agastya) کو اس زبان کا پہلا ادیب سمجھا جاتا ھے اور ٹامل قواعد کی سب سے قدیم کتاب تولکاپیم (Tolkappiyam) اسی کے ایک شاگرد کی تصنیف سمجھی جاتی ھے. اس کتاب کی تصنیف کا صحیح عہد ابھی تک متعین نہیں ھوسکا ھے لیکن قرین قیاس یہ ھے کہ یہ کتاب پانچویں صدی عیسوی میں لکھی گئی ھوگی اور چونکہ یہ ایک قواعد کی کتاب ھے اور اس میں ٹامل زبان کے مختلف نمونے بھی دیے گئے ھیں اس لئے یہ باور کیا جاتا ھے کہ یہ ٹامل کی کوئی پہلی کتاب نہیں بلکہ اس سے بہت پہلے بھی اس زبان میں کتابیں لکھی گئی ھوں گی جو کسی وجہ سے ھم تک نہ پہنچ سکیں.

تولکاپیم کے بعد تامل میں لکھنے لکھانے کا ایک باقاعدہ سلسلہ ملتا ہے اور ہر عہد میں متعدد اہم تصانیف مختلف موضوعات پر وجود میں آتی رہی ہیں، ان میں عہد سنگم کے قیمتی ادبی سرمایہ کے علاوہ، تروولوّر کی تروکرل (Tiru Kural)، النگو کی سیلپادی گرم (Silappadigharam)، ستہ نار کی منی میکھ لائی (Manimeghalai) کمبن کی راماین (Ramagana) پاوننتی کی نانول (Nannul) وغیرہ کافی اہم ہیں اور ان کا شمار تامل کے عظیم کلاسیکی ادب میں ہوتا ہے۔

تامل کا یہ سارا کلاسیکی سرمایہ زیادہ تر ادب کی تین اصناف پر مشتمل ہے شاعری (Iyal) موسیقی (Isai) اور ڈرامہ (Natakam) اور اس سارے عظیم ادب کی تخلیق عام طور پر پانڈیا (Pandya) کیرا (Chera) اور چولا (Chola) سلاطین کے عہد میں ہوئی ہے جو پورے تیرہ سو سال تک ملک کے اس دور افتادہ جنوبی حصے میں نہایت امن وامان کے ساتھ حکومت کرتے رہے۔

{۲}

زندگی کے ہر شعبے میں شکست و ریخت اور شیرازہ بندی کا ایک لامتناہی عمل جاری ہے، زبان اور تہذیب بھی اس سے مستثنیٰ نہیں ہیں، دنیا کی شاید ہی کوئی ایسی زندہ زبان ہو جو اپنے خالص ہونے کا دعوی کرے، ہر زبان دوسری قریبی زبان کو کسی نہ کسی حد تک متاثر کرتی اور خود بھی متأثر ہوتی رہتی ہے، اور اس اثر اندازی و اثر پذیری کے نتیجے میں ان زبانوں کا جغرافیہ بھی بدلتا رہتا ہے گوکہ کوہ وندھیا نے جنوب کو شمال کی دسترس سے ایک زمانے تک محفوظ رکھا اور جدید وسائل سے پہلے ایک آدمی کا خشکی کی راہ ادھر سے ادھر جانا بیحد مشکل تھا، لیکن پھر بھی در اندازی کے اور بہت سے راستے کھلے تھے اور تامل زبان بھی اوپری زبانوں کے اثرات کو قبول کئے بغیر نہ رہ سکی۔ اس طرح تامل کو متأثر کرنے والی ایک دو نہیں بیسیوں زبانیں ہیں، جن میں عربی فارسی اردو کا بھی ان کا اپنا مخصوص حصہ ہے۔

سلسلہ ۔ عربی کا اثر تامل پر عربوں اور مقامی باشندوں کے میل جول سے شروع ہوا، مصر، شام، عراق، یمن اور بعض دوسرے عرب ممالک کی تجارت جنوبی ہند سے ایک نا معلوم زمانہ سے جاری تھی، عرب بحری راستے سے اپنا مال یہاں لاکر بیچتے اور یہاں سے اپنی ضرورت کا سامان لیجاتے تھے، ساتویں صدی عیسوی میں جب سیاحی عرب قوم اسلام کی حلقہ بگوش ہوگئی تو عربوں نے نہ صرف یہ کہ عرب و ھند کے اِن دیرینہ تعلقات کو باقی رکھا بلکہ ھندوستان سے ان کی تجارت بھی دو چند ہوگئی، اب نہ صرف یہ کہ ان کے جہاز مال تجارت لیکر سیلون، کارومنڈل اور مالابار کی بندرگاہوں پر آزادی کے ساتھ لنگر انداز ہوتے تھے بلکہ ان کی ایک اچھی خاصی تعداد نے یہاں مستقل طور پر سکونت اختیار کرلی تھی اور جگہ جگہ ان کی بستیاں بن گئی تھیں،

جس زمانہ میں عربوں کی آمد و رفت اور ان کے اثر و نفوذ کا یہ سلسلہ جاری تھا، اس زمانہ میں ٹراونکور، کوچین اور ملابار کے علاقوں پر کیرا سلاطین، مدورا اور اس کے آس پاس کے علاقوں پر پانڈیا سلاطین، کارومنڈل، سیلون اور اس کے مضافاتی علاقوں پر چولا سلاطین حکومت کرتے تھے، یہی وہ تین حکومتیں ہیں جن کے عہد میں کلاسیکی تامل کو بے انتہا فروغ حاصل ہوا اور دریائے کرشنا و تنگ بھدرا سے کیپ کامرین تک اس سارے علاقے میں اس وقت صرف تامل بولی اور سمجھی جاتی تھی، عربوں کی آمد، ان کے اثر و رسوخ کی وجہ سے عربی زبان کو تامل پر اثر انداز ہونے کا کافی موقع ملا اور سیکڑوں عربی الفاظ جو خاص طور پر مذھبی رسومات سے تعلق رکھتے تھے تامل زبان کا حصہ بن گئے۔

فارسی کے اثرات تامل پر اس وقت پڑنا شروع ہوئے جب علاؤالدین خلجی کے حکم سے ملک کافور نے دکن کے بعد ان دور افتادہ تامل علاقوں کا رخ کیا اور مقامی حکمرانوں کو شکست دے کر ان سارے علاقے کو دہلی سلطنت میں شامل کردیا، کچھ سالوں تک ان کی نگرانی مقامی حکام کے ذمے رہی، لیکن جب محمد بن تغلق تخت نشین ہوا تو اس نے ان علاقوں کی از سر نو تنظیم کی اور مدورا

کو مرکز قرار دے کر جلال الدین احسن کو اس کا گورنر مقرر کیا، جلال الدین احسن صرف پانچ چھے سال مرکز کا وفادار رہا، جب محمد بن تغلق کی انتہا پسندی اور خودسری کے نتیجے میں ہر طرف بغاوتیں ہونے لگیں تو اس نے بھی مرکز سے الگ ہوکر مدورا میں اپنی ایک آزاد اور خود مختار ریاست قائم کرلی، اور باقاعدہ اپنے نام کا سکہ جاری کردیا، تقریباً پچاس سال تک مدورا کی یہ چھوٹی سی مسلم ریاست زندہ رہی اور یکے بعد دیگر سات آٹھ بادشاہوں نے اس پر حکومت کی جو آخرکار سنہ ۱۳۷۷ء میں وجیانگر کی ہندو ریاست میں ضم ہوکے رہ گئی۔

نصف صدی تک جن مسلم بادشاہوں نے یہاں حکومت کی وہ ترکی النسل تھے اور فارسی بولتے تھے اور چونکہ مرکز کی سرکاری زبان بھی فارسی تھی اسلئے یہاں بھی انہوں نے فارسی ہی کو سرکاری زبان کے طور پر استعمال کیا، نتیجہ یہ ہوا کہ غیر شعوری طور پر سیاسی اور انتظامی امور سے متعلق سیکڑوں فارسی الفاظ ٹامل کا ایک حصہ بن گئے۔

اردو کو ٹامل پر اثر انداز ہونے کا موقع مغلوں کے عہد میں ملا، مغل سلاطین میں عالمگیر پہلا اور آخری حکمران تھا جس نے علاؤالدین خلجی کے نقش قدم پر چل کر دکن اور جنوبی ہند کو از سرنو زیر نگیں کرنے کی بھرپور کوشش کی اور اس میں وہ کامیاب بھی رہا۔ دکن کو تو خود اس نے فتح کیا لیکن جنوبی ہند کے ان علاقوں کی تسخیر کے لئے اپنے جانباز سپہ سالار قاسم خان اور ذوالفقار علی خان کو بھیجا، قاسم خان نے سنہ ۱۶۸۷ء میں بنگلور، میسور، سرا وغیرہ پر قبضہ کیا تو ذوالفقار علی خان نے سنہ ۱۶۹۱ء میں تنجاور، مدورا اور جنجی وغیرہ پر قبضہ کرکے یہ مہم پوری کردی اور عالمگیر کی حدود حکومت دہلی سے راس کماری تک وسیع ہوگئیں۔

عالمگیر نے دکن اور جنوبی ہند کے ان علاقوں کو فتح کرنے کے بعد انتظامی سہولت کی خاطر انہیں چھ صوبوں میں تقسیم کیا، خاندیس، اورنگ آباد بیدر، برار، حیدرآباد اور بیجاپور، اس جدید حد بندی کے نتیجے میں سابقہ

تامل علاقے حیدر آباد اور بیجاپور کے ماتحت ہوگئے اور دکن کے ہزاروں لاکھوں مسلمانوں نے ان علاقوں میں جاکر آباد ہونا شروع کردیا، اس طرح دکن سے جو مسلمان یہاں آکر بس گئے یا غدر دلی تک جن مسلمان نوابوں کی ان تامل علاقوں میں حکومت رہی ان کی زبان اردو تھی، انہوں نے اردو کو یہاں کافی فروغ دیا، جس کا تامل پر اثر انداز ہونا کسی نہ کسی حد تک یقینی تھا۔

عربی، فارسی، اردو کے اس طرح جو اثرات تامل علاقوں میں پہنچے وہ تو پہنچے ہی تھے لیکن اس کے علاوہ بھی ان علاقوں میں خود اسلام کی بڑھتی ہوئی اشاعت اور مقامی لوگوں کے قبول اسلام کی وجہ سے بھی یہ اثرات اور پختہ ہوگئے، تامل ادب کی تاریخوں میں صدیق قاضی (Sidak Kadi) عمرو (Umaru) عبدالقاسم (Abdul Kasim) اور مستان صاحب (Mastan Sahib) جیسے متعدد ایسے مسلمان ادیبوں اور شاعروں کے نام ملتے ہیں جنہوں نے تامل زبان کی سرپرستی کرکے یا اس میں اپنی تخلیقات پیش کرکے اس زبان کو مالا مال کرنے کی کوشش کی، چونکہ یہ مسلمان تھے اس لیئے ان کے اپنے ثقافتی رجحانات بھی، جو محض عربی فارسی اردو الفاظ کی مدد سے ہی ظاہر ہوسکتے تھے، ان زبانوں کے اثرات کو تامل میں داخل کرنے کا ایک بہت بڑا ذریعہ بن گئے۔

(۳)

اب سوال یہ ہے کہ عربی فارسی اردو نے تامل پر جو مجموعی اثر ڈالا، آخر اس کی لسانی نوعیت کیا ہے، اور وہ کونسے ذرائع ہیں جن کی مدد سے ہم اُن اثرات کا مکمل طور پر پتہ لگا سکتے ہیں؟ اِس سلسلہ میں ہمیں تین چیزوں سے مدد لینا ہوگی، (۱) صوتیات (Phonology) (۲) صرف، (Morphology)، (۳) نحو (Syntax) صوتیات کی مدد سے یہ دیکھا جاسکتا ہے کہ اثر انداز ہونے والی زبانوں نے اثرپذیر زبان کی بنیادی آوازوں میں کیا کمی بیشی کی ہے، صرف کی مدد سے اس بات کا پتہ چلایا جاسکتا ہے کہ ان زبانوں نے اثرپذیر

زبان کے تصریفی قواعد کو کہاں تک متاثر کیا ہے اور نحو کی حد تک یہ معلوم کرنے کی کوشش کیجاسکتی ہے کہ ان زبانوں نے اثر پذیر زبان کے جملے، ان جملوں کی ساخت اور اس کے اصولوں میں کوئی تبدیلی کی ہے یا نہیں۔

صوتیات: صوتی نقطۂ نظر سے بول چال کی آوازوں کی دو قسمیں ہیں، مصوتے (Vowels) اور مصمتے (Consonants)، جہاں تک مصوتوں کا تعلق ہے، تامل عربی فارسی اردو کے مقابلے میں زیادہ رئیس (rich) ہے ان تینوں زبانوں میں کل آٹھ مصوتے ہیں جب کہ تامل میں یہ دس ہیں بلکہ اگر اَی (ai) اَو (au) کو بھی سادہ مصوتہ تسلیم کر لیا جائے تو یہ پورے بارہ ہوجاتے ہیں اس لئے جہاں تک مصوتوں کا تعلق ہے ان تینوں زبانوں کے تامل پر اثر انداز ہونے کا کوئی سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔

مصمتوں کے معاملے میں یہ بات درست نہیں ہے، کیونکہ ان تینوں زبانوں میں بعض ایسے مصمتے بھی ہیں جو تامل میں نہیں، مثال کے طور پر: (۱) اردو میں غیر ہکاری (Unaspirated) آوازوں کی طرح ہکاری آوازیں (Aspirated Sounds) بھی اپنا ایک مستقل وجود رکھتی ہیں جیسے پھ، بھ، تھ، دھ، ٹھ، ڈھ، چھ، جھ، کھ، گھ، ڑھ وغیرہ۔ تامل میں ان آوازوں کا کوئی وجود نہیں ہے۔ (۲) اردو میں غیر مسموع (voiceless) اور مسموع (voiced) دونوں قسم کی آوازیں پائی جاتی ہیں اور ان کے لئے الگ الگ علامتیں بھی مقرر ہیں، جیسے: پ، ت، ٹ، چ، ک، ف، س، ش، خ، غیر مسموع آوازوں کی علامتیں ہیں تو ب، د، ڈ، ج، گ، و، ز، ژ، غ، اسی زمرے کی مسموع آوازوں کی علامتیں ہیں، یہ بات تامل میں نہیں، ویسے تامل بول چال میں غیر مسموع اور مسموع دونوں آوازوں کا چلن ہے لیکن ان کی نشاندہی کے لئے جو تحریری علامات استعمال کی جاتی ہیں وہ دونوں کیلئے ایک ہوتی ہیں جیسے پ اور ب دونوں آوازوں کے لئے صرف [p]، ت اور د دونوں آوازوں کیلیے صرف [t]، ٹ اور ڈ دونوں آوازوں کیلیے صرف [T]، چ اور ج دونوں آوازوں کے لئے [ch] اور اسی طرح دونوں

آوازوں کیلیے صرف [K] وغیرہ، (۳) ز، خ، غ، اور ق ایسی آوازیں ھیں جو صرف ان تینوں زبانوں میں مشترک ھیں اور ٹامل میں نہیں پائی جاتیں۔

اگر ھمارا یہ دعوی ھو کہ صوتی سطح پر ان زبانوں نے ٹامل کو متاثر کیا ہے تو اس کا مطلب یہ ھوگا کہ اوپر ہم نے ان تینوں زبانوں کی آوازوں اور ٹامل کی آوازوں کا جو فرق بیان کیا ھے وہ اب باقی نہیں رھا یا اس میں تھوڑی بہت تبدیلی آ گئی ھے، حالانکہ ایسا ھرگز نہیں ھے۔ یہ فرق اب بھی اسی طرح باقی ھے جس طرح پہلے تھا، نہ ٹامل میں ھکاری آوازیں شامل ھوئی ھیں۔ نہ اس کی تحریر میں غیر مسموع و مسموع آوازوں کے لئے الگ الگ علامات کا اضافہ کیا گیا ھے، نا ھی ز، خ، غ، ق جیسی مخصوص آوازیں ٹامل میں مروج ھونے پائی ھیں، اس سے صاف ظاھر ھے کہ صوتی نقطۂ نظر سے ٹامل ان تینوں زبانوں کے حلقۂ اثر میں آنے کے باوجود ٹس سے مس نہ ھوئی اور اپنے صوتی ڈھانچے کو جوں کا توں محفوظ رکھا۔

صرف: صرفی نقطۂ نظر سے بھی ٹامل پر اِن تینوں زبانوں کے اثرات کا حال اس سے زیادہ امید افزا نہیں ھے۔ اشتقاق (Derivation) اور تصریف (Inflexion) کے ٹامل کے اس کے اپنے اصول ھیں، اسماء، صفات، ضمائر کے واحد جمع اور مذکر مؤنث بنانے کے اس کے اپنے قاعدے ھیں، افعال کو ماضی حال مستقبل میں بدلنے کا طریقہ بھی اس کا اپنا مخصوص ھے، حروف جار اور متعلقات فعل وغیرہ کے معاملے میں اس کا اپنا ایک خاص رویہ ھے، یہ ھوسکتا ھے کہ ان معاملات میں بعض اوقات عربی فارسی اردو کا طریق کار ٹامل کے طریق کار سے مشابہ ھوجائے لیکن یہ مشابہت محض اتفاقی ھوگی اس کو ہم ان تینوں زبانوں کا اثر نہیں کہہ سکتے، اس ضمن میں صرف ایک اضافہ (Affixation) ایسا رہ جاتا ھے جس میں فارسی اردو کے اثرات کی ایک آدھ جھلک دیکھی جاسکتی ھے۔

صرفی اضافہ متعدد قسم کا ھوتا ھے جس میں عام، سابقے (Prefixes) اور لاحقے (Suffixes) ھیں، ٹامل میں فارسی اردو سابقوں کا تو کوئی پتہ نہیں

چنانچہ البتہ ان زبانوں کے بعض لاحقے ایسے ہیں جو تامل میں مروج ہیں جیسے:

(الف) خانہ : لنگر خانہ، دیوان خانہ، یتیم خانہ، مسافر خانہ

(ب) دار : صوبیدار، حوالدار، دفتر دار، سردار

(ج) وار : امید وار، ماہوار، سزاوار

(د) کار : و یلیے کار، میدے کار، پوکار، میل کار

لیکن اگر ان لاحقوں کا بھی تجزیہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ لاحقے تامل زبان کا حصہ نہیں بن سکے ہیں بلکہ محض فارسی اردو کے متعدد ایسے الفاظ تامل زبان کا حصہ بن گئے ہیں جو ان لاحقوں پر مشتمل ہیں، صرف ایک لاحقہ کار تامل مادوں (Bases) کے ساتھ استعمال ہوا ہے اور یہ کسی حدتک فارسی اردو کا اثر سمجھا جاسکتا ہے.

نحو: جب تامل نے صوتی اور صرفی سطح پر ہی اپنے دروازے اس قدر سختی کے ساتھ ان زبانوں کے لئے بند کر رکھے ہیں تو نحوی سطح پر اس کا ان زبانوں سے متأثر ہونا بعید از قیاس ہے علاوہ ازیں تامل ایک دراویڈی زبان ہے. جبکہ عربی سامی زبان ہے اور فارسی اردو ہند یوروپی، خاندان السنہ بلکہ اس کی ایک مخصوص شاخ، ہند ایرانی، کا ایک حصہ ہیں، دراویڈی زبانوں کا ہند یوروپی زبانوں سے دور کا بھی واسطہ نہیں اسلیے ویسے بھی ان زبانوں کا تامل کے نحوی اصولوں پر اثر انداز ہونا بالکل ہی ناممکن ہے.

(۴)

اس ساری بحث کے بعد ذہن میں غیر شعوری طور پر یہ سوال ابھرتا ہے کہ جب عربی فارسی اردو کا صوتی، صرفی، نحوی کسی بھی رو سے تامل پر کوئی قابل ذکر اثر نہیں تو پھر اس بحث کا آخر حاصل کیا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ زندہ اور طاقتور زبانیں دوسری زبانوں کے حلقۂ اثر میں آنے کے باوجود بھی بہت کم اپنا چولا بدلتی ہیں، عام طور پر ایسی صورت میں اثر انداز ہونے والی زبانوں کے

اثرات محض چند الفاظ کے لین دین (Lexical Interference) تک محدود ہوتے ہیں اور ہیں، تامل پر بھی ان زبانوں کا اثر اس حد سے آگے نہیں بڑھ سکا ہے۔ مینا کشی سندرن کے جائزے کے مطابق تامل میں عربی کے ۲۸۹، فارسی کے ۱۱۹ اور اردو کے ایک ہزار سے بھی زیادہ الفاظ (Forms) مروج ہیں۔ لیکن دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ سب اب اپنی اصل شکل میں نہیں ہیں بلکہ تامل قواعد کے مطابق ان کی باقاعدہ شدھی کردی گئی ہے۔

ان الفاظ کے تامل کرن (Tamilization) کے سلسلہ میں دو اصولوں کو کام میں لایا گیا ہے، پہلا اصول یہ ہے کہ اگر داخل ہونے والا لفظ کسی ایسی آواز پر مشتمل ہے جو تامل میں نہیں ہے تو اس مخصوص آواز کو تامل میں موجود اس کی قریبی آواز سے بدل دیا گیا ہے۔ مثلا ھکاری آوازیں تامل میں موجود نہیں ہیں اس لئے انہیں سادہ آوازوں میں بدل دیا گیا ہے، یا خ، ق، غ کی آوازیں اس میں نہیں پائی جاتیں اس لئے خ اور ق کی آواز کو ک کی آواز میں اور غ کی آواز کو گ کی آواز میں بدل دیا گیا ہے۔ دوسرا اصول یہ ہے کہ تامل میں ہر لفظی پیکر مسموع آواز پر ختم ہوتا ہے۔ یہ مسموع آواز مصوتہ بھی ہوسکتی ہے جیسے (اِ) (اَ) (اُ) وغیرہ اور مصمتہ بھی ہوسکتی ہے جیسے (م) (ن) (ل) (ر) وغیرہ۔ عربی فارسی اردو الفاظ کا خاتمہ (Ending) ان شرائط کا پابند نہیں، ان زبانوں کے الفاظ غیر مسموع آوازوں پر بھی ختم ہوتے ہیں، لیکن تامل میں جانے کے بعد ان کی یہ آزادی ختم ہوگئی ہے اور انہیں بھی تامل قاعدے کے تابع کردیا گیا ہے۔ اس طرح جو بھی نمک کی اس کان میں گیا نمک ہوگیا ہے۔

تامل میں موجود چند عربی فارسی اردو الفاظ بہ طور نمونہ یہاں درج کئے جاتے ہیں:

آسرا	آسرا	انتخاب	انتکابو
آفت	آپتو	اوزار	اورامونہ
ابن	اپنو	اولاد	اولادو

اجازت	اجاجتو	تالو	تالو
اجارا	اجارا	حساب	اسابو
اختیار	اکتیار	حقہ	اکا
اخلاص	اکولاشو	خبر	کبر
ارسال	ارسالو	عبادت	ابادتو
استقبال	استکبال	عبارت	ابارتو
اسم	اسمو	عزت	اجتو
اضافہ	اجاپا	علاقہ	الاکا
اعتبار	اتبار	علم	المنو
اقامت	اکامتو	عید	ایدو
اقرار	اکورارو	قاضی	کاجیارو
امین	امینا	قبول	کبول

حوالے :

1. Encyclopaedia Britannica, Vol. 21. Chicago, 1968,
3, G. A Grierson: Linguistic survey of India, Vol. 1. Part 1, & Vol. IV 1967
3. Dr. S. Krishna Swami Aiyangar: Ancient India and South Indian History and Culture, Vol. 2, Poona, 1941 pp. 5 - 14
4. C. Jesudasan & others: A History of Tamil Literature, Calcutta 1961
5. J. M. Sama Sundaran Pillai: A History of Tamil Literature, Annamalainagar, 1967
6. T. P. Meenakshi Sundaram: A History of Tamil Language, Poona. 1965
7. K. A Nilakanta Sastri: A History of South India, Madras. 1966

۸ محمود بنگلوری: تاریخ جنوبی ہند، لاہور، ۱۹۴۷

۹ ڈاکٹر تارا چند: اسلام کا ہندوستانی تہذیب پر اثر، دھلی، ۱۹۶۶

ڈاکٹر میمونہ دلوی

منشی محمد ابراھیم مقبہ
بمبئی میں ہندوستانی کے اولین معلم

قدرت نے اپنی گوناگوں نعمتوں اور زرخیزیوں سے ہندوستان کو نوازا ھے۔ اس ملک کی اس خصوصیت نے کبھی تو اسے سونے کی چڑیا کہلوایا اور کبھی بدیسیوں کے ھاتھوں لوٹ مار سے تاراج کروایا۔ بدیسیوں کی یہ فہرست کافی طویل ھے اور اس میں آخری نام انگریزوں کا ھے جنھوں نے انفرادی طور پر بھی اور اپنی ساری قوم و ملک کو بھی ہندوستان کے مال و دولت سے مالا مال کردیا۔ لیکن اس کے ساتھ ھی ھمیں نہ بھولنا چاھئیے کہ ہندوستان اور ہندوستانیوں نے ان سے کچھ فیض بھی پایا ھے۔

یورپ کی کئی قومیں ہندوستان کی دولت سے متاثر ہوکر تجارت کی غرض سے یہاں پہنچیں۔ جن میں پرتگالی، ڈچ، فرانسیسی اور انگریزوں کے نام قابل ذکر ھیں۔ ان میں سب سے زیادہ مضبوط پوزیشن انگریزوں کی ایسٹ انڈیا کمپنی کی تھی۔ جس کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ حکومت برطانیہ کی پشت پناھی اسے حاصل تھی۔ انکی حکومت اور قوم نے ہر موقع پر اور ہر طرح سے کمپنی کی مدد کی۔ اس قسم کی مدد اور نگرانی سے دوسری تجارتی کمپنیاں محروم تھیں۔ گویا اس طرح کمپنی کے پردے میں حکومت برطانیہ ہندوستان کی تجارتی و ملکی پالسی پر حاوی تھی۔ یہی وجہ تھی کہ ۱۸۵۷ء کے ھنگامہ کے بعد حکومت برطانیہ نے فوراً ہندوستان پر اپنی حکومت کا اعلان کردیا اور یکم نومبر ۱۸۵۷ء سے کمپنی کا گورنر جنرل لارڈ کیننگ ہندوستان کا وائسرائے بنادیا گیا۔

علمی و ادبی نقطۂ نگاہ سے دیکھا جائے تو ان یورپین قوموں نے ہندوستان سے بہت کچھ پایا اور اسکو بہت کچھ دیا بھی۔ پرتگالیوں، ڈچ، فرانسیسیوں کی زبانوں کے متعدد الفاظ یہاں کی مقامی زبانوں میں شامل ہوئے۔ آج بھی اردو میں

ایسے کئی الفاظ موجود ہیں جو ہندوستان کی ان تاریخی کروٹوں کا پتا دیتے ہیں. ان غیر ملکیوں نے ہندوستان کی دیسی زبانیں سیکھیں اور خاص طور سے ہندوستانی یا اردو کی تعلیم حاصل کی. اردو میں تصنیف و تالیف کی اور شعر و شاعری کا چرچا بھی کیا. خاص طور سے اردو گرامر اور لغت کی متعدد کتابیں وجود میں آئیں. انگریز اس میدان میں بھی سب سے آگے رہے اور آگے چل کر اردو سیکھنے اور سکھانے کی خود حکومت کی طرف سے بڑی کوششیں ہوئیں.

ہندوستان میں مغلیہ حکومت کی وجہ سے ایسٹ انڈیا کمپنی اپنے ملازمین کو فارسی سیکھنے کی تاکید کرتی تھی. ساتھ ہی رعایائے ہند سے تعلقات قائم رکھنے کی غرض سے ہندوستانی یا اردو کی طرف بھی توجہ دی جاتی تھی. لیکن مغلیہ سلطنت اور فارسی کے زوال کے ساتھ ساتھ اردو کی ترقی نے انہیں اردو کی مکمل تحصیل علم کی طرف راغب کیا اور انگریزوں کی باضابطہ تعلیم کا انتظام کیا گیا. چنانچہ کلکتہ کا فورٹ ولیم کالج اس سلسلہ کی اہم کڑی ہے. جہاں اردو اور ہندی کا درس انگریزوں کو دیا جاتا تھا اور کئی قابل قدر کتابوں کے ترجمے اور اشاعت کا انتظام کیا گیا تھا. اس کے علاوہ اور بھی کئی بڑے شہروں مثلاً بمبئی، سورت، مدراس وغیرہ میں مقامی زبانوں کے سکھانے کا انتظام کیا گیا تھا.

بمبئی کا علاقہ سنہ ۱۶۶۸ء میں انگریزوں کے قبضے میں آیا اور وارن ہیسٹنگز اور ویلزلی کے عہد میں اردگرد کا علاقہ مرہٹوں سے حاصل کر کے بمبئی کی حدود بڑھادی گئیں. اور آہستہ آہستہ اس علاقے اور اس شہر نے اہمیت حاصل کرلی. ہندوستان کے دیگر مقامات کی طرح انتظامی امور اور فوجی ضروریات کے تحت اس صوبے کی مقامی زبانوں کی تحصیل انگریز ملازموں اور افسروں کے لئے ضروری سمجھی گئی. سنہ ۱۸۰۳ء میں بمبئی کے ایک علاقے ورسووا میں کیڈٹ اسکول کھولا گیا. جس میں ہندوستانی کے علاوہ گجراتی، مرہٹی اور کنڑی زبانوں کی تعلیم دی جاتی تھی. منشی محمد ابراہیم مقبہ اس اسکول میں ہندوستانی کے اولین معلم کی حیثیت سے مقرر ہوئے تھے.

مقبہ خاندان کا تعلق عراق کے ان چند با عزت خاندانوں سے ہے جو اموی

دور حکومت میں حجاج بن یوسف کے تشدد کی وجہ سے عراق سے ہجرت کر کے ہندوستان چلے آئے اور یہیں بس گئے۔ وقت کے تقاضوں کو مد نظر رکھ کر اس خاندان نے اپنے اندر بڑی تبدیلیاں پیدا کیں اور جلد اپنے آپ کو نئے ماحول اور نئی فضا کے مطابق ڈھال لیا۔ اٹھارویں صدی میں جبکہ بمبئی پر برٹش گورنمنٹ کی حکمرانی تھی۔ اس خاندان کے لوگ سرکاری ملازمتوں پر فائز تھے۔ محکمہ قضات اور فوجداری و دیوانی کی عدالتوں میں بھی مقبہ خاندان کے لوگ کام کرتے تھے۔ اس خاندان کے سب سے پہلے فرد جن کی زندگی کے حالات اور علمی و ادبی مشغلوں کا ذکر ہمیں ملتا ہے۔ وہ محمد ابراہیم مقبہ ہیں۔

منشی محمد ابراہیم مقبہ اپنے زمانے کے نامور اور معزز شخص سمجھے جاتے تھے۔ ان کی تاریخ پیدائش سنہ ۱۲۰۷ ہجری ہے[1]۔ بمبئی کے علمی و تعلیمی سلسلہ میں سب سے زیادہ قابل ذکر نام انہی کا ہے۔ وہ کئی زبانوں کے ماہر تھے اور کئی زبانوں میں تصانیف یادگار چھوڑی ہیں۔ ان کی علمی و ادبی صلاحیتوں کی بنا پر انہیں سنہ ۱۸۰۳ء میں ورسووا کیڈٹ[2] اسکول کا میر منشی مقرر کیا گیا تھا۔ اس اسکول کی بمبئی شہر میں وہی حیثیت تھی جو کلکتہ میں فورٹ ولیم کالج کی تھی اور یہاں کے گلکرائسٹ ابراہیم مقبہ تھے۔ انہوں نے اتالیق کا عہدہ سنبھالتے ہوئے بھی کئی تصانیف سپرد قلم کیں۔ اس زمانے میں میر منشی کا عہدہ بہت اہم سمجھا جاتا تھا۔ درس و تدریس کے علاوہ میر منشی گورنمنٹ کلکٹر اور رعایا کی طرف سے سرکار میں وکیل سمجھا جاتا تھا۔ ابراہیم مقبہ اس عہدے پر اٹھائیس ۲۸ سال تک فائز رہے، اس کے بعد سنہ ۱۸۳۲ء میں انہوں نے پنشن لے لی۔ گورنمنٹ نے ان کی خدمات کے صلہ میں چند گاؤں اور تمغے عنایت کئے تھے۔ ان کے اعزاز میں کئی الوداعی جلسے ہوئے۔ اور ان کی زندگی و خدمات کے بارے میں تفصیلات اس وقت کے متعدد انگریزی و اردو اخبارات میں شائع ہوئی تھیں۔

ابراہیم مقبہ کی دیگر مصروفیات کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ

---

۱ محمد ابراہیم مقبہ کی تاریخ وفات ۱۲۷۰ ہجری بعمر ۶۳ سال بیان کی گئی ہے۔ جس کی روشنی میں تاریخ پیدائش ۱۲۰۷ ہجری متعین ہوتی ہے — نوید جاوید مرتبہ ثاقب دھلوی

۲ یہ اسکول ورسوا روڈ پر واقع تھا۔ کہا جاتا ہے کہ ورسوا روڈ موجودہ کمالی پورہ کے قریبی حصے کا نام تھا

سنہ ۱۸۲۲ء میں وہ Native Education Society کی میننجنگ کیٹی کے ممبر منتخب کئے گئے تھے۔ سنہ ۱۸۲۴ء میں الفنسٹن کالج کونسل کے سنہ ۱۸۴۰ء میں بورڈ آف ایجوکیشن اور بورڈ آف کنزرونسی کی ممبرشپ کے ساتھ ساتھ وہ رائل ایشیاٹک سوسائٹی لندن کے بھی ممبر تھے۔ Court of Petty Sessions کے مجسٹریٹ بھی مقرر کئے گئے تھے[۲]۔ منشی صاحب کی انہی تمام خدمات کے صلہ میں گورنمنٹ کی طرف سے انہیں کئی سرٹیفکٹ بھی دئے گئے تھے۔ ان میں سے ایک کی عبارت قابل ذکر ہے:

"دی آنریبل گورنران کونسل بورڈ کو مسٹر مقبہ کی دست برداری سے جو افسوس ہوا ہے، اس میں اس کے شریک ہیں اور مجھ سے اس امر کی خواہش کی گئی ہے کہ آپ سے درخواست کروں کہ صاحب موصوف نے بورڈ کے فخری رکن ہونے کی حیثیت سے جو قیمتی خدمات انجام دی ہیں اور اہل وطن کی تعلیم کے لئے اکیس سال کے عرصہ دراز میں جو خیر خواہانہ کوششیں فرمائی ہیں ان کے لئے گورنمنٹ کی طرف سے اُن کا شکریہ ادا کیا جائے"۔

منشی محمد ابراہیم مقبہ نے اردو کے علاوہ دیگر زبانوں مثلاً فارسی، عربی، مرہٹی اور گجراتی و انگریزی میں بھی تصانیف کی ہیں۔ سنہ ۱۸۱۰ء میں ہندوستانی زبان کا قاعدہ انگریزی میں تحفہ الفنسٹن کے نام سے تحریر کیا تھا۔ سنہ ۱۸۲۵ء میں مرہٹی زبان کا قاعدہ انگریزی میں لکھا تھا۔ ان دونوں کتابوں کی اشاعت سرکاری خرچ سے ہوئی تھی۔ ان کے علاوہ گجراتی زبان کا قاعدہ بھی انگریزی زبان میں لکھا تھا۔ سنہ ۱۸۳۶ء میں اپنی مشہور کتاب تعلیم نامہ دو جلدوں میں تیار کیا۔ یہ تعلیم نامے گذشتہ پچاس سال قبل تک بمبئی میں رائج تھے اور یوپی اور پنجاب کے ابتدائی نصاب میں بھی شامل تھے۔ سنہ ۱۸۳۸ اور سنہ ۳۹ء کے درمیانی عرصے میں انگریزی زبان کی قواعد اردو زبان میں لکھی، جو تین جلدوں میں ہے اور جس کا نام کتاب انگلش آموز ہے۔ یہ تمام تصنیفات نوولید

---

[۲] اس کا ذکر بمبئی گزیٹیر جلد سوم میں بھی ملتا ہے۔

انگریزوں کو اردو، ہندی، گجراتی، مرہٹی زبان سکھانے کے لئے مرتب کی گئی تھیں ساتھ ہی ان کا مقصد یہ بھی تھا کہ اردو داں طبقہ کو انگریزی زبان اور مروجہ تعلیم کے لئے تیار کیا جائے۔ مسلمانوں کی مذہبی واقفیت کے لئے انہوں نے ایک رسالہ فقہ شافعی سے متعلق لکھا تھا۔ جس کا نام رسالۂ وضو نماز ہے اور ایک کتابچہ نورالایمان کے نام سے بچوں کے لئے تالیف کیا تھا۔

ان تصانیف اور درس و تدریس کے علاوہ منشی محمد ابراہیم مقبہ نے ایسی کوششیں کیں جن سے بمبئی کے مسلمانوں میں علم کا چرچا ہو چنانچہ سنہ ۱۸۳۴ء میں ایک مدرسہ بمقام نل بازار بمبئی (جدید قاضی محلہ) کے قریب قائم کیا گیا۔ جو دادا مقبہ کے مدرسے کے نام سے مشہور تھا۔ بمبئی کے مضافاتی علاقوں میں سے تھانہ، کلوا اور راہوڑی کے مقامات پر بھی مدرسے قائم کئے تھے۔ ان مدرسوں کے علاوہ شہر میں اور بھی دو تین چھوٹے چھوٹے مدرسوں کے قیام کا انتظام کیا تھا۔ جہاں مسلمان بچوں کو ابتدائی تعلیم دی جاتی تھی اور ان مدرسوں کے لئے ایک بھاری سرمایہ وقف کردیا تھا۔

صاحب تصنیف ہونے کے علاوہ وہ ایک اچھے شاعر بھی تھے۔ ان کی اردو شاعری کے نمونے کے طور پر ہمیں وہ اشعار ملتے ہیں جو ان کی تصانیف میں ادھر ادھر بکھرے پڑے ہیں اور ان کی فارسی شاعری کے ذوق کے ثبوت میں ان کے فارسی اشعار اور قطعات دستیاب ہوتے ہیں۔

۲۲ ستمبر ۱۸۳۳ء کو محمد ابراہیم مقبہ کو پنشن لینے کے لئے عدالت عالیہ میں مدعو کیا گیا تھا۔ اس واقعہ کی فارسی تاریخ انہوں نے خود لکھی تھی:

عنایت شد ز حق فرصت و نعمت، بہ ابراہیم مقبہ بعد خدمت
اگر ای خیر خواہش سال خواہی بفرحت خوش بگو فرصت بعزت

۱۲۴۹ھ

اسی فراغت کے بارے میں ایک غزل لکھی تھی:

ساقی بیاد عمر مئے راحتم بداد یا رب نشاط بخش کہ عمرم رود چو باد
فرصت کشاد روی ولی تنگ زمان عمر این وقت ما بہ نیکوئی و بہبود بادشاد

بلبل کشید رنج خولش صبر کرد و شکر — فرش بهار دلد و صبا غنچہ ہا کشاد
اے دل پند عرص مکن جان خویش قید — در باب وقت جان و مہر رنج از و باد
دل را قرار نیست کہ دارد ہزار کار — یک کار یاد دار کہ از یاد دار باد
اے حسنت از قدیم فروغ جہان شدہ — احسان بما کن کہ شویم احسن العباد
سازد فلک بہ شعبدہ چندیں نبان زر — ابراہیم است معتقد رازق العباد

ایک تاریخ اور لکھی ہے:

شد نعمت راحت عطا ازخالق ارض و سما — شکرش بجان آرم بجا خوانم بسی حمد و ثنا
اوقات من اے کبریا یگذار نیک و با صفا — بعد از دعا سالش دلا گو نعمت راحت عطا

خداوند ترا مر شکر و منت — کہ بخشیدی مرا فرصت و نعمت
فراغت دادی اوقاتم نکو دار — کزاں در دو جہاں باشم بعزت

ہست دنیا ساعتی دروی نباشد راحتی
کن سعی و نیکی ہر زماں خوشتر بود آں ساعتی

ان اشعار سے ان کی شاعرانہ صلاحیت کا پتہ چلتا ہے۔ غزل کی صنف میں انہوں نے پند و نصیحت اور بلند اخلاقی قدروں کو بخوبی سمویا ہے، اس دنیا کی ناپائیداری اور یہاں کی چند روزہ زندگی انسان کے خیر و شر کی کشمکش کا نقشہ کھینچا ہے۔ اپنے ریٹائرمنٹ کے بارے میں بڑے اطمینان اور سکون کا اظہار کیا ہے۔ وہ اپنی پچھلی زندگی کے عزت و خوبی کے ساتھ گزرنے پر خوش ہیں۔ اور دعا کرتے ہیں کہ اے خدا اب تو نے جو فراغت مجھے دی ہے تو میرے اوقات کو بھی بھلائی و نیکی میں گزرنے کی توفیق دے۔

الفنسٹن نامہ:

منشی ابراہیم مقبہ کی جو تصانیف آج دستیاب ہوتی ہیں ان میں سب سے قدیم تصنیف یہی معلوم ہوتی ہے۔ ہندوستانی قواعد و لغت کی اس کتاب کو انہوں نے اس وقت مرتب کیا تھا جب وہ ورسووا کیڈٹ اسکول میں انگریزوں کے درس و تدریس پر مامور تھے۔ اٹھارہ سال تک اس کتاب کا تجربہ کرنے کے بعد ۱۸۲۲ء میں لارڈ الفنسٹن گورنر بمبئی کے نام سے منسوب کرتے ہوئے اسے

شائع کیا گیا ۔ یہ کتاب گورنمنٹ نے خود اپنے خرچ سے چھپوا کر جملہ حقوق منشی صاحب کے نام محفوظ کر دئیے تھے ۔ چنانچہ دیباچہ میں وہ خود لکھتے ہیں :

«اس نسخے کے بنانے اور چھاپا جانے کا سبب یہ ہے کہ نیاز مند درگاہ الہ محمد ابراہیم مقبہ سنہ ۱۸۰۲ء سے جزیرہ معمورہ بمبئی میں انگریز صاحان عالیشان نووارد کو زبان فارسی و ہندی و گجراتی سکھانے کے عہدے میں مستعد ہے ۔ چار پانچ برس شب و روز اسی پیشہ میں مشغول و سرگرم رہا تھا ۔ جس سے انگریزی زبان کی کچھ ایک واقفیت حاصل کر کے — ہندی زبان جلد اور آسان سیکھنے کے لئیے — اپنی عقل سے ایک نسخہ تیار کیا — تب گورنر صاحب والا مراتب، جلیل القدر — آنریبل مونٹ اسٹورٹ الفنسٹن — نے فرمایا کہ سرکار دولت مدار کے خرچ سے چھپوا دیں ۔ »

مقبہ صاحب کی اسی تصنیف کے بارے میں مشہور فرانسیسی مستشرق گارساں دتاسی اس طرح رقمطراز ہے :-[1]

«ڈاکٹر گلکرائسٹ نے ہندوستانی زبان سیکھنے کے لئیے جو کتابیں تصنیف کی تھیں ان کے مطالعہ کے بعد محمد ابراہیم مقبہ نے بھی انگریزی قواعد کی کتاب لکھی جس کا مقدمہ انگریزی اور ہندوستانی میں لکھا گیا ہے ۔ مقبہ نے یہ کتاب در اصل اپنے شاگردوں کے لئیے تیار کی تھی اور ان کے چند شاگردوں نے بھی مقبہ کا اسٹائل اختیار کیا تھا[2] میرے نزدیک یہ قواعد نقل ہے ۔ اور یقیناً شکسپئر کی کتاب کی برابری نہیں کر سکتی ۔ اس کتاب میں سب سے زیادہ دلچسپ حصہ وہ ہے جہاں انگریزی اور ہندوستانی زبان زمانہ اور افعال کے لئیے متعدد مشقیں (Exercises) درج ہیں ۔ ان مشقوں سے ہندوستانی

1. Histoire De La Litterature Hindouie Et Hinduostanie , by Garsan De Tasie Vol. II p. 240.

۲ افسوس کہ مقبہ کے ان شاگردوں کے بارے میں کوئی معلومات دستیاب نہیں ہوتی ۔

رسم و رواج پر روشنی پڑتی ہے اور اس کتاب میں جنگ پانی پت کا حال بھی درج ہے۔

تعلیم نامہ :-

ابراھیم مقبہ کی تصانیف میں سب سے زیادہ اھمیت اور مقبولیت تعلیم نامہ کو حاصل رھی ہے۔ یہ پہلے منشی صاحب کے قائم کردہ مدرسوں میں پڑھایا جاتا تھا۔ آج سے پچاس سال قبل تک بمبئی، پنجاب اور یو پی کے مدرسوں میں رائج تھا۔ اس کے دیباچہ میں مصنف لکھتا ہے :-

« اس کتاب کا نام تعلیم نامہ ہے۔ لڑکوں کو ھندوستانی سیکھنے اور تربیت حاصل کرنے کے واسطے نیاز مند محمد ابراھیم مقبہ نے ۱۲۵۰ھ میں جزیرۂ معمورہ منبئی میں مرتب کیا۔ »

یہ کتاب دو جلدوں میں ہے۔ پہلی جلد میں دونوں جلدوں کی فہرست دی گئی ہے۔ جس سے کتاب کے متن کا اندازہ ھوتا ہے۔

پہلا باب ۔ لڑکوں کی نصیحت کے بارے میں
دوسرا باب ۔ نصیحتوں کی مثالوں کی حکایتوں میں
تیسرا باب ۔ تھوڑا سا ضروری حساب سیکھنے کے قانونوں میں
چوتھا باب ۔ ھندوستانی صرف و نحو کے مختصر قاعدوں میں
پانچواں باب ۔ خط، چٹھیاں، عرضیاں، وغیرہ کی ترتیب میں

گارساں دتاسی اپنی فرانسیسی تصنیف « ھندوستانی ادب کی تاریخ » میں لکھتا ہے کہ :

ابراھیم مقبہ کی ایک اور تصنیف ھندوستانی تعلیم نامہ ہے۔ جو ھندوستانی سکھانے کے لئے ۱۸۳۵ء میں سوسائٹی آف دی ایجوکیشن آف سٹی زن کے لئے دو جلدوں میں تیار کی گئی تھی۔ اس کتاب میں بچوں کے لئے نصیحتیں، قواعد اور حساب کے طریقے اور خطوط نویسی کے اصول درج ھیں۔ میرا خیال ہے کہ ۱۸۴۵ء میں بمبئی سے جو کتاب تعلیم نامے کے نام سے دو جلدوں میں شائع ھوئی ہے وہ مذکورہ بالا ھندوستانی تعلیم نامے کا دوسرا ایڈیشن

ہے ۔ مدراس میں بھی ایک کتاب تعلیم نامے کے نام سے شائع ہوئی ہے جس کی ایک جلد ایسٹ انڈیا کمپنی کے پاس محفوظ ہے ۔[1]

تعلیم نامے میں مقبہ صاحب نے جو زبان استعمال کی ہے وہ اینٹی اردو ہے جس میں مقامی زبانوں کے الفاظ بکثرت استعمال کئے ہیں ۔ جن کا استعمال ہمیں دکنی لٹریچر میں تو ملتا ہے لیکن شمالی ہند کی ہندوستانی یا اردو میں نہیں ملتا ۔ ذیل کی مثالوں سے واضح ہوگا کہ مراھٹی یا گجراتی کے الفاظ یا عربی الفاظ کا کتنی بے تکلفی سے استعمال کیا ہے ۔

گھڑی گھڑی مکتب میں سے اٹھنا نہیں ۔ (بار بار)

تھوڑا تھوڑا پڑھ کے یاد کرتے جانا ایک ھی وقت میں بہت سیکھنے کی اتاول نہیں کرنا ۔ (جلد بازی)

جیسے حروف اسمیں لکھے ھیں ویسے نکالنے کو محنت کرنا ۔ (حروف لکھنا)

زیادہ جاگنے سے آدمی کو آزار ھوتا ھے ۔ (بیماری)

خدا کے غضب سے خوف کرنا کہ اسکی قدرت بڑی ھے ۔ بڑے بڑے دولتمندوں کا بھکاری کرڈالتا ھے اور بھکاری کو دھنتر بناتا ھے ۔ (دولتمند)

پھر کسی بیپاری کا بھاگی ھوگیا ۔ (شریك)

کسی لڑکے نے اس کے ساتھ قضیہ کیا ۔ (جھگڑا)

تو پھر جنم تک کبھی شراب نہ پی ۔ (زندگی بھر)

اسی طرح تاڑی ، گانجہ وغیرہ کیف کی بھی یہی خاصیت ھے ۔ (نشہ آور چیزوں کی)

اسی طرح تیسرا باب جو « حساب کی کیفیت » میں ھے اس میں بھی خاصے الفاظ مقامی زبانوں کے اثرات سے جگہ پاگئے ھیں ۔ مثلا

آنک ـ (عدد) ، سون ـ (صفر) ، کتی کا آنک ، زیادتی کا آنک ، کم عدد ، بڑا عدد ، گجراتی کا لفظ « اوچھالی » (پہاڑے)

---

۱ تفصیلات کے لئے دیکھیے
Histoire De La Litterature Hindoule Et Hindoustanie Vol. II, Page 240

بمبئی میں اس زمانے میں جن سکوں کا رواج تھا ان کا بیان دلچسپی سے خالی نہیں۔ ایک باب اس طرح ہے۔

قسم پہلی پیسوں کی توڑ کہر کے بیان میں مبئی کی عام چلن کے موافق
ایک روپے کے پہلے چار حصے کرتے ہیں ان میں سے ایک حصے کو پاؤلا بولتے ہیں۔
پھر ایک روپے کے سو حصے کرتے ہیں کہ ہر ایک حصے کو ڈوکڑا بولتے ہیں۔
اور ہر ایک ڈوکڑے کے چار حصے کرتے ہیں اس کے ہر ایک حصے کو دمڑی بولتے ہیں
ایک ڈوکڑے کے سو حصے کرتے ہیں اس کے ہر ایک حصے کو پھوکڑا بولتے ہیں۔

تعلیم نامے میں جو پند و نصیحتیں اور حکایتیں دی گئی ہیں۔ ان میں سے بیشتر گلستان سعدی سے لی گئی ہیں لیکن ایک حکایت حضرت مخدوم مہائمی رح کی بھی ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ موالف نے اپنی اپچ اور علم سے بھی کام لیا ہے علم حساب کے سلسلے میں ایک جگہ انہوں نے لکھا ہے کہ "معلم ابراھیم صاحب ابن احمد صاحب ساکن سورت نے اپنے شاگردوں کے لئے ضرب کا نیا نقشہ تیار کیا تھا اور اسے مقبہ صاحب کی کتاب میں شامل کرنے کی اجازت دی ہے۔ جس کے لئے مقبۃ ان کے مشکور ہیں۔

کتاب انگلش آموز یا ترجمان صرف و نحو انگریزی

یہ کتاب تین جلدوں میں لکھی گئی تھی جس میں انگریزی سیکھنے کے قواعد اردو میں دئے گئے ہیں۔ اس کی پہلی اور تیسری جلد کے مخطوطے بمبئی یونیورسٹی کی لائبریری میں موجود ہیں۔ کتاب انگلش آموز جلد اول کے دیباچہ میں یہ عبارت درج ہے، جس سے کتاب کے متن پر روشنی پڑتی ہے:-

اس کتاب میں انگریزی صرف و نحو کا بیان ہے کہ اس کے تین باب ہیں سو ہر ایک باب میں کتنی ایکہ فصل ہیں۔ پھر اس ...

میں انگریزی الفاظوں کی لغت بھی ہے۔ پس اس نسخہ کا نام ترجمان صرف و نحو انگریزی رکھا ہے۔ اس کو جزیرۂ معمورۂ بمبئی میں ۱۲۵۲ ہجریہ مقدسہ و ۱۸۳۸ عیسویہ میں اس خاکسار محمد ابراہیم مقبہ نے انگریزی کتابوں سے ترجمہ کر کے لکھا ہے۔

یہ کتاب ۸۶ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس میں کل تین باب ہیں۔ ہر ایک میں کئی فصلیں ہیں۔ دوسری جلد کا دیباچہ بھی قابل غور ہے۔

«۔۔ صاحبان ذی شعور کی ضمیر پر نور پر ظاہر ہووے کہ انگریزی زبان سیکھنے کا نسخہ اس کا نام مبتدی زبان انگریزی کہ اسکی تین جلدیں ہیں ان میں سے یہ تیسری جلد ہے۔ اس میں انگریزی زبان کے صرف و نحو کے ضروری قاعدوں کا بیان ہے۔ چنانچہ دوسری جلد کے پہلے باب میں ویسے تھوڑے قانون لکھے ہیں۔ گویا ان کی یہ شرح ہے اور کتنے ایک ضروری چیزیں، خطوط وغیرہ بھی مرقوم ہیں اور اس جلد میں چھ باب ہیں۔ پھر ایک باب میں کتنی ایک فصلیں ہیں۔ ان کی فہرست اس نسخہ کے آخر میں لکھی ہے ۔۔ یہ نسخہ ۔۔ ۱۲۵۵ ہجریہ ۔۔ میں محمد ابراہیم مقبہ ۔۔ نے مرتب کیا۔»

اس کتاب کو (parts of speech) سے شروع کیا گیا ہے اور اس میں انگریزی قواعد کے اصول اور طریقے کا باقاعدہ ترجمہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ مجموعی طور سے زبان صاف اور سلیس ہے۔ سوائے چند الفاظ اور جملوں کے باقی زبان شمالی ہند کی معیاری زبان کے مقابلہ میں رکھی جاسکتی ہے۔ اس کتاب کا دلچسپ پہلو یہ ہے کہ نصف کتاب تک اردو زبان میں سمجھایا گیا ہے، ساتھ میں انگریزی نام اور ترجمہ دیا گیا ہے۔ اس کے بعد کی نصف کتاب کو زبان انگریزی میں لکھا گیا ہے۔ انگریزی زبان کا استعمال شاید اس وجہ سے کیا گیا ہے کہ مصنف کو اب اپنے پڑھنے والے پر اعتماد پیدا ہوگیا ہے کہ وہ انکی قواعد پڑھنے کے بعد انگریزی زبان میں لکھی ہوئی عبارت پڑھکر سمجھ سکتا ہے۔

سب سے زیادہ قابل ذکر بات یہ ہے کہ دیباچے میں مصنف مقفیٰ و مسجع زبان استعمال کرتا ہے۔ لیکن جس زبان کی قواعد وہ لکھ رہا ہے وہ اس زبان سے مختلف ہے۔ اسمیں خالص ہندوستانی کا رنگ جھلکتا ہے اور مقامی یا صوبائی زبانوں سے متأثر شدہ زبان کو استعمال کرتا ہے۔ یہی وہ زبان ہے جو آج بھی بمبئی کے عوام کی بولی ہے اور ہر کس و ناکس کو ضرورتاً اسے استعمال کرنا پڑتا ہے۔

چند الفاظ اور جملے بطور نمونہ پیش کئے جاتے ہیں :-

جھاڑ بمعنی درخت   بھنجا بمعنی بھانجہ   بھنجی بمعنی بھانجی

آدمی کی جمع آدمیاں   tooth - دانت   teeth بمعنی بہت دانت

جھٹھا - جھٹا

میرا قلم مجھکو دیو یہہ میرا (قلم) نہیں ہے۔ Give me my pen, this is not mine (pen)

لکھیلا، لکھا ہوا - written ، لکھا - wrote ، لکھ - write ، پھاڑیلا - torn

پھاڑا - tore ، پھاڑ - tear

میں نے جواب پوچھا ہووے - میں پوچھ سکا ہووے - I may or can have asked

تم خوشحال ہو اسواسطے کہ تم بھلے ہو - you are happy because you are good

They came with him but they part away without him

وے اسکے ساتھ آئے لیکن اس کو چھوڑ کے گئے۔

بدل ہوے جوگ - changeable

محمد ابراہیم کی شخصیت ہمہ صفات سے متصف تھی۔ علمی و تعلیمی میدان میں انہوں نے لوگوں کی رہنمائی و رہبری کی۔ بلکہ مذہبی معاملات میں بھی اپنے ہم مذہب لوگوں اور بچوں کی رہنمائی کے لئے کام کیا ہے۔ مقبہ شافعی مسلک کے ماننے والے تھے۔ اسلئے انہوں نے ایک رسالہ وضو نماز کے نام سے لکھا۔ جسکا آغاز اسطرح کیا ہے :-

اب معلوم ہووے کہ یہ کتاب وضو نماز کا چھوٹاسا جز ہے۔ حضرت امام شافعی صاحب رحمتہ اللہ کے مذہب میں بچوں کو پہلے سیکھنے اور یاد کرنے کے

واسطے۔ اسکا نام وضو نماز کا مختصر بیان، اللہ تعالیٰ سب بچوں کو نیک توفیق بخشے اور علم نصیب کرے۔ آمین!

اس کتاب میں ارکان اسلام کا بیان ہے۔ زبان سادہ اور سلیس ہے جو بچوں کے لئے موزوں ہے۔ اس کتاب کے خاتمہ کی عبارت سے مولف کی محنت و کاوش پر روشنی پڑتی ہے اور اس زمانے کے صاحب علم و فضل لوگوں کے ناموں کا پتہ چلتا ہے۔

«اس چھوٹی کتاب میں وضو نماز وغیرہ کے ضروری حکم حضرت امام شافعی صاحب رضی اللہ عنہ کے مذاہب کے بہت تحقیقات سے لکھے ہیں کہ ان کو یہاں کے عالموں اور فاضلوں نے اپنی نظر فضائل و کمالات اثر سے مطالعہ فرما کے درست و صحیح ہونے کی روشنی بخشی ہے۔ اس صاحبوں کے اسم شریف یہ ہیں:

حضرت شریعت پناہ قاضی محمد یوسف مرگھے
حضرت حاجی رکن الدین صاحب آرائی قاضی صدر عدالت
حضرت مولوی معلم محمد ابراھیم صاحب خطیب جامع مسجد مدرس
حضرت مولوی محمد یونس صاحب حافظ
حضرت مولوی حسن محمد صاحب ہینداده کلیانکر
حضرت مولوی شیخ علی صاحب پٹیل تلوجکر

یہ کتاب ۱۲۵۶ ھجری میں مرتب کی گئی تھی۔ اسکے ساتھ ایک چھوٹی سی کتاب نورالایمان کے نام کی ہے جسکے متعلق انہوں نے لکھا ہے کہ:

«سو ان دونوں کتابوں میں بچوں کو چھوٹپن میں سیکھنے اور یاد کرنے کے واسطے بہت مختصر مذکور ہوا ہے۔»

اس کتاب کی ابتدا میں پانچ شعر اور پھر چار ابواب پر مشتمل نثر ہے:

خدا ہے ایک اور سب کا ہے خالق سبھی تعریف خاص اس کو ہے لائق
وہ ہے خاوند سب چیزوں پہ قادر جو کچھ چہتا ہے سو کرتا ہے ظاہر
خدا کے ہیں رسول افضل محمد خدا کے خلق میں اول محمد

تو ابراہیم پڑھ صلوات و تسلیم نبی اور آل و یاران پر تعظیم
کہ بخشے ہم کو اب ایمان کامل کرے نیکوں میں اپنے ہم کو داخل

ابواب مندرجہ ذیل ہیں :

(۱) ایمان و اعتقاد کے بیان میں (۲) اسلام کے بیان میں (۳) حضرت رسول اکرم کی آل مطہر و اصحاب مفخر کے مراتب کا وغیرہ تھوڑی ضروری معتبر باتوں کا بیان (٤) حضرت محمد کی معراج کا بیان

ان تمام کتابوں کو دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ منشی محمد ابراہیم مقبہ میں استادانہ صلاحیتیں بڑی تعداد میں موجود تھیں۔ بچوں اور مبتدیوں کی نفسیات و استعداد کو دیکھ کر انہوں نے ان موضوعات پر قلم اٹھایا ہے اور جو کچھ لکھا ہے وہ ایک ماہر استاد کی طرح اس زمانے کے تعلیم و تربیت کے اصولوں کی روشنی میں لکھا ہے۔ وہ یقیناً بمبئی میں ہندوستانی کے اولین معلم تھے، ہندوستانی کے پرستار ان پر جس قدر بھی ناز کریں کم ہے۔

سخاوت مرزا

پیم کہانی اور اس کا مصنف

پیم کہانی کے متعلق مولوی شیخ فرید صاحب ایم ۔ اے ۔ برھانپوری کا ایک مضمون رسالہ سبرس حیدر آباد مئی و جون سنہ ۱۹۵۶ء اور رسالہ معارف اعظم گڈھ دسمبر سنہ ۱۹۵۵ء میں شایع ہوا ہے ۔ صاحب موصوف کا ادعایہ ہے کہ پیم کہانی شیخ برھان الدین راز الہی رح المتوفی سنہ ۱۰۸۳ھ خلیفہ حضرت شیخ عیسٰی جند اللہ رح کی تصنیف ہے اور اہم استدلال یہ ہے کہ مولوی مطیع اللہ راشد کے مخطوطہ میں کاتب نے اسکو حضرت راز الہی رح کی تصنیف ہونا لکھا ہے ۔ ہم یہاں مختلف ادیبوں کے اقوال پیم کہانی کے مصنف کے متعلق درج کرتے ہیں :۔

جہاں تک ہم کو علم ہے پیم کہانی اور اسکے مصنف کا ذکر شاید سب سے پہلے مولانا حیات اللہ منعمی نے اپنی تالیف حجت العارفین میں کیا ہے جو سنہ ۱۲۰۴ھ کی تالیف ہے ۔ اس میں یہ لکھا ہے کہ حضرت میر سید دوست محمد برھانپوری رح نے فراق پیر میں پیم کہانی کہی تھی جو حضرت میر ابو العلا اکبر آبادی کے خلیفہ تھے ۔ دوسرے بزرگ مولانا سید شاہ محمد قاسم داناپوری ہیں جنہوں نے اپنی تالیف نجات قاسم میں اس مثنوی کا مصنف میر دوست محمد برھانپوری بیان فرمایا ہے ۔ تیسرے مولوی میر اکبر علی اکبر آبادی اڈیٹر ادیب و مؤلف سوانح میر ابو العلا اکبر آبادی قدس سرہ ہیں ۔ چوتھے مولوی سید علی بشیر اکبر آبادی مؤلف سوانح میر ابو العلا ہیں ، اور پانچویں مولوی سید عطا حسین بہاری مؤلف کیفیت العارفین و نسبت العاشقین مطبوعہ سنہ ۱۹۲۷ء ہیں ۔ اور چھٹے مولوی سید شاہ احید الدین اکبر آبادی ہیں جنہوں نے اپنی تالیف « اسرار ابو العلا » میں اسکا ذکر کیا ہے ۔ اور ساتویں مولوی افتخار احمد خلیل برھانپوری ہیں جنہوں نے اپنے ایک مضمون شعراء برھانپور مطبوعہ رسالہ اردو سنہ ۱۹۳۱ء صـ ۶۵۶ میں

اسکو میر دوست محمد برهانپوری کی تصنیف ہونا بیان کیا ہے اور یہاں تک لکھا ہے کہ نہ صرف پیم کہانی بلکہ مکتوبات میر ابو العلا رح کے مصنف و مؤلف حضرت ممدوح ہی ہیں۔ آٹھویں ہمارے ملک کے مشہور و معروف علامہ حضرت سید سلیمان ندوی مرحوم و مغفور نے نقوش سلیمانی ص ۴۱۱، میں پیم کہانی کا " مصنف علامہ میر دوست محمد برهانپوری " تحریر فرمایا ہے، نویں مؤلف تذکرۃ الکرام فی خلفاء اسلام مطبوعہ نولکشور کے صفحہ ۶۱۴ پر بھی یہی لکھا ہوا ہے۔ دسویں خود شیخ فرید صاحب نے ایک اور کتاب سلک گوہر کا حوالہ دیا ہے کہ اس کے مؤلف نے لکھا ہے کہ پیم کہانی میر دوست محمد برهانپوری کی تصنیف ہے۔ جس سے واضح ہے کہ مسٹر فرید نے " پیم کہانی " کے اصل مصنف کے متعلق زیادہ جستجو نہیں فرمائی، اور برهانپور کے بزرگ حضرت شیخ برهان الدین راز الہی قدس سرہ کے ساتھ کچھ خوش عقیدگی میں نہ صرف پیم کہانی بلکہ ان کی اور تصنیفات کے ضمن میں بعض اور مشہور بزرگوں کی نظموں کو بھی خلط ملط فرما دیا ہے اور حضرت موصوف ہی سے منسوب کردیا ہے اور فاضل مدیرین " سبرس " اور معارف نے اس پر کوئی نظر نہیں ڈالی، چنانچہ حضرت برهان الدین " راز الہی " کے مضمون میں جو پہلی نظم درج ہے وہ تو هندوستان کے مشہور و معروف بزرگ علامہ حضرت سید یوسف حسینی المعروف بہ راجو قتال قدس سرہ پدر بزرگوار حضرت سید محمد حسینی گیسودراز رح کی طرف منسوبہ تصنیف، مثنوی " تحفۃ النصایح " کی ہے، نہ کہ حضرت راز الہی رح کی اور تحفۃ النصایح کوئی غیر معروف تصنیف نہیں۔ کئی مرتبہ طبع اور شایع ہو چکی ہے اور اس کے دکھنی ترجمہ سے بھی حیدر آباد کے مؤلفین نے تعارف کرایا ہے۔ غرض وہی نظم مکتوبہ شیخ فرید صاحب تحفۃ النصایح مطبوعہ مطبع مخدومی کے صفحہ ۱۲۸ پر اسطرح درج ہے:-

یارب مرا گرداں چناں از راہ لطف و مرحمت
تا سگ شمارم اغنیا شاہاں نیارم در نظر

بہر حال موصوف سے ایک چوک ہوگئی ہے۔ پروفیسر شیخ فرید صاحب کے پیش نظر پیم کہانی کے تین نسخے ہیں۔ پہلا نسخہ ادارۂ ادبیات اردو حیدر آباد کا ہے اور

فاضل مضمون نگار نے تحریر فرمایا ہے کہ غالباً اس میں تقریباً پچاس دوھرے ھیں. لفظ " غالباً " کھٹکتا ہے، جبکہ اس نسخہ کی نقل صاحب موصوف کے پاس موجود ہے. دوسرا نسخہ جسکا موصوف نے حوالہ دیا ہے وہ مولانا سید مطیع اللہ راشد صاحب کا ہے. جسکے خاتمہ میں کاتب نے لکھا ہے کہ " تمت تمام شد پیم کہانی من تصنیف حضرت شاہ برہان الدین راز الہی مورخہ ۱۲ رجب دو شنبہ سنہ ۱۲۰۶ھ مقدمہ صورت اتمام یافت " (منقول از کرمنامہ راشد صاحب). تیسرا مخطوطہ کتبخانہ پیر محمد شاہ احمد آباد کا ہے، جسمیں صرف گیارہ دوھروں کی شرح ہے.

فاضل مضمون نگار نے جناب ارشد صاحب کے نسخہ پر اعتماد کر کے اسکو حضرت راز الہی کی تصنیف قرار دیا ہے. جو صحیح نہیں معلوم ہوتا. ان نسخوں کے جو اقتباسات درج کئیے ھیں اور جو آخری مناجات نقل کی ھے وہ تو وھی ھے جو کتبخانہ آصفیہ کے نسخوں میں موجود ہے، جو علی الترتیب ۱۲۲۷ھ، ۱۲۳۳ھ اور ۱۲۵۱ھ کے مکتوبہ ھیں اور حجت العارفین میں مولانا حیات اللہ منعمی رح نے جو ۱۲۰۴ھ کی تالیف ھے صرف ستائیس دوھرے بطور اقتباس نقل کئے ھیں، اس لحاظ سے سب سے پہلے اس کا ذکر مولانا منعمی نے فرمایا ھے جو جناب ارشد صاحب کے نسخہ سے بھی قدیم ھے اور لطف یہ ھے کہ شروح پیم کہانی مخزونہ کتبخانہ آصفیہ میں دو جگہ حضرت برہان الدین برہانپوری کے بعض اقوال درج ھیں اور حضرت موصوف کے نام کے ساتھہ " قدس سرہٗ " درج ھے، مثلا اسکے ص ۵ ھی پر لکھا ھے، شیخ برہان الدین برہانپوری قدس سرہ در کیفیت فنا فی اللہ اظہار نمود الخ اور ص ۸۴ پر تحریر ھے کہ " در ملفوظات حضرت شیخ برہان الدین برہانپوری قدس سرہ دیدہ شد " کہ میگوید دیدن حق ممکن نیست " جس سے یہ نتیجہ نکلتا ھے کہ اس کے شارح برخلاف فاضل مضمون نگار حضرت برہان الدین رح نہیں ھوسکتے. مولوی عطا حسین بہاری منعمی ابوالعلائی نے کیفیت العارفین و نسبت العاشقین میں لکھا ھے کہ " پیم کہانی کی دو شرحیں ھیں ایک تو خود حضرت میر دوست محمد برہان پوری کی لکھی ہوئی ھے اور دوسری انکے برادر طریقت حافظ محمد صالح قدس سرہ کی ھے اور یہ دونوں مولوی صاحب موصوف

کی نظر سے گذری ہیں۔ آخر الذکر کا ایک نسخہ کتبخانہ انجمن ترقی اردو علیگڈھ میں موجود ہے۔ مولوی شیخ فرید صاحب کی محولہ دو شرحوں اور کتبخانہ آصفیہ کی شرحوں سے باہمی مطابقت ہوتی ہے، اور یہ ثابت ہے کہ یہ شرح شیخ برہان الدین رح برہانپوری کی وفات کے بعد لکھی گئی۔ شیخ برہان الدین راز الہی رح کا وصال ۱۰۸۳ھ میں ہوا اور میر دوست محمد برہانپوری نے ۱۰۹۰ھ میں وفات پائی۔ اور اول الذکر شطاری اور آخر الذکر ابوالعلائی نقشبندی طریقہ کے پیرو تھے اور دونوں حضرات برہانپوری ہیں، بعض برہانپوریوں نے پیم کہانی کو حضرت راز الہی سے منسوب کردیا، جن کے پاس کوئی ایسی قوی دلیل نہیں ہے اور اکبرآبادیوں اور خانقاہ دانا پوریوں اور حیدرآباری ابوالعلائیوں نے اسکو میر دوست محمد برہانپوری سے منسوب کردیا ہے۔ مگر آخر الذکر فریق کے یہاں تو تواتر کے ساتھ پیم کہانی مولانا میر دوست محمد کی ہونا بیان کیا ہے اور ان کا ماخذ بھی اس وقت برہانپوریوں سے زیادہ قدیم ہے۔ اور بھی سن لیجئے کہ برسوں گزرے کہ اصل متن مثنوی پیم کہانی شمالی ہند کے مطبع مصطفائی میں طبع اور شایع ہوا تھا جس کا ایک نسخہ مولوی ڈاکٹر عبد الحق صاحب صدر انجمن ترقی اردو پاکستان کے کتبخانہ میں موجود ہے جو عرصہ ہوا کہ میری نظر سے گزرا تھا اور مولوی ابو محمد عمرالیافعی صاحب حیدرآبادی نے بابائے اردو کو ہدیۃ دیا تھا۔

ہمارا خیال ہے کہ پیم کہانی دراصل میر دوست محمد برہانپوری کی تصنیف ہے۔ حضرت موصوف سالہا سال تک علاقہ اتر پردیش اور پورب بنگال و بہار میں رہے اور علاقہ بنگال ہی سے پیر کی تلاش میں، حضرت میر ابوالعلا قدس سرہ کے کمالات روحانی و کشف و کرامات کو سن کر اکبرآباد تشریف لائے تھے اور اسی لیئے ہندی بھاشا سے خوب واقف تھے اور اس کے ابتدائی اشعار اور سوز و گداز سے ظاہر ہے کہ یہ فراق پیر میں جیسا کہ اکبرآبادیوں نے لکھا ہے، میر دوست محمد برہانپوری نے کہی ہے — اس کا مطلع اس کی اس طرح غمازی کر رہا ہے:

پیم کہانی کہت ہوں سنو سکھی تم آئے
پیا ڈھونڈن کو ہوں گئی آئی آپ گنوائے
باتوں باتوں بس جھرے دیکھت ہی گھر جائے
پیم گلی ات سانکری پی بن کچھ نہ سہائے
پیم لگو موہے آئے کے جیورا نکسا جائے
اے رے سکھی کچھ پیم کی بات کہو تک آئے
پیم نگر سوں آئے کے سدہ بدہ سبے رہے کون
سدہ بدہ یوں گھل جات ہے جیوں پانی میں لون
نا جانوں یہ جوڑا کا سون لاگو جائے
پہیں تک آوت نہیں رہی ہوں ماما کھائے

سری کرشن جی اور دوابہ گنگا و جمنا کی ایک تلمیح ملاحظہ ہے:

گؤ چراوت پھرت ہے نت اوتھر جمنا نیر
ایک چھن چین نہ دیت ہے چنچل نپٹ اہیر

بعض کا خیال ہے کہ میر دوست محمد برہانپوری کا مزار اورنگ آباد دکن میں ہے۔ شاہ مسافر اورنگ آبادی آپ کے خلیفہ تھے۔ مگر افتخار احمد خلش کا بیان ہے کہ آپ کا مزار برہانپور میں مسافر شاہ کے تکیہ میں ہے نہ کہ تکیہ مسافر شاہ اورنگ آباد بن چکی۔ مزید تحقیقات طالب ہے اور مولانا شاہ محمد حسن صابری نے تواریخ آئینہ تصرف مطبوعہ میں لکھا ہے کہ شاہ دوست محمد کا مزار الہ آباد اور مولد بھی۔ وہی اور وفات ۱۱۴۷ھ جو تعجب خیز ہے۔

عصمت جاوید

مولوی عبد الحق کا اسلوب نگارش

کسی ادیب کے اسلوب نگارش کا تجزیہ کرتے وقت سب سے پہلے ہمارا ذہن اسکے فکری جذباتی اور جمالیاتی پہلوؤں کی طرف جاتا ھے یعنی ہم یہ دیکھتے ھیں کہ اس ادیب نے صحت الفاظ و معانی کا خیال رکھا یا نہیں۔ اسکی تحریر میں سلاست و روانی کی خوبی ھے یا نہیں اور اسکے مافی الضمیر اور اسکی ادائیگی میں کس حد تک ہم آھنگی پائی جاتی ھے۔ یہ تو ھوا اسکا فکری پہلو، جہاں تک جذباتی پہلو کا تعلق ھے ہم یہ دیکھتے ھیں کہ اسکی تحریر میں زور بیاں، گرمی اظہار اور خیال کے ساتھ ساتھ احساس کو ظاھر کرنے کی قدرت ھے یا نہیں، اسکے علاوہ اس اسلوب کا جمالیاتی پہلو بھی ھمیں دعوت نظارہ دیتا ھے یعنی حسین بندشیں، دلفریب ترکیبیں خوبصورت تشبیہیں اور استعارے اور مترنم الفاظ ھماری توجہ اپنی طرف منعطف کرلیتے ھیں۔ اسلوب نگارش کا یہ تجزیہ مصنف کی شخصیت کو پس پشت ڈال کر بھی کیا جاسکتا ھے اور ھمارے تنقیدی ادب میں اب سے چند دہ سالوں قبل تک اس پر عمل بھی ھوتا رھا ھے لیکن یہ تجزیہ اس لئے نا کافی ھے کہ اسلوب کے فکری، جذباتی اور جمالیاتی پہلوؤں کے سوتے ادیب کی شخصیت سے پھوٹتے ھیں اور اسلوب نگارش کا تعلق صرف جملوں کی ساخت، الفاظ کی نشست، بندش کی چستی فقروں کی برجستگی اور فصاحت و بلاغت کی چمن بندی سے نہیں ھوتا، یہ در اصل اسلوب کے مظاھر ھیں۔ اسکا سرچشمہ نہیں، اس کا سرچشمہ ادیب کی انفعالی مگر فعال شخصیت میں رو پوش ھوتا ھے۔ ادب سماجی تخلیق ھونے کی حیثیت سے ایک عام ملکیت ضرور ھے لیکن اسلوب پر ادیب کی اجارہ داری ھوتی ھے۔ اسی لئے نیومن ادب کو "زبان کے ذاتی استعمال" کا نام دیتا ھے۔ سائنس میں عام یا زیادہ سے زیادہ اصطلاحی زبان کا استعمال ھوتا ھے۔ اسکا معروضی نقطۂ نظر سائنس داں کی شخصیت کو کافی حد تک محو کردیتا ھے۔ ہم یہ نہیں پوچھتے کہ ڈارون کا اسلوب نگارش کیا تھا۔ نہ یہ جاننا چاھتے

ہیں کہ نپولین کی «طرز گفتار» کیا تھی، لیکن ادب کے معاملہ میں یہی سوال بنیادی حیثیت اختیار کرلیتا ہے اسلئے کہ اگر ادب پر شخصیت کے توسط سے زندگی کی چھاپ نہ پڑے تو ہم اسے کسی صورت میں ادب ماننے کے لئے تیار نہیں ہونگے جسطرح ایک عام آدمی کی تربیت، ماحول اور اسکا مزاج اسکے انداز فکر اور طرز گفتار و کردار کو متعین کرتے ہیں، اسی طرح ایک ادیب کی افتاد طبع، اسکا مبلغ علم، نظریہ حیات و فن، قوت مشاہدہ ذہنی اپج اس تک پہنچا ہوا تہذیبی ورثہ، ثقافتی سرمایہ، ادبی روایات ہئیت و مواد میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے تقاضے اور موضوع بیان سے اسکی گہری یگانگت یہ سب ملکر اسکے اسلوب کی تشکیل کرتے ہیں. اسلئے کسی ادیب کے اسلوب نگارش کا تجزیہ کرنے کے لئے صرف یہ کہہ دینا کافی نہیں ہے کہ فلاں شاعر کے کلام میں سلاست، روانی اور سادگی پائی جاتی ہے. یا فلاں انشا پرداز کی تحریر میں غضب کا جوش یا رنگینی ہے بلکہ اس سلسلہ میں زیر نظر ادیب کی شخصیت، اسکا ماحول، اسکا موضوع ادبی روایات سے متعلق اسکا نقطئہ نظر اور اسی قسم کے متعلقہ مسائل زیر بحث آنے چاہئیں.

اسلوب بیان کی تشکیل میں بعض اوقات شعور کو بھی دخل ہوتا ہے. اس لئے کہ شخصیت زبان و مکان کی تخلیق ہونے کے باوجود ایک حد تک فعال بھی ہوتی ہے. ایسی صورت میں تصنع کا امکان بڑھ جاتا ہے. ایسے ادیب کو جو شعوری طور پر کوئی مختصر رنگ اپناتا ہے. نقال کہنا تو مشکل ہے خصوصاً اس صورت میں جب وہ اخفائے فن کے فن سے بھی واقف ہو لیکن اس کا درجہ یقیناً اس ادیب سے کمتر ہے جو غیر شعوری طور پر کسی خاص اسلوب کا مالک ہوتا ہے.

مولوی عبدالحق ان معنوں میں اعلیٰ درجہ کے فنکار تھے کہ انہوں نے صاحب طرز انشاپرداز بننے کی کبھی شعوری کوشش نہیں کی بلکہ اپنے تاثرات و احساسات کو زبان کے مناسب مادی پیکر میں ظاہر کرنے کی سعئی مشکور اس انداز سے کرتے رہے کہ ان کی تحریروں میں انشاپردازی کا رنگ خود بخود ابھر آیا اور

ان کی شخصیت کا عکس ان کی تحریروں میں خود بخود جھلکنے لگا. انہوں نے اپنی زندگی میں حیات انسانی کے کئی نشیب و فراز دیکھے تھے، ان کے دیکھتے دیکھتے خود اردو ادب میں کئی نئی تحریکیں چلیں، ادب میں کئی ناکام و کامیاب فنی تجربے کئے گئے. اردو کے اسالیب بیان نے نئے نئے روپ دھارے. سرسید ناصر علی خان، حالی، آزاد، شبلی، شرر، نذیر احمد، خلیقی دہلوی، رفیعی اجمیری، سلطان حیدر جوش، ابو الکلام آزاد، خواجہ حسن نظامی، فرحت اللہ بیگ، رشید احمد صدیقی، مسعود حسن ادیب، عبد الماجد دریا بادی، سجاد انصاری، مہدی افادی ریاض خیرآبادی، نیاز فتحپوری وغیرہم کے اسالیب بیان ان کی نگاہوں سے گزرے ہوں گے. ان کے دیکھتے دیکھتے ایسے انشا پرداز بھی ابھرے جو حقیقی انشا پرداز تھے اور ایسے بھی جو نام نہاد نقاد تھے اور تنقید میں انشا پردازی کے جوہر دکھاتے تھے، یہ سب کچھ ہوا لیکن ان کے اسلوب نگارش کا دھارا شان بےنیازی کے ساتھ اپنے ہی خطوط پر بہتا رہا. انہوں نے سوانے سرسید، حالی اور نذیر احمد کے اسالیب کے کسی اور کا اثر مطلق قبول نہیں کیا.

ان کے مزاج نے ادب کے جس شعبہ کو اختیار کیا وہ ایسا نہیں تھا جس میں معروضی نقطۂ نظر شجر ممنوعہ کی حیثیت رکھتا ہے، انہوں نے اپنے لئے نظم کا نہیں بلکہ نثر کا ذریعہ منتخب کیا جس میں موضوع کے اعتبار سے معروضی اور موضوعی دونوں نقاط نظر کی گنجائش ہے. چونکہ ان کے ادبی مزاج میں ان دونوں نقاط نظر کی صلاحیت تھی اس لئے جہاں وہ ایک محقق، مورخ، «واقف لسانیات» اور نقاد تھے وہاں ایک انشا پرداز کا تخیل اور دل گداختہ بھی رکھتے تھے اس لئے ان کا اسلوب بعض مقامات پر تو انتہائی باقاعدہ (Exact)، تجزیاتی اور سائنٹفک ہے لیکن موضوع کی مناسبت سے کہیں انتہائی شاعرانہ اور کہیں خطیبانہ بھی ہوجاتا ہے، کہیں طنز کی تلخی بھی اور کہیں زخم پر انگلی رکھنے کے بعد مرہم لگانے کا مربیانہ انداز بھی. وہ ایک محقق اور نقاد ضرور تھے لیکن «جذبات لطیفہ» اور «وجدان قلب» کو بڑی اہمیت دیتے تھے مولوی

چراغ علی کے طرز تحریر پر تبصرہ فرماتے ہوئے لکھتے ہیں ، جس بات کو وہ لیتے ہیں اس پر اس خوبی اور جامعیت سے بحث کرتے ہیں کہ پھر اس میں کسی اور اضافہ کی گنجائش نہیں رہتی البتہ ایک کسر ان کی مذہبی تصانیف میں ضرور نظر آتی ہے اور وہ یہ کہ ان کی تحریر میں گرمی نہیں اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ سرد مہر منطقی ایک ایسے مبحث پر جس سے اسے دلچسپی ہے بحث کر رہا ہے اور واقعات اور دلائل و براہین پیش کر کے بال کی کھال نکال رہا ہے۔ حالانکہ مذہب کو منطق و استدلال سے اتنا تعلق نہیں جتنا کہ انسان کے ، جذبات لطیفہ ، یا ، وجدان قلب سے ہے ، اور یہی ، جذبات لطیفہ ، اور ، وجدان قلب ، جو ادب کے لئے بھی روح کا درجہ رکھتے ہیں۔ انہیں جہاں ایک غیر متعصب مولوی بناتے ہیں۔ وہاں ان میں ایک انشا پرداز کو بھی جنم دیتے ہیں لیکن ان کی طبیعت کا توازن انہیں نہ تو ذکاء اللہ بننے دیتا ہے اور نہ محمد حسین آزاد ، نیکی و بدی کیا ہے ، اخلاق کیا ہے ، صحت کسے کہتے ہیں ، ذوق کس چیز کا نام ہے ، اگر ان سب باتوں پر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ان سب کا مدار اعتدال پر ہے ۔ ، مولوی صاحب مسلک اعتدال صرف عقلی اعتبار سے پسند نہیں کرتے تھے بلکہ یہ ان کے مزاج میں رچا ہوا تھا اور یہ خوبی ان کے اسلوب کی بھی نمایاں خصوصیت بن گئی ہے۔ اسی اعتدال نے ان میں میانہ روی پیدا کی۔ انہیں تعصب سے نفرت سکھائی۔ اسی مسلک نے ان کے دل میں اردو زبان سے والہانہ محبت پیدا کی اس لئے کہ ان کی نظر میں یہ زبان ، کسی خاص فرقے یا کسی خاص ملت کی نہیں ہے۔ اس پر دنیا کی تین بڑی قوموں نے عرق ریزی کی ہے ، ھندو اس کی ماں ہیں ، مسلمان اس کے باوا ھیں اور انگریز اس کے گاڈ فادر ہیں ، لفظ ، مولوی ، ان کے نام کا جزو بن گیا ہے اس کے باوجود وہ کبھی ، نرے ملا ، نہیں بنے ۔

مولوی عبد الحق کی شخصیت میں جہاں توازن بے تعصبی اور وسیع القلبی تھی وہاں راست گوئی ، کم سخنی ، خلوص اور واضح غور و فکر کی عادت یہ سب ان کی شخصیت کے اجزائے ترکیبی تھے۔ وہ عملی زندگی میں بھی کم سخن اور اپنی

تحریروں میں بھی کفایت لفظی کے قائل تھے۔ ان کی تحریروں میں طویل جملے شاذ ہی ملیں گے لیکن ان کے الفاظ کی کفایت یا ان کے جملوں کا اختصار ان کے خیالات کے "اختصار" پر دلالت نہیں کرتا تھا اور نہ جملوں کا اختصار میکانیکی تھا۔ یہ بات ان کے اسلوب کو خواجہ حسن نظامی کی "مختصر نویسی" سے ممتاز کرتی ہے۔ ان کی تحریروں میں سادگی کے ساتھ پرکاری بھی ہے۔ اپنی تصنیف "سرسید احمد خاں" میں ایک جگہ فرماتے ہیں "سادگی و پرکاری کمال صناعی ہے اس میں ادب بھی شامل ہے۔ سادہ زبان لکھنا آسان نہیں۔ سادہ زبان لکھنے کے یہ معنی (کذا) نہیں کہ آسان لفظ جمع کردئے جائیں۔ ایسی تحریر سپاٹ اور بے مزہ ہوگی۔ سلاست کے ساتھ لطف بیان اور اثر بھی ہونا چاہیے — تحریر یا تقریر کا مقصد ہوتا ہے کہ لوگ اسے سمجھیں اور اس کے اثر کو قبول کریں اور لطف اٹھائیں، اگر یہ نہیں تو تحریر ہو یا تقریر محض بیکار اور تضئیع اوقات ہے۔ بیان میں سادگی اس وقت پیدا ہوتی ہے جب قائل کے ذہن میں موضوع کا ہر پہلو واضح ہو اور یہ بات اس وقت حاصل ہوتی ہے جب اس میں صحیح سے زیادہ واضح غور و فکر کی عادت ہو۔ مولوی عبدالحق ایک سلجھا ہوا ذہن رکھتے تھے۔ وہ جو کچھ لکھتے تھے اسے اچھی طرح سمجھنے کے بعد اور دل میں محسوس کر کے لکھتے تھے، خیالات پر ان کی گرفت بڑی مضبوط ہوتی تھی اور اسی واضح غور و فکر کی عادت نے ان کی تحریر میں غضب کی روانی اور سلاست پیدا کی ہے۔ واضح غور و فکر کا طرز تحریر پر کیا اثر پڑتا ہے خود انہی کی زبانی سنیے "ہم آسان اسلئے نہیں لکھتے کہ آسان لکھنا آسان نہیں بہت مشکل ہے، اول تو لکھنے والے کو زبان پر پوری قدرت ہو، جس خیال کو وہ ادا کرنا چاہتا ہے وہ ہمارے ذہن میں اسقدر صاف اور روشن ہو اور اس کا ہر پہلو اس قدر جچا ہوا ہو کہ ہم لکھنے بیٹھیں تو صفحہ کاغذ پر موتی کی طرح ڈھلکتا ہوا نظر آئے۔ جب خیال خود ہمارے ذہن میں سلجھا ہوا نہیں ہوتا تو بیان بھی مبہم اور تاریک ہوتا ہے اور اس وقت مشکل الفاظ پیچیدہ طرز بیان کی آڑ لینی پڑتی ہے": ان کی فلسفیانہ تحریروں (مثلاً ان کا طویل مقدمہ معرکۂ مذہب و سائنس) میں بھی ڈھونڈھے سے شاید ہی ژولیدہ بیانی کی کوئی مثال ملے۔

راست گوئی انکے اسلوب کا دوسرا جوہر ہے ۔ وہ مختصراً الفاظ میں دوسروں کے متعلق بے لاگ رائے دیتے تھے لیکن جس چیز نے انکے اسلوب کو حد درجہ حسین دلاویز اور پرتاثیر بنا دیا ہے ۔ وہ انکا خلوص ہے جس نے انکے فکر کو جذبہ میں سمو دیا تھا ۔ انہوں نے "چند ہم عصر" میں آزاد اور فرحت اللہ بیگ کی طرح افراد کی ظاہری ہیئت کی قلمی تصویریں نہیں کھینچیں بلکہ اپنی جانی پہچانی شخصیتوں کی سیرت کے نمایاں پہلو صرف منتخب واقعات کے پس منظر میں پیش کئے ہیں لیکن اسکے باوجود یہ تحریریں "واقعات کی کھتونی" کے ضمن میں نہیں آتیں ، انکی ادبی حیثیت مسلم ہے ۔ ان تحریروں میں وہ افسانویت بھی نہیں ملتی جو ہمیں آزاد و فرحت کے یہاں ملتی ہے لیکن چونکہ ان میں کہنے والے کا خلوص ، اسکی تیز نظریں ، اسکی ہمدردی ، اسکا متوازن نقطہ نظر اور جچا تلا انداز شامل ہے اسلئے یہ تحریریں خاکہ نگاری کی شعوری کوششیں نہ ہونے کے باوجود خاکہ نگاری کی منفرد مثالیں بن گئی ہیں ۔ ان تحریروں میں فکر و جذبہ کا جو امتزاج خارجی واقعات کا جو داخلی اظہار اور معروضیت و موضوعیت کی جو حسین آمیزش پائی جاتی ہے اسکی مثال اردو ادب میں سوائے خطوط غالب کے اور کہیں نہیں ملتی ۔ فرق صرف یہ ہے کہ غالب کے خطوط میں روز مرہ کے واقعات ہیں اور مولوی عبد الحق کے خاکوں میں سیرت کے حسین و جمیل اور جیتے جاگتے نقوش ۔

مولوی عبدالحق کی شخصیت اور انکے اسلوب نگارش کا ذکر چھڑ جائے تو سر سید اور حالی کا ذکر ناگزیر ہوجاتا ہے اور یہ امر واقعہ ہے کہ مولوی عبدالحق کا خمیر انہی دونوں دلاویز شخصیتوں کے حسین امتزاج سے اٹھا ہے ۔ وہ سر سید ہی کے تربیت یافتہ سپاہی تھے جن سے انہوں نے جوش عمل ، درایت پسندی (rationalism) ، جذبۂ ایثار ، علمی سرگرمی اپنے مقصد کو حاصل کرنے کی دھن ، اردو زبان کو صرف ادبی نہیں بلکہ علمی زبان بنانے کی لگن ، ذریعہ تعلیم کے لئے انگریزی کے برخلاف ملکی زبان کے استعمال کا نقطہ نظر سبھی کچھ سیکھا ۔ سرسید نے جسطرح اردو نثر کو مسجع و مقفٰی عبارتوں کی بھول بھلیوں سے نکالا تھا وہ انکی نظر میں تھا ۔ اپنے مافی الضمیر کو بے کم و کاست ٹھیٹ انداز میں

پیش کردینا سرسید کی تحریر کی خصوصیت تھی، ناممکن تھا کہ عبدالحق زبان کے اس ترقی پسند رجحان سے متاءثر نہ ہوتے. وہ تہذیب الاخلاق کی ادبی خدمات کا ذکر کرتے ہوئے اپنی تصنیف « سرسید احمد خاں » میں لکھتے ہیں « متین، سادہ اور خوشگوار نثر لکھنا اسی نے سکھایا، حقیقت یہ ہے کہ اردو نثر میں جو انقلاب اور ترقی ہم اسوقت دیکھتے ہیں اور اسمیں جو وسعت اور ادبی علمی صلاحیت پائی جاتی ہے وہ سید کا طفیل ہے ». سرسید اور انکی کارگزاریوں کا ذکر کرتے وقت انکا اسلوب پرجوش اور خطیبانہ ہوجاتا ہے. یہاں انکے مقدمۂ « اعظم الکلام فی ارتقاء الاسلام » سے ایک اقتباس پیش کیا جاتا ہے جس میں نہ صرف سرسید کے متعلق انکے تاءثرات ملتے ہیں بلکہ خود انکے اسلوب پر بھی روشنی پڑتی ہے. چونکہ غدر کے بعد ہندوستان مسلمان جن حالات سے گزر رہے تھے، ان کا علم رکھنے کے بعد ہی ہم سرسید کی کارگزاریوں کی قدر و قیمت کا تعین کرسکتے ہیں اسی لئے مولوی عبدالحق نے پہلے جو ان مسلمانوں کی زبوں حالی اور انکی بے سرو سامانی کا نقشہ کھینچا ہے اسے دیکھیے الفاظ کس قدر سادہ مگر انداز بیاں بالراست دل میں اتر جانے والا ہے. فرماتے ہیں « غدر ۱۸۵۷ء سے مسلمانان ہند کی حالت میں ایک انقلاب عظیم پیدا ہوا، اگرچہ اقبال کبھی کا منہ موڑ چکا تھا لیکن پھر بھی برائے نام باریک سا پردہ آنکھوں کے سامنے حائل تھا. اس پردے کے اٹھتے ہی ادبار کی بھیانک اور مہیب تصویر نظروں کے آگے پھر گئی — اخوت اور محبت کے اثر دلوں سے محو ہوچکے تھے. البتہ مذہب سے محبت ضرور تھی مگر وہ بھی نادان دوست کی محبت سے زیادہ نہ تھی. حکومت جا چکی تھی. اقبال منہ موڑ چکا تھا، دولت سے بہرہ نہ تھا، علم پاس نہ تھا، اغیار تو اغیار خود یار و مددگار جان کے لیوا تھے. آفات کا نزول تھا، ادبار کی چڑھائی تھی — مسلمانوں کی حالت اس وقت اس بے سرو سامان اور لٹے ہوئے قافلے کی سی تھی جو ایک لق و دق صحرا میں جا نکلا ہے، جہاں راستہ کا نشان گم ہے زاد راہ مفقود ہے، ہر طرف سے طوفان بپا ہے مگر اس پر بھی ایک دوسرے سے لڑتے مرتے ہیں. » اس پس منظر میں سرسید کی کرم وقار شخصیت کا ابھرنا مولوی صاحب ہی کے الفاظ میں دیکھیے « وہ

کوئی انوکھا شخص نہ تھا، ہماری ہی سوسائٹی میں اس نے پرورش پائی تھی. وہ کوئی عالم فاضل نہ تھا، مالدار اور دولت مند نہ تھا، صاحب جاہ (و) ذی اثر نہ تھا؛ وہ ہر لحاظ سے ایک معمولی آدمی تھا لیکن ہاں اسے ایک دل ملا تھا جس میں درد اور واقعات سے متاثر ہونے کی صلاحیت تھی. لیکن کیا کسی اور کے دل میں درد نہ تھا، ہوگا اور ممکن ہے کہ اس سے زیادہ ہو لیکن اگر ذرا درد بھی درد ہوا تو پھر انسان اس کے جذبہ اور زور میں اپنے تئیں نہیں سنبھال سکتا مگر اس درد کے ساتھ اسے دماغ بھی ویسا ہی عطا ہوا تھا، اور دل و دماغ کی یہ دونوں خوبیاں عبد الحق میں بھی موجود تھیں جنہوں نے سرسید کی مشن کی صرف ایک شاخ یعنی خدمت زبان اردو کو اپنے لئے مختص کرلیا اور وہ بھی اس طرح کہ قوم سے "بابائے اردو" کا خطاب حاصل کرکے رہے اور "بیسویں صدی کے سرسید" کہلائے.

اس کے علاوہ مولوی عبد الحق کو حالی کا جانشین بھی کہا جاتا ہے اور یہ بات غلط بھی نہیں. انہوں نے مولوی حالی کی سیرت پر جو تبصرہ کیا ہے اس میں سے جستہ جستہ فقرے یہ ہیں "مولانا کی سیرت میں یہ دو ممتاز خصوصیتیں تھیں، ایک سادگی اور دوسری درد دل — مولانا حالی جیسے پاک سیرت اور خصائل کا بزرگ مجھے ابھی تک نہیں ملا — خاکساری اور فروتنی خلقی تھی — بہت ہی رقیق القلب تھے — تعصب ان میں نام کو نہ تھا — نام و نمود چھو کر نہیں گیا تھا — ان کا ذوق شعر اعلیٰ درجہ کا تھا — مخالفت سہنے کا ان میں عجیب و غریب مادہ تھا -- ضبط اور اعتدال ان کے دو بڑے اوصاف تھے -- مولانا نے دنیاوی جاہ و مال کی کبھی ہوس نہیں کی -- مروت کے پتلے تھے - طبیعت میں حیا تھی -- ہم عصروں اور ہم چشموں کی رقابت پرانی چیز ہے. مولانا اس عیب سے بری معلوم ہوتے ہیں. -- وہ بڑے شگفتہ مزاج اور خوش طبع تھے -- شرافت اور نیک نفسی ان پر ختم تھی --" مولوی صاحب نے مذکورۂ بالا مضمون میں مولانا حالی کی "مدلل مداحی" نہیں کی ہے بلکہ مولانا حالی کے متعلق اپنے تاثرات خلوص دل سے پیش کئے ہیں. اگر ہم مولوی صاحب کی سیرت کا مطالعہ کریں تو ہمیں خود ان کی ذات میں کم و بیش وہی خوبیاں

ملیں گی جو انہوں نے مولانا حالی میں پائی ہیں۔ وہی مزاج کی سادگی، وہی خلوص مقصد، وہی جرأت اعتقاد، وہی لب و لہجہ کا دھیما پن، وہی افکار و آرا میں توازن وہی جچا تلا انداز، وہی متانت، وہی ذوق خود نمائی سے گریز، وہی افہام و تفہیم کا معلمانہ انداز، وہی وضع داری، وہی شریف النفسی۔ اگر حالی نے قوم کی فلاح کے لیئے "مسدس حالی" کو جلب منفعت کا ذریعہ نہیں بنایا تو مولوی عبدالحق نے بھی درسیہ عثمانیہ کے تحت اپنی مرتب کردہ ریڈروں اور "قواعد اردو" سے حاصل ہونے والی آمدنی انجمن ترقی اردو اورنگ آباد کے لیئے وقف کردی تھی۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ ان کے اور حالی کے اسلوب میں حیرت انگیز مماثلت نظر آتی ہے۔ یہ مماثلت خوشہ چینی یا نقالی کا نتیجہ ہرگز نہیں ہوسکتی۔ حالی اردو زبان کو ہندو اور مسلمانوں کی مشترکہ میراث سمجھتے تھے اور انہوں نے مسلمان ادیبوں کو سنسکرت یا کم سے کم "برج بھاشا" سیکھنے کی تلقین کی تھی۔ اس کو وحید الدین نے آگے بڑھایا مگر یہ سب حضرات اپنی تحریروں میں اس کا کوئی عملی ثبوت پیش نہیں کرسکے۔ مولوی عبدالحق نے اپنے پیر معنوی کے مسلک کو تسلیم ہی نہیں کیا بلکہ اسے عملی جامہ بھی پہنایا اور اپنی تحریروں میں زیادہ سے زیادہ ہندی الفاظ استعمال کرنے کی نظیر قائم کی، یہی نہیں بلکہ انہوں نے علمی بحث میں بھی بول چال کے الفاظ استعمال کئے ہیں، اس کی اصل وجہ زبان سے متعلق ان کا مخصوص نقطہ نظر ہے۔ وہ عوامی بول چال کو ادبی درجہ دینے کے حق میں تھے اور ڈپٹی نذیر احمد کے طرز تحریر کو سراہتے تھے جن کا شمار ان کی نظر میں "محسنین اردو" میں تھا۔ عام بول چال کے متعلق ان کی رائے یہ تھی کہ "وہ زبان کیلئے بمنزلہ دل کے ہے جس سے ہر وقت اسے خون پہنچتا رہتا ہے اور جس وقت یہ رسد بند ہوجاتی ہے تو زبان سوکھنی شروع ہوجاتی ہے اور کتابوں کے اوراق میں بند ہو کے رہ جاتی ہے۔ تمام دنیا کی جو مردہ زبانیں کہلاتی ہیں اسیطرح مردہ ہوئیں۔ کیا ہم اردو کو بھی محدود مفلوج اور مردہ کرنا چاہتے ہیں۔" انہوں نے اپنی تحریروں میں ہندی کے جو اکثر الفاظ استعمال کئے ہیں وہ باستثنائے چند سرسید کے الفاظ میں تاج گنج کے روضہ میں سنگ مرمر پر عقیق و یاقوت و زمرد کی پچی کاری سے کم نہیں۔

مولوی عبدالحق کچھ باتوں میں حالی سے مختلف بھی ہیں۔ ایک نمایاں اختلاف مزاج کا ہے۔ حالی مروت کے پتلے تھے اسلئے اپنے نکتہ چینوں کے اعتراضات کا جواب خاموش رہ کر دیتے تھے ع سب کچھ کہا انہوں نے پر ہم نے دم نہ مارا انکا مسلک تھا۔ مولوی عبدالحق حالی کے مقابلہ میں زیادہ صاف گو تھے۔ ان کی پسند اور ناپسندیدگی دونوں حالی کے مقابلہ میں زیادہ شدید تھیں اس لئے ان کی تحریروں میں کہیں کہیں جذباتی شدت کی بدولت بلا کا زور پیدا ہوجاتا ہے وہ طنز کے تیر و نشتر بھی استعمال کرتے ہیں اور کبھی کبھی شوخی و ظرافت سے بھی کام لیتے ہیں۔ مولانا حالی کے طرز تحریر کو احسن مارہروی نے ایک ایسے دریا سے تشبیہ دی ہے، جو بغیر کسی جوش و خروش کے پورے وقار و عظمت کے ساتھ بہا چلا جاتا ہے، لیکن مولوی صاحب کا اسلوب نگارش ایسا دریا ہے جسکی خاموش لہروں میں کبھی کبھی طوفان بھی اٹھتے ہیں۔ حالی اور عبدالحق دونوں تشبیہات و استعارات اپنی تحریروں کو سجانے کیلئے نہیں بلکہ اپنا مافی الضمیر واضح طور پر پیش کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں لیکن مولوی عبدالحق کبھی کبھی ان سے انتقال تاثر کا بھی کام لیتے ہیں۔ مثلاً ایک جگہ مولانا محمد علی جوھر کی آتش مزاجی کا ذکر ان الفاظ میں فرماتے ہیں، بعض اوقات ذراسی بات پر اسقدر آگ بگولہ ہوجاتا تھا کہ دوستی اور محبت طاق پر دھری رہ جاتی تھی۔ دوست بھی اسکے جاں نثار اور فدائی تھے۔ لیکن اسطرح بچتے تھے جیسے آتش پرست آگ سے بچتا ہے، حالی کے برخلاف مولوی عبدالحق اپنے حریف کو معاف کرنا نہیں جانتے تھے اسلئے ایسے مقامات پر انکی تحریر میں طنز کی تلخی بڑی شدید اور حریف پر انکی ضرب بڑی کاری ہوتی ہے۔ شبلی نے حیات جاوید کو جس انداز سے "کتاب المناقب"، "مدلل مداحی" اور "کذب و افترا" کا آئینہ کہا تھا وہ بات مولوی صاحب کے دل میں ترازو ہوگئی تھی۔ اس لئے جب اور جہاں بھی موقع ملا وہ شبلی پر وار کرنے سے نہیں چوکے۔ یہ بات حالی میں نہیں تھی بلکہ خود شبلی میں موجود تھی۔ فرق صرف اتنا ہے کہ شبلی اپنی انا کی وجہ سے کچھ معاصرین کو خاطر میں نہیں لاتے تھے اور مولوی عبدالحق ان لوگوں کو خاطر میں نہیں لاتے تھے جن میں انا ہو۔

جیسا کہ کہا جاچکا ہے مولوی صاحب کو تعصب اور تنگ نظری سے بڑی چڑ تھی. اس لئے جب مولویوں نے ڈپٹی نذیر احمد کی « امہات الامہ » کے تمام نسخے صرف اس جرم میں نظر آتش کر دیے کہ اس میں مقدس ہستیوں کی شان میں چند ایسے فقرے استعمال ہوئے ہیں جن سے ان کی کسر شان کا پہلو نکلتا ہے تو مولوی عبد الحق تنگ نظروں کا یہ مظاہرہ برداشت نہیں کرسکے. انہوں نے اس واقعہ کی تصویر ایسے محاکاتی اور جذبات سے بھرپور انداز میں کھینچی ہے کہ ان کے دل پر لگا ہوا کاری زخم اور مولویوں کی تنگ نظری کی بھیانک تصویر دونوں واضح طور پر نگاہوں کے سامنے آتے ہیں. پوری عبارت کو مہدی الافادی کی اصطلاح میں « ادب العالیہ » میں جگہ ملنی چاہیے. اقتباس طویل ضرور ہے لیکن اسکی ادبی اہمیت کو دیکھتے ہوئے ضروری نہیں کہ اقتباس پیش کرنے والا معذرت خواہ ہو. فرماتے ہیں « امہات الامہ کا شائع ہونا تھا کہ دلی میں ایک ہنگامہ بپا ہوگیا. مولوی تو پہلے ہی سے ان سے (ڈپٹی نذیر احمد سے) جلے بیٹھے تھے انکی بن آئی. خوب جلے (دل کے) پھپھولے پھوڑے، مخالفت میں رسالے چھپوائے، طرح طرح کے بہتان باندھے. کفر کے فتوے لکھے اور بدنام کرنے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی. طرح طرح سے عوام کو بھڑکایا یہاں تک کہ بعض تو جان کے لاگو ہوگئے اور مرنے مارنے پر مستعد ہو بیٹھے. یہ غدر دلی سے اٹھا اور دوسرے مقامات تک پہنچا لیکن سب سے حیرت انگیز اور عبرت ناک واقعہ یہ ہے کہ اس کتاب کے چھپنے کے بعد ندوۃ العلماء کا جو اجلاس دلی میں ہوا، اسمیں تو علماء کرام موجود تھے ہی انہوں نے باہم مسکوٹ کر کے امہات الامہ کی تمام جلدوں کو جو ابتدائی طوفان کے بعد شہر کے بعض معززین نے مولانا کی سخت منت سماجت کر کے ایک صاحب کے پاس رکھوادی تھیں اور بکری موقوف کرادی تھی، منگوائیں اور اپنے سامنے اِن کتابوں کا ڈھیر لگوایا، اس کے بعد کیا ہوا اسکا « آنکھوں دیکھا حال » مولوی صاحب کی زبانی سنئیے « اور ان میں سے ایک[1] مولوی نے زیادہ تر ثواب کمانے کیلئے آگے بڑھکر مٹی کا تیل

---

۱ اس واقعے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے حبیب الرحمان خان شروانی فرماتے ہیں مٹی کا تیل لا کر دو پہر رات کو جس نے رسالوں پر ڈالا تھا وہ میں ہی تھا. اتفاق یہ کہ جلانے کے بعد آندھی نے خاکستر اڑا دی اور بارش نے جگہ صاف کردی.

چھڑکا اور بسم اللہ کہہ کر آگ لگادی۔ اس کے شعلوں کی روشنی مولویوں کے مقدس چہروں پر پڑ رہی تھی اور انکی آنکھوں کی چمک اور چہروں کی بشاشت سے اس خوفناک دلی مسرت اور باطنی اطمینان کا اظہار ہورہا تھا جو ایک خونخوار درندے یا سنگ دل انسان کی صورت سے انتقام لیتے وقت ظاہر ہوتا ہے۔ اگر حکومت کا ڈر نہ ہوتا تو مولانا نے مرحوم بھی اس آگ میں جھونک دیے جاتے۔ یہ منظر قابل دید تھا۔ مولویوں کا یہ حلقہ زمانۂ وسطی کے ان پادریوں کی یاد دلاتا تھا جنھوں نے کتابیں تو کتابیں ہزاروں بے گناہ زندہ دھکتی آگ میں جھونک دیے، کڑکڑاتے تیل کے کڑاھوں میں ڈال دیے، گلوں میں پتھر باندھ کر بہتے دریا میں ڈبو دیے، کتوں سے پھڑوا دیے، اور طرح طرح کے عذاب دے دیکر اور عجیب و غریب شکنجوں میں کس کس کر سسکا سسکا کر مار ڈالے۔ ان کے سامنے راکھ کا ڈھیر ایک تودۂ عبرت تھا جو بیسویں صدی کے روشن زمانے کی ایک عجیب یادگار تھا۔ یہ راکھ اس قابل تھی کہ اس کی ایک ایک چٹکی بطور یادگار کے سینوں میں بند کرکے رکھ لی جاتی تاکہ آئندہ نسلیں اسے سامنے رکھ کر ان علماء کرام و مصلحان ملک و ملت کی ارواح پاک پر فاتحہ دلاتیں اور ان کے حق میں دعائے خیر کراتیں، مولوی صاحب اس پر اکتفا نہیں کرتے۔ آگے چل کر فرماتے ھیں «اس رات گویا مولویوں نے شب برات منائی اور آگ سے اپنے نفوس مطمئنہ کو ٹھنڈا کیا اور اپنے اعمال ناموں میں ایک ایسی بڑی نیکی کا اضافہ کیا جو غالباً ان کی نجات اخروی کا باعث ہوگی۔ یہ ان بزرگوں کا کام ھے جنھوں نے چشم بد دور مسلمانوں کی دینی و دنیوی اصلاح و فلاح کا بیڑا اٹھایا ھے۔» مذکورہ بالا اقتباس میں یہ فنی خوبی ھے کہ اس میں مولوی عبدالحق نے مولویوں پر بالراست لعن طعن نہیں کی ھے بلکہ بالواسطہ طریقے سے ایسا سماں باندھا ھے کہ مولویوں کی تنگ نظری کا لازوال نقش دلوں پر بیٹھ جاتا ھے۔ اس طنز کے تیکھے پن نے تصویر کا رنگ اور ابھار دیا ھے۔

مولوی عبدالحق طنز کا استعمال بڑی خوبصورتی سے کرتے ھیں۔ کبھی تو ان کے طنز کا وار بھرپور ہوتا ھے اور کبھی صاف گوئی کو طنز کے ساتھ اس

طرح ملا دیتے ہیں کہ یہ فیصلہ کرنا مشکل ہوجاتا ہے کہ طنز کی سرحد کہاں شروع ہوتی ہے اور صاف گوئی کی کہاں ختم. کسی کتاب یا مضمون پر تبصرہ کرتے وقت وہ اس کی کوتاہیوں اور خامیوں کی طرف نہ صرف واضح اشارے کرتے ہیں بلکہ بعض اوقات ایسے لطیف طنز سے کام لیتے ہیں کہ اس طنز کا نشانہ بننے والا اسے پڑھ کر بلبلاتا نہیں بلکہ دل ہی دل میں اپنی خامیوں پر شرمندہ ہوتا ہے. طنز میں یہ رکھ رکھاؤ صرف مولوی صاحب ہی کا حصہ ہے جو ان کے اسلوب کا ایک نمایاں پہلو ہے. اس موقع پر کچھ مثالیں پیش کرنا غیر مناسب نہ ہوگا. جوش ملیح آبادی کے مجموعۂ نظم و نثر "روح ادب" میں کچھ تصویریں بھی شامل اشاعت تھیں. مولوی صاحب اس کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں "تعجب ہے کہ قابل مصنف نے اس قسم کی ادنیٰ عامیانہ اور بازاری تصویروں کا اس مجموعے میں داخل کرنا کیوں گوارا کیا. بعض تصویروں کے دیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ سگریٹ کے بکسوں میں جو تصویریں آتی ہیں ان کی ہو بہو نقل کردی ہے یا انگریزی اخباروں اور رسالوں کے اشتہاروں سے لی گئی ہیں." "انجام زندگی" محترمہ ضیا بانو صاحبہ "الم رقم" کے افسانوں کا مجموعہ ہے. مولوی صاحب نے اس کتاب پر تبصرہ کرتے ہوئے اس سے کچھ ایسے اقتباسات پیش کئے ہیں جن میں بقول خود "ایسی عبارتیں درج ہیں جو اپنی انتہائی بد اخلاقی کی وجہ سے خلاف قیاس نظر آتی ہیں. اس کے بعد مولوی صاحب کے بھرپور طنز ملاحظہ فرمائیے خصوصاً آخری جملہ کا غیر متوقع موڑ بظاہر کس قدر معصوم لیکن دراصل کسقدر تلخ ہے. فرماتے ہیں "یہ سب مثالیں ہندوستانی اخلاقی اور معاشرت کی کیسی شگفتہ تصویریں ہیں. جن لوگوں نے "لڑکیوں کی انشا" کا مطالعہ کیا ہے وہ اس بات کا انصاف کریں گے کہ "الم رقم" صاحبہ نے "مصور غم" صاحب کی تحریر سے کہاں تک فیض حاصل کیا ہے. سچ تو یہ ہے کہ ایسی ہی کتابوں کو دیکھ کر بجائے افسوس کے خوشی ہوتی ہے کہ ہمارا ادب دوسری زبانوں میں منتقل نہیں ہوتا." آگے چل کر مولوی صاحب اسی کتاب سے زبان و بیان کی غلطیوں کے کچھ نمونے پیش کرتے ہیں. لیکن اس سے پہلے ارشاد ہوتا

ہے. ‹ اس امر کا فیصلہ ہم ناظرین کی رائے پر چھوڑ دیتے ہیں کہ ان غلطیوں میں بےچارے کاتب کا کہاں تک حصہ ہے. › دیوان جان صاحب کا مقدمہ حیدر حسین صاحب نے لکھا تھا. اس میں ایک عجیب بات رسم زمانہ کے خلاف یہ تھی کہ پوری کتاب کے بجائے صرف مقدمہ ایک صاحب جاہ شخصیت کے نام پر معنون کیا گیا تھا. مولوی صاحب کے طنز ملاحظہ ہو ‹ ایک اور نئی بات اس کتاب میں دیکھنے میں آئی کہ آغا صاحب نے (کتاب سے الگ) صرف اپنا مقدمہ ہز ھائی نیس نواب صاحب رامپور کے نام پر معنون کیا ہے. خدا کرے مقبول ہو. › الناظر کے انعامی مضمون پر مولوی عبد الحق کا تبصرہ اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ اس میں جہاں طنز کے اچھے نمونے ملتے ھیں وھاں اسلوب بیان سے متعلق ان کا نقطۂ نظر بھی واضح ہوتا ہے. طنز و صاف گوئی کا امتزاج ملاحظہ ہو ‹ بہر حال یہ مضمون ایک طالب علمانہ مشق کی حیثیت سے بہت اچھا ہے اور ایڈیٹر صاحب ‹ الناظر › کا جو اصل مقصد تھا یعنی رسالے کا اشتہار وہ بھی اس سے حاصل ہوگیا ہے. › ماورا پر تبصرہ کرتے ہوئے مولوی صاحب نے ن. م راشد کو تبصرہ کے آخر میں جو مشورہ دیا ہے کون جانے اس میں حقیقت ہے یا طنز. ‹ راشد صاحب کو مشق سخن جاری رکھنی چاہیے. ›

مولوی صاحب کو اپنی قوم سے بےپناہ محبت تھی. ماضی میں ان کے لٹنے اور برباد ہونے کے تاریخی واقعات کی ضرب وہ اپنے دل پر محسوس کرتے تھے. اس لئے جب بھی ضمناً انہوں نے ان واقعات کی طرف اشارہ کیا ہے ان کے زور قلم کی بدولت تاریخ بھی ادب کا درجہ حاصل کرلیتی ہے. ان کی نظر میں دلی ھندو مسلم تہذیب کا گہوارہ اور اردو کا مرکز تھی. غالباً اسی شہر کی محبت انہیں ۱۹۳۸ء میں حیدرآباد اور اورنگ آباد کی دلفریبیوں اور آسائیوں کے باوجود واپس وھیں لے گئی جہاں وہ تقسیم ھند و پاک تک مقیم رہے. اس بار بار لٹنے والے شہر کی یاد وہ بڑی شدت سے اپنے دل میں محسوس کرتے تھے. تاریخی حقائق و انشاپردازی کا امتزاج ملاحظہ فرمائیے ‹ گلشن ھند › کے مقدمہ میں دلی کا ذکر یوں کرتے ھیں ‹ اگر تاریخ پر نظر ڈالی جائے یہ شہر بھی

عجیب و غریب نظر آرہا ہے۔ کبھی راجاؤں اور مہاراجاؤں کی راجدھانی کبھی سلاطین اسلام کا دار الخلافہ کبھی طغیانی کی بدولت بہہ کر خراب ہوا اور رفتہ رفتہ آباد ہوا۔ کبھی معرکۂ جنگ و جدل و قتل عام ہے اور کبھی گھر گھر دن عید اور رات شب برات ہے — غرض یہ نگری یوں ہی اجڑتی اور بستی بگڑتی اور بنتی رہی مگر باوجود اسکے، حسن عالم افروز میں نئی ادا پیدا ہوتی رہی۔» مقدمہ «ذکر میر» میں فرماتے ہیں «دہلی اگرچہ ہندوستان کی جان اور سلطنت مغلیہ کی راجدھانی تھی مگر ہر طرف سے آفات کا نشانہ تھی۔ اسکی حالت اس عورت کی سی تھی جو بیوہ تو نہیں پر بیواؤں سے کہیں دکھیاری ہے اولوالعزم تیمور اور بابر کی اولاد ان کے مشہور آفاق تخت پر بے جان تصویر کی طرح دھری تھی۔ اقبال جواب دے چکا تھا، ادبار و انحطاط کے سامان ہوچکے تھے اور سیاہ رو زوال گرد و پیش منڈلا رہا تھا۔ بادشاہ سلامت دست نگر اور امیر امرا مضمحل اور پریشان تھے۔ سب سے اول نادر شاہ کا حملہ ہوا، حملہ کیا تھا، خـــدا کا قہر تھا۔ نادر کی بے پناہ تلوار اور اس کے سربراہوں کی ہولناک غارت گری نے دلی کو نوچ کھسوٹ کر ویران و برباد کردیا تھا...» ایک مرتبہ پھر دلی خود ان کی آنکھوں کے سامنے لٹی اور اس کے ساتھ وہ بلند انسانی قدریں بھی پامال ہوئیں جو مولوی صاحب کیا ہر شریف انسان کا متاع عزیز ہوتی ہیں، پتہ نہیں دلی سے روانہ ہوتے وقت مولوی صاحب کیا تأثرات لے کر گئے ہونگے۔

مولوی عبد الحق کے اسلوب نگارش میں، جیسا کہ پہلے بھی کہا جاچکا ہے، یہ خاص بات ہے کہ اسکے خد و خال شروع سے آخر تک ایک ہی رہے۔ آگے چلکر یہ اسلوب جوان ہوکر ضرور نکھرا لیکن خد و خال وہی رہے، اسکی دو بڑی وجہیں ہیں۔ ایک تو یہ کہ انہوں نے اوائل عمر میں جو اثرات سرسید اور حالی کی شخصیتوں سے قبول کئے تھے وہ انکے ادبی مزاج میں اسطرح رس بس گئے تھے کہ ان کا اسلوب بیسویں صدی کے نصف اول کے اختتام کے بعد بھی بنیادی طور پر متاثر نہیں ہوا۔ دوسری وجہ ادب کی قدیم روایات سے جو انکی

ابتدائی زندگی میں بہرحال نئی تھیں ان کی گہری شناسائی تھی۔ جیسا کہ کہا جاچکا ہے خود انکی زندگی میں کئی ادبی انقلابات آئے۔ یہ تو نہیں کہا جاسکتا کہ ادب میں جو نئے نئے تجربے کئے گئے اور اسمیں جو نئے نئے رجحانات پیدا ہوئے مولوی صاحب نے ان سے آنکھیں بند کرلی تھیں۔ ترقی پسند ادیبوں کے اعلان نامے پر ان کے دستخط یہ بتاتے ہیں کہ وہ نہ تو رجعت پسند تھے اور نہ قدامت پرست (Conservative) لیکن وہ انقلاب کے مقابلہ میں بتدریج اصلاح کے حامی ضرور تھے۔ انہیں اس بات کا احساس تھا کہ ہماری زبان ہی نہیں بلکہ اسالیب بیان بھی انگریزی سے متاثر ہوتے جارہے ہیں۔ ماورا پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں "ایک زمانے میں اردو پر فارسی کا اثر غالب ہوگیا تھا اور اسکی تقلید میں بری بھلی سب ہی چیزیں آگئی تھیں اسی طرح آجکل اردو پر مغربی ادب کا اثر بڑھ گیا ہے۔ صرف انگریزی لفظ اور خیال ہی ہماری زبان میں داخل نہیں ہوگئے بلکہ بعض اوقات جملوں کی ساخت اور اسلوب بیان بھی انگریزی ہوتے ہیں۔ اس کا اثر نظم و نثر دونوں پر پڑا ہے" مولوی صاحب نئے اسالیب کا خیر مقدم کرتے ہیں لیکن مشروط طور پر، اسی تبصرہ میں فرماتے ہیں۔ "نئے اسلوب اور اظہار کے نئے ڈھنگ کوئی جرم نہیں لیکن نئے ڈھنگ کیوں نا مقبول ہوتے ہیں اس لئے نہیں کہ وہ نئے ہیں بلکہ اسلئے کہ انکے برتنے والے میں خامی ہے۔ اگر شاعر کے خیالات میں جذبات، تازگی، جدت اور گہرائی ہے اور انکا اظہار حسن اور سلیقہ سے کرسکتا ہے تو نئے اسلوب ایک نہ ایک دن ضرور مقبول ہوکر رہینگے"۔ آگے چل کر فرماتے ہیں "ادب میں نیا اور پرانا کوئی چیز نہیں۔ جس ادب میں تازگی جدت اور گہرائی ہے خواہ وہ دو ہزار برس پہلے کا کیوں نہ ہو نیا ہے اور وہ ادب جس میں یہ خوبی نہیں خواہ وہ آج ہی کا لکھا ہوا کیوں نہ ہو پرانا ہے"۔ ان خیالات سے اختلاف کی گنجائش ضرور ہے لیکن انکی روشنی میں ہم یہ یقین کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ وہ ادب کو ایک جامد چیز تصور نہیں کرتے تھے البتہ وہ اسمیں تبدیلی برائے تبدیلی کے بھی قائل نہیں تھے، وہ اس تبدیلی کا ضرور خیر مقدم کرتے جسکی ضرورت اندرونی طور پر

محسوس کی گئی ہو اور جیسے اوپر سے مسلط کرنے کی کوشش نہ کی گئی ہو یہی وجہ ہے کہ انہوں نے اپنے اسلوب بیان پر کوئی تجربہ نہیں کیا اور یہ اسلوب اس دور میں ہمیں سرسید و حالی (اور کچھ کچھ نذیر احمد) کے اسالیب بیان کی یاد دلاتا ہے. انہوں نے اپنی تحریروں میں موقع بے موقع بانکپن پیدا کرنے کی اور انہیں حسین فقروں سے سجانے کی کوشش نہیں کی اور نہ انگریزی زبان و ادب سے واقفیت کے باوجود انگریزی میں سوچنے اور پھر اسے اردو کے قالب میں ڈھالنے کی — کبھی کبھی ناگزیر — ضرورت کو محسوس کیا. چونکہ انہوں نے زبان و ادب کے متعلقہ مسائل کے متعلق جو کچھ لکھا، واضح غور و فکر کے بعد اپنے زبان و ادب کے مطالعہ کی روشنی میں اور جذبہ میں ڈوب کر خلوص دل سے لکھا. اسلئے مختلف موضوعات پر بھی بکھری ہوئی ان کی تحریروں میں ان کی شخصیت کا جلال و جمال، ذہانت کی تابناکی، مطالعہ کی وسعت، مشاہدہ کی گہرائی، علم کی لگن، کام کی دھن، ظاہری نمود و نمائش سے نفرت، انسان کی عظمت کا احساس. ماضی کے صالح عناصر کا احترام، جدید رجحانات کا مشروط خیر مقدم، قوم کے پرانے بادہ کشوں کے اٹھنے کا غم اور اردو زبان کی ترویج و ترقی کے عزائم یہ سب تانے بانے توازن اور اعتدال، خلوص اور صداقت کے ساتھ ایک خوبصورت نقش (Pattern) کی صورت میں تشکیل پا کر ان کا منفرد اسلوب قرار پاتے ہیں.

अब यह विचार धारा फैल गई थी कि—

हिन्दी + उर्दू = हिन्दुस्तानी है।

लेकिन महात्माजी ने हिन्दी, उर्दू और हिन्दुस्तानी का मसला तय हो जाने के बाद एक क़दम और उठाया। उन्होंने हिन्दी + उर्दू = हिन्दुस्तानी की धारणा को बदलकर आखिर में हिन्दी = उर्दू = हिन्दुस्तानी कर दिया। १

आखिर में गांधीजी के नीचे लिखे विचारों से इस लेख को खत्म करता हूं, जिनमें यह आशा की गई है कि एक दिन 'हिन्दुस्तानी' ही सारे देश की भाषा बनकर रहेगी। वह दिन कब आयेगा? महात्माजी ने यह सवाल भी यहां हल कर दिया है—

'मेरा यकीन है कि—

१– हिन्दी, हिन्दुस्तानी और उर्दू एक ही जबान के अलग-अलग नाम हैं;

२– लफ़्ज 'उर्दू' के चलन से पहले इस जबान का 'हिन्दी' था जिसे हिन्दू और मुसलमान दोनों बोलते थे;

३– लफ़्ज 'हिन्दुस्तानी' बाद में कहा जाने लगा;

४– हिन्दू और मुसलमान दोनों को ही वह जबान बोलनी चाहिये जिसे शुमाल के ज्यादा से ज्यादा लोग बोलते-समझते हैं;

५– जब हमारे दिल मिल जायेंगे और हम सूबापरस्ती से हटकर सारे देश के रूप में हिन्दुस्तान पर गर्व करने लगेंगे, बिना किसी मजहब या मिल्लत के फर्क के, उस दिन हम सब उस ज़बान को अपना लेंगे जो देश की आम बोलचाल की भाषा है।' २

१– हरिजन——फरवरी ८, १९४२ ई.

२– हरिजन——जुलाई ३, १९३७ ई.

उर्दू या हिन्दुस्तानी

ऐसी ही शिकायत हिन्दी की तरफ से बाबू टंडन जी और राजेन्द्र बाबू की तरफ से बापू को सुनने को मिली। इस तरह इससे हिन्दी और उर्दू दोनों के खेमों में हलचल मच गई।

कुछ ही दिनों में उर्दू वाले हिन्दुस्तानी को लेकर अपनी बात कहने लगे और हिन्दी वाले हिन्दुस्तानी को लेकर हिंदी के सिलसिले मे बयान देने लगे।

हिन्दी -उर्दू--हिन्दुस्तानी

जब बात काफी बढ़ने लगी तो बापू के लिये बात को साफ करना जरूरी हो गया।

गांधीजी ने इस बारे मे एक बयान देते हुए कहा, 'हिन्दी, हिन्दुस्तानी और उर्दू, एक ही जबान के अलग-अलग नाम है। जैसे कोनवेल, लंकाशायर और मिडिलसेक्स एक ही जबान के नाम है इसलिये 'हिन्दी-न्दुस्तानी' या 'उर्दू-हिन्दुस्तानी' पर क्यों जोर डाला जाय और इसे सिर्फ 'हिन्दुस्तानी' ही क्यों नहीं कहा जाय।'[१]

हिन्दी, उर्दू, हिन्दुस्तानी की गलतफहमी को दूर करने के लिये गांधीजी की कोशिश से उर्दू वाले और हिन्दी वाले एक टेबिल पर बैठे। उन्होंने ठन्डे दिल से इस गलतफहमी पर गौर किया और आखिर मे डा० राजेन्द्र प्रसाद और मौलवी अब्दुल हक़ ने मिलकर एक बयान जारी किया। जिसकी खास-खास बातें ये हैं—

हिन्दुस्तानी मुगलों के जमाने से आज तक हिन्दुस्तान के कोने कोने में एक अवामी ज़बान के हैसियत से बोली और समझी जाती है। हिन्दुस्तानी और आम हिन्दी में कोई फ़र्क नहीं। इसी तरह हिन्दुस्तानी और उर्दू में भी बोल चाल के इतबार से एक ही ज़बान है। मौजूदा हिन्दी और उर्दू की अदबी या साहित्यिक ज़बानों ने हिन्दुस्तानी को हिन्दी और उर्दू के खानों में बाँट दिया है लेकिन हिन्दी और उर्दू का यह फ़र्क गैर फ़ितरी है। लिंगविस्टिक्स के इतबार से हिन्दी, हिन्दुस्तानी के तत्सम लफ्ज़ों के बजाय तद्भव शब्दों के इस्तेमाल की वजह से अलग हो जाती है यही हाल उर्दू का है जिसमें अरबी-फ़ारसी के तद्भव शब्द इस्तेमाल होते हैं। हिन्दी ने आँख को अक्ष, हाथ को हस्त और बनारस को वाराणसी कहना ज्यादा पसंद किया। उर्दू उन्हें आँख, हाथ और बनारस ही रक्खा। लेकिन अरबी-फारसी लफ़्ज़ों के साथ वह यही बरताव न कर सकी। खास तौर से आवाज़ों (Phonetics) के मामले में अब भी उर्दू वालों का एक बड़ा तबक़ा अरबी-फारसी लफ्ज़ों के उच्चारण को अरबी फारसी के ही लेहाज से अदा करना पसद करता है। एक गैर माहौल में यह अजीब सी बात है। सही यह है कि संस्कृत, अरबी, फ़ारसी और दूसरे हिन्दुस्तानी के शब्दों के बारे में हमें एक ही उसूल को अपनाना चाहिए और इससे जो नतीजा निकलेगा उसमे हिन्दुस्तानी की शक्ल बनेगी। इसी तरह मुकामी ज़बानों के लफ्ज़ अगर उन्हें आम लोग ख्याल के इज़हार के लिए इस्तेमाल करते हैं तो उन्हें हिन्दुस्तानी के ज़खीरे मे शामिल करना होगा। गुच्छों (consonantal clusters) में भी उर्दू का रुझान मुख्तलिफ है। वह कृष्णचन्द्र, प्रेम, प्रीत, भस्म वगैरा शब्दों में गुच्छों को तोड़कर उन्हें अपने लिए आसान बना देते हैं। लेकिन अरबी; फारसी से आये हुए लफ्ज़ों में आमतौर से क्लस्टर को कायम रखने पर जोर देते हैं। मसलन मद्र, अक़्ल, दर्द, क़द्र, अस्ल वगैरा। हिन्दुस्तानी के लफ्ज़ी ज़खीरे में संस्कृत, अरबी, फारसी के जो लफ्ज़ हों उन्हें एक ही उसूल पर परखना चाहिए।

☆

हिन्दुस्तानी के उर्दू और हिन्दी अदब के रूप में बढ़ने और फलने फूलने की बड़ी आशा है। शुरू का हिन्दी और उर्दू अदब एक ही है। फोर्टविलियम कालेज के काज़िम अली जवाँ और लल्लू लाल सिंहासन बतीसी और बैताल पचीसी, इन्शा की रानी केतकी की कहानी प्रेमचन्द और सुदर्शन की कहानियाँ और नावेल उर्दू और हिन्दी दोनों की मिरास हैं और दोनों अदबी गिरोह उन्हें अपने हाथ से देने के लिए तैयार नहीं। इधर नये लिखने वालों में कृष्नचन्दर, राजेन्द्र सिंह बेदी, ख्वाजा अहमद अब्बास, उपेन्द्रनाथ अश्क, इस्मत चुगताई भी देवनागरी और उर्दू लिखावटों में हिन्दी और उर्दू के साहित्यिक क्षेत्र में बराबर पसन्द किये जाते हैं। दक्खिनी शायरी और नस्र उर्दू के आशिकों के अलावा अब हिन्दी प्रेमियों में भी आम होती जा रही है। चुनाँचे मुल्ला वजही की सबरस और कुतुब मुश्तरी, निशाती की फूलबन, नुशरती की तारीख-ए-अस्कन्दरी ने उर्दू लिखावट के बाद अब देवनागरी का भी जामा पहन लिया है। नज़ीर अकबराबादी हिन्दुस्तानी का सबसे बड़ा शायर है जिसका नाम अब

हिन्दुस्तानी ज़बान

साल-२ | २ अक्टूबर १९७० | नम्बर-२

ہندوستانی زبان

سال ۳	۲ اکتوبر ۱۹۷۱ء	نمبر ۱

اپنی بات

ہندوستانی زبان ، ہندوستان کی سب سے زیادہ جانی بوجھی اور پرچلت زبان ہے
پورب سے پچھم اور اتر سے دکھن تک اس زبان سے رابطہ کا کام لیاجاتا ہے ۔ ملک
کے ہر حصّہ میں سمجھے جانے کی صلاحیت کی وجہ سے گاندھی جی نے اسے ہندوستان
کی قومی زبان یا راشٹر بھاشا کی حیثیت سے اس ملک کے لئے پسند کیا تھا ۔ اگرچہ
ہندی سرکاری زبان ہے ، پھر بھی عام ہندوستانی ہی آجتک اس ملک کی عوامی زبان
(Lingua Franca) رہی ہے ۔ گھروں میں ، بازاروں میں ، کھیل کود کے میدانوں میں ،
بھائی بہنوں کی نجی بات چیت میں ، کالج اور یونیورسٹی کے کھاپے ماحول اور فلموں میں
بات کو بنانے اور دلوں کو جوڑنے میں اسی زبان کا سہارا لیا جاتا ہے ۔ اس زبان کا
عام استعمال ہی اسکی طاقت اور توانائی ہے ۔ اس زبان کے دو ادبی یا ساہتیک روپ
ہندی اور اردو ہیں ۔ ہندوستانی زبان اپنے ساہتیک روپ دھارنے کے لئے انہیں دو
کو اپناتی ہے ۔ گاندھی جی کا خیال تھا کہ ہندی اور اردو دو ایسی ندیاں ہیں جن سے
ہندوستانی (سرسوتی) ظاہر ہونے والی ہے ۔ ہندی اور اردو سے ملی جلی زبان ہندوستانی
کی ، سادھارن روپ سے ایک شکل ابھر آئی ہے جسے ہندی اور اردو کی کہانیوں اور
شاعری میں عام طور سے دیکھا جاتا ہے ۔ اس ملی جلی زبان کی شاعری اور نثر کا سنکلن
بہت جلد اس ریسرچ سنٹر کی جانب سے پرکاشت ہونے جارہا ہے ۔

★ ★ ★

اردو شاعری عام طور سے فارسی زبان اور ساہتیہ کے اثر میں رہی ہے ۔ اس
ملک کی ساہتیک پرم پرایا ادبی روایت سے اگرچہ اس زبان نے کبھی منہ نہیں موڑا ،
پھر بھی کئی ایک وشیوں پر توجہ دینی باقی تھی ۔ خاص طور سے شرنگار رس میں ڈوبی
ہوئی فراق کی روپ کی رباعیوں کے بعد گھر کے ماحول کی شاعری اردو میں نایاب ہوتی

جا رہی تھی ۔ اردو میں اب اس کی طرف پوری توجہ دی جانے لگی ہے اور بہت سے پرانے اور نئے شاعر ان دیسی وشیوں پر ہیرے موتی چن رہے ہیں ۔ اس سلسلے کی ایک اہم تازہ کتاب جاں نثار اختر کی رباعیوں کا مجموعہ «گھر آنگن» ہے ۔ جاں نثار اختر اردو کے ان مشہور شاعروں میں سے ہیں جو اپنے انداز سے پہچانے جاتے ہیں ۔ ان کی شاعری کی ایک خصوصیت ہندی اردو لفظوں کا خوبصورت ملاپ بھی ہے ۔ ان کی مشہور نظم «خاموش آواز» اس گنگا جمنی زبان کا بہترین نمونہ ہے ۔ اسی انداز پر گھر آنگن کی رباعیاں بھی ہیں جو وشے اور زبان دونوں اعتبار سے ہندوستانی کا نمونہ ہیں ۔ رانی کیتکی کی کہانی ، بیتال پچیسی ، پریم چند کی کہانیوں اور فراق کی رباعیوں کی طرح گھر آنگن کی شاعری بھی اس لائق ہے کہ اسے ہندی اور اردو میں ایک ساتھ مرتب کرکے شائع کیا جائے ۔ گھر آنگن کی شاعری گاندھی جی کی ہندوستانی کے لئے راستے ہموار کرتی اور روشنی دکھاتی ہے ۔

پچھلے چند سالوں سے بمبئی اور دلّی میں ہندوستانی بک ٹرسٹ اور نیشنل بک ٹرسٹ نام کی دو انجمنیں ہندوستانی زبان و ادب کی ترقی کے لئے ہندوستان کی وبھن زبانوں کی چنی ہوئی کتابوں کا دوسری ہندوستانی زبانوں میں ترجمہ کا کام کر رہی ہیں ۔ ان دونوں سبھاؤں کا مقصد ہندی اور اردو کو ایک دوسرے سے قریب لانا اور آپس میں ایک دوسرے کو سمجھنے کی کوشش کرنا ہے ۔ ہندوستانی بک ٹرسٹ نے ابتک جو کتابیں پرکاشت کی ہیں ان میں دیوانِ غالب ، دیوان میر ، کبیر بانی ہیں ۔ میرابائی کے دلنواز نغمے بھی بہت جلد چھپ کر سامنے آئیں گے ، اسی طرح نیشنل بک ٹرسٹ آف انڈیا نے بھگوتی چرن ورما کے پرسدھ ناول «بھولے بسرے چتر» کے علاوہ نانک سنگھ کے پنجابی ناول «سفید خون» ہندی ٹامل اور پنجابی کہانیوں اور دوسری کئی کتابوں کو اردو روپ دئے ہیں ۔ ہندوستان کی رنگا رنگ سنسکرتی کو سمجھنے اور ایک دوسرے کے

لئے اچھے وچار رکھنے کے لئے یہ ایک بہت ہی بنیادی کام ہے، اس سے نہ صرف ہندی اردو بلکہ ہندوستان کی ساری زبانیں ایک دوسرے سے قریب آجائینگی۔ یہ انجمنیں ہندوستان کی قومی زندگی کے لئے نیک فال ہیں۔

ڈاکٹر سید ظہیرالدین مدنی

قاضی محمود دریائی

اردو کی جنم بھوم کے لئے مختلف نظریے پیش کئے گئے ہیں۔ ان میں صوبۂ گجرات بھی ایک دعویدار ھے۔ گجرات کا یہ دعوی ابھی محتاج تلاش وتحقیق ھے لہذا اس کے متعلق کوئی رائے پیش کرنا مناسب نہیں مگر جو کچھ تحقیق نتائج منظر عام پر آ چکے ہیں ان کے پیش نظر ادبی تشکیل کے سلسلہ میں گجرات کو اولیت کا فخر حاصل ھے۔ گجرات میں پندرھویں صدی عیسوی (نویں صدی ہجری) سے مستقل تصانیف کا سلسلہ پایا جاتا ھے۔ ابتدائی دور کے گجراتی بزرگوں میں شیخ احمد کھٹو، شیخ بہاؤالدین باجن، قاضی محمود دریائی، خوب محمد چشتی کے نام سر فہرست نظر آتے ہیں۔ ان میں سے قاضی محمود دریائی کے حالات زندگی اور ان کی جکریاں پیش کرنا چاہتا ہوں۔

قاضی صاحب کی جکریوں کا ایک مجموعہ احمد آباد کے مشائخ خاندانِ مشہدی میں محفوظ ھے۔ موصوف کے دو عقیدتمندوں نے مفتاح القلوب اور تحفتہ القاری کے ناموں سے ملفوظات مرتب کئے تھے جو ہمارے پیش نظر ہیں. مراۃ احمدی میں بھی قاضی صاحب کے مختصر حالات درج ہیں۔ اسی طرح مرحوم حافظ محمود شیرانی صاحب اور مولوی عبدالحق صاحب نے بھی قاضی کے متعلق مضامین سپرد قلم کئے ہیں۔ ان کے علاوہ ملفوظات کے سلسلہ میں کنز الکرامات اور فوائد محمدی بھی ہیں جو ان کے عقیدتمندوں نے لکھی ہیں۔

تحفتہ القاری میں مرقوم ہے کہ قاضی صاحب کے خاندان کے ایک بزرگ شاہ علی سرمست شیراز سے بمقام نہروالا پٹن آئے۔ پٹن میں ہندوؤں کو شاہ صاحب کا قیام ناگوار

گزرا اور انہیں شہر پٹن سے نکالنے کی کوششیں کی گئیں لیکن شاہ صاحب نے پٹن کی اقامت ترک نہیں کی۔ اسی زمانہ میں گجرات کے راجہ کرن کے یہاں اولاد نرینہ نہیں تھی اور راجہ سنتوں فقیروں سے دعائیں کراتا تھا۔ راجہ علی سرمست کی خدمت میں حاضر ہوا اور دعا کے لیئے درخواست کی۔ سرمست کی دعا سے راجہ کے گھر لڑکا پیدا ہوا یہی لڑکا راجہ سدھ راج کے نام سے مشہور ومعروف راجہ گزرا ہے[1]۔ راجہ نے اس خوشی میں علی سرمست کو تحفتاً کچھ دیناچاہا۔ تحفہ کے عوض شہر میں ایک مسجد بنوانے کی اجازت چاہی۔ راجہ نے یہ بات خوشی سے منظور کرلی۔ شہر میں مسجد تعمیر کی گئی اور اس کے لیئے ایک ترک حافظ نے مسجد کاٹ یا کات نام تجویز کیا۔

شاہ علی سرمست کے بعد ان کے خلف الصدق شاہ سلیمان، شاہ سلیمان کے بعد ان کے فرزند قطب محمود اور قطب محمود کے بعد قاضی محمد نے سجادۂ طریقت کو رونق بخشی۔ قاضی محمد ابھی پندرہ سال کے تھے کہ انہیں غیب سے ندا آئی کہ ہم نے تمہیں قاضی اسلام کا درجہ دیا ہے اور اقامت کے لیئے بلدۂ احمد آباد میں موضع سارنگ پور تجویز کیا ہے۔ قاضی محمد نے حکم کی تعمیل کی اور احمد آباد میں مستقل سکونت اختیار کرلی۔ قاضی موصوف حضرت قطب عالم کے مرید خلیفہ تھے۔ ایک روز قاضی محمد کی شریک زندگی کدبانو کے ہاتھ پر چار حروف ح ح ح ا اُبھر آئے۔ قاضی صاحب سے جب اس کے متعلق دریافت کیا گیا تو قاضی موصوف نے فرمایا یہ چار اولادوں کی پیشین گوئی ہے پیشین گوئی صحیح ثابت ہوئی اور چار اولادیں شاہ حمیدالدین، شاہ حماد، شاہ حامد اور ایک دختر اولادیں ہوئیں۔

شاہ حمید الدین حضرت شاہ عالم کے مرید تھے۔ شاہ عالم نے حمید الدین کو شاہ چاٹلندہ نام دیا تھا اور وہ اسی نام سے مشہور ہوئے۔ شاہ چاٹلندہ نے چار شادیاں کی تھیں اور ہر ایک زوجہ سے اولادیں ہوئیں۔ قصبۂ زین آباد میں ایک شخص سید سمیع الدین عرف قاضی سادھن رہتے تھے۔ ان کی دختر بی بی فتح ملک چاٹلندہ کی پہلی بیوی

۱۔ کتب تواریخ میں اس واقعہ کا ذکر نہیں ملتا۔

تھیں۔ فتح ملک کے بطن سے شاہ معروف، حضرت قاضی محمود محبوب اللہ اور شاہ احمد پیدا ہوئے۔ فتح ملک کے انتقال کے بعد شاہ چاٹلندہ نے قاضی سادھن کی دوسری دختر امت الرؤف سے اور ان کی وفات کے بعد قاضی سادھن کی تیسری دختر بی بی راجی ملک سے عقد کیا۔ امت الرؤف سے چاند محمد اور شاہ محمد دو فرزند پیدا ہوئے اور راجی ملک کے بطن سے شیخ گوہر اور دوسری چند اولادیں ہوئیں۔ شاہ چاٹلندہ نے سادھن کی چوتھی دختر بی بی ملک سے بھی عقد کیا جن سے کئی اولادیں ہوئیں لیکن سب معصوم ہی فوت ہوگئیں۔

قاضی محمود دریائی سنہ ۸۷۳ میں بمقام بیر پور پیدا ہوئے۔ مفتاح القلوب میں قاضی صاحب کی ولادت کے متعلق ایک واقعہ بیان کیا گیا ہے کہ حضرت محمود ابھی شکم مادر میں تھے کہ آپ کی والدہ نے چند دانے چنے کے کھالئے اس سے ان کے شدت کا درد شروع ہوگیا۔ شاہ چاٹلندہ نے پہلے تو حضرت محمود کی والدہ کو قے کرائی لیکن اس سے بھی افاقہ نہیں ہوا لھذا شاہ صاحب نے ایک سوئی کی نوک شکم مادر پر چبھوتے ہوئے فرمایا محمود رہا نید اس کے بعد درد جاتا رہا۔ حضرت محمود جب پیدا ہوئے تو ان کے ہاتھ پر ایک نشان پایا گیا۔ اس نشان کے لئے کہا گیا کہ یہ اس سوئی کا نشان ہے۔ کہتے ہیں کوئی معتقد کسی کے کھیت سے بلا اجازت چنے لایا تھا۔ حضرت محمود شکم مادر میں چنوں کو حرام سمجھکر اس کا اثر اپنے پر نہیں چاہتے تھے۔

صاحب تحفتہ القاری کا بیان ہے کہ شاہ چاٹلندہ حضرت محمود کو ایک دفعہ شاہ عالم کی خدمت میں لے گئے۔ شاہ عالم نے حضرت محمود کو گود میں لیکر اپنے دونوں ہاتھوں سے اتنا اوپر اٹھا لیا کہ شاہ عالم کی دستار مبارک سے حضرت محمود کے پاؤں چھونے لگے اور شاہ عالم فرماتے جاتے «قاضی کا شملہ بڑا قاضی کا شملہ بڑا» یہ دیکھکر چاٹلندہ نے عرض کیا کہ حضرت بچہ کے پاؤں دستار مبارک کو لگتے ہیں اور یہ گستاخی ہے۔ شاہ عالم نے جواب دیا «خدا جس کو مرتبہ دیتا ہے اس میں کمی نہیں ہوسکتی»۔

حضرت محمود نے بارہ تیرہ سال کی عمر سے ہی سخت ریاضت شروع کردی تھی۔ اکثر اوقات بیر پور کے قریب کوہ (الت) کے غاروں میں دو دو ہفتے مجاہدہ میں گزار دیتے۔ چالیس چالیس روز کا روزہ رکھتے اور روز نیم کے زیرہ سے افطار کرتے اور نیم کی پتیاں چبالیتے۔ اس طرح راتیں قیام اور دن صیام میں گزاردیتے اور یہ دوہرہ زبان پر ہوتا :

بکہ بھوجن کیا انتراجی کھائے شہ باج ۔ بھوکا رہنا میت ملک آہی پورا راج

پہلا چلہ کیا ابھی ایک روزہ باقی تھا کہ مغرب کی نماز میں حضرت کو غش آ گیا اور گرپڑے۔ اسوقت ان کے والد شاہ چاتلندہ امامت کر رہے تھے۔ چاتلندہ نے بعد نماز پانی منگوایا اور پلایا اور چند روز روزہ رکھنے کے لئے منع فرمایا حضرت محمود نے حکم کی تعمیل کی۔ ایک دفعہ تمام شب سجادہ پر بیٹھ کر رسول اکرم سے توجہ کے لئے التماس کرتے رہے اور صبح کو یہ کلام آپ کی زبان پر تھا۔

توں آوے نئن پیو پوچھین نئن۔ لکھ بھیجی منجھ نہ سندیسا
تجھ کارن نی سارن من جھوروں لیوں نساسا

بعض اوقات جاڑے میں تمام تمام رات پانی میں کھڑے رہکر یا کھلے میدانوں میں سر بسجود یاد الٰہی میں مشغول رہتے۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ غلبہ کی حالت میں گھنٹوں آسمان کی طرف دیکھا کرتے نماز ضرور ادا کرتے اور پھر عالم استغراق میں پائے جاتے۔ صاحب مفتاح القلوب کا بیان ہے کہ ایک دفعہ حالت استغراق کے بعد رسول اکرم چاروں اصحاب کے ہمراہ جلوہ افروز ہوئے حضرت محمود کے سر پر دستار رکھی اور چالیس بار نور تجلی سے مُشرف کیا۔ حضرت محمود اکثر فرماتے :

«سرّی کہ میان من و حق تعالیٰ است اگر یک ذرہ ازاں ظاہر کنم تمام عالم متحیر گردد فاما ملاحظہ شرع شریف دارم مُرید نتواند گفت کہ پیر ماست فرزند نتواند گفت کہ پدر ماست و خویش نتواند گفت کہ اقارب ماست آن زماں محمود چیزی دیگر شود»

حضرت محمود کو سرود سے بہت شغف تھا۔ آپ کی مجالس میں داؤد اور حسن نامی مطرب اس خدمت کو انجام دیتے تھے۔ اکثر بعد نماز عشاء مجلس سماع منعقد ہوتی اور وجد وحال میں یہ کیفیت ہوتی کہ حضرت اتنی گریہ وزاری کرتے کہ آنکھوں سے خون بہنا شروع ہو جاتا اور جب اس حالت میں آہ بھرتے تو ساعقہ ریزی ہوتی اور شعلے نکلنے لگتے۔ صاحب مفتاح القلوب کا بیان ہے کہ یہ اس کے چشم دید واقعات ہیں بعض اوقات وجد کی حالت میں کھڑے ہو جاتے اور رقص کرنے لگتے اور زبان پر یہ جاری ہوتا:

«ہوں ڈھونڈوں میرے اللہ کوں»

کہتے ہیں کہ عہد طفولیت میں بھی حضرت کی آنکھوں سے خون کے قطرے ٹپکتے رہتے تھے۔ اس بات کی اطلاع جب سلطان مظفر کو ہوئی تو سلطان نے امر واقعہ معلوم کرنے کے لئے صدر جہاں کو بیرپور بھیجا۔ جس وقت صدر جہاں بیرپور پہنچا تو حضرت محمود ھمعصر بچوں کے ساتھ کھیلتے ہوئے پائے گئے۔ صدر جہاں نے سواری پر سے ہی دریافت کیا قاضی محمود کہاں ہیں۔ حضرت محمود نے جواب دیا «محمود غریب خدا مجھ کو کہتے ہیں» صدر جہاں نے سوال کیا «ہم نے سنا ھے آپ شعر کہتے ہیں»؟ حضرت نے جواب دیا «جو قیامت تک قائم رہیگا»۔ صدر جہاں نے پھر سوال کیا کہ کیا آپ کو آنکھوں سے خون کے قطرے ٹپکتے ہیں؟جواب دیا «عجب نہیں»۔ صدر جہاں نے اس بات کا گواہ طلب کیا۔ حضرت نے جواب دیا «عیاں راچہ بیاں» اور یہ دوہرہ پڑھنا شروع کیا:

رت روی (؟) سن میری میتا ٭ صورت پر بھوتیاں اُبھرن کیتا

ململ سہی سہانیاں منجہ پوچھن آویں ٭ نین سوراتی کب ہوئی رت مانہ تراویں

کس کس بیدن ہوں کھوں جی پیو بن یوں کیتا ٭ ان پر پرت اپار کو دوکھ ہمکو دیتا

فوراً آنکھوں سے خون ٹپکنے لگا۔ صدر جہاں سواری سے اتر پڑا اور خون کے قطرے

اپنے دامن پر لے لئے تو حضرت نے یہ کلام پڑھنا شروع کیا:—

محمود سنوری سائیاں یوں آپن دناہاں ٭ یہی سادہ مکھ دیکھتے میرے من ماناہاں
آگہہ صدرجہاں منجہ کوں کیوں ملے سوسائیں ٭ تن من ہوں تو ہور ہیاشہ کیر تائیں

جب سلطان نے صدر جہاں سے سارا حال سنا تو بہت متاثر ہوا اور تحفہ تحائف وغیرہ بطور نذرانہ حضرت محمود کی خدمت میں حاضر کئیے۔ حضرت نے احتراماً نامۂ سلطان جس پر سلطان کی مہر تھی اٹھا کر سر پر رکھ لیا اور اس کی پشت پر ایک نظم لکھکر واپس کردیا جس کا پہلا شعر یہ ہے:—

آج نہ چیتیے کے پت کھوئی پیچھیں ھاتھ ملے کیا ہوئے
تیں کیا بوجھا کیوں ری سہیلی نذر ھوئی

مفتاح القلوب اور تحفۃ القاری میں حضرت محمود کی بے شمار کرامات بیان کی گئی ہیں۔ ان میں سے چند ملاحظہ کیجیے:—

شیخ فضل اللہ نبیرۂ حضرت گیسودراز دکن سے گجرات تشریف لائے اور حضرت محمود سے شرف ملاقات حاصل کیا۔ ایک روز اثنائے گفتگو میں شیخ فضل اللہ نے زیارت کعبۃ اللہ کی خواہش ظاہر کی۔ حضرت محمود نے فرمایا «پہلے کعبہ دل کو غیر از خدا درست کرو پھر جہاں چاہو کے خود کعبہ سلام کرنے آجائیگا»۔ اس کے بعد حضرت نے شیخ کی آنکھوں پر ھاتھ رکھا اور اپنی روحانی قوت سے شیخ کے دل کی دنیا بدل دی۔ شیخ نے دیکھا کہ وہ کعبہ کے پاس کھڑے ہیں اور وہاں انہوں نے نفل ادا کئے اس کے بعد شیخ نے آنکھ کھولی تو اپنے آپ کو حضرت محمود کی خدمت میں بیٹھا پایا۔ رات کو حضرت محمود کی خدمت میں حضرت گیسودراز تشریف لائے اور شیخ فضل کی سفارش کی۔ صبح کو حضرت محمود نے شیخ فضل اللہ کو خرقۂ خلافت عطا کر کے رخصت کیا۔

ایک دفعہ گجرات کے سلطان کا کوئی پیغام لیکر قاصد اونٹ پر بعجلت تمام تیز تیز

ٹلا جارھا تھا۔ اس موقع پر حضرت محمود اپنے گھر کے دروازہ پر کھڑے ہوئے تھے
حضرت قاصد سے دریافت کیا کہ وہ کہاں جارھا ہے۔ قاصد نے کوئی جواب نہیں دیا۔
س کے بعد اونٹ ایک قدم آگے نہیں بڑھا اور وھیں بیٹھ گیا۔ جب شتربان سے کچھ بن
، پڑی اور لوگوں نے اسے سمجھایا کہ وہ بزرگ حضرت محمود ھیں ان سے درخواست
کر۔ شتربان کو اپنے قصور کا احساس ھوا تو حضرت محمود کی خدمت میں گیا اور
معافی کے لئے درخواست کی۔ حضرت محمود نے فرمایا "اب جلد چلا جا" اونٹ کھڑا
و گیا اور قاصد چلا گیا۔ اس موقع پر حضرت کی زبان سے یہ سنا گیا:۔

ارے رائے کا مانڈھ اوتاولے ھاک ، پیچھیں مار کے رھیے تھاک

ایک دفعہ حضرت محمود سلطان مظفر حلیم سے باتوں میں مشغول تھے کہ دفعتاً
پانی کا کوزہ منگوایا اور زمین پر الٹ دیا۔ سلطان نے وجہ پوچھی تو حضرت محمود نے
رمایا۔ بیر پور میں کسی شخص کا گھر جل رہا تھا اور وہ میری مدد چاہتا تھا۔ کہتے
ہیں تفتیش کی گئی تو یہ واقعہ صحیح ثابت ھوا۔ اسی طرح ایک روز شاہ چاندہ درس
دے رہے تھے۔ یکا یک حضرت محمود اٹھے اور آب خورے میں پانی لیکر چھینک
دیا۔ فرمایا میری عمہ کا گھر جل رہا تھا۔ دریائی سفر میں جب آفت آتی تو لوگ حضرت
محمود کو یاد کرتے۔ آپ کو کشف سے معلوم ہوجاتا اور آپ مدد فرماتے۔ اسی وجہ
سے آپ کو دریائی بھی کہا جاتا ہے۔

سلطان مظفر نے حضرت محمود سے اپنے ملک گجرات کی خوشحالی کے لئے دعا کی
درخواست کی حضرت نے فرمایا "جب تک ہم زندہ ہیں نہ تو قحط پڑے گا نہ مغل
حملہ کریگا"۔ ایسا ہی ہوا۔ حضرت محمود کے وصال کے بعد قحط پڑا۔ آپ کے
وصال کے پانچ ماہ بعد مغلوں نے حملہ کیا تھا۔ سلطان مظفر نے قلعۂ چتوڑ کے متعلق
دریافت کیا تھا۔ حضرت نے اسوقت بھی پیشین گوئی کی تھی کہ "اول صلح ہوگی بعدہٗ
فتح" سلطان بہادر کے لئے حضرت نے فرمایا تھا

بھاگا آوے ناٹھا جاوے

یعنی ہمایون دھاوا بولے گا اور بہادر بھاگ نکلے گا

حضرت محمود جتنے جلالی تھے اتنے ہی منکسر المزاج بھی تھے۔ کسی کو سخت لفظ نہیں کہتے تھے نہ کسی سے ناراضگی کا اظہار کرتے تھے۔ اپنے لئے ہمیشہ محمود غریب خدا استعمال کرتے۔ حضرت کو چھالیہ سے شغف تھا۔ عقیدت مند ہمیشہ آپ کے دہن مبارک کی چھالیہ کے آرزو مند رہتے تھے۔ حضرت اکثر اپنی چبائی ہوئی چھالیہ کسی نہ کسی کو دیدیتے تھے۔ حضرت کو سیر وشکار کا بھی بہت شوق تھا۔

حضرت محمود نے تقریباً ۳۸ سال مجاہدہ کرنے کے بعد اپنے والد شاہ چاٹلندہ سے بیعت کے لئے درخواست کی۔ شاہ صاحب نے فرمایا کہ شاہ عالم بخاری قدس سرۂ کے مرید ھوجاؤ وہ میرے بھی مرشد ہیں حضرت محمود شاہ عالم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ شاہ عالم نے مراقبہ میں کچھ دیر گزار کر فرمایا کہ مجھے اس باب میں حکم ہوا ہے کہ تمہیں شاہ چاٹلندہ کی خدمت میں بھیجوں۔ حضرت محمود نے شاہ چاٹلندہ سے دوبارہ درخواست کی۔ شاہ صاحب نے جواب دیا کہ تم کو مرید کرنے کے بارے میں مجھے حکم مل جائے تب تک انتظار کرو۔ کچھ مدت کے بعد سید عبد القادر جیلانی نے حضرت محمود کو بشارت دی اور حکم کیا کہ تم اپنے والد کے مرید ہوجاؤ۔ حضرت محمود نے اپنے والد سے ذکر کیا۔ شاہ چاٹلندہ نے جواب دیا کہ مجھے بھی اس باب میں معلوم ہوچکا ہے وقت آنے پر موقوف ہے۔ شاہ چاٹلندہ نے اپنے وصال سے ایک روز قبل پانچ سفر ۹۱۱ ھ کو حضرت محمود کو خلافت عطا کی۔ حضرت محمود نے علوم عقلی ونقلی میں اپنے والد کے سامنے زانوئے ادب تہ کئے تھے اور بعد میں طالبان علم کو خود بھی علم فقہ، تفسیر، احادیث، منطق ومعانی، حکمت، ہئیت، ہندسہ وغیرہ میں درس دیتے تھے۔

حضرت محمود کی شہرت گجرات کے باہر دور دور تک پھیلی ہوئی تھی۔ ہر طرف سے لوگ کھنچے چلے آتے تھے دہلی کے برھان نامی حلوائی کو کسی نے سحر میں جکڑ رکھا تھا۔ کسی نے اسے حضرت محمود کی خدمت میں جانے کا مشورہ دیا۔ برھان دہلی سے گجرات آرہا تھا کہ جالور مقام کے قریب ڈاکوؤں نے اسے لوٹ لیا۔ برھان جب بیر پور پہنچا تو حضرت محمود نے اس کو دیکھتے ہی نام لیکر پکارا اور فرمایا فلاں جگہ سحر سے متعلق چیزیں دفن کی گئی ہیں انہیں جا کر نکال پھینک اور تیرا مال اسباب جو ڈاکوؤں نے لوٹ لیا ہے، وہ تجھے گھر پہنچنے پر مل جائیگا۔ برھان جب گھر لوٹا تو معلوم ہوا کوئی قاضی محمود نامی شخص یہ اسباب پہنچا گیا ہے۔ برھان ان باتوں سے اتنا متاثر ہوا کہ دوبارہ گجرات آکر حضرت کی خدمت میں اپنی عمر گزاردی۔ اسی طرح ایک جوگی بھال ناتھ اپنے تمام چیلوں سمیت حضرت محمود کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضرت محمود نے اپنے دہن مبارک سے چھالیہ نکال کر عنایت کی اور سب کو مرید بنا لیا۔ جوگی نے ارادت کی درخوست کرتے ہوئے کہا

جد کی تمو تہیں بچھڑے دوکھی ہوئے من ماںھہ
ہم تو تم کون سنمرتے تم جانتے کہ ناںھہ

حضرت نے اس کے جواب میں فرمایا۔

جو تم ہمکوں سنمرتے ہم ہوتے تم پاس

ایک دفعہ ایک شخص حضرت کی خدمت میں یہ شکایت لیکر آیا کہ میگھریج قصبہ کے سید پیر مجھے مرید نہیں کرتے کہ میں دوزخی ہوں۔ حضرت محمود نے اس کو وضو کرنے کے لئے فرمایا اور اس کے بعد اس نے حضرت کے ہاتھ پر بیعت کی۔ حضرت نے فرمایا کہ سید پیر سے کہہ کہ میں مرید ہو گیا۔ حضرت محمود اکثر فرماتے کہ اگر مرید اپنے اعمال صالح سے مغفرت کا حقدار ہوا تو اس میں پیر کا کیا احسان ھے۔ ایسا ھونا چاھیے کہ مستحق عذاب کو پیر مستوجب رحمت بنائے۔ حضرت

محمود کے خاص مریدوں میں شیخ موسیٰ، شیخ باجن، شیخ قاضن، سید محمود مصطفےٰ، ملک دولت، ملک الشرق اسلام خان وغیرہ تھے۔ مفتاح القلوب، تحفتہ القاری میں حضرت کے مریدوں میں شیخ باجن کا نام ملتا ھے اگر یہ باجن بہاءالدین ھیں تو وہ حضرت کے عقیدتمندوں میں شمار کئے جاسکتے ھیں۔ شیخ بہاءالدین باجن آخری عمر میں احمد آباد سے برھانپور چلے گئے تھے جہاں ۹۱۲ھ میں وفات پائی اور ۹۱۱ھ میں حضرت محمود کو خلافت عطا ھوئی تھی۔

حضرت محمود ۹۲۰ھ میں احمد آباد سے بیر پور چلے گئے تھے۔ شاہ عالم کے انتقال کے بعد جب حضرت تعزیت وفاتحہ کے لئیے احمد آباد تشریف لائے تو سجادہ نشین کی مجلس میں اسوقت سلطان مظفر حلیم اور دوسرے اھل دربار بھی موجود تھے۔ اثنائے گفتگو میں حضرت محمود شاہ عالم کو میاں منجھن کے نام سے یاد کرتے اھل مجلس میں سے کسی نے ٹوکا کہ حضرت شاہ عالم کیوں نہیں کہتے یا حضرت محمود کو کشف سے معلوم ھو گیا کہ سجادۂ نشین اور دیگر حضرات کو میرا میاں منجھن کہنا ناگوار گذرتا ھے۔ حضرت محمود نے فرمایا کہ میں خود شاہ عالم کی خوشنودی ورضامندی سے میاں منجھن کہتا آیا ھوں اور مزید فرمایا کہ اگر آپ تبرک جو میرے لئے ھے نہیں دینا چاھتے نہ دیں خود میاں منجھن اپنے ھاتھ سے عنایت کرینگے۔ بیان کیا جاتا ھے کہ اس گفتگو کے بعد سب اٹھ کر شاہ عالم کے مزار اقدس پر گئے۔ حضرت محمود نے سجادہ نشین نبیرۂ قطب عالم شیخ جیو سے کہا کہ پہلے آپ نام سے آواز دیجیے اور بعد میں میں آواز دونگا دیکھیں کس کو جواب ملتا ھے۔ حاضرین میں سے کسی نے آواز دی لیکن جواب نہ ملا۔ بعدہ حضرت محمود نے گریہ وزاری کی اور فرمایا منجھن میاں! منجھن میاں!! محمود غریب آپ کی خدمت میں سلام عرض کرتا ھے۔ اس وقت غیب سے آواز آئی کہ محمود! ھم نے تمہارا سلام قبول کیا۔ اس پر حضرت محمود نے فرمایا کہ مجھے میرے حصے کا تبرک عنایت کیجئیے۔ مزار اقدس سے ایک ھاتھ باھر آیا اور ایک کرتا اور حلوا حضرت

محمود کو عنایت کیا گیا۔

سنہ ۹۴۱ھ ۱۳ ربیع الاول (یا ربیع الثانی) میں حضرت محمود چانپانیر (محمد آباد) میں تھے۔ اس روز دس تاریخ تھی۔ عبد القادر جیلانی کے عرس کا دن تھا۔ رات کا کچھ حصہ گذر چکا تھا۔ ملک عماد الملک سے فرمایا کہ کھانا لاؤ۔ کھانا لایا گیا۔ سب حاضرین اس میں شریک ہوئے۔ حضرت محمود نے تھوڑا کھانا کھایا اور اٹھ کر اپنے فرزند شیخ ابو محمد کو اپنی جگہ پر بٹھلایا اور فرمایا "تم میری جگہ بیٹھ کر کھاؤ۔ میرے سینے میں درد ہوتا ہے۔ میں آرام کرونگا"۔ جب سب لوگ کھانے سے فارغ ہو گئے تو حضرت نے فرمایا "میرے سینے میں شدت کا درد ہے" حاضرین نے سینہ پر گرم ادویہ مالش کیں اور سینک کرتے رہے اس کے بعد پانی طلب کیا۔ وضو کر کے سورۂ یٰسین پڑھی اور چند نفل پڑھ کر قبلہ رو بیٹھ کر یہ شعر پڑھا:-

کشادہ باد بدولت ہمیشہ ایں درگاہ بحق اشہد ان لا الہ الا اللہ

مراۃ احمد کا بیان ہے کہ حضرت مجلس سماع میں تھے اور وجد کی حالت میں آپ کا وصال ہوا۔

جہاں تک اردو ادب کا تعلق ہے حضرت محمود گجرات میں ادبی تشکیل کے ابتدائی عہد کے بزرگوں میں سے ہیں۔ یہ اپنی جکریوں کے لئے شہرت رکھتے ہیں۔ جکری ایک خاص طرز کی نظم ہے۔ ہئیت کے اعتبار سے جکریاں مثنوی کہلانے کی مستحق ہیں اور موضوع کے لحاظ سے غزل کہا جاسکتا ہے۔ اس کا موضوع حسن وعشق ہے۔ ان میں عاشق کے اضطرار واضطراب اور محبوب کی بے نیازی، محبوب کی منت سماجت، دیدار کی خواہش، وصال کی آرزو کو مختلف طریقوں سے بیان کیا گیا ہے۔ لفظ جکری ذکر کی بگڑی ہوئی شکل ہے۔ صوفیا کی مجالس حال وقال میں جکریاں گائی جاتیں اور ان کے سننے سے اللہ کے چاہنے والے تڑپ اٹھتے اور بہ حالت وجد رقص بھی کرنے لگتے تھے۔ حضرت سلطان الاولیا کے عہد میں بھی جکریاں گانے کا رواج تھا۔ عہد

قدیم میں قوالی کی طرح جکریاں بھی مقبول تھیں۔ بہاء الدین برناوی اور شاہ ہاشم بیجاپوری ۱۰۵۹ نے بھی جکریاں یادگار چھوڑی ہیں۔

حضرت محمود کی جکریاں گجرات کے علاوہ شمال وجنوب میں ہر طرف مقبول تھیں۔ اخبار الأخیار میں اس کا ذکر اس طرح کیا گیا ہے :۔

«جکریہائے وے کہ بزبان ہندی دارد دستور قوالانِ آں دیاراست بغایت مطبوع وموثر وبے تکلف وآثار عشق و وجد از سخنان وے لایح است[1]»

علاؤالدین ثانی نے اپنی کتاب چشتیہ میں حضرت علاؤالدین کی علائیوں کے ذکر میں حضرت محمود کی جکریوں کا بھی حوالہ دیا ہے۔

«کلام مقبول او بہ مثل جکری قاضی محمود ہر کہ می شنود برحمت او آفریں می ستود[2]»

اسی طرح تحفۃ الکرام اور خزینۃ الاصفیا میں بھی حضرت محمود کی جکریوں کا حوالہ ملتا ہے[3]۔ جکریاں مخصوص راگوں اور دھنوں میں چسپاں کی گئی ہیں۔ حضرت محمود نے بھی اپنی جکریوں کے اوپر راگ راگنی کا نام مثلا پوربی۔ دھناسری۔ ٹوڈی وغیرہ دیدیا ہے۔ کلام کا نمونہ ملاحظہ فرمائیے :۔

نمونۂ کلام

جا پوچھ پیو کس ٹھاناں ۔۔۔ میں پیو مَنہ پیو مُجھ مانہاں
دود مانہ گھی جو آنہان ۔۔۔ یو پیو جیو من مانہاں
جی کو تن اپنا (؟) تاوے ۔۔۔ اس پرگٹ پیو دکھلاوے

۱ ۔ اخبار الاخیار ص ۱۸۷۔ بہ حوالۂ مقالات شیرانی جلد اول ص ۱۷۶ ۔
۲ ۔ ۳ ۔ بحوالۂ مقالات محمود شیرانی ۔

کچھ پیو نئیں الگا ناہیں　　مجھ لیکھیں یوں من ماہیں
جی کو مرم سودھا پاوے　　سب الجھن اس کی جاوے
قاضی محمود اتنا مانے　　میٹھے پیو کوں الگا نہ جانے
بہت بات ایک آکھی　　وے جھوٹ نہیں چکہ ساچی

ملہار

آیوری مجھ ملن کے کاج　　تجھ پر پیار میرا ہے آج
تپتی تھی نت جپتی تھی　　تجھ کارن بھی کھپتی تھی
کہہ سکی تو یوں مجھ را کھیں　　جن جن آ گیں کرج نا کھیں
چھپا رہتا ہوں تجھ پاس　　کیوں نہ ملے توں راسک راس
محمود پرگٹ نہ کیجیں پیار　　لوک جانے تو آنے کھار

الفاظ ومعانی

ٹھاناں = جگہ
مانہاں = میں
الگا = الگ
تپتی = انتظار کرتی ، جلتی
کھار = خار ، حسد
مَنہ = میں

الفاظ ومعانی

دود = دودھ
لیکھیں = تصور کریں
چکہ = کچھ
کھپتی = غرق رہتی ، جلتی
راسک راس = دو بہ دو

ڈاکٹر عبد الستار دلوی

بمبئی کی اردو — ایک لسانی جائزہ

بمبئی ایک پردیسی (Cosmopolitan) شہر ہے جہاں پر ہندوستان کے ہر گوشہ سے متعدد فرقے اور مختلف العقائد مسلمان آکر آباد ہو گئے ہیں۔ ان کا رہن سہن، ان کی تہذیب، ان کی بود وباش اور طریقۂ فکر بھی ایک دوسرے سے جدا ہے تاہم وہ اپنی گھریلو یا صوبائی زبانوں کے علاوہ اردو سے بھی واقفیت رکھتے ہیں۔ ہندوستان کے دور دراز مقامات سے بمبئی شہر کی گنجان آبادی میں آکر بسنے کی وجوہات میں ذہنی (intellectual) اور جسمانی (physical) کام کی تلاش سب سے اہم وجہ ہے۔ تعلیم کے میدان میں بھی ہندوستان کے دیگر شہروں کے مقابلے میں بمبئی سب سے آگے ہے چنانچہ علم کے متوالے بچے، جوان اور بوڑھے اسی کو اپنا کعبۂ علم وادب سمجھتے ہوئے اسی کو اپنا مرکز بناتے ہیں۔ بمبئی میں فلمی صنعت کی ترقی کی وجہ سے بھی بے شمار افراد کی توجہ کا مرکز یہی شہر ہے۔ ان مختلف عقیدوں، زبانوں، رسوم ورواج اور مرکز تعلیم ہونے کی وجہ سے بمبئی نے ایک منفرد حیثیت حاصل کرلی ہے جو ہندوستان کے کسی دوسرے شہر کو حاصل نہیں۔ امپیریل گزیٹیر آف انڈیا (صوبہ بمبئی) کی صراحت کے مطابق بمبئی مشرق میں سب سے زیادہ خوبصورت شہر ہے اور اپنے قدرتی مناظر کی دلکشی اور تجارتی وثقافتی اہمیت کے لحاظ سے مغرب کے کسی بھی بڑے سے بڑے شہر کے مقابلہ میں پیش کیا جاسکتا ہے[1]۔

بمبئی کی یہ حیثیت موجودہ دور ہی کی دین نہیں ہے بلکہ ابتدا ہی سے ویران واجاڑ سات جزیروں کا یہ مجموعہ مختلف قوموں اور حکمرانوں کی جولانگاہ بنا رہا ہے۔

1 – Imperial Gazzetteer of India (Bombay presidency) 1909

سولھویں صدی میں کبھی دکن کے حکمران اس علاقہ کو اپنی سلطنت میں شامل کر لیتے تھے تو کبھی سلاطین گجرات اس علاقے پر اپنی فتح ونصرت کے جھنڈے گاڑ دیتے تھے۔ سنہ ۱۵۳۱ء سے سنہ ۱۶۶۱ء تک یہ شہر پرتگیزوں کے اثر واقتدار کا مرکز رہا جیسے سترھویں صدی میں انہوں نے اپنی شہزادی کیتھرائن کے جہیز کے طور پر انگریز بادشاہ چارلس کو بخش دیا۔ اس کے بعد سے آہستہ آہستہ انگریزی سیاست اور تہذیب ومعاشرت یہاں اثرانداز ہوتی گئی اور ہندوستان کے دیگر علاقوں کی طرح یہ علاقہ بھی انگریزی سلطنت کا نہ صرف جز بن گیا بلکہ عروس البلاد کہلانے کا بھی مستحق قرار پایا۔

مذکورہ بالا سیاسی حالات کی وجہ سے وہ معاشرتی، مذہبی اور عوامی اسباب پیدا ہوئے کہ جن کی بدولت ایک مخلوط زبان وجود میں آئی ہے[1]۔ اس مخلوط اردو کو جو مراٹھی، گجراتی، پرتگیزی اور انگریزی کے اثرات کے تحت بنی بمبئی کے انیسویں صدی کے ربع آخر کے شاعروں نے «بمبیانہ زبان» یا «بمیانہ زبان» کا نام دیا ہے یہ زبان دلی کی اردو، لکھنوی اردو، دکنی اردو، گجری، کرخنداری اور بیگماتی اردو کی طرح اردو زبان کی ایک اہم بولی بنی جو آج بمبئی اور اطراف وجوانب بمبئی میں لاکھوں افراد کی بول چال کی زبان ہے اور جہاں اس نے عوام کے گھروں اور ذہنوں

---

۱ — بمبئی مین اردو کی ابتدا کے بارے مین سردست کچھ کہنا مشکل ہے۔ البتہ اتنا یقینی ہے کہ جن حالات کے تحت اردو کی ابتدا سے متعلق نظریے قائم کئے گئے ہیں اور دکن اور گجرات سے صوفیا کے ملفوظات کی صورت میں جو شہادتیں ملتی ہیں، اسی قسم کے حالات یہاں پر بھی موجود تھے۔ تبلیغی ضروریات کے پیش نظر صوفیا کے کھڑی بولی کے استعمال کی شہادتیں ان کے ملفوظات کی صورت میں پیش کی جاتی ہیں۔ تعجب نہیں ہوگا اگر شیخ علی پرو معروف بہ مخدوم علی مہائمی جو اپنے عہد کے سب سے بڑے صوفی گذرے ہیں، ان کے بھی ملفوظات ملیں جو عوامی زبان، کھڑی بولی میں ہوں۔ حضرت مخدوم علی مہائمی (رح) چودھویں صدی عیسوی کے بزرگ ہیں، اسی زمانہ کی تاریخی دستاویزات میں مراٹھی «مہکاوتی بکھر» بہت مشہور ہے جو سنہ ۱۴۴۸ء میں لکھی گئی۔ اس بکھر میں مختلف مقامات پر کھڑی بولی کے جملے بھی ملتے ہین مثلا «سلطان کا ڈیرا کاھاں» (ص ۴۴ سطر ۲۰) زر خان صاحب ساب جسکا مان اوس کوں، بڑے کوں بڑا............ میں بڑا (ص ۶۴ سطر ۲۰) قضیہ چکولاتے ہیے راؤت کس بات سے چوپ رہیں تھیں، اس بات سے تمہاری کل بتائی ٹھکان، جاگیر، بتن انام (انعام) کی کھبر (خبر) میرے تین دے» (ص ۶۸ سطر ۱-۴) (مہکاوتی بکھر (شک سنہ ۱۳۰۷ - سنہ ۱۴۴۸ع) مرتبہ و۔ک۔ راجواڑے (پونا) سنہ ۱۹۲۴ع)

میں اپنا گھر بنا لیا ہے۔

ایک ہی قومیت اور لسانی گروہ کے دو اشخاص اپنی زبان یکساں نہیں بولتے اس فرق کی کئی وجوہات ہوسکتی ہیں مثلاً شخصی ، جغرافیائی ، سماجی وتہذیبی ، پیشہ ورانہ وغیرہ۔ مندرجہ بالا سطحوں (levels) پر دنیا کی تقریباً ہر بڑی زبان بٹی ہوئی ہے۔ انگریزی زبان جو دنیا کی سب سے ترقی یافتہ زبان ہے برٹش انگلش ، امریکن انگلش ، کوکنی (cockny) انگلش اور بابو انگلش جیسی مختلف اسالیب میں منقسم ہے ، یہی نہیں بلکہ خود انگلستان میں مانچسٹر کے باشندے کی زبان اور ایکسٹر کی انگریزی میں فرق ملیگا اور ایڈنبرا کی زبان ان دونوں بولیوں سے قدرے مختلف معلوم ہوگی۔ بولیوں کا یہ فرق انگلستان کے تقریباً ہر شہر میں محسوس کیا جاسکتا ہے[1] پیرس اور مارسیلز کی فرانسیسی ، برلن ، کولون ، ڈریسڈن اور ہیمبرگ کی جرمن ، قاہرہ ، خرطوم ، ریاض ، بغداد اور دمشق کی عربی بولیوں کے اعتبار سے مختلف ہوجاتی ہیں ، یہاں تک کہ خود بغداد میں [2] مسلمان عربوں کی اور عیسائی عربوں کی زبان میں فرق ہے۔ یہ فرق زبانوں کی مذکورہ لسانی درجہ بندی کا تابع ہے۔

بمبئی کی اردو کا سماجی ولسانی مطالعہ بھی اس بولی کے اس اہم کردار کو ظاہر کرتا ہے جو اس نے یہاں کی سماجی زندگی میں ادا کیا ہے۔ اہل بمبئی نے اردو کو اس طرح استعمال نہیں کیا جسطرح کہ یہ زبان شمالی ہند اور خاص طور سے دلی اور لکھنؤ میں بولی جاتی تھی بلکہ انہوں نے اسے بمبئی کی سماجی زندگی سے مطابق کیا۔ بمبئی کی اردو میں یہاں کی سہ رنگی بلکہ پنج رنگی جماعتی مذہبی ، سماجی ومعاشرتی زندگی کا سارا عکس دیکھا جاسکتا ہے۔ یہاں کے رسم ورواج ، محاورے اور ضرب الامثال ، صوتی عادتیں اور اخلاق وعادات کی باریکیاں اگر دیکھنی ہوں تو « بمبیانہ اردو » بڑی حد تک ہماری

1. Danial Jones: An outline of English Phonetics
2. C.A. Ferguson: Diglossia (Reprinted in Language, Culture and Society Ed. by Dell Hymes page 492)

معاون ومددگار ثابت ہوسکتی ہے۔

علمِ زبان کے بنیادی اصول کے مطابق کسی بھی زبان کی ارادی تشکیل ناممکن ہے، بمبئی کی اردو بھی کسی خالص مقصد کے لیئے کسی فردِ واحد یا اشخاص کی پروردہ نہیں ہے بلکہ تجارتی، صنعتی، معاشرتی، جماعتی زندگی اور اس شہر کے پردیسی (Cosmopolitan) مزاج کے تحت عوامی ضرورتوں کے تحت بنی ہے اور سماجی حالات اور قرب وجوار کی بولیوں اور نت نئے تہذیبی عوامل اور جدید صنعت وحرفت کی بڑھتی ہوئی تیز رفتاری کے اثر وملاپ سے اس کا خمیر تیار ہوا ہے۔ جس جس طرح یہاں کی سماجی، تہذیبی اور صنعتی زندگی میں تبدیلیاں پیدا ہوتی گئیں، یہاں کی زبان میں بھی خاموش تبدیلیاں ہوئیں۔ بمبئی کے بسنے والوں میں شمال سے جنوب، اور مشرق سے مغرب تک کے ہر خطہ اور مختلف لسانی پس منظر کے لوگ شامل ہیں یہی وجہ ہے کہ اگر ایک طرف آپ کو اس میں دکنی کی صوتی وصرفی خصوصیات ملتی ہیں تو دوسری طرف کرخنداری کے اثر سے بھی یہ محفوظ نہیں، جہاں پرمدنپورہ اور اس کے قریبی علاقوں میں بنکروں کی زبان آپ کو سنائی دیگی وہیں پر رامپور کے صندوقیں رنگنے والوں کے لب ولہجہ کی چھاپ سے بھی یہ بری نہیں۔ اگر ایک طرف یہاں کی مقامی زبان مرہٹی سے یہ متاثر ھے تو دوسری جانب یہاں کی تجارتی زبان گجراتی کا بھی اس میں دخل ہے۔ مقامی بولی کوکنی جسکا دائرۂ اثر بمبئی سے لیکر جنوب میں گوا تک پھیلا ہوا ہے، اس کی خصوصیات بھی اس میں جمع ہو گئی ہیں۔

بمبئی کی بے نظیر جغرافیائی اور تجارتی اہمیت کے پیش نظر یہاں پر متعدد زبانیں اور بولیاں بولی اور سمجھی جاتی ہیں۔ سنہ ۱۹۰۱ء کی مردم شماری کے بموجب یہاں پر باسٹھ بولیاں بولی جاتی تھیں جن میں اہم ترین مندرجہ ذیل چار زبانیں تھیں:

۱۔ مراٹھی جو اسوقت کی آبادی کے ۵۱ فیصد کی زبان تھی
۲۔ گجراتی بشمول کچھی جسے ۲۶ فیصد لوگ بولتے تھے
۳۔ اردو (ھندوستانی) جو ۱۵ فیصد کی زبان تھی

۴۔ انگریزی جسے دو فیصد لوگ بولتے تھے[1]

ان زبانوں میں بھی پربھو، سنار، کولی اور برھمنوں کی مراٹھی کی علیحدہ علیحدہ لسانی خصوصیات ھیں۔ پربھو مراٹھی خاص طور سے مراٹھی، گجراتی، اردو اور انگریزی الفاظ سے ملکر بنی ہے۔ گجراتی بھی احمد آبادی گجراتی، سورتی گجراتی اور پارسی گجراتی میں منقسم ھے۔ اردو جو کوکنی، میمن، بوھرہ، خوجہ (اسماعیلی)، پٹھان، شمالی ھندی مسلمانوں اور شمالی ھندوستان کے ھندوؤں کی زبان ہے بمبئی میں مشترک لسانی خصوصیات کی حامل ہے[2] بمبئی کی اردو کے خاص علاقے کرافورڈ مارکیٹ، محمد علی روڈ بھنڈی بازار، جیسے جے اسپتال، ڈونگری، نیا ناگپاڑہ، پرانا ناگپاڑہ، مجگاؤں، مدنپورہ اور بائکلہ ہیں۔ اسکے علاوہ شمالی بمبئی میں ماھم اور باندرہ کے علاقے ہیں جہاں کے مسلمانوں کی عام بول چال کی زبان اردو ہے۔ سنہ ۱۹۶۱ء کی مردم شماری میں بمبئی شہر میں مختلف زبانوں کی مادری زبان کی حیثیت سے بولنے والوں کی جو فہرست اور اعدادو شمار دئے گئے ہیں اس کے مطابق پہلی چار بڑی زبانیں درج ذیل ہیں:

۱۔ مراٹھی	۱,۷۷,۵۱۱۴
۲۔ گجراتی	۷,۹۲,۷۷۱
۳۔ اردو	۴,۰۱,۶۱۶
۴۔ ہندی	۳,۰۳,۵۲۹[3]

1. Gazetteer of Bombay city and Island 190- page 203

۲۔ کوکنیوں، میمنوں، بوھروں، پٹھانوں، شمالی ھندی مسلمانوں اور ھندوؤں میں ایک ھی بول چال کی زبان رائج ھونے کی وجہ شاید یہ ھے کہ یہ تجارت پیشہ لوگ تھے یا تجارت کی غرض سے بمبئی آئے تھے جسکی وجہ سے مقامی بولی مراٹھی اور بمبئی کی تجارتی زبان گجراتی وہ لازماً سمجھتے تھے اور ایک سے زائد زبانوں پر قدرت رکھتے تھے۔ مسلمانوں کے اردو جاننے کی ایک وجہ یہ بھی ھے کہ ان کا سارا مذھبی ادب اسی زبان میں زیادہ فراہم ھوتا ھے یہی نہیں بلکہ سماجی تقریبات میں اردو میں بات چیت کرنا تہذیب اور شائستگی کی نشانی بھی سمجھا جاتا ھے۔

3. Census of India 1961 Vol. X Maharashtra Part X (I-B) Greater Bombay Census Table C V Mother Tongue Page 185.

مندرجہ بالا اعداد وشمار سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ بمبئی میں اردو بولنے والوں کی تعداد ہنـــدی کے مقابلے میں زیادہ ہے اور یہ بمبئی کی تیسری سب سے بڑی زبان ہے۔

بمبئی کی اردو کی تاریخی قدامت سے متعلق حتمی طور سے کچھ نہیں کہا جاسکتا، تاہم اٹھارویں صدی کے ربع آخر تک یقینی طور سے یہاں کی بولی نے ایک آزادانہ حیثیت حاصل کرلی تھی اور «بمبیـــانہ زبان» کے نام سے مشـــہور تھی تاہم بمبئی کی پرانی اردو مطبوعات کے دیکھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ انیسویں صدی کی ابتدا میں بھی یہ بولی یہاں رائج تھی۔ اس کا اولین ثبوت ہمیں بمبئی کے مشہور ابراھیم مقبہ کے تعـلیم ناموں اور انگلش آموز میں ملتا ہے۔ منشی محمد ابراھیم مقبہ اپنے زمانے کے جید عالم، شاعر اور قواعد نویس تھے اور ورسوا کیڈٹ اسکول بمبئی (سنہ ۱۸۰۲ء میں انگریز افسروں کو اردو (ہندوستانی) پڑھانے کے فریضہ پر مامُور تھے۔ انہوں نے اردو صرف ونحو کی ذیل میں بمبئی کی اردو کی صرفی خصوصیات میں بمبئی کی اردو کی وہ معروف خصوصیت بھی بیان کی ہے جس میں فعل کے آگے «لا» بڑھانے سے ماضی اور مضارع بنتا ہے مثلاً آئیلا، گئیلا، لکھیلا وغیرہ۔ ذخیرۂ الفاظ کے لحاظ سے بھی مختلف لسانی اقلیتوں کے اس شہر میں داخلے کے ساتھ اس بولی نے ایک مخصوص جمہوری مزاج میں ڈھلنا شروع کیا اور اس طرح اس بولی نے آزاد روی اختیار کی۔

انیسویں صدی کی ابتدا میں سلیمانی بوھروں کے جد اعلٰی ملا طیب علی بن بھائی میاں (سنہ ۱۸۰۳ء سے سنہ ۱۸٦۳ء)[1] بمبئی کے مسلمانوں میں تجارتی اعتبار سے بہت ھی با اثر شخصیت ہوئی ہے۔ انہوں نے اپنی خود نوشت سوانح مرتب کی تھی جو بمبئی کی اردو میں ہے۔ اسی طرح عبد الفتاح گلشن آبادی نے جو بمبئی کی ادبی تعلیمی دنیا میں بہت مقبول

۱۔ سوانح ملا طیب علی بھائی میاں مرتبہ آصف علی اصغر فیضی۔ جرنل آف دی ایشیاٹک سوسائٹی آف بامبے ۱۹۴۴۔

تھے ، اپنے ہندوستانی ریڈروں میں خالص بمبئی کی اردو استعمال کی ہے[1]

بمبئی کی اردو کی صوتی خصوصیات :

بمبئی کی اردو کا تمام وکمال صوتی تجزیہ اس مقالہ کا مقصد نہیں تاہم اسکی چند بنیادی خصوصیات کی طرف ضرور اشارے کئے جاسکتے ہیں جو حسب ذیل ہیں :

۱ ۔ مصوتوں کی ذیل میں بمبئی کی اردو بحیثیت مجموعی ادبی اردو کے مصوتوں سے ہم آہنگ ہے .

بمبئی کی اردو میں مندرجہ ذیل مصمّتے پائے جاتے ہیں .

	لبی	نوکیلی	تالوئی	غشائی	حلقی
بندشی سادہ	پ ب	ت د ٹ ڈ	چ ج	ک گ	
بندشی ہاکاری	پھ بھ	تھ دھ ٹھ ڈھ	چھ جھ	کھ گھ	
انفی سادہ	م	ن			
انفی ہکاری	مھ	نھ			
صفیری	ف	س ز	ش		ہ
پہلوئی		ل			
تھپک دار		ر ڑ			
نیم مصوتے	و		ی		
نیم مصوتے ہاکاری	وھ		یھ		

اس گوشوارے سے جو بات واضح ہوتی ہے وہ یہ کہ بمبئی کی اردو کے صوتی نظام میں ادبی اردو کی مندرجہ ذیل آوازیں شامل نہیں ہیں .

بندشی سادہ حلقی / ق / ، صفیری غشائی / خ / اور / غ / اور صفیری لبی / و / جسکا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ قلم ۔ کلم ، قاسم ۔ کاسم ، قدر ۔ کدر میں ، غالب ۔ گالب ،

---

۱ ــ سید عبد الفتاح گلشن آبادی ناسک کے رہنے والے تھے ۔ اپنے زمانے کے کثیر التصانیف عالم تھے ۔ انہوں نے «ہندوستانی» کی مختلف ریڈرین تیار کیں ۔ گارساں دتاسی کے بیان کے مطابق انہوں نے سنہ ۱۸٦۷ء میں تعلیم کی غرض سے ابتدائی ہندوستانی کی کتابیں لکھیں ۔ فی الوقت میرے سامنے جو ہندوستانی کی پہلی اور دوسری کتابیں ہیں وہ سنہ ۱۸٦۹ء کی چھپی ہوئی ہیں جو کتاب کا چوتھا ایڈیشن ہے ۔

باغیچہ۔ بگیچہ، داغ۔ داگ، مرغی۔ مرگی اور خان۔ کہان، خاموش۔ کھاموش، ختم۔ کھتم، خدمت۔ کھدمت اور خبر۔ کھبر میں بدل جاتے ہیں۔ /و/ جو معیاری اردو تلفظ کے مطابق دندانی لبی (Labio-dental) صفیری آواز ہے بمبئی کی اردو میں لفظ کی ابتدائی حالت میں بھی نیم مصوتے کی حیثیت رکھتی ہے، یعنی معیاری اردو کے بمقابل اسکی ادائگی کے وقت دونوں ہونٹ مدوّر حالت میں ہوتے ہیں اور اسی طرح انفی آوازوں میں مھ / اور نھ اور ہکاری آوازوں میں وھ / یھ زائد آوازیں ہیں۔

مندرجہ بالا چند صوتی خصوصیات کے علاوہ چند مزید باتیں جو بمبئی کی اردو سے مخصوص ہیں ان میں لفظ کی ابتدائی حالت میں / پھ / کی بجائے / ف / کا استعمال ہے۔ بمبئی کی اردو میں شاذ ہی ابتدائی حالت میں / پھ / ملتا ہے۔ چنانچہ پھر کی بجائے فِر، پھینکنا کی بجائے فینکنا، پھول کی بجائے فول، پھل کی بجائے فل پھ > ف کی چند مثالیں ہیں۔

تشدید (Gemination) کا رجحان:

مصمتوں کو مشدد بنانے کا رجحان اردو میں عام ہے۔ اردو میں تشدید با معنی (Phonimic) ہے جیسے پتا اور پتّا میں تاہم جدید ادبی اردو کے مقابلے میں بمبئی کی اردو میں تشدید کا رجحان کہیں زیادہ ہے۔ جو خالص صوتی ہے۔ ذیل کے الفاظ جو ادبی اردو میں غیر مشدّد ہیں بمبئی کی اردو میں مشدّد ہوجاتے ہیں۔ اس صورت میں مشدّد مصمتوں سے پہلے مرکزی غیر مدور مصوتہ (Central rounded vowel) /ə/ اگلا غیر مدّور مصوتہ /i:/ یا پچھلا مدّور مصوتہ /u/ یا /u:/ ہوتا ہے، مثلاً:

علی > علّی	ڈھیلا > ڈھلّا
ڈلی > ڈلّی	چونا > چُنّا
شکر > شکّر	پھیکا > فِکّا
گیلا > گلّا	

ہکاریت (Aspiration)

رواں بول چال میں بمبئی کی اردو میں ہکاریت کا استعمال ادبی اردو کے مقابلے میں بہت کم ہوتا ہے بمبئی کی اردو میں غیر ہکاریت (de aspiration) کی کئی صورتیں ہیں، جن میں سے چند درج ذیل ہیں:

(الف) اگر /h/ دو رکنی لفظ غیر مدور مرکزی مصوتے کے بعد /i/ ، /a/ ، /o/ یا /u/ سے پہلے درمیانی حالت میں ہو تو بمبئی کی اردو میں ہکاریت گرجاتی ہے جیسے:

کہوں V کوں
وہاں V واں
کہو V کَو
یہاں V یاں
پہنچ V پونچ
سہیلی V سیلی
صحیح V سَی
رہے V رَئے
کہا V کا

مندرجہ بالا مثالوں میں ہکاریت کے بعد کا مصوتہ ہکاریت کی غیر موجودگی میں مرکزی غیر مدوّر مصوتے /ɔ/ کے ساتھ دوہرے مصوّتے (diphthong) میں بدل جاتا ہے

(ب) اگر ہکاریت دو اگلے مصوتوں کے درمیان میں آئے تو اس صورت میں بھی دونوں مصوتے مل کر دوہرے مصوتوں میں بدل جاتے ہیں مثلاً:

چاہیے V چائے
چاہئے V چائے
سیاہی V سیائے

مصمتی خوشے Consonantal clusters

اردو کا رجحان ہمیشہ سے تسہیل کی طرف رہا ہے۔ معیاری اردو بھی لفظ کے شروع میں مصمتی خوشے شاذ ہی استعمال کرتی ہے البتہ لفظ کے آخر میں خاص طور سے فارسی عربی لفظوں میں، اردو، مصمتی خوشوں کے خلاف نہیں۔ اس کے برعکس بمبئی کی اردو، مصمتی خوشے نہ لفظ کی شروعات میں استعمال کرتی ہے نہ لفظ کے آخر میں۔ بمبئی کی اردو کے مصمتی خوشوں کے خلاف اس رحجان کی چند مثالیں حسب ذیل ہیں۔

۱۔ پیار /pya:r/ √ /piya:r/

۲۔ پیاز /pya:z/ √ /piya:z/

۳۔ گیارہ /gyara/ √ /giyara/

۴۔ پیالا /pya:la/ √ /piya:la/

(یاد رہے کہ مندرجہ بالا لفظ ادبی اردو میں ابتدائی مصمتی خوشوں کے ساتھ ادا ہوتے ہیں) اگرچہ ادبی اردو میں لفظ کے آخر میں مصمتی خوشے عام طور سے پائے جاتے ہیں، تاہم بمبئی کی اردو کی یہ خصوصیت ہے کہ اس میں اردو کے برخلاف نہ صرف سنسکرت بلکہ فارسی وعربی الاصل لفظوں میں بھی مصمتی خوشے استعمال نہیں ہوتے مثلاً:

۱۔ اصْل √ اصَل

۲۔ نَقْل √ نَکَل

۳۔ قَدْر √ کَدَر

۴۔ عَقْل √ عکَل یا عَکَل

۵۔ دَرْد √ دَرَد

۶۔ گَرْم √ گَرَم

۷۔ شُکْر √ شُکَر

مصمتی خوشوں کی تسہیل میں /i/ اور /ə/ کی اصوات درمیانی اضافہ (Anaptyxis) کی حیثیت رکھتی ہیں۔ مصمتی خوشوں کی تسہیل کے لئے اسقاط آخر (Apocope) سے بھی کام لیا جاتا ہے۔ اس صورت میں لفظ کے آخر میں اگر دو مصمتے آتے ہوں تو ایک کو آسانی کی خاطر گرادیا جاتا ہے۔ بمبئی کی اردو نے صوتی تسہیل کے اس عمل سے کافی فائدہ اٹھایا ہے۔ خاص طور سے بمبئی کی اردو میں یہ عمل /س ت/ کے خوشے کے ساتھ ہوا ہے جس میں [ت] کا استعمال نہیں ملتا مثلاً:

دوست	ے	دوس
گوشت	ے	گوش
مست	ے	مس
سست	ے	سُس
گشت	ے	گش

صرفی (Morphological) خصوصیات:

بمبئی کی اردو، صرفی خصوصیات میں بھی معیاری اردو سے الگ ہے۔ بمبئی کی چند صرفی خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں:

تعداد (Number)

تعداد کے اعتبار سے لفظ واحد ہوگا یا جمع۔ اردو میں اگر اسم /a/ پر ختم ہو تو /a/ کے /e/ میں بدلنے سے جمع بنائی جاتی ہے جیسے لڑکا، لڑکے۔ گھوڑا، گھوڑے۔ بکرا، بکرے وغیرہ۔ بمبئی کی اردو میں اس کے برعکس جمع بنانے کا ایک اور قاعدہ ہے۔ اس قاعدے کی رو سے /لوگ/ لفظیہ کے طور پر جمع کی علامت ہے، جیسے (واحد) لڑکا جمع لڑکے لوگ (e+lo:g) (واحد) گدھا (جمع) گدھے لوگ وغیرہ البتہ چند مستثنیات بھی ہیں مثلاً اگر لفظ /a/ کے علاوہ کسی اور مصوتے یا مصمتہ پر ختم ہوتا ہو تو لفظیہ (e+lo:g) کی بجائے صرف (lo:g) ہی جمع کی علامت کے طور پر استعمال ہوتا ہے جیسے:

۱ — مرغی = مرغی لوگ

۲ — مرد = مرد لوگ

۳ — عورت = عورت لوگ

۴ — کبوتر = کبوتر لوگ

۵ — بلی = بلی لوگ

اسما کی جمع بنانے کے قاعدے میں بمبئی کی اردو میں تذکیر و تانیث کا کوئی خیال نہیں رکھا جاتا، لفظیہ (لوگ) مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ البتہ لفظیہ (morpheme) (لوگ) جمع کے لئے صرف جاندار اسما کے لئے مخصوص ہے۔

تجنیس (Gender)

اردو میں تذکیر و تانیث کا طریقہ یہ ہے کہ جو لفظ مصوتہ /a/ پر ختم ہو وہ مذکر ہوتا ہے اور ایسے الفاظ جو مصوتہ /i/ پر ختم ہوتے ہیں وہ مونث ہوتے ہیں۔ اس اصول میں کچھ مستثنیات بھی ہیں۔ تاہم مجموعی حیثیت سے اردو میں تذکیر و تانیث کا قاعدہ یہی ہے۔ ادبی اردو کے مقابلے میں بمبئی کی اردو میں متعدد لفظ ایسے ہیں جو ادبی اردو کے برعکس بمبئی میں مونث یا مذکر استعمال ہوتے ہیں مثلاً :

اردو	بمبئی کی اردو
۱ — تاکید کی	تاکید کیا
۲ — صندوق بھیجی	صندوق بھیجا
۳ — ہم کو جان دی	ہم کو جان دیا
۴ — گھنٹے کی آواز	گھنٹے کا آواز

ضمیریں :

ضمائر متکلم

	واحد	جمع
فاعلی حالت :	میں	ہم یا اپن
مفعولی حالت :	میرے کو	ہمارے کو یا اپن کو
اضافی حالت :	میرا	اپن کا
ظرفی حالت :	میرے میں	اپن میں یا ہمارے میں
طوری حالت :	میرے سے	ہمارے سے یا اپن سے

ضمائر مخاطب

	واحد	جمع
فاعلی حالت :	تو	تم (لوگ)
مفعولی حالت :	تیرے کو	تمارے کو یا تم لوگ کو
اضافی حالت :	تیرا	تم لوگ کا یا تمارا
ظرفی حالت :	تیرے میں	تم لوگ میں یا تمارے میں
طوری حالت :	تیرے سے	ہمارے سے یا ہمارے لوگ سے یا اپن لوگ سے

ضمائر غائب

	واحد	جمع
فاعلی حالت :	وہ	وہ لوگ
مفعولی حالت :	اس کو	ان کو یا انوں کو یا ان لوگ کو
اضافی حالت :	اس کا	ان لوگ کا یا انوں کا
ظرفی حالت :	اس میں	ان لوگ میں یا انوں میں
طوری حالت :	اس سے	ان لوگ سے یا انوں سے

فصل

افعال کی گردان

ماضی

۱ — ماضی مطلق

	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مذکر	وہ لایا	وہ لوگ لائے	تو لایا	تم (لوگ) لائے	میں لایا	اپن، ہم لوگ لائے
مونث	وہ لائی	وہ (لوگ) لائے	تو لائی	تم (لوگ) لائے	میں لائی	اپن، ہم (لوگ) لائے

۲ — ماضی تمام (بعید)

	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مذکر	وہ لایا تھا	وہ (لوک) لائے تھے	تو لایا تھا	تم (لوگ) لائے تھے	میں لایا تھا	اپن، ہم (لول) لائے تھے
مونث	وہ لائی تھی	وہ (لوگ) لائے تھے	تو لائی تھی	تم (لوگ) لائے تھے	میں لائی تھی	اپن، ہم (لوگ) لائے تھے

۳ — ماضی نا تمام

	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مذکر	وہ لاتا تھا یا لایا کرتا تھا	وہ (لوگ) لاتے تھے یا لایا کرتے تھے	تو لاتا تھا یا لایا کرتا تھا	تم (لوگ) لاتے تھے یا لایا کرتے تھے	میں لاتا تھا یا لایا کرتا تھا	اپن، ہم (لوگ) لاتے تھے یا لایا کرتے تھے
مونث	وہ لاتی تھی یا لایا کرتی تھی	وہ (لوگ) لاتے تھے یا لایا کرتے تھے	تو لاتی تھی یا لایا کرتی تھی	تم (لوگ) لاتے تھے یا لایا کرتے تھے	میں لاتی تھی یا لایا کرتی تھی	اپن، ہم (لوگ) لاتے تھے یا لایا کرتے تھے

۴ — ماضی احتمالی

	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مذکر	وہ لایا ہو یا وہ لایا ہوگا	وہ لوک لائے ہون یا وہ لوگ لائے ہون گے	تو لائیلا ہو یا تو لائلا ہوگا	تم لوگ لائے ہو یا تم لوگ لائے ہون گے	مین لائیلا ہوں یا میں لائبلا ہوں گا	اپن ، ہم لوں لائیلے ہوں یا اپن ، ہم لوگ لائیلے ہوں گے
مونث	وہ لائی ہو یا وہ لائی ہوگی	وہ لوں لائیلے ہوں یا وہ لوگ لائیلے ہوں گے	تو لائیلی ہو یا تو لائیلی ہوگی	تم لوں لائیلے ہو یا تم لوگ لائیلے ہوں گے	میں لائیلی ہوں یا میں لائیلی ہوں گی	اپن یا ہم لوک لائیلے ہوں یا اپن یا ہم لوگ لائیلے ہوں گے

ارود میں تاکید کے لئے « ہی » کا استعمال ہوتا ہے ۔ بمبئی کی اردو دیگر دکنی بولیوں کی طرح تاکید کے لئے « چ » استعمال کرتی ہے جو مراٹھی کے اثر کا نتیجہ ہے مثلاً :

تو ہی کے بجائے توچ

وہ ہی کے بجائے ووچ

گیا ہی تھا کے بجائے گیاچ تھا

پیا ہی تھا کے بجائے پیاچ تھا

معاون فعل

معاون افعال (تھا ، تھی) کی جگہ بمبئی کی اردو میں (ہے) کا استعمال عام ہے ۔ مثلاً :

(اردو) گھر کے لوگ دیکھنے گئے تو بلّی گھنٹہ بجاتی تھی

(بمبئی کی اردو) گھر کے لوگ دیکھنے کو گئے تو بلّی گھنٹہ بجاتی ہے

(اردو) جب کھیل ختم ہوا اور گھر آتے وقت دیکھا تو بچھڑا نہیں تھا

(بمبئی کی اردو) جب کھیل پورا ہوا ، گھر کو آتے وقت دیکھے تو بچھڑا نہیں ہے

کہنا اور بولنا :

بمبئی کی اردو کی ایک خاص خصوصیت معیاری اردو کے « کہنا » کے مقابلہ میں « بولنا » کا استعمال بھی ہے مثلاً :

۱ ۔ (اردو) ابّانے کہا (بمبئی کی اردو) ابّا نے بولے
(") میں نے کہا (") میں نے بولا یا بولی

علامت فاعل اور علامت مفعول :

بمبئی کی اردو میں اکثر اوقات علامتِ فاعل (نے) اور علامتِ مفعول (کو) میں امتیاز نہیں کیا جاتا ۔ مثلاً :

(اردو) یہ سب رنگ لڑکوں کو پہچاننے چاہئیے
(بمبئی کی اردو) یہ سب رنگ لڑکوں نے پہچاننے چاہئیے

اسی طرح بمبئی کی اردو میں علامتِ فاعل (نے) اور علامتِ مفعول (کو) کا غیر ضروری استعمال بھی کثرت سے ہوتا ہے ، مثلاً :

شیر نے سمجھا بجائے شیر سمجھا ، دیکھنے کو گئے بجائے دیکھنے گئے

لغوی (Lexical) خصوصیات :

کسی زبان کی بولیوں کے مطالعہ کے وقت جو خصوصیات اسے معیاری زبان سے قدرے الگ کرتی ہیں ان میں صوتی یا صرفی خصوصیات کے مقابلہ میں لغوی خصوصیات زیادہ ہوتی ہیں[1] بولی اور زبان کا فرق کیفیت کا فرق ہے ، قسم کا نہیں (Difference is of quality and not of kind) بمبئی کی اردو بھی ادبی اردو سے قسم میں فرق نہیں کرتی بلکہ کیفیت میں فرق کرتی ہے ۔ اس اختلاف میں بھی صوتی وصرفی خصوصیات کے مقابلہ میں لغوی خصوصیات ہی زیادہ نمایاں حصہ دار ہیں ۔ بمبئی میں اردو ایک بیرونی زبان ہے ۔ اس کے اطراف میں مراٹھی ، کوکنی اور گجراتی زبانوں کی حکومت ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ بمبئی میں اپنی مقامی بولیوں سے زیادہ سے زیادہ متاثر ہوتی رہی اور اس طرح

1. Lexical borrowing is less restricted to the bilingual portion of a language community than phonic or grammatical interference (Languages in contact by urial weinreich (1970) page 56.

اس کا ذخیرۂ الفاظ مقامی بولیوں کے لفظی ذخیرہ کا تابع ہوتا گیا اور اس طرح خاموشی کے ساتھ « بمبئی کی اردو » نے ایک آزادانہ شکل اختیار کرلی۔

بمبئی کی بولی میں جیسا کہ ماقبل السطور مین بیان کیا گیا ہے ذخیرۂ الفاظ کے لحاظ سے مراٹھی بشمول کوکنی اور گجراتی کے اثرات بہت زیادہ ہیں۔ مراٹھی وگجراتی کے بعد بمبئی کی اردو کے بہت سے الفاظ پرتگیزی سے مستعار ہیں، البتہ پرتگیزی لفظ جو بمبئی کی بولی میں شامل ہوگئے ہیں وہ بالواسطہ نہیں بلکہ بلا واسطہ ہیں اور اس لحاظ سے ہم انہیں Integrated loans کہ سکتے ہیں۔ یہ لفظ پرتگیزی سے اردو میں آنے کی بجائے مراٹھی اور کوکنی کے راستہ یہاں کی اردو میں مستعار لئے گئے۔

ذیل میں بمبئی کی اردو کے وہ الفاظ دئے جاتے ہیں جو انیسویں صدی کی بمبئی کی زبان میں رائج تھے۔ یہ الفاظ مذکورہ دو کتابوں سوانح ملاطیب علی بھائی میاں اور ہندوستانی ریڈر مرتبہ عبد الفتاح گلشن آبادی میں پائے جاتے ہیں اور بمبئی کی اردو میں آج بھی مستعمل ہیں:

اردو	بمبئی کی اردو	اردو	بمبئی کی اردو
سبزی	ساگ ترکاری[1]	تاجر	کارباری
تمام	کھلاص	صبح	فجر
پیاز	کاندھے	گزراوقات	گزران
نیچے	نیچو	بازار	بزار
ٹاٹ	گون پاٹ	ذمہ، امانت	جوکھم
حصہ دار	بھاگیدار	گودام	بکھار

۱ — بمبئی کی اردو کے یہ چند الفاظ سوانح ملا طیب علی بھائی میاں سے دئے گئے ہیں۔

اردو	بمبئی کی اردو	اردو	بمبئی کی اردو
پرانے	جونے، جونے پرانے	کمرہ	کوٹھری
علی الصبح	بڑی فجر	ہفتہ	اٹھواڑا
پہیّے	چاک	ڈھانکنا	جھاپنا
کنارہ	چھیڑا	درخت	جھاڑ
ہوتا ہے	پڑتا ہے	صندوق ۔ بکس	پیٹی
کرتے	انگرکھے	کھریا، چاک	کھڑو
جسم	آنگ	بوجھ	بوجھا
سبزی	بھاجی	جوڑ	سانڈھے
کافی	بس	نیچے	تلے
برتن	باسن	اون	لوہکر
جھگڑا، شرارت	مارا ماری	حماقت	احمقی
عجیب	عجائب	وہ ۔ وے	
شور	گڑبڑ	ملائیں	ملاویں
وہ	سو	لمبائی	لمبان
لیکن	پن، پر	اونچائی	اونچان
مکھن	مسکہ	عرس	جترا
چونٹیاں	چمٹیاں	راستہ	رستہ
ہم	اپن	شرارت	مستی
رواج	چال		

۱ ـ بمبئی کی اردو کے یہ الفاظ هندوستانی ریڈر مرتبہ عبد الفتاح گلشن آبادی سے ماخوذ ہیں۔

انیسویں صدی کی بمبئی کی اردو کا تحریری نمونہ[۱]

اردو	بمبئی کی اردو
مینڈک نے کہا تمہارا تو کھیل ہوتا ہے مگر	مینڈک نے بولا تمہارا تو کھیل ہوتا ہے مگر
ہماری جان جاتی ہے	ہمارا جان جاتا ہے
اس کے باپ نے کہا نہیں	اسکا باپ بولا نہیں
اسنے کہا	وہ بولا
گھر میں بھی وہ شرارت نہیں کرتی تھی	گھر میں بھی وہ مستی نہیں کرتی تھی
ماں نے کچھ کام کہا تو جلد کرتی تھی	ماں نے کچھ کام کہا تو جلد کرتی
اسنے کہا دوسرے کی چیز ہم کیسے لیں	وہ بولی دوسرے کی چیز اپن کیسی لینا
کریمہ نے اس کے پاس جا کر سمجھایا	کریمہ اس کے پاس جا کر اسے سمجھائی
یہ باتیں باپ نے سنیں	یہ باتیں باپ نے سنا
عجیب چیزیں اس نے پیدا کی ہیں	عجائب چیزیں اس نے پیدا کیا ھے
ان کا خیال کھیل میں رہتا ہے	انہوں کا خیال کھیل میں رہتا ہے
لڑکوں کو سست ہو کر بیکار کیوں بیٹھنا چاہئے	لڑکوں نے کیوں سست ہو کر خالی بیٹھنا
شیخ جیون نام کا ایک لڑکا تھا	شیخ جیون ایسے نام کا ایک لڑکا تھا
انہیں تھوڑی دیر کھیلنے کی چھٹی ملتی	انہوں کو گھڑی بھر کھیلنے کی چھٹی ملتی
کئی روز کے بعد جب وہ سمجھنے لگا	بعد کئی روز کے جب وہ سمجھنے لگا
ان کو کسی قدر خوشی ہوتی ہوگی	ان کو کتنی خوشی بھلا ہوئی ہوگی
اگر گھر میں بلّی ہو تو چوہوں کا بندوبست ہو جاتا ہے	جب گھر میں بلّی ہے تو چوہوں کا بندوبست ہو جاتا ھے
بلّی کی دانائی کی یہ عجیب بات ہے	بلّی کے دانائی کی یہ عجائب بات ہے

۱ — بمبئی کی اردو کے یہ نمونے هندوستانی ریڈر مرتبہ عبد الفتاح گلشن اباد سے لیے گئے هیں۔

اردو	بمبئی کی اردو
مکان میں ایسا رواج تھا	مکان میں ایسی چال تھی
اسکی آواز سنکر	اس کا آواز سنکر
گھنٹے کی آواز نہ سنی اور کھانا بھی نہ پایا	گھنٹے کا آواز نہ سنا اور کھانابھی نہ پائی
بلی نے گھنٹا بجایا	بلی نے گھنٹا بجائی
گھر کے لوگ دیکھنے گئے تو بلی گھنٹا بجاتی تھی	گھر کے لوگ دیکھنے کو گئے تو بلی گھنٹا بجاتی ہے
ایسا انہوں نے دیکھا	ایسا دیکھنے میں آیا
تاکید کی	تاکید کیا
علم سیکھنے کو بہت دن چاہئے	بہت دن علم سیکھنے کو چاہئے
جب کھیل ختم ہوا اور گھر آتے وقت دیکھا تو بچھڑا نہیں تھا	جب کھیل پورا ہوا ، گھر کو آتے وقت دیکھے تو بچھڑا نہیں ہے
خانو نے کہا اب ابّا خفا ہوں گے	خانو بولا اب باوا خفا ہوونگے
ہمارے جانے سے پہلے	ہمارے جانے کے آگے
جو سچ بات ھے وہی کہنا	جو سچ بات ہے وھی بولنا
خانو نے کہا میں نے نہیں دیکھا	..... میں نے دیکھنا نہیں
تھوڑی دیر کے بعد خانو پچھتایا اور معافی مانگی	تھوڑی دیر کے بعد خانو کو پشتاوا ہوا پھر اس نے معافی مانگا
لڑکے تمھارا نام کیا ھے	لڑکے تیرا نام کیا ہے
کتا شکار میں مفید ہوتا ھے	کتا شکار میں مفید آتا ہے
ایک صندوق اس کمرے میں رکھنے کے لئے بھیجی	ایک پیٹی اس کوٹھری میں رکھنے کے واسطے بھیجا
کسقدر کام آیا	کتنا بڑا کام آیا

اردو	بمبئی کی اردو
یہ سب قسم کے رنگ لڑکوں کو پہچاننے چاہئے	یے سب قسم کے رنگ لڑکوں نے پہچانا چاہئے
اپنے ماموں کہتے تھے	اپنا ماموں کہتا تھا
اللہ تعالی نے ہم کو جان دی	اللہ تعالی نے اپنے کو جان دیا
اس سے محبت کریں	اس کی محبت کریں
چوہے نے عرض کی	چوہے نے عرض کیا
مذاق کے طور پر کہا	ٹھٹھے کی راہ سے کہا
شیر سمجھا	شیر نے سمجھا
بندر حرکتیں کرتا ھے	بندر چالے کرتا ہے
وہ کوئی اچھا کام نہیں کرسکتا	اس کو کچھ اچھا کام کرتے نہیں آتا
لڑکوں کو چاھئے کہ وہ بندر کی طرح کام اور حرکتیں نہ کریں	لڑکوں کو لازم ہے کہ بندر کے سریکھے کام اور چالے نہ کریں
ابراهیم مجھ سے بات نہیں کرتا	ابراهیم مجھ سے بولتا نہیں
میں محسوس کرتا ہوں	مجھکو معلوم ہوتا ہے
مگر ابّا نے کہا	مگر باوا نے کہے
اچھے لڑکوں سے سب لوگ پیار محبت کرتے ہیں	اچھے لڑکوں پر سب لوگ پیار محبت کرتے ہیں
مویشی خانہ میں پانچ گائیں تھیں	گوٹھے میں پانچ گائیاں تھیں
چاندی کا پیالا	روپئے کا پیالا
گھر گیا	گھر کو گیا

اردو	بمبئی کی اردو
تمہارے واسطے	تیرے واسطے
اس کے ٹکڑے میں لایا ہوں	اس کے ٹکڑے میں نے لایا ہوں
ماں نے اس سے پوچھا	ماں نے اسے پوچھے
ماں نے کہا	ماں نے کہی
مجھ سے غلطی ہوئی	میری چوک ہوئی
مجھے یہ اچھی سزا ملی	مجھے یہ اچھی سزا ہوتی

حامد اللہ ندوی

ٹیلگو میں سنسکرت ، ٹامل اور اردو الفاظ

(۱)

ٹیلگو ، دراویڈی خاندان کی چار اہم زبانوں میں سے ایک ہے۔ اس کے بولنے والے نہ صرف آندھرا میں بستے ہیں بلکہ ٹامل ناڈو ، میسور ، مہاراشٹر ، اڑیسہ اور ہندوستان کی بعض دوسری ریاستوں میں بھی پائے جاتے ہیں۔ مجموعی طور پر اس زبان کے بولنے والوں کی کل تعداد تین کروڑ پچاس لاکھ سے زیادہ ہے اور اس لحاظ سے تمام دراویڈی زبانوں میں اس کا نمبر پہلا ہے۔[۱]

اس زبان کا نام ٹیلگو کیسے پڑا۔ اس سلسلہ میں مختلف لوگوں نے مختلف خیالات کا اظہار کیا ہے۔ بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ جس علاقے میں یہ زبان بولی جاتی تھی وہ زمانہ قدیم میں تری لنگا (Trilinga) کہلاتا تھا یعنی شیو کی تین لنگوں۔ سری شائلم (Srisailam) کالیشورم (Kalesvara) اور دا کشاراما (Daksharama) کا ملک ، تلنگانہ اسی کی بگڑی ہوئی شکل ہے اور اسی کی مناسبت سے یہاں کی بولی کا نام بھی ٹیلگو پڑگیا۔ بعض لوگ ٹیلگو کو تینوگو کی بدلی ہوئی شکل سمجھتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ یہ لفظ اسی زبان کے ایک لفظ تین (Tene) سے بنا ہے جس کے معنی ہیں شہد ، یعنی یہ بولی شہد کی طرح میٹھی ہے۔[۲]

اس نام کی وجہ بہر حال کچھ بھی ہو یہ ایک حقیقت ہے کہ ٹیلگو دراویڈی زبانوں میں سب سے زیادہ شیریں، نرم اور نغمہ آگیں زبان ہے۔ اور اس کی اسی خصوصیت کی بناپر یورپ کے لوگ اس کو اطالوی مشرق (Italian of The East) کے نام سے یاد کرتے تھے۔[۳]

تاریخی شواہد کی غیر موجودگی میں یہ بتانا مشکل ہے کہ اس زبان نے کب اور کن حالات میں جنم لیا اور اس کی ابتدائی نشوونما میں کن لوگوں کا حصہ زیادہ ہے۔ اس زبان کے ابتدائی نمونے زیادہ ترکتبوں کی شکل میں ملتے ہیں ان کتبوں میں بعض پانچویں چھٹی صدی عیسوی کے ہیں اور بعض ساتویں آٹھویں اور نویں صدی عیسوی کے اور بعض تو اس کے بھی بعد کے۔

کتبوں کے علاوہ اس زبان کے ابتدائی نمونے ہمیں گیتوں کی شکل میں بھی ملتے ہیں۔ ان گیتوں میں لوریاں (lalipatalu) بھور کے گیت (melukolupulu) تیوہاروں کے گیت (mangala haratulu) کیرتن کے گیت (Kirtanalu) فصل کی کٹائی کے گیت (Udupu patalu) خاص طور پر قابل ذکر ہیں ان گیتوں کا ایک اچھا خاصا ذخیرہ سینہ بہ سینہ نسل بہ نسل منتقل ہوتا رہا اور زمانہ کی دست برد سے بچا رہا۔

ٹیلگو ادب کا باقاعدہ آغاز گیارہویں صدی عیسوی میں ننایا (Nannaya) کے ترجمہ مہابھارت سے ہوا۔ ننایا نے یہ کام راجہ راجا نریندر کے مشورہ سے شروع کیا تھا۔ اس نے اس کے دو ہی حصے پورے کئے تھے کہ راجا کا انتقال ہوگیا اور یہ اہم کام مکمل ہونے سے رہ گیا۔

تیرھویں صدی عیسوی میں ٹکانا (Tikkana) نے ننایا کے ترجمہ مہابھارت کو پورا کرنے کا بیڑا اٹھایا۔ اس نے سوچا کہ ننایا کا کام جہاں سے رکا وہاں سے شروع کرنا فال نیک نہیں ہوسکتا اس لئے اس نے چوتھے حصے سے اس ترجمہ کو شروع کیا اور بخیر وخوبی اختتام تک پہنچایا۔

چودھویں صدی عیسوی میں ایر پرگڈا (Yerrapragada) نے بڑے حسن وخوبی سے ننایا اور ٹکانا کے چھوڑے ہوئے تیسرے حصے کا ترجمہ کر کے اس کام کو مکمل کیا۔ مہابھارت کے یہ تینوں مترجم ٹیلگو زبان وادب کی تاریخ میں بڑے احترام کے ساتھ یاد کئے

جاتے ہیں اور انہیں مجموعی طور پر کاوتریہ (Kavitraya) کے نام سے یاد کیا جاتا ہے یعنی تین بڑے شاعر۔

تیرھویں اور چودھویں صدی عیسوی میں مہابھارت کے علاوہ رامائن کے ترجمہ کی طرف بھی خاص طور پر دھیان دیا گیا اس سلسلہ میں کونابدھ راج (Kona Buddharaja) ہلکی بھاسکر (Hullakki Bhaskara) اور اس کے شاگرد خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں۔

چودھویں صدی عیسوی سے سولھویں صدی عیسوی تک کا زمانہ تیلگو زبان وادب کے لئے بڑا خوشگوار زمانہ تھا، کیونکہ جنوبی ہند میں ریاست وجیانگر کے قیام کے بعد مقامی زبانوں خاص طور پر تیلگو اور کنڑی کو پھلنے پھولنے کا کافی موقع ملا۔ اس سلسلہ کے اکثر راجگان نہ صرف اچھے حکمراں تھے بلکہ انہوں نے علوم وفنون کی سرپرستی میں بھی کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ بکارایا (Bukka Raya) (۱۳۴۶ء - ۷۹) بڑا علم دوست اور ادب نواز تھا۔ اس عہد میں تیلگو کے متعدد اہم شاعرگزرے ہیں۔ دیورایادوم (Dewaraya II) (۱۴۲۲ء - ۴۶) نہ صرف بذات خود عالم وفاضل تھا بلکہ عالموں اور شاعروں کا قدرداں بھی تھا۔ اس کا عہد بھی تیلگو اورکنڑی کی سرپرستی کے لئے مشہور ہے۔ سری ناتھ (Srinatha) جو متعدد اہم تیلگو نظموں کا خالق ہے اور جس کو بعض لوگ تیلگو کا بہت بڑا شاعر سمجھتے ہیں اسی کے عہد میں گزرا۔ نرسمہا اول (Narasimha I) (۱۴۸۶ء - ۸۹) بھی متعدد زبانوں کا عالم تھا۔ اس کے عہد میں بھی تیلگو کے بعض بڑے شاعر پیدا ہوئے جن میں پناویربھدرا (Pina Virabhadra) زیادہ مشہور ہے۔

کرشنادیورایا (Krishnadeva Raya) (۱۵۰۹ء - ۳۰) کا عہد تو اس سلسلہ کا سب سے اہم عہد ہے۔ اس کا عہد سیاست، جنگ اور فنون لطیفہ کے لئے جتنا مشہور ہے اس سے زیادہ زبان وادب کی سرپرستی اور ترقی کے لئے مشہور ہے۔ وہ پہلا راجہ تھا جس

کے عہد میں ترجمے کی بجائے تخلیق کو زیادہ اہمیت دی گئی ۔ اس کے متعلق یہ بھی مشہور ہے کہ اس کے دربار میں آٹھ ایسے اہم شاعر جمع ہو گئے تھے جنھیں ہشت پیل (Ashtadiggajas) کے نام سے یاد کیا جاتا تھا ۔ مطلب یہ تھا کہ جس طرح ہندو دیو مالاؤں میں آٹھ ہاتھیوں کے دنیا کو سہارا دینے کا تصور ہے بالکل اسی طرح یہ آٹھ شاعر دنیائے شعر وادب کے ستون ہیں ، ان آٹھ شاعروں کے نام یہ تھے ، اللسانی پدنا (Allasani Peddana) نندی تمنا (Nandi Timmana) ایال راجو رام بھدریہ (Ayyalaranju Ramabhadriah) دھرجتی (Dhurjati) مدیہ گری ملانا (Madiah gari Mallana) پنگلی سرانا (Pingali Surana) رام راج بھشنا (Ramarajabhushana) اور تنالی راما کرشنا (Tenali Rama Krishna) ۔ ویسے کرشنا دیورایا خود بھی ایک بڑا شاعر تھا ۔ اس کی ایک نظم وشنوچتیم (Vishnuchittiyam) کا شمار ٹیلگو کے پانچ مہا کاویوں میں ہوتا ہے ۔[٤]

سنہ ۱۵۶۵ء میں سلطنت وجیانگر کے زوال کے بعد بھی قطب شاہی سلاطین اور ان کی جگہ لینے والے دیگر مسلم صوبیداروں نے اور زبانوں کے ساتھ ٹیلگو کی سرپرستی کا یہ سلسلہ بھی جاری رکھا اور ٹیلگو بغیر کسی رکاوٹ کے پروان چڑھتی اور ترقی کرتی رہی ۔

(۲)

سنسکرت شاید دنیا کی پہلی زبان ہے جس کے قواعد سب سے پہلے مرتب ہوئے ۔ ویدوں کو سمجھنے کی کوشش نے اس کا راستہ ہموار کیا اور چوتھی صدی قبل مسیح میں پانینی کے ہاتھوں اس کی ایک باقاعدہ قواعد وجود میں آئی ۔ اس قواعد کے اثرات بڑے اہم اور دور رس تھے ۔ اکثر لوگوں نے اس کو پسندیدہ نظروں سے دیکھا لیکن بعض لوگ ایسے بھی تھے جو اس کام کو سنسکرت کی ترقی کے لئے فال بد سمجھتے تھے ۔ ان کا خیال تھا کہ پانینی نے ایک زندہ ، خودرو اور لچکدار زبان کو اصول وقواعد کی

پابندیوں میں جکڑ کر اس سے اس کی زندگی چھین لی۔ اس کی وہ قدرتی بے ساختگی جاتی رہی۔ اس میں تصنع آگیا اور وہ عوام کے اظہار جذبات کی صلاحیت سے محروم ہوگئی۔

ممکن ہے اس وقت ان لوگوں کے اس خیال میں کچھ سچائی بھی رہی ہو لیکن بعد کے حالات نے ثابت کردیا کہ پانینی کی ان کوششوں نے سنسکرت کی جان نہیں لی بلکہ الٹا اس کو زندہ جاوید کردیا۔ اسی کی کوشش کا نتیجہ تھا کہ سنسکرت عوام کے رحم وکرم پر پڑرہنے کی بجائے تعلیم یافتہ لوگوں کے اظہار خیال کا وسیلہ بن گئی اور ہندوستان کی اکثر علمی ادبی کتابیں اسی میں لکھی جانے لگیں۔

زبان اور مذہب کا رشتہ بہت پرانا ہے۔ قدرت کے عطیوں میں یہی دو چیزیں ایسی ہیں جو کسی بیرونی سہارے کے بغیر ایک دوسرے کی انگلی پکڑکر نہایت خاموشی کے ساتھ آگے بڑھتی رہتی ہیں۔ جہاں مذہب پہنچتا ہے وہاں اس کی زبان بھی پہنچتی ہے اور جہاں زبان پہنچتی ہے وہاں کچھ نہ کچھ اس مذہب کے اثرات بھی پیدا ہوہی جاتے ہیں۔ ہمارے سامنے اس کی زندہ مثال ویدی مذہب اور سنسکرت کی ہے جو سالہا سال تک ایک دوسرے کی مدد سے ہندوستان بھر میں فروغ پزیر ہوتے اور پھلتے پھولتے رہے۔

اس میں شک نہیں کہ جین مت اور بدھ مت کے عروج نے کچھ مدت کے لئے ویدی مذہب اور سنسکرت کی ان ترقیوں کو روک دیا لیکن اشوک کی موت کے ساتھ ہی یہ رکاوٹ دور ہوگئی اور اس کے بعد شمال میں عموماً اور وسط ہند اور دکن میں خصوصاً جو حکومتیں قائم ہوئیں وہ زیادہ تر برہمنوں کی تھیں جن میں شنگ (Sungas) کنو (Kanva) اور ستواہن (Satavahanas) خاندان خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں۔ ستواہن، آندھرا (Andhras) کے نام سے بھی یاد کئے جاتے ہیں کیونکہ ان کی حکومت دریائے کرشنا اور گوداوری کے درمیانی علاقے میں تھی جہاں زیادہ تر تیلگو بولنے والے لوگ آباد تھے۔ ان حکومتوں کے قیام سے یہاں ہندو مذہب کو ازسرنو فروغ ملا اور

سنسکرت پھر ایک بار یہاں کی سرکاری اور علمی ادبی زبان بن گئی۔

اس طرح چھٹی صدی عیسوی سے بہت پہلے، جبکہ چالوکیہ خاندان نے ابھی ستواہنوں کی جگہ نہیں لی تھی اور جبکہ ٹیلگو بحیثیت ایک مستقل زبان کے اپنے علاقوں میں پوری طرح منظر عام پر نہیں آئی تھی۔ سنسکرت نے آندھرا میں اچھی طرح اپنے قدم جمالئے تھے اور وہاں کے پڑھے لکھے لوگ اپنی مذہبی، علمی، ادبی تخلیقات کے لئے اس کو وسیلہ بناتے ہوئے فخر محسوس کرتے تھے۔ دوسرے الفاظ میں اس کا مطلب یہ ہوا کہ جب آندھرا میں ٹیلگو زبان نے آنکھ کھولی تو سنسکرت کی حکمرانی تھی اور ہر طرف اسی کے ڈنکے بج رہے تھے۔

یہی وجہ ہے کہ پانچویں صدی عیسوی کے پتھروں پر کندہ کئے ہوئے قدیم ٹیلگو کے جو نمونے دریافت ہوئے ہیں ان میں ٹیلگو محاورے زیادہ تر سنسکرت الفاظ پر مبنی پائے گئے ہیں۔ اسی طرح جناش رایا چھنداس (Janashrayachandas) جو علم عروض پر اس علاقہ کی ایک ابتدائی تخلیق ہے اور جس کے کچھ حصے ابھی ابھی دریافت ہوئے ہیں، سنسکرت میں لکھی گئی ہے لیکن ایسے ٹیلگو اوزان پر مشتمل ہے جو سنسکرت کے لئے بھی نئے ہیں۔ علاوہ ازیں اس کی عبارتوں کا بڑا حصہ پراکرت اور ٹیلگو الفاظ پر مشتمل ہے۔

اس کے بعد بھی ٹیلگو کا جو ادب ملتا ہے وہ زیادہ تر سنسکرت کے تراجم پر مشتمل ہے اور ان میں سنسکرت الفاظ کا استعمال بڑی آزادی کے ساتھ کیا گیا ہے۔ چنانچہ گیارہویں صدی عیسوی میں ننایا کے ہاتھوں مہابھارت کے ابتدائی دو حصوں کا جو ترجمہ وجود میں آیا وہ ٹیلگو ہونے کے باوجود سنسکرت کے اثر سے بچ نہ سکا اور سنسکرت الفاظ واصطلاحات کی ایک بڑی تعداد اس میں موجود ہے۔

گوکہ پندرھویں صدی عیسوی میں ریاست وجیانگر کے قائم ہوتے ہوتے ٹیلگو ایک باقاعدہ علمی ادبی زبان بن چکی تھی لیکن اس وقت بھی آندھرا کا پڑھا لکھا طبقہ

براہ راست کچھ ٹیلگو میں لکھنے کی بجائے سنسکرت سے ترجمہ کرنے کو زیادہ ترجیح دیتا تھا۔ یا اگر براہ راست ٹیلگو میں کچھ لکھنے کا ارادہ بھی کرتا تو مواد کے لئے اس کی نظر مہابھارت اور رامائن ہی کی طرف جاتی۔ نتیجہ یہ کہ سنسکرت الفاظ واصطلاحات کی مدد لئے بغیر اس کی بات بنتی نہ تھی۔

ان حالات میں یہ سمجھنا کچھ مشکل نہیں کہ آج بھی ٹیلگو زبان کا تین چوتھائی حصہ سنسکرت کیوں ہے۔ ایک دراوِڈی زبان ایک ہند آریائی زبان کے اس قدر قریب کیسے ہوگئی۔ اور کس طرح سنسکرت کے ہزاروں الفاظ ٹیلگو کا بنیادی حصہ بن گئے۔

سنسکرت کے جو الفاظ اس طرح ٹیلگو میں شامل ہوگئے ہیں ان کی پہچان متعدد طریقوں سے ہوسکتی ہے لیکن زیادہ آسان صوتی اور صرفی طریقہ ہے۔ صوتی طریقہ یہ ہے کہ ہم ٹیلگو اور سنسکرت کی بنیادی آوازوں کا مقابلہ کر کے پتہ چلائیں کہ وہ کونسی آوازیں ہیں جو ٹیلگو کی اس کی اپنی نہیں بلکہ سنسکرت کی دین ہیں کیونکہ جو الفاظ بھی ان آوازوں پر مشتمل ہوں گے وہ یقیناً سنسکرت الاصل ہوں گے۔ صرفی طریقہ یہ ہے کہ ٹیلگو کے موجودہ ذخیرۂ الفاظ پر اک نظر ڈال کر یہ معلوم کریں کہ ان میں سنسکرت الاصل سابقوں اور لاحقوں کا کہاں کہاں استعمال ہوا ہے کیونکہ ان الفاظ میں ان سابقوں اور لاحقوں کی موجودگی بھی اس بات کا بین ثبوت ہوگی کہ ان الفاظ کا سرچشمہ بھی سنسکرت ہی ہے۔

صوتی پہچان کی بعض عام بنیادیں حسب ذیل ہیں :

(الف) یہ ایک مسلمہ امر ہے کہ دراوِڈی زبانیں بنیادی طور پر [ہ] (aspirate) اور ہکاری آوازوں (aspirated Sounds) ۔ [پھ] [بھ]۔ [تھ] [دھ]۔ [ٹھ] [ڈھ]۔ [چھ] [جھ]۔ [کھ] [گھ]۔ سے محروم ہیں۔ اس کی زندہ مثال تامل ہے جو اس خاندان کی سب سے پرانی زبان ہے جس کے دروازے آج بھی ہکاری آوازوں کے لئے بند ہیں۔ ملیالم اور کنڑی میں بے شک، یہ آوازیں پائی جاتی ہیں لیکن یہ یقیناً ان کی اپنی

نہیں بلکہ سنسکرت سے مستعار ہیں یا کسی دوسری ہندآریائی زبان سے ماخوذ ہیں۔ ٹیلگو کا بھی تقریباً یہی حال ہے اگر اس زبان کے ان سارے الفاظ کو جمع کیا جائے جن میں ہکاری آوازیں پائی جاتی ہیں تو پتہ چلے گا کہ ان کا سر چشمہ سنسکرت ہے جیسے :

آواز :	ٹیلگو :	سنسکرت :	معنی :
[फ]	फलमू	फलम्	پھل
[भ]	भूमी	भूमि :	زمین
[थ]	ग्रन्थमु	ग्रन्थम्	کتاب
[ध]	आयुधमु	आयुधमू	ہتھیار
[ठ]	पाठमु	पाठ .	سبق
[ढ]	मौढयमु	मौढयम्	احمق
[छ]	छाया	छाया	عکس
[फ]	फरमु	फरा	موسلا دھار
[ख]	खेल :	खेलू	کھیل
[घ]	मेघम	मेघम :	ابر

(ب) سسکاری آوازوں (Sibilants) ۔ [س] اور [ش]۔ کا بھی یہی حال ہے ۔ دراوپڈی زبانوں کے بنیادی صوتی ڈھانچہ میں ان کی بھی جگہ نہ تھی۔ یہاں تک کہ زمانۂ قدیم میں جب ٹامل ناڈو میں سنسکرت کو فروغ ہوا اور سنسکرت کی کتابیں ٹامل حروف میں لکھی جانے لگیں تو پتہ چلا کہ ٹامل حروف تہجی کا مروجہ ڈھانچہ سنسکرت کی بعض مخصوص آوازوں کی ترجمانی کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ چنانچہ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے بعض نئے حروف وضع کئے گئے جن میں [س] [ش] بھی شامل تھے۔ ٹامل کے علاوہ دوسری دراوپڈی زبانوں میں ان آوازوں کی موجودگی بھی سنسکرت ہی کے اثرات کا نتیجہ ہے لہذا ٹیلگو کے جن الفاظ میں یہ آوازیں پائی جاتی ہیں ان کو بھی

سنسکرت الاصل یا ہندآریائی (اردو وغیرہ) سمجھنا چاہئیے جیسے :

آواز :	ٹیلگو	سنسکرت	معنی :
[स]	सन्दु	सन्दानं	سوراخ
	सूत्रमु	सूत्रम्	دھاگا
	निवासमु	निवास :	گھر
श	आशा	आशा	امید
	शक्ती	शक्ति :	طاقت
	शकमु	शक :	سنہ

(ج) دو اور آوازیں ہیں جو مذکورہ بالا آوازوں کی طرح سنسکرت الاصل ہیں اور وہ ہیں کشہ [क्ष] اور گنیہ [ज्ञ] بعض علماء نے انہیں مفرد آوازوں میں شمار کیا ہے اور بعضوں نے انہیں [क+श] اور [ज+ञ] کا مرکب قرار دیا ہے لیکن اس پر سب کو اتفاق ہے کہ یہ آوازیں سنسکرت الاصل ہیں۔ دراویڈی زبانوں میں ایک مدت تک ان آوازوں کا بھی وجود نہ تھا۔ جنوب میں سنسکرت کی مقبولیت اور دراویڈی زبانوں میں سنسکرت الفاظ کے داخلے سے یہ آوازیں ان تک پہنچیں اور عام ہوئیں اس سے ظاہر ہے کہ ٹیلگو کے وہ تمام الفاظ بھی جن میں یہ دو آوازیں پائی جاتی ہیں یقیناً سنسکرت الاصل ہیں جیسے :

آواز	ٹیلگو	سنسکرت	معنی
[क्ष]	पक्षम	पक्षम्	پارٹی
	शिक्षा	शिक्षा	تعلیم
	लक्षमु	लक्षम्	لاکھ
[ज्ञ]	आज्ञा	आज्ञा	حکم
	ज्ञानमु	ज्ञानम्	گیان
	अज्ञनमु	अज्ञान	نادانی

صرفی پہچان کے لئے سبقلاحوں (Affixations) کا اصول ہمارے کام آسکتا ہے۔ جدید لسانیات کی رو سے (Affixation) ایک ایسا صرفی عمل ہے جو کسی لفظ یا مادہ کے ساتھ تصریفی اجزا ملا کر مشتقات (Derivatives) یا متصرفات (Inflectional forms) حاصل کرنے کیلئے اختیار کیا جاتا ہے۔ اور یہ تقریباً پورے صرف پر حاوی ہے۔ ہماری مراد یہاں یہ نہیں بلکہ محض وہ سابقے اور لاحقے ہیں جو نئے اسماء وصفات وضع کرنے کے لئے کسی لفظ کے شروع یا آخر میں بڑھائے جاتے ہیں۔ سنسکرت میں ان سابقوں اور لاحقوں کی کوئی کمی نہیں ، اور یہ دراویڈی سابقوں اور لاحقوں سے مختلف ہیں۔ ٹیلگو الفاظ میں ان سابقوں اور لاحقوں کی موجودگی بھی اس بات کی علامت ہے کہ یہ سنسکرت الاصل ہیں جیسے :

(الف) سابقے :

	ٹیلگو :	سنسکرت :	معنی :
[अ-]	अबलमु	अबल	کمزور
अव -	अवमानमु	अवमाननम्	رسوائی
चन्द्र :-	चन्द्रमुखी	चन्द्रमुखी	چاندسا
नव -	नवरात्रि	नवरात्रि	تہوار
निर -	निराशा	निराशा	نا امیدی
परि -	परिहासमु	परिहास :	مضحکہ
सद -	सदगुणमु	सदगुणम्	خوبی
सौ -	सौभाग्यवती	सौभाग्यवती	نیک بخت
उप -	उपकारमु	उपकार	فائدہ

(ب) لاحقے :

-कर्ता	धर्मकर्ता	धर्मकर्ता	مذہبی رہنما
-कारी	आरोग्यकारी	आरोग्यकारी	خوبصورت

لاحقے	ٹیلگو	سنسکرت	معنی :
-धारी	वेशधारी	वेशधारी	روپ بدلنے والا
-पती	न्यायाधिपति	न्यायाधिपति	منصف
-शाली	बुद्धिशाली	बुद्धिशाली	عقلمند
-वंत	धनवंत	धनवंत	مالدار
-आदि	उत्तरादि	उत्तरादि	شمال کا رہنے والا

ٹیلگو میں سنسکرت کے دخیل الفاظ کی پہچان کے جو اصول اوپر بتائے گئے ہیں اور ان اصولوں کی وضاحت کے لئے جو مثالیں دی گئی ہیں ان کی حیثیت حرف آخر کی سی نہیں ہے - تلاش کرنے پر اور بہت سی ایسی بنیادیں مل جائیں گی جن کی مدد سے نہایت آسانی کے ساتھ پہلی ہی نظر میں ٹیلگو اور سنسکرت الفاظ میں فرق کیا جاسکتا ھے - ایک خاص اندازے کے مطابق ٹیلگو میں ان سنسکرت الفاظ کی مجموعی تعداد کسی طرح تین چوتھائی سے کم نہیں اور یہ ریڑھ کی وہ ہڈی ھے جس کے سہارے ٹیلگو زبان اپنا سر اونچا رکھنے کے لائق ہوئی -

(۳)

ٹیلگو اور سنسکرت کی طرح ٹیلگو اور ٹامل کا رشتہ بھی بہت پرانا ہے - ہونا تو یہی چاہئے تھا کہ تاریخ ہند کی مدد سے اس تعلق پر آسانی کے ساتھ روشنی ڈالی جاسکتی لیکن افسوس ہے کہ قدیم ہندوستان کی تاریخ لکھنے والوں نے اپنی تاریخیں اس انداز سے لکھی ہیں جیسے دکن اور جنوبی ہند کا کوئی وجود نہ ہو- اکثر مورخین نے اپنا سارا زور قلم شمالی ہند کی غیر ضروری تاریخی تفصیلات بیان کرنے میں صرف کردیا ہے اور دکن اور جنوبی ہند کو بالکل ہی نظر انداز کردیا ہے - اگر کسی نے اس طرف توجہ کی بھی تو محض ثانوی حیثیت سے - یہی وجہ ہے کہ ان تاریخوں میں جہاں شمالی ہند کے حالات چھٹی صدی قبل مسیح کے بھی مل جاتے ہیں وہاں جنوبی ہند کے حالات چھٹی صدی عیسوی

کے آس پاس کے بھی مشکل سے ملتے ہیں ۔ ایسی صورت میں پورے وثوق کے ساتھ یہ بتانا کہ اس زمانہ میں ٹامل اور ٹیلگو کے باہمی تعلقات کیسے تھے اور ان دونوں زبانوں میں الفاظ کا آزادانہ لین دین کس حد تک ہوا ہے نا ممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے ۔

چھٹی صدی عیسوی کے بعد سے البتہ تاریخ کا دھندلکا چھٹنے لگتا ہے اور دکن اور جنوبی ہند کے صحیح حالات کسی حد تک روشنی میں آنے لگتے ہیں ۔ پتہ چلتا ھے کہ چھٹی سے نویں صدی عیسوی تک تقریباً تین سو سال یہاں تین حکومتیں اپنا اپنا اثر ورسوخ بڑھانے کی خاطر پڑوسی حکومتوں سے لڑتی جھگڑتی رہیں ۔ یہ تین حکومتیں چالوکیہ (Chalukyas) پلّو (Pallavas) اور پانڈیا (Pandyas) تھیں ۔ پلو اور پانڈیا حکومتیں ٹامل علاقوں میں تھیں تو چالوکیہ خاندان ٹیلگو علاقہ پر حکومت کرتا تھا ۔ ان تینوں خاندانوں نے جنگ وجدل کے ساتھ ساتھ علوم وفنون اور زبان وادب کی سرپرستی کا سلسلہ بھی اپنے اپنے حدود میں جاری رکھا ، جس کے نتیجے میں ٹامل اور ٹیلگو کو بھی کافی فروغ ملا اور یہ زبانیں اپنے اپنے علاقوں میں ایک ساتھ خاموشی کے ساتھ پروان چڑھتی رہیں ۔

نویں صدی عیسوی کی ابتدا میں چالوکیہ خاندان کی حکومت مشرقی اور مغربی دو حصوں میں بٹ گئی تو دوسری طرف ٹامل علاقہ میں پلو اور پانڈیا حکومتوں کو ختم کر کے چولا (Chola) برسراقتدار آئے ۔ تقریباً بارھویں صدی عیسوی کے اختتام تک یہی دو حکومتیں جنوب کے سیاہ وسفید پر چھائی رہیں ۔ مشرقی چالوکیہ خاندان چولا سلاطین کا حلیف اور طرفدار تھا ان دونوں خاندانوں میں بیٹا بیٹی کا لین دین بھی ہونے لگا ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ٹیلگو اور ٹامل بولنے والوں کو اورزیادہ قریب ہونے کا موقع مل گیا ۔

تیرھویں صدی عیسوی کے آغاز میں ان دو حکومتوں پر بھی زوال آگیا اور چارنئی ریاستیں وجود میں آئیں ۔ پانڈیا ، ہوے سل (Hoysala) کاکتیا (Kakatiya) اور یادیو (Yadava) ۔ گوکہ یہ سوسال سے زیادہ زندہ نہ رہ سکیں ۔ بہمنی اور وجیانگر حکومتوں

نے ان کی جگہ لے لی مگر پھر بھی جہاں تک زبانوں کی ترقی اور باہمی میل جول کا تعلق ہے یہ سوسال بھی کافی حوصلہ افزا رہے۔ پانڈیا سلاطین نے تامل کو فروغ دیا تو کاکتیا سلاطین نے تیلگو کی سرپرستی کی۔ مشرقی چالوکیہ اور چولا خاندانوں کی طرح پانڈیا اور کاکتیا سلاطین میں بھی کافی اچھے مراسم تھے۔ ایک ریاست کا آدمی دوسری ریاست میں آزادانہ آتا جاتا تھا۔[۷]

چودہویں صدی عیسوی میں ، جنوب میں ریاست وجیانگر کا قیام ہندو مذہب کے احیاء کے نام پر عمل میں آیا تھا لہذا اس نے بھی اپنے دوسو سالہ دور عروج میں اپنے مقصد کو سامنے رکھا اور نہ صرف ھندو مذھب اور ثقافت کے تحفظ کی کوشش کی بلکہ علوم وفنون اور زبان وادب کو بھی فروغ دیا۔ راجگان وجیانگر بالعموم سنسکرت تیلگو ، تامل ، کنڑی غرض کہ سبھی زبانوں کے سرپرست تھے اور ان کے عہد حکومت نے تیلگو اور تامل بولنے والوں کو شیر وشکر ہونے کا اور زیادہ موقع دیا۔

اسطرح تاریخ کے ہر دور میں دکن اور جنوبی ہند میں ایسے حالات پیدا ہوتے رہے یا ایسی حکومتیں وجود میں آتی رہیں جو اپنے اثر ورسوخ بڑھانے کے علاوہ مقامی زبانوں کی بھی سرپرستی کرتی رہیں ، ان کی حکومتوں نے جن زبانوں کی سرپرستی کی ان میں سنسکرت کے بعد تامل اور تیلگو زیادہ نمایاں ہیں، ان سرپرستوں نے ان دونوں زبانوں اور ان کے بولنے والوں کے آپسی میل جول کو کافی بڑھاوا دیا ، یہاں تک کہ یہ دونوں زبانیں اپنی اپنی انفرادیت کو باقی رکھتے ہوئے ایک دوسرے سے قریب سے قریب تر ہوگئیں۔

علاوہ ازیں پیدائش (Genesis)* اجزائے ترکیبی (Structural factors) اور علاقائی (Area) بنیادوں پر علمائے زبان نے ہندوستان کی مروجہ زبانوں کی جو گروپ بندی کی ھے اس میں تامل اور تیلگو کو دراویڈی خاندان زبان کی شاخ قرار دیا ھے اور بتایا ھے کہ ان زبانوں کی اکثر لسانی خصوصیات ایک سی ھیں مثلا یہ کہ یہ لیسدار

(Agglutinating) اور کثیر الاجزا (Polysyllabic) زبانیں ہیں ان میں سابقوں کی بجائے لاحقوں کا رواج ہے ، ان کے تذکیر وتانیث کا نظام ہندوستان کی اور زبانوں کے تذکیر وتانیث کے نظام سے قدرے مختلف ہے ، ان میں فقرے اور جملے بنانے کے لئے اجزائے سابق (Prepositions) کا استعمال نہیں ہوتا۔ اجزائے لاحق (Postpositions) کا استعمال ہوتا ہے۔ ان میں کوزی آوازیں (retroflexes) زیادہ ہیں، ہکاری آوازوں (aspirated sounds) کا وجود نہیں وغیرہ۔

ایسی صورت میں ٹیلگو اور ٹامل میں الفاظ کی ایک خاص حد تک یکسانیت ومشابہت ایک قدرتی بات ہے۔ لیکن چونکہ یہ ایک ہی خاندان کی دو زبانیں ہیں اس لئے ان کے مشترکہ الفاظ کا تجزیہ ہم اس طرح نہیں کرسکتے جس طرح ہم نے ٹیلگو اور سنسکرت کے مشترکہ الفاظ کا کیا تھا۔ لیکن پھر بھی یہ معلوم کرنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ اس مشترکہ سرمایہ میں صوتی طور پر باہمی کوئی فرق ہے یا نہیں ، کیونکہ ٹامل پھر بھی اس خاندان کی سب سے پرانی زبان ہے اور بعض حالات میں یہ سنسکرت پر بھی اثرانداز ہوئی ہے ۔ یہ بات ٹیلگو میں نہیں اور یہ نسبتاً جدید بھی ہے ۔

ٹامل اور ٹیلگو کے ان مشترکہ الفاظ کو ہم دو حصوں میں تقسیم کرسکتے ہیں۔ ایک وہ جس میں الفاظ بالکل ہی ہم آہنگ وہم آواز ہیں اور دوسرا وہ جس میں اتنی ہم آوازی نہیں ہے۔ پہلی قسم کے الفاظ جن میں صوتی طور پر دونوں زبانوں کے الفاظ ایک جیسے ہیں نسبتاً کم ہیں اور دوسری قسم کے الفاظ جن میں تھوڑا بہت صوتی فرق پایا جاتا ہے ، زیادہ ہیں۔ پہلی قسم کے الفاظ کی کچھ مثالیں یہاں درج کی جاتی ہیں۔

ٹیلگو :	ٹامل :	معنی :
पालु	पालु	دودھ
पुलि	पुलि	چیتا
तोलु	तोलु	چمڑا

ٹیلگو :	ٹامل :	معنی :
दुड्डु	दुड्डु	پیسہ
कालु	कालु	پاؤں
गुडिसै	गुडिसै	جھوپڑی
मुळि	मुडि	گانٹھ
नालु	नालु	چار وغیرہ

دوسری قسم کے الفاظ میں صوتی تبدیلیوں کا مطالعہ بڑا دلچسپ ہے۔ کچھ مثالیں یہاں پیش کی جاتی ہیں۔

(الف) ہکاری آوازوں کے لئے آج بھی ٹامل کے دروازے بند ہیں جبکہ سنسکرت کے اثر سے ٹیلگو نے انہیں اپنا لیا ہے۔ اس لئے ٹیلگو کے وہ سارے الفاظ جن میں ہکاری آوازیں پائی جاتی ہیں، ٹامل میں سادہ آوازوں کے ساتھ موجود ہیں جیسے:

भूमि	बूमि	زمین
बद्धि	बुद्दि	عقل
धैरियमु	दैरियम	جرأت

(ب) [ب] [و] [ن] [ل] وغیرہ کو دونوں زبانون میں مشترک ہیں لیکن ان آوازوں پر مشتمل الفاظ میں یکسانیت نہیں ہے۔ کہیں یہ دونوں میں ایک جیسے ہیں تو کہیں بدل بھی گئے ہیں۔ تبدیلی کی مثالیں ملاحظہ ہوں۔

[ब] = [ब]	बातु	वातु	بطخ
	बेल्लम	वेल्लम	گڑ
[ण] = [न]	कन्नु	कण्णु	آنکھ
	अन्ना	अण्णा	بھائی

	ٹیلگو :	ٹامل :	معنی :
[ळ] = [ल]	उलि	उळि	ایک اوزار
	कल्लु	कळु	شراب

(ج) دراویڈی زبانوں میں نیم بندشی آوازیں (Affricates) [ts] اور [dz] نہیں ہیں۔ ہندآرایائی زبانوں میں بھی صرف مرہٹی میں ان کا وجود ہے۔ ٹیلگو نے کسی نہ کسی وجہ سے انہیں اپنا لیا ہے لیکن ٹامل میں اب بھی ان کے لئے گنجائش نہیں نتیجہ یہ کہ ٹامل اور ٹیلگو کے وہ مشترکہ الفاظ جو [چ] اور [ج] کی آوازوں پر مشتمل ہیں ٹامل میں تو انہیں آوازوں کے ساتھ ادا بھی ہوتے ہیں لیکن ٹیلگو میں بعض اوقات یہ [ts] اور [dz] میں بھی بدل گئے ہیں جیسے :

[ts] = [च]	चन्चि	tsanchi	تھیلی
	चाव	tsaau	موت
[dz] = [ज]	बोज्जा	bodza	توند
	राजु	radzu	بادشاہ

اگر ہم ٹامل ٹیلگو کے سارے مشترکہ الفاظ اور ان الفاظ کے صوتی اجزا پر ذرا باریک بینی کے ساتھ غور کریں تو ان دونوں زبانوں کے بعض اور صوتی فرق بھی ہمارے سامنے آسکتے ہیں لیکن یہ ایک مستقل موضوع ہے اور اس پر بڑی یکسوئی سے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ علاوہ ازیں رابرٹ کالڈویل (Robert Caldwell) نے اپنی مشہور کتاب "A Comparative Grammar of the Dravidian or South Indian family of languages" میں بڑی تفصیل سے بہ حیثیت مجموعی ساری دراویڈی زبانوں کی مشترکہ صوتی صرفی اور نحوی ترکیب پر روشنی ڈالی ہے۔ اس میں بھی ٹامل ٹیلگو کے اس صوتی فرق کی تھوڑی بہت جھلکیاں دیکھی جاسکتی ہیں۔[۸]

(۴)

سنسکرت اور تامل کی طرح اردو کوئی قدیم زبان نہیں ، اس کا شمار جدید ہندآریائی زبانوں میں ہوتا ہے - اور اس لحاظ سے اس کو ٹیلگو ہی کی تقریباً ہم عمر سمجھنا چاہئیے- لیکن اس کے باوجود ٹیلگو کا ذخیرہ الفاظ بڑھانے میں جس دلچسپی اور فراخدلی سے اس نے حصہ لیا ہے وہ سنسکرت اور تامل سے کسی طرح کم نہیں اور ہماری توجہ کا مستحق ہے -

بہمنی ریاست دکن کی پہلی باقاعدہ مسلم ریاست تھی جس کی قلمرو میں ٹیلگو، کنڑی اور مرہٹی تین اہم زبانوں کے علاقے شامل تھے - محمد بن تغلق کی پائے تخت کی تبدیلی کے نتیجے میں اردو بھی یہاں کی ایک علاقائی زبان بن گئی ، اس طرح ان چاروں زبانوں کو اس پورے دور حکومت (۱۳۴۷ - ۱۴۹۵ء) میں ایک دوسرے کے قریب آنے اور ایک ساتھ پھلنے پھولنے کا کافی موقع ملا -

بہمنی حکومت کے زوال کے بعد جب قطب شاہی ، عادل شاہی ، نظام شاہی ، برید شاہی اور عماد شاہی ریاستیں وجود میں آئیں تو یہ علاقے بٹ گئے - عادل شاہی ، نظام شاہی اور برید شاہی حکومتیں ایسے علاقوں میں قائم ہوئیں جہاں زیادہ تر کنڑی اور مرہٹی بولنے والے لوگ موجود تھے لیکن اس کے برعکس قطب شاہی ریاست کے حدود مملکت زیادہ تر ٹیلگو علاقے پر مشتمل تھے - قطب شاہی سلاطین نے بھی بہمنی سلاطین کی روایات پر عمل کرتے ہوئے اردو اور ٹیلگو دونوں زبانوں کی برابر برابر سرپرستی کی اورانہیں اپنے حدود ریاست میں پھلنے پھولنے اور فروغ پانے کا پورا پورا موقع فراہم کیا -

ان سلاطین نے اردو کی جو سرپرستی کی اس کی تفصیلات دکنی ادب کی تاریخوں میں مل جاتی ہیں لیکن یہ بات بہت کم لوگوں کو معلوم ہے کہ انہوں نے اردو کی طرح ٹیلگو کی بھی سرپرستی کی تھی اور ان دونوں زبانوں کے ساتھ اپنے سلوک میں کوئی امتیاز روا

نہیں رکھا، بلکہ اگر قطب شاہی دور کو ٹیلگو ادب کا سنہری دور کہا جائے تو یہ کوئی مبالغہ نہ ہوگا۔ نہ صرف یہ کہ خود قطب شاہی سلاطین ٹیلگو زبان کے ماہر اور ٹیلگو ادب کے دلدادہ تھے بلکہ انہوں نے ٹیلگو شاعروں اور ادیبوں کی سرپرستی بھی پوری فراخدلی کے ساتھ کی۔ چنانچہ تاریخ گولکنڈہ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس خاندان کا چوتھا سلطان، ابراہیم قطب شاہ (۸۰ - ۱۵۵۰ء) جس نے قطب شاہی سلطنت کی بنیادیں مضبوط کی تھیں۔ نہ صرف یہ کہ تلنگانہ میں پل کر جوان ہوا تھا بلکہ ٹیلگو زبان بھی خوب جانتا تھا۔ اس نے ٹیلگو شاعروں اور ادیبوں کی جو سرپرستی کی اس سے اس کی ٹیلگو بولنے والی رعایا بڑی خوش تھی اور اسے ملک برام، کے نام سے یاد کرتی تھی۔ گنگا دھر (Gangadhara) اور تلگناریا (Telaganarya) اسی کے عہد کے شاعر تھے اور انہوں نے اپنی تخلیقات کو بھی اسی سلطان کے نام سے منسوب کیا ہے۔ اس سلسلہ میں دلچسپ بات یہ ہے کہ تلگناریا کی تخلیق ییاتی چرترم (Yayati charitram) خالص ٹیلگو میں لکھی گئی ہے اور سنسکرت الفاظ کے استعمال سے شعوری طور پردامن بچایا گیا ہے۔

ابراہیم قطب شاہ کی طرح اس خاندان کا پانچواں حکمران سلطان محمد قلی قطب شاہ (۱۶۱۲ - ۱۵۸۰ء) بھی اردو کے ساتھ ساتھ ٹیلگو زبان کا بھی دلدادہ تھا اس کے متعلق مشہور ہے کہ وہ ٹیلگو میں ترکمان، تخلص کرتا تھا اور اس زبان میں اس کا ایک مکمل دیوان بھی تھا جو اب دستیاب نہیں ہوتا خود اس کے اردو دیوان میں جگہ جگہ ٹیلگو کے الفاظ ملتے ہیں جو بڑی بے تکلفی سے استعمال کئے گئے ہیں۔

سلطان محمد قطب شاہ (۲۶ - ۱۶۱۲ء) کا بھی یہی کچھ حال تھا اس کے عہد میں بھی متعدد ٹیلگو شاعر اور ادیب گذرے ہیں جن میں سارنگ تمیا (Sarangu Tammayya) زیادہ مشہور ہے۔ سارنگ نے اپنی مشہور تصنیف ویجنتی ولاسم (Vijaynti Vilasam) میں قطب شاہی سلاطین کی بڑی تعریف کی ہے۔

قطب شاہی دور کا آخر بادشاہ ابوالحسن تانا شاہ (۸۷-۱۶۷۲ء) بھی ٹیلگو ادب کی سرپرستی کی اس خصوصیت سے محروم نہ رہا۔ گوپنارام داس (Gopana Ramdas) اسی کے عہد کا شاعر تھا۔[۹]

سنہ ۱۶۸۷ء میں اورنگ زیب نے گولکنڈہ پر قبضہ کرکے اس قطب شاہی ریاست کا خاتمہ کردیا اس کے بعد مغلوں کی طرف سے وقتاً فوقتاً اس علاقے کے جو صوبیدار مقرر ہوئے انہوں نے بھی اردو اور ٹیلگو کی مشترکہ سرپرستی کی اس قدیم روایت کو باقی رکھا یہاں تک کہ سنہ ۱۷۲۴ء میں نظام الملک نے مرکز کی کمزوری سے فائدہ اٹھا کر دکن میں اپنی خود مختاری کا اعلان کردیا اور سلطنت آصفیہ کی بنیاد ڈالدی۔ اس ریاست کے وجود میں آتے آتے خود ہندوستان کی تاریخ بدلنے لگی۔ پرتگیزیوں، فرانسیسیوں اور انگریزوں کی دخل اندازیوں نے باری باری مقامی سیاست پر اثر ڈالا اور یہاں کی سماجی قدروں میں بھی تبدیلی آنے لگی۔ زبان وادب کی سرپرستی کے لئیے اب کسی بادشاہ، راجہ یا نواب کی ضرورت نہ رہی۔ تعلیم گاہیں ان کی نشوونما کا وسیلہ بن گئیں لیکن اس پورے دور میں بھی تعلیم گاہوں اور دوسرے اداروں کے ذریعہ ٹیلگو اور اردو کو ساتھ ساتھ آگے بڑھنے کا پورا پورا موقع ملا اور ان دونوں زبانوں میں بڑے بڑے نامور شاعر اور ادیب بھی پیدا ہوئے جن کی تفصیلات تاریخوں میں مل جاتی ہیں۔[۱۰]

اس پس منظر سے یہ صاف ظاہر ہے کہ جس طرح ٹیلگو اور سنسکرت، ٹیلگو اور ٹامل کو ساتھ ساتھ پھلنے پھولنے کا ان علاقوں میں کافی موقع ملا۔ بالکل اسی طرح سینکڑوں سال تک ٹیلگو اور اردو بھی آندھرا کی گود میں ساتھ ساتھ پروان چڑھتی رہیں اور انہیں ایک دوسرے پر اثر انداز ہونے کا بھی کافی موقع ملا۔ اس طرح سالہا سال کے ان تعلقات کی وجہ سے اردو کے جو الفاظ ٹیلگو میں داخل ہوگئیے ان کی تعداد بھی ہزاروں تک پہنچتی ہے اور بلاشبہ سنسکرت اور ٹامل کے بعد دخیل الفاظ کے سلسلہ میں اردو کا نمبر ہے۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ باوجودیکہ اردو ایک ہندآریائی زبان ہے اور ہندوستان ہی میں پھلی پھولی لیکن چونکہ وہ سنسکرت کی بہ نسبت بہت بعد میں ٹیلگو کے قریب آئی ہے علاوہ ازیں اس پر ایک سامی زبان « عربی » کے بھی تھوڑے بہت اثرات ہیں اس لئے ٹیلگو نے اس زبان کے الفاظ کے ساتھ وہ رعایت نہیں برتی جو اس نے سنسکرت الاصل الفاظ کے ساتھ برتی ہے بلکہ اس کے برعکس ان الفاظ کو حتی الامکان اپنے حالات اور اپنی آوازوں میں ڈھالنے کی کوشش کی ہے۔ مثلا اردو میں بعض ایسی آوازیں ہیں جو ٹیلگو میں نہیں۔ ان مخصوص آوازوں پر مشتمل جو اردو الفاظ ٹیلگو میں رائج ہوگئے ہیں ان میں پیدا شدہ تبدیلیوں کا اندازہ ذیل کی تفصیل سے ہوگا۔

(الف) بندشی آوازوں (Stops) میں [ق] اردو کی ایک مخصوص آواز ہے جو لہاتی آواز (Uvular) کے نام سے یاد کی جاتی ہے۔ اس آواز پر مشتمل جو الفاظ ٹیلگو میں رائج ہوگئے ہیں ان میں ہر جگہ یہ غشائی آواز (Velar) [ک] میں بدل گئی ہے جیسے:

باقی	बाकी
قلم	कलमु
قصائی	कसाइ

(ب) چستانی آوازوں (Fricatives) میں [ف] [ز] [خ] اور [غ] بھی اردو کی چند مخصوص آوازیں ہیں جو ٹیلگو میں نہیں۔ ان آوازوں پر مشتمل اردو کے جو الفاظ ٹیلگو میں رائج ہوگئے ہیں ان کی تبدیلی ذیل کی مثالوں سے ظاہر ہے:

[ف]، [پھ] میں جیسے:	فقیر	फकीर
	فرمان	फरमान
	دفعہ	दफा
[ز]، [ج] میں جیسے:	درزی	दर्जी
	کوزہ	कूजा

	گز	गजमु
[خ]، [کھ] میں جیسے:	خرچ	खरचु
	خالی	खाली
	آخر	आखरू
[غ]، [گ] میں جیسے:	دغا	दगा
	داغ	दागु
	ناغہ	नागा

عام طور پر تیلگو میں اردو کی ان مخصوص آوازوں کی تبدیلی اسی صورت میں ہوتی ہے جس کی مثالیں اوپر دی گئی ہیں لیکن اس کی بنیاد پر کوئی کلیہ نہیں بنایا جاسکتا کیونکہ مستثنیات بھی مل جاتی ہیں۔

مذکورہ بالا آوازوں کے علاوہ بعض اور آوازوں کے سلسلہ میں بھی، جو اردو میں تو ہیں لیکن تیلگو میں سنسکرت سے مستعار ہیں جیسے [س] [ش] تیلگو کا رویہ کچھ روادارانہ نہیں ہے۔ سنسکرت الاصل الفاظ میں ان آوازوں کو اکثر حالات میں جوں کا توں رہنے دیا گیا ہے لیکن اردو الفاظ کے معاملہ میں یہ یکسانیت نہیں۔ کہیں وہ اپنی اصلی صورت میں موجود ہیں تو کہیں [ش] کو [س] میں اور [س] کو [چ] میں بدل بھی دیا گیا ہے جیسے:

[ش] — [س]	گشتی	गस्ती
	لشکر	लस्करू
	شیشہ	सीसा
[س] = [چ]	کرسی	कर्ची

خود [چ] اور [ج] بھی گو کہ ایسی آوازیں ہیں جو تیلگو اور اردو دونوں میں برابر برابر پائی جاتی ہیں لیکن ان آوازوں پر مشتمل اردو کے دخیل الفاظ میں بھی کوئی یکسانیت

نہیں ھے ۔ کہیں وہ اپنی اصلی آواز کے ساتھ موجود ہیں تو کہیں ٹامل کے دخیل الفاظ کی طرح [چ]، [ts] میں اور [ج]، [dz] میں بدل گئے ہیں ۔ بدلی ہوئی حالت کی کچھ مثالیں ملاحظہ ہوں ۔

tsanda	چندہ	[ts] = [چ]
tsauki	چوکی	
Khartsu	خرچ	
dzaga	جگہ	[dz] = [ج]
dzovabu	جواب	
gandzai	گانجہ	

(۵)

اوپر ہم نے ٹیلگو میں سنسکرت، ٹامل اور اردو کے دخیل الفاظ کا ایک سرسری خاکہ پیش کیا ھے اور ان الفاظ میں پائی جانے والی بعض اہم صوتی تبدیلیوں کی طرف نشاندھی بھی کی ھے ۔ لیکن اس سلسلہ میں ٹیلگو الفاظ کے خاتمے کا ایک عام اصول جس کا اوپر ذکر نہیں کیا گیا لیکن ٹیلگو الفاظ کی درج شدہ مثالوں سے خود ہی ظاہر ہے، یہ ھے کہ ٹیلگو کے سبھی الفاظ اور زبانوں کے برعکس صرف مصوتوں پر ختم ہوتے ہیں یہاں تک کہ اگر کسی لفظ کی آخری آواز جہری آوازوں (Sonants) پر مشتمل ھے جیسے [ر]، [ل]، [م]، [ن]، [و]، [ی] تو اس کو بھی کسی نہ کسی مصوتہ پر ہی ختم کیا گیا ہے ۔ یہ اور بات ھے کہ روانی سے بولتے وقت یہ آواز ٹھیک سے ظاہر نہ ہوپاتی ہو ۔

ٹیلگو نے خاتمہ (ending) کے اپنے اس مخصوص اصول سے کسی دخیل لفظ کو مستثنیٰ نہیں کیا ھے ۔ چاہے وہ لفظ سنسکرت کا ہو ٹامل کا ہو یا اردو کا ۔ البتہ ان زبانوں کے جو دخیل لفظ جہری آوازوں پر ختم ہوتے ہیں ان میں کہیں کہیں مستثنیات کا پتہ چل جاتا ھے ۔

کسی ایک زبان میں دوسری زبان کے دخیل الفاظ کا جائزہ لینا اور ان کا صوتی تجزیہ کرنا تقابلی لسانیات (comparative philology) کا ایک مستقل موضوع ھے اور علمائے زبان نے اس قسم کے کاموں کے پیچھے اپنی پوری زندگیاں تج دی ہیں۔ ہم نے تیلگو میں سنسکرت، ٹامل اور اردو الفاظ کا جو تجزیہ پیش کیا ھے اس کو محض ایک ابتدائی کوشش سمجھنی چاہئے۔ اس پر جتنا کام ہوگا اتنے ہی نئے نئے نتائج سامنے آئیں گے۔ اور یہ سلسلہ آگے بڑھیگا۔

---

1. Encyclopaedia Britanica Vol. 21, P. 817.
2. P. T. Raju: Telugu Literature.
3. G. A. Grierson: Linguistic Survey of India, Vol. IV, 576-80.
4. K. A. Nila Kanta Sastri: A History of South India PP. 405-17.
5. Sinha & Banerjee: History of India 102-106.
6. T. Burrow: The Sanskrit language, PP. 35-65.
7. Majumdar & others: An Advanced History of India, PP. 164-83
8. Robert Caldwell: A Comparative Grammer of the Dravidian family of languages.
9. تاریخ گولکنڈہ ص ۶ - ۳۰۱ : عبد المجید صدیقی
10. تاریخ جنوبی ہند : محمود بنگلوری

ڈاکٹر عالی جعفری

«خوب ترنگ» کی لسانی خصوصیات

خوب محمد چشتی گجرات کے اہم صوفیاء میں شمار ہوتے ہیں ۔ انہوں نے تصوف پر متعدد کتابیں لکھی ہیں جن میں ان کی دکھنی مثنوی خوب ترنگ زیادہ مشہور ہے ۔ امواج خوبی کے نام سے خود انہوں نے اس کی فارسی شرح بھی لکھی ہے ۔ قطع نظر اپنے نہایت دقیق موضوع کے خوب ترنگ لسانی اعتبار سے بھی بہت اہم ہے ۔ پراکرت اور جدید ہندوستانی کے درمیان اس کی زبان کو عبوری زبان کا نمونہ قرار دیا جاسکتا ہے ۔ اس کے مطالعہ کے بعد ہم اس نتیجہ پر پہنچے بغیر نہیں رہ سکتے کہ اس میں وہ لسانی خصوصیات پائی جاتی ہیں جو قدیم پنجابی ، قدیم برج ، قدیم دکھنی اور قدیم مرہٹی میں بھی ملتی ہیں ۔ بلکہ سچ تو یہ ہے کہ یہ لسانی خصوصیات پراکرت کی تقریباً تمام اپ بھرنش شکلوں میں مشترک ہیں ۔ اس سے یہ قیاس لگانا کہ زمانہ گذشتہ میں برعظیم ہند وپاکستان میں جو عوامی بولی رائج تھی وہ بہت سے عناصر مشترک رکھتی تھی ، غلط نہ ہوگا ۔ قدیم پنجابی اور دکنی کے بعض مشترک عناصر سے ، پروفیسر محمود شیرانی مرحوم وغیرہ نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ مسلمانوں کے ساتھ ساتھ یہ زبان پنجاب سے دھلی اور بعد ازاں گجرات اور دکن میں پہنچی ۔[1] اگر ان زبانوں کا تعلق صرف چند الفاظ یا چند صرفی صورتوں تک محدود ہوتا تو غالباً یہ قیاس صحیح ہوتا ۔ لیکن قدیم گجراتی اور قدیم پنجابی میں جو تعلق نظر آتا ہے وہ صرف ایک فتح مند لشکر یا چند خاندانوں کے ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں منتقل ہونے سے پیدا نہیں ہوسکتا ۔ اس لئے یہ نتیجہ نکالنا کہ دونوں زبانوں کی بنیادی شکل ایک تیسری زبان ہے ، غلط نہ ہوگا ۔ اور اسی

۱ ۔ پنجاب میں اردو ۔ هندوستانی لسانیات

تیسری زبان کی کچھ خصوصیات ان دونوں میں وراثتاً آئی ہیں۔ اور بعض خصوصیات مقامی اثرات کا نتیجہ ہیں۔ تاہم جہاں تک اردو اور گجری کا تعلق ہے، یہ کہنا بھی غلط نہ ہوگا کہ یہ دونوں ایک ہی زبان کے دو نام ہیں۔ اس کی تشکیل گجرات میں بہت پہلے (ہندوستان کے دوسرے علاقوں کے مقابلے میں) ہوئی اور یہ زبان یہیں سے ہندوستان کے دوسرے علاقوں میں پہنچی۔ اور خوب محمد کے زمانے تک آتے آتے ادبی تشکیل کا ایک دور بھی اس پر گذرگیا۔[1]

اس سے قبل کہ ہم خوب ترنگ کی لسانی خصوصیات پر ایک نظر ڈالیں۔ مناسب یہ ہے کہ ہم اس کی زبان کے متعلق خود خوب محمد کا بیان سن لیں جو اس سلسلے میں خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔

جیوں میری بولی منہ بات عرب عجم مل ایک سنگات

اس کی شرح میں خوب محمد کہتے ہیں:

«ہر یکے شعرے بزبان خود تصنیف کردہ اند ومیکنند من بزبان گجرات کہ الفاظ عربی وعجمی آمیزست گفتہ ام»۔ (امواج خوبی)

گویا خوب محمد یا خود خوب محمد کی زبان وہ «زبان گجرات» ہے۔ جس میں عربی عجمی الفاظ کی آمیزش ہے۔ اور اس طرح خوب ترنگ کی زبان گجرات کی اس زبان سے ممتاز ہوجاتی ہے جسے گجراتی کہا جاتا ہے۔ یہ ممتاز زبان اردو کی وہ قدیم شکل ہے جسے گوجری یا گجری کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس کی صراحت بھی خوب محمد نے کردی ہے۔

جیوں دل عرب عجم کی بات سن بولے بولی گجرات

اس کی شرح سن لیجئے۔

«مانند دل کہ کلام عربی شنیدہ وترجمہ وار بزبان عجمی گفت و سخن عجمی در

١۔ سخنوران گجرات (قلمی) از ڈاکٹر سید ظہیر الدین مدنی

ہندی آوردہ بیان کرد۔ (امواج خوبی)

یہ ہندی وہی گوجری ہے جس کی لسانی خصوصیات خوب ترنگ کی روشنی میں یہاں پیش کی جارہی ہیں۔

(۱) مصادر کی کیفیت:

(الف) ــ امر کے آخر میں علامت "نا" کا اضافہ:

۱۔ کہنا ع تنہ میرا کہنا ہے کیوں بات سنیں ہویگی تیں جیوں

۲۔ ہونا ع ایسا وقت نہ ہوے دوبار

۳۔ ہوونا ع جب پرگٹ ہووے اس ٹھانہ

(ب) ــ امر کے آخر میں علامت "ناں" کا اضافہ:

۱۔ لیناں ع جیودے لیناں مہنگا مول تنہ کھوئے دل کا کیا بول

۲۔ کھولناں ع بن پردے پردا ہے اس پردے منہ کھولناں ہے تس

۳۔ بڈھناں ع تج بڈھناں دے تجسے سو جیوں بہیں جیسا جیوں لینباتیوں

(ج) فارسی سے حاصل کردہ مصادر:

بخشیدن سے بخشنا ع ہوے غفور انیں تواب توبہ دے بخشے ہر باب

(۲) جمع کی مختلف صورتیں:

(الف) اردو جمعیں:

اسم سے اسموں	ع یعنی حق کے اسموں مانہ
بازو سے بازوں	ع دوہوں بازوں رستے جوڑ
ٹولا سے ٹولوں	ع دونہ ٹولوں چل کیا سلام
چتیارہ سے چتیاروں	ع تنہ کیتک چتیاروں آئے
طرف سے طرفوں	ع طرفوں فوج حسن رنگ ہوے

بیدا سے بیدے (بیضے) ع بیدے پھاٹ بچے ہو جایں
خلیفہ سے خلیفے ع دونہ خلیفے چتریں دو ٹھانہ

(ب) فارسی کے انداز پر «ان» کے اضافہ سے بنی ہوئی جمعیں:

اینٹ سے اینٹاں ع پن اینٹاں اوس بھانت دکھایں
بوند سے بونداں ع وے بونداں ہو گرے سو جانہ
گلال سے گلالاں ع بھریاں گلالاں ہیں تس ٹھانہ
نیک سے نیکاں ع ہر قابلیت نیکاں جیوں
ہانک سے ہانکاں ع ہانکاں ماریں بہت پکار

(ج) عربی جمعیں :—

حقیقت سے حقائق ع ناوں حقائق جگ کا تانہ
ذات سے ذوات ع اوس تفصیل جمیع ذوات
روح سے ارواح ع اوسی روح ارواح تمام
علاقہ سے علایق ع عاشق سبی علایق توڑ
موجود سے موجودات ع بگت حقایق موجودات

(۳) **خلاف قاعدہ صیغے:**

۱ — آواز کے لئے تذکیر کا صیغہ ع تنہ پڈ چھندا ہے آواز
۲ — ارواح کے لئے واحد کا صیغہ ع تن ما نہیں یوں ہے ارواح
۳ — شان کے لئے تذکیر کا صیغہ ع پہلی شان نہ پایا جائے
٤ — شراب کے لئے تذکیر کا صیغہ ع ہوا شـراب سو ہے اس ٹھار
آپیں بھـرا کھولن ہار
٥ — مقصود کے لئے تانیث کا صیغہ ع اون کی بھی حق ہے مقصود

(۴) ضمـــائر:ـــ

(الف) ضمائر متکلم :ـــ

	واحد	جمع
فاعلی حالت :		
	میں ع میں اس مانہ کہیا ہے سوئے	ہم ع (یہ ضمیر استعمال میں ہے مگر اس کی اپنی مثال نہیں ملتی)
	ہوں ع ہوں معلوم ہوں اس ٹھانوں	ہموں ع ہموں سمجھے کوں کہیا پن سمجھیر
		اپن ع کہو اپن کیا کریں اونہار
		ھمیں ع ھمیں کہیں سمجھیں کوں بات
مفعولی حالت :	منجے	ع منجے دعا کر برائے خدائے
	منجھے	ع منجھے فکر کر دیو جواب
	منجہ کوں	ع وہ جیوں منجہ کوں آئی ترنگ
	ہوں کوں	ع علم تبی جانوں ہوں کوں

اضافی حالت :

میرا	ع میرا جیوں کہوں ہوں جب	(مثال نہیں ملی)
میری	ع کہے کہ ہوں ہوں میری ٹھانہ	
میرے	ع یہی بچن لکھ میرے بھاگ	

ظرفی حالت :

منجہ مانہ ع اتنی سان تو ہے منجہ مانہ

ہم منہ ع ہم منہ حادث علم ہیچ

طوری حالت :

منجہ (سے) ع سمجھے ہو منجہ کہو سوتیوں (مثال نہیں ملی)

(ب) ضمائر مخاطب :—

فاعلی حالت : واحد جمع

تو ع تہ تو پہلوں حق کوں پاے تم ع کرو سو یو جب دعوت تم

تیں ع سمجھا تیں جگ کا احوال تمہیں ع جہاں تمہیں تہ وہی سو جان

مفعولی حالت :

تجھے ع خدا تجھے سمجھاوے بات تمہیں ع تمہیں لباس لہن تیوں

تونجہ، تونج

اضافی حالت :

تیری ع تیری قید نہیں توں جاں (مثال نہیں ملی)

ظرفی حالت :

تجھ ماں ع تجھ ماں ہوں توں دیکھ اوس مانہ (مثال نہیں ملی)

(ج) ضمائر غائب :—

فاعلی حالت :—

وہ ع اقرب شہ رگ تھیں وہ جاں وے ع وے خالق ہے نوا نیاے

وے ع وے پگڑی جب لیہ اتار اون ع اون چیتاوے اور بھی مت

انھوں ع انھوں پالکی تہاں منگاے

وے ع سوتے سب نس وے گل بانہ

مفعولی حالت :—

اس کوں ع تو ہیچ اوس کوں صفت سو ہوے اونہیں ع پوچھیا اونہیں سوا کیس بار

اوس کوں ع اے سب اوس کوں جے چھت ذات تن کوں ع پیچھل تن کوں دودھ پلاے

تاس ع یہ بھی نہیں قابلیت تاس تنھوں کوں ع دیا شراب تنھوں کوں سوے

تس کوں ع ناؤں محمد تس کوں دیت ان کوں ع ان کوں تہا یہ علم کال

اوس ع جے جیسا اوس جانے تیوں
تس ع آپ سو آپس بسر یا تس

اضافی حالت :

اوس کا ع ظاہر علم سو اوس کا ناوں اونہہ کا ع سبع مثالی اونہہ کا ناوں
اوسی ع اوسی دوستی کر قبول انہہ ع انہہ پچھیں مولود سو تیں
ان کا ع عقلی پن ان کا ہر ٹھانہ

طوری حالت :

تس تھیں ع تس تھیں قلب کوں کہیا جائے ان تھیں ع ان تھیں میں سپنا دن رات
تن تھیں ع تن تھیں پھوٹ دکھاے گلال

مذکورہ بالا ضمیروں سے متعلق دوسرے ضمیری کلمات

اپنیں ع جب لگ اپنیں پائیں مراد
آپس ع تب آپس ناظر کہلاے
آپیں ع توں آپیں پڈھ ہوئے کتاب وغیرہ

ضمیر موصولہ :۔

فاعلی حالت : واحد جمع

جنھیں ع جنھیں ٹٹولیا دم کے پاس جن ع جن اس دیکھیا گئے سو کھوئے
جنھوں ع جنھوں منجسے سکھلایا دین

مفعولی حالت :

جسے ع جسے ثواب اوسیچ عذاب (مثال نہیں ملی)
جس ع مطلق کلی کہیں نہ جس

اضافی حالت :

جس ع بغدادی جس چتر کلاہ (مثال نہیں ملی)

ظرفی حالت :

جس ع توہب جس مرتبے سوذات (مثال نہیں ملی)

طوری حالت :

جس تہیں ع جس تہیں ہوں آپس کوں پاے جن تہیں ع جن تہیں منجہ دل ہوا یقین

ضمیر موصولہ کی دوسری مثالیں :—

جو ع جو دیکھے سو مول بڑھاے

جسے ع ارض سما منہ جسے نہ سماۓ

جسے،سو ع نفی کریں یا کر اثبات عین مراد سو شئے جسے ذات

(ہ) ضمیر استفہامیہ :—

فاعلی حالت : واحد جمع

کن ع اون منہ کن پکڑیا نانہ (مثال نہیں ملی)

مفعولی حالت : (مثالیں نہیں ملیں)

اضافی حالت : واحد جمع

کس ع عرف نعمہ ذات سوکس کتھوں کے ع برن کتھوں پڈیا پاس

ظرفی حالت :

کس منہ ع پن جب کس منہ دیا چھپاۓ (مثال نہیں ملی)

طوری حالت : (مثالیں نہیں ملیں)

(و) ضمیر اشارہ :—

اس ع دیکھے اس مرتبے سو آن

اس ع اس کھپاسی برباد

اسی ع اسی روح ارواح تمام

(ز) ضمائر تنکیر :—

کوے	ع	اے وجود میں جسے کوے
کس کی (کسی کی)	ع	کس کی چھت پر چھتا نہ سوے
کچھ	ع	منجہ مقدار صفت کچھ آے
کچھو	ع	سنیں کچھو نہ کیجئے تنگ
ہرٹھا ہر	ع	جب یہ چھت ہر ٹھاہر پائے
کو	ع	پن کو صفت نہ اپڑے ثانہ
کوئی	ع	پایں جواثرے کوئی صفات

(ح) صفات ضمیری —

صفات مقداری :

اوتناں	ع	اوتناں اوسے مراتب ہوے
جتناں	ع	جتناں اینہاں سکے رہ کوے
جتیں	ع	جتیں جنوں گنو عذاب
تیتی	ع	رہیں خدا سوں تیتی بار
کیتی	ع	ہے موجود سو کیتی شان
تتنا	ع	تتنا عاشق کوں بس ہوے

صفات ذاتی :

ایسی	ع	ایسی بھانتیں رنگ ملاے
جیسا ، تیوں	ع	جسے جیسا اوس جانے تیوں
ایسا	ع	ایسا بوجھ کرے انکار
ویسا	ع	ویسا دیہ جواب سوتب

ان کے علاوہ دوسرے الفاظ یہ ہیں :—

ہر افراد ع صحت مانگے ہر افراد

ہر ہر ع جنری سو ہر ہر مانس مانہ

بعضوں ع بعضوں دیکھیے روح کاس

ہجوں خ دیبا جواب ہجوں ہے خام

چھیلا(آخری) ع چھیلا ایک تعیں جویں

کیاں شاناں ع عالم چھت کیاں شاناں جاں

پچھیں ع پچھیں اوسکی تنزلات

(۵) افعال لازم ومتعدی :

(الف) افعال لازم ومتعدی کا اندازہ مندرجہ ذیل مثالوں سے لگایا جاسکتا ہے -

دیکھن جائے ، کہلائے ع جیوں آرسی دیکھن جائے + تب آپس ناظر کہلائے

پائے ، دکھاے ع چھت وجود سو موج پاے + اورگھوڑاموجود دکھاے

سکھلایا ع جھنوں منجیے سکھلایا دیں + جن تھیں منجہ دل ہوا یقین

(ب) فعل ناقص کی مثالیں

راکھوں ع محلدار کر راکھوں پاس

باسوں ع کپڑے باسوں تیل لگاؤں

چھانٹوں ع چھانٹوں پھول اور پان کھلاؤں

(ج) فعل کی امری صورتیں :

(۱) علامت مصدر کے حذف کرنے کے بعد

لکھنا سے لکھ ع یہی بچن لکھ میرے بھاگ

دیکھنا ، بچارنا ، دیکھ ، بچار ع تیسوں ہوں ہوں مل کر دو چار

کی ہوں ایکچ دیکھ بچار

(۲) جمع مخاطب میں ایک واو کا اضافہ :-

آؤ پاؤ سے اقراہ کتابک اس بھانت آؤ کفی بنفسک معنی پاؤ

دیکھو ع دیکھو انکھیاں میچ سو تب

(۳) امر کے بعد "ے" کے اضافہ سے مضارع اور امر کا مفہوم پیدا کیا ہے۔

مت بوجھیے ع مت بوجھیے ہے چھو کر داد

پائے ع جو کچھ خطا تو اس منہ پائے

کیٹیے ع گھاٹ سونے کا کیٹیے جیوں

(۴) صورت ج میں بعض جگہ "ی" جیم سے بدل دی ہے۔

کیجیے ع دوی سمجھ کر کیجیے سیر

دیجئیے ع وہ دیجیے جسے کرے سوال

(۵) امر کے بعد جمع مخاطب میں یو کا اضافہ۔

لیو ع دوجا نانوں سو لیو تب جان

دیو ع نہ دیو زمانیں کوں تم گالی

(د) **مضارع کی صورتیں :-**

(۱) امر کے بعد ے کا اضافہ۔

مانے ع کبھیں نہ وہ مانے یہ بات

بسارے، رکھے ع رکھے بسارے یہ استاد

(۲) امر کے بعد "وے" کا اضافہ۔

دکھا وے ع جھت کا نور دکھا وے تب

آوے ع دل منہ آوے یہ مشکل

ہلاوے ع روح ہلاوے کیوں من آن

پاوے ع ہب تہیں صفت سو پاوے جانہ وغیرہ

(۳) صورت «ب» بلحاظ جمع۔

کہاویں ع یہ پہیریں اور کہاویں ٹہور

آویں ع جانے وہ بھی آویں نانہ

لیویں ع خوب محمد لیویں نام

(۴) صورت «ا» بلحاظ جمع۔

بندھایں ع جہاں وہم کے پاو بندھایں

لکھایں ع صورت اس اس بھانت لکھایں

(ھ) ماضی :-

(۱) ماضی مطلق بنانے کے لئے اردو کے قاعدے کے خلاف بجائے «ا» کے

(الف) یا کا استعمال

دھریا ع جو ساسو دھریا تس کا نانوں

پوچھیا ع معشوقیں اوس پوچھیا تب

(ب) زائد ی کا استعمال۔

دیبیا ع دیبیا جواب ہجوں ہے خام

(۲) جانا سے ماضی بنانے کا وہی قاعدہ خوب ترنگ میں ملتا ہے جو اردو میں مروج ہے۔

جانا سے گیا ع کنہ تہیں آیا گیا سو کانہ

جانا سے گئی ع کنہ تہیں آئی گئی کنہ سوے

(د) ماضی شرطیہ۔

ماضی شرطیہ اردو ہی کے قاعدے سے بنی ہے مگر خوب ترنگ میں اسکی بیشتر

انفی صورتیں ملتی ہیں مثلاً۔

پاتیں ع پھر پاتیں چھت ذاتج پاے

کرتیں ع یونہیں کرتیں جن اک دوے

غیر انفی صورتیں۔

ڈھونڈتے ع اسے ڈھونڈتے آپس کھوے

اڈتے ع چتریں مور سو اڈتے آن

(٦) بعض مصادر کی ماضی خلاف قاعدہ آتی ہے مثلاً لینے، دینے کی ماضی لیتا، دیتا۔ اس کا استعمال دکنی، گجری اور پنجابی مین بھی پایا جاتا ہے[1]۔

کیتا = کیا ع ہور یہ کیتا عرض تمام

دیتا = دیا ع بھر دیتا اوس اپنیں ہاتھ

(۷) مستقبل:-

مستقبل بنانے کا اندازہ مندرجہ ذیل مثالوں سے لگایا جاسکتا ہے:۔

۱۔ سمجھیگا ع تو سمجھیگا یقین سو آن

دکھلا دیگی ع صفا سو دکھلا دیگی سوے

دھراوینگے ع ہر مرتبے سو اس کے نانوں اور دھراوینگے سب ٹھانوں

ملیگا ع پرتک خواب ملیگا سوے

"گا" کی علامت کے سوا مستقبل کی ایک اور علامت ملتی ہے۔ یعنی امر کے بعد "ہ" کا اضافہ یہ صورت پوربی میں پائی جاتی ہے۔ مثال:۔

دیہ (دیگا) ع وجود اضافی دیہ جلاے

لیہ (لیگا) ع وے پگڑی جب لیہ اتار

(۸) گا حال کے معنی بھی دیتا ہے۔ اس کا استعمال اب اردو تحریر میں نہیں ملتا۔ مگر

۱۔ پنجاب میں اردو، طبع سوم ص ۱۰۴۔

عوام کی بول چال میں اب بھی سنائی دیتا ہے۔ ویسے قدیم اردو اور پنجابی میں اسکا استعمال ہوتا رہا ہے[1]۔

«سنی ہے» کے لئے «سنی ہویگی» (شکیہ اقراری) ؎

جو سا پھرے کچھ یہ نہیں دور
سنی ہویگی بات مشہور

«باقی ہے» = «باقی رہوے گی» ؎
نپی فلاں بناں کر اب
ہوں مطلق رہو گی تب

(۹) فعل ناتمام میں «ا» کا حذف مثلاً۔

دیکھت ع صبر نہ رہوے دیکھت بار
کہت ع آہ کہت بھر راوے جہال

فعل کے ساتھ «کر» کا استعمال

جوں آرسی کوں کر دیکھ یہ آ گیں کر کہوں یہ بیکھ

(۱۰) فعل مطلق مفعول۔

ع بھریاں گلالاں ہیں تس ٹھانہ
ع جس مقصود کہی میں بات
ع جیوں دو شمع جلتیاں دور

(۱۱) مرکب افعال

اٹھ بیٹھت ع صفتوں سنہ اٹھ بیٹھت بار
بھوک کہنا ع بھوک بھوک کیا کہوں تکرار
جانیا جاے ع تو ایکل‌پن جانیا جاے
جایو ناں تج ع جایو ناں تج یوں من لیکھ

---

۱ ـ پنجاب میں اردو ص ۹۹۔

خوبیں سمجھیا ع توں خوبیں سمجھیا اس شان
دیا چھپاے ع پن جب کس منہ دیا چھپاے
نہ کیجو دیکھ ع یوں انکار نہ کیجو دیکھ

(۱۲) حالت ظرفیہ میں « ین » لفظ کے آخر میں لگا ہوا ملتا ہے :
ع ایک چکا ہو پھیری کھائے + وہ پانیں حمامیں جائے
ع یوں وحدت بچ کریں قیاس + یاسیں دو نسبتاں سوتاس
مذکورہ بالا حالتوں کا مخصوص استعمال دکنی اور پنجابی میں بھی ملتا ہے :

(۱۳) خلاف قیاس جمع :
دو کی جمع دوہوں ع عدم وجود دوہوں اک حال
چار کی جمع چھوں ع چھوں دسوں میدان چھنٹاویں
اسکی مثال پنجابی اور دکنی میں بھی ملتی ہے -

(۱۴) جب ہم مصدر کو منصرف کرنا چاہتے ہیں تو اردو کے مروجہ قاعدے کے لحاظ سے مصدر کے آخری حرف « الف » کو « ے » سے بدل دیتے ہیں - مثلاً نکلنا سے نکلنے ، جانا سے جانے وغیرہ ، بنالیتے ہیں - اس قاعدے کا استعمال خوب ترنگ میں بھی ملتا ہے -

(الف) دینا سے دینے ع ہاتھ جیولے آے گرھاک + جیو دینے کا بھی نہیں باک
جانتا سے جانے ع حق ہور خلق نہ جانے اس + مطلق علم نہ اُمڑے تس

(ب) خوب ترنگ میں اس کی انفی صورتیں بھی ملتی ہیں :
ع ایکس علم سو کہنیں مانہ
ع پن اک فعل سو کرنیں مانہ

(ج) تاہم خوب ترنگ میں اس کا ایک اور قاعدہ بھی ہے - یعنی مصدر کے آخری

حرف « الف » کو اسی مقصد سے گرا دیا گیا ہے ۔ مثلاً :

ع جنہ محسوس سو دیکھن جائے

ع تم مکھ لاگن کے سرلائے

(۱۵) یوں ایسے مصادر ہیں جو گوجری اور اردو دونوں میں ملتے ہیں ۔ لیکن کچھ ایسے بھی ہیں جو موجودہ گجراتی اور قدیم گوجری کے علاوہ دکنی وپنجابی میں ملتے ہیں۔

امڑنا ۔ ایمڑنا = پہونچنا ۔ دکنی وپنجابی میں اس کی مشکل انپڑنا ہے ۔

ہوہں تعین منہ سب ناوں + تو کیوں امڑے کہہ تس ٹھانوں

پچھاننا ۔ پہچاننا ع جو ہر اس منہ حرف سو جان + تہاں عرض اعراب پچھان

بلگنا = ایک شے یا جسم کا دوسری شے یا جسم سے ملنا = سٹنا

ع بلگے کے وے چھت سنگھات

اُچانا = اٹھانا ع دوجی طرف وجود دکھائے + یہی امانت بھار اُچائے

لینا = پکڑنا ع جیوں جنہ چھپی پتھر منہ آگ + کیوں رہتی ہے لہیں نہ لاگ

(۱۶) فعل سے اسم بنانا :

بوجھناں = بوجھنے کی قوت ع بوجھے بوجھناں تس جو ہوئے

جاگتی = بیداری ع یہ ہے موت جاگنتی باج

کہیا = کہا، کہیا ع کہیں کہ اتنا کہیا مان

گھومن = گرداب (گھومنا سے) ع گھومن لہر پہوے کیوں

(۱۷) مرکب الفاظ :

۱ ۔ کبھی سالم اور کبھی غیر سالم میں « پن »، « پناں »، « نیں »، « یا »، « پا » کے لاحقے کا اضافہ کرکے ایک مرکب لفظ بنایا ہے ۔ اور اس سے اسم مطلق کا کام لیا ہے ۔

(الف) پن کا لاحقہ

اندھلا پن = اندھلا + پن = کوری ع اس بھانتیں اندھلا پن دین

بڈپن = بڈ + پن = بڑائی ع اس بڈپن سوں بڈتس ٹھانہ
ننھپن = ننھ + پن = لڑکپن ع یہ ننھپن کی عادت ہووے

[ب] « پنا » کا لاحقہ
جان‌پنا = جاننا ع چھتا چھت بتی ہوا جان پنا خوب چھت سوں تو ملتاج نہیں

[ج] « پناں » کا لاحقہ:
اندھل پناں — اندھیرا ع اندھل پناں نہیں حق ہے جانہ
لانب پناں = لمبائی ع لانب پناں بھی تسی سنگھات
ہوں پناں = خودی ع عین ایک ہوں پناں سو ہوے

(د) « پنیں » کا لاحقہ:
جان پنیں = علم ع علم سو جان پنیں کا نانوں
ذات پنیں = وجودذات ع ذات پنیں منہ پای نہ جاے

(ہ) « پا » کا لاحقہ:
اکلاپا = وحدت، تنہائی ع دکھ کی جد اکلا پا مان

۲ ۔ « دار » کے لاحقہ سے اسم فاعل بنانا
پردادار = ع دل کا پردادار ہوبیس

۳ ۔ اسم فاعل کرنہار [کرنے والا] کے لاحقہ سے ایک دوسرا اسم‌فاعل بنانا
روشن کرنہار ع نانوں دھریں روشن کرنار

۴ ۔ حاصل مصدر میں وک کے لاحقہ کے اضافے سے اسم بنانا:
پانا سے پاوک = پانے والا ع اس دکھ پاوک کے تن جھال
جینا سے جیوک = جینے والا ع سبب ترور ہور جیوک ذات

(۵) «ل» کا لاحقہ

تبل ع کن کے امر تبل جگ پاوے

آگل ع آگل بیٹھی کہاں پکاے

(۶) «لا» کا لاحقہ

چھیلا ع چھیلا ایک تعین جوں

(۷) «نا» کا لاحقہ

ناچار ع جو ہوے وقت ناچار

(۸) «ان» کا سابقہ

ان دیکھ ع ہوں معتقد ہوا ان دیکھ

(۹) «ہار» کا لاحقہ لگا کر اسم فاعل بنایا ہے :-

آون ہار = آنے والا ع جیوں فرزند ہوے آون ہار

اچکن ہار = اچکنے والا ع امر نہی کا اچکن ہار

جاگن ہار = جاگنے والا ع ہوں مطلق سو جاگنہار

(۱۰) «نہار» کے لاحقے سے اسم فاعل بنایا ہے :-

سنتہار = سننے والا ع ہب تہیں بھاہو سنتہار

(۱۱) دو اسموں کی یکجائی سے مرکب لفظ بنانا :-

۱۔ آبدار خاناں ع آبدار خاناں ہے تس مانہ

۲۔ مکھ پونم ع مکھ پونم گھٹ ہوا سو بیچ

۳۔ پانیں پرب ع پانیں پرب بھری جیوں کوے

(۱۲) عربی کے مرکب لفظ :-

یوں تو پوری مثنوی میں جگہ بجگہ کلام پاک اور احادیث وغیرہ کے مختلف الفاظ

یا ان سے متعلق تلمیحیں ملتی ہیں۔ مگر بعض مقامات پر خالص ترکیبیں بھی نظر آتی ہیں۔

ابوالارواح	ع	ای ابوالارواح سو جان
فی الآفاق	ع	آیتہ فی الآفاق سو دیکھ
موج البحرین	ع	یہ مرج البحرین سو جان

(۱۸) دکنی "چ" کے مقابلہ میں اسی کے معنوں (ہی) میں زائد "ج" کا استعمال :۔

آشناج	ع	آشناج تھا ہم منہ سوے
انسانج	ع	نطق کو ہے انسانج مانہ
جان پناج	ع	یہ تو جان پناج نہ ہوے

ساتھ ہی دکنی "چ" کا بھی استعمال کیا ہے :۔

کدہینچ	ع	وے کدہینچ منداوے مانہ

(۱۹) تکرار الفاظ :۔

اس اس	— آپس بوجھے اس اس شان
بھوک بھوک	— بھوک بھوک کیا کہوں تکرار
دور دور	— دور دور دریشے تھیں جاے

(۲۰) اعضائے جسم :۔

ہتھیلی	— الف ہتھیلی پر لکھ دیکھ
بانہ	— بانہ گلے منہ باہی نان

(۲۱) یائے مخلوط کا استعمال قدیم زبانوں کے علاوہ اردو، پنجابی اور گوجری میں بھی ملتا ہے۔ اردو میں اس کا استعمال دو چار الفاظ کیا اور کیوں وغیرہ کے سوا نہیں ملتا۔ گوجری اور پنجابی میں افعال والفاظ کے ساتھ اکثر آتی ہے

اور اس کا تلفظ حرف ماقبل کے ساتھ مخلوط ہوکر پیدا ہوتا ہے۔ گوجری کی مثالیں یہ ہیں :۔

لیائے　　ع　لیائے بھیس بھروپا جب

سمجھیا　　ع　سمجھیا اینہاں صفت کا پھیر

چتریا　　ع　چتریا سو کاتھذا بونٹھ

اردو اور پنجابی کی طرح گوجری میں بھی یائے مخلوط کا استعمال غیر زبان کے الفاظ کے ساتھ ہوتا ہے مثلاً :۔

دریا = درئیے　ـــہ　دور دور دریا تھیں جایے　　ایسا دور کہ بوند دکھائے

دو = دویے　ـــہ　پن اک وقت میں یہ دویے　　عدم وجود اضافت ہویے

(۲۲) محاورے :۔

بول تھوڑا بوجنا = کم سمجھنا　　ع　مت بوجھے یہ تھوڑا بول

تل تل پھرنا　= ہر آن بدلنا　　ع　تل تل منہ رنگ پھرتا جائے

درگہ جوڑنا　= مؤدب کھڑے رہنا　ع　عشق کھڑا تنہ درگہ جوڑ
تہاں نقیب طلب کے کوڑ

کھوڑ کرنا　= اعتراض کرنا
عیب نکالنا　　ع　تیوں ہیں کھونگا کریں نہ کھوڑ

(۲۳) عاطفہ « اور » کی صورتیں :۔

انیں　　ع　ہے تو اب انیں عادل

اور　　ـــہ علم حضوری ہے اس ٹھور　　ایتھاں دلیل نہیں کچھ اور

نی　　ع　صفائی لہراں نسبت دوے

نے　　ع　جیسے کے آٹھ نے چھوں کا داؤ

نیں　　ع موم بتی جیوں جلے نیں روے

ہور ع ہور اپس کوں پاوے حد

(۲۴) «میں» کی صورتیں:

ماں ع وہ اپنیں ذاتیج چھاج ★ ذات نہ وہ چھت ماں محتاج

مانجہ ع ماے لطیف سو مانجہ کثیف

مانہ ع اتنیں سان توہے منجہ مانہ ★ کہاں سو یوسف نے ہوں کانہ

مانہیں ع تو ہوں اک ہوں مانہیں دیکھ

منہ ع سارے نسخے منہ یہ بات

منیں ع .... سوتوجھاڈ پنیں منیں اور رھیا

مہیں ع قید مہیں آ مطلق نور

میں ع پانچ مراتب میں فی الحال

مینیں ع گھر مینیں سانہیں بسلاے

(۲۵) گجراتی میں علامت فاعل «نے» کی جگہ پر «ے» کا ماترا بڑھا دیا جاتا ہے خوب ترنگ میں اس کی انفی صورتیں ملتی ہیں۔

ابراھیمیں = ابراہیم نے ع ابراھیمیں دیکھیا جانہ

سکندریں = سکندر نے ع سکندریں تب دیا جواب

(۲۶) حرف جار «سے» کی مختلف شکلیں:

تھے تھینج (تھے × نج) ع خدا تو ساروں تھینج غیور

تھیں ع بگت سو اس تھیں سمجھی جاے

ستہ ع فعل صفت ستہ کرے سو حق

ستیں ع خوب ذھوپ چھتی تپتن ستیں کام ایک تبی کیتی کام کئے

प्रथम प्रकार के सोहर गीतों में कोई कथा अथवा कथा-प्रसंग होता है जबकि द्वितीय में किसी भावना विशेष की अभिव्यक्ति होती है । कथात्मक सोहर-गीतों में कृष्ण जन्म संबंधी कथा प्रमुख है । एक सोहर में आठवीं सन्तान को बचाने की चिन्ता से दुखी देवकी सहायता का आश्वासन देनेवाली यशोदा के वार्तालाप का प्रसंग चित्रित है ४ गर्भवती के लक्षण, पुत्र प्राप्ति के लिए किये गये यत्न, पुत्र प्राप्ति के पश्चात संबंधियों की प्रसन्नता, बहू के प्रति ससुराल वालों की उपेक्षा, ननद भाभी का वार्तालाप व नेग आदि अन्य सोहर-गीतों के विषय हैं । यद्यपि आनंद के अवसर के गीत होनेपर भी सोहर में करुणरस प्रमुख है । सोहर की तुलना सद्यविकसित उस पुष्प से की जा सकती है, जिसका खिलना मुस्कान सा प्रतीत होता है तथा उस पर पड़ी हुई ओस की बूंदें आसुओंका भ्रम उत्पन्न करती हैं परन्तु इन आंसुओं और मुस्कानों के बीच भी पुष्प जिस प्रकार सुन्दर होता है ठीक उसी भांति सोहर भी अपनी समग्रता में मोहक होता है ।

विवाह

निम्नलिखित प्रमुख वैवाहिक आचार हैं जिन अवसरों पर यहां गीत गाये जाते हैं।

चुलमाटी

विवाह के समय विशेष रूप से बनाये जानेवाले चूल्हे के लिए मिट्टी लाने के अवसर पर नारियों द्वारा गाये जाने वाले गीत चुलमाटी के गीत कहलाते हैं । व्यंग चुलमाटी के गीतों का प्रमुख स्वर हैं ।

तेलचघी

तेलचघीका अर्थ है 'तेल चढ़ना'। विवाह के समय पर वर-वधू पर तेल चढ़ाये जाने के अवसर पर नारियों द्वारा गाये जानेवाले गीत तेलचघी के गीत कहलाते हैं । इन गीतों में मुख्य रूप से इस अवसर पर विभिन्न सम्बंधियों द्वारा सम्पन्न की जानेवाली क्रियाओं तथा उपयोग में आनेवाली वस्तुओं-के उत्पन्न होने तथा प्राप्त होने के स्थानों का वर्णन प्राप्त होता है । इन गीतों में रामलक्ष्मण को तेल चढाये जाने का उल्लेख भी है ५ इसका कारण यही है कि राम एवं सीता प्राचीन काल से ही भारतीय वर-वधू के आदर्श रहे हैं ।

मायमौरी

विवाह के समय देवताओं तथा पितरों की पूजा के अवसर पर नारियों द्वारा गाये जाने वाले गीत मायगौरी के गीत कहलाते हैं । इनमें पूर्वजों एवं देवताओं का आवाहन होता है ।

नहडोरी

बारात-प्रस्थानके पूर्व वर को स्नान (नहलाने) के पश्चात कंकण (डोरी) बांधने के समय नारियों द्वारा गाये जाने वाले गीत नहडोरी के गीत कहलाते हैं । एक गीत माता एवं पुत्र के वार्तालाप के रूप में ह जिसमें विवाह के लिए पुत्र रुपयों की याचना करता है ६ ।

---

४. देखिए परिशिष्ट -गीत १

५. देखिए परिशिष्ट - गीत ३.

६. देखिए परिशिष्ट — गीत — ५

डॉ. हनुमंत नायडू

छत्तीसगढ़ी लोक - गीत

मध्यप्रदेश का पूर्वी अंचल छत्तीसगढ़ कहलाता है । इसमें मध्यप्रदेश के रायगढ़, बिलासपुर, सरगुजा, रायपुर, दुर्ग और बस्तर जिले आते हैं । छत्तीसगढ़ी इस प्रदेश की बोली है ।

छत्तीसगढ़ी लोक गीतोंके प्रकार

संस्कारों के गीत

भारतीय जीवन में संस्कारों का बहुत महत्व है । इन संस्कारों के अवसर पर सुख और दुख की अभिव्यक्ति के रूप में अनेक लोक-गीत विभिन्न प्रदेशों में प्राप्त होते हैं परन्तु छत्तीसगढ़ में केवल कुछ ही संस्कारों के गीत प्राप्त होते हैं, उनमें सोहर (जन्मोत्सव), बिहाव (विवाह) तथा पठौनी (गौना) के गीत प्रमुख हैं । यद्यपि अन्त्येष्टि केअवसरपर यहां कोई विशेष गीत नहीं गाये जाते परन्तु भजनों आदिमें अन्त्येष्टि का उल्लेख है ।

सोहर

शिशु का जन्म पुरुष के पौरुष और नारी के नारीत्व को तो सार्थक करता ही है ,साथ ही परिवार एवं परिवार के बाहर बिखरे हुए संबंधों के समस्त वातावरण को एक अपूर्व आनंद से प्लावित कर देता है । आनंद के इस अवसर पर छत्तीसगढ़ में जो गीत गाये जाते हैं, उन्हे सोहर अथवा सोहर-मंगल कहा जाता है । कुछ विद्वान सोहर की निरुक्ति 'सुघर' शद्बसे मानते हैं, जिसका अर्थ सुन्दर है १। कुछ अन्य विद्वानों के मतानुसार सोहर का संबंध सौरगृह से है २ । एक अन्य मत के अनुसार सोहर संस्कृत 'सूतिका' काही अपभ्रंश रूप है ३ । सोहर का संबंध 'सोहना' जिसका अर्थ 'मोहक' है से भी संभव है । आनंद के ऐसे अवसर पर गाये जानेवाले ये गीत हर व्यक्ति को 'सोहने' के कारण ही 'सोहर' कहलाने लगे होंगे ।

बरही के दिन (जन्म के १२ वें दिन) नारियां सोहर गाती हैं। कुछ लोग सवा महीने में भी सोहर गाने का आयोजन करते हैं । न तो सोहर गाने वालियों की संख्या निश्चित रहती है और न निश्चित समयका कोई बंधन ही इसमें होता हैं । सधवा अथवा विधवा कोई भी सोहर गा सकती हैं । ढोलक और मंजीरा इस अवसर के प्रमुख वाद्य है। परन्तु कुछ लोगों के उत्साह के कारण लोटा और थाली भी वाद्य का रूप ग्रहण कर लेते हैं । सोहर नारियों का गीत है अत: इसमें नारी सुलभ कोमल भावनाओं की ही अभिव्यक्ति प्राप्त होती है । सोहर गीतों के दो भेद किए जा सकते हैं:– १ प्रबंध तथा २ मुक्तक ।

---

१ हिन्दी साहित्य का वृहत् इतिहास षोडस भाग: खण्ड: १, अध्याय: ३, पृ: १०७

२ ———————— वही ———————— खण्ड: २, अध्याय: २, पृ: २०८

३ मैथिली लोक-गीतों का अध्ययन:डा. तेजनारायण लाल, पृ:१०१

लायक है कि उसे हिन्दी और उर्दूमें एक साथ मुरत्तब करके छापा किया जाय 'घर आँगन' की शायरी गांधीजीकी हिन्दुस्तानीके लिए रास्ते हमवर करती और रोशनी दिखाती है।

पिछले चन्द सालोंसे बम्बई और दिल्लीमें हिन्दुस्तानी बुक ट्रस्ट और नेशनल बुक ट्रस्ट नामकी दो अंजुमने हिन्दुस्तानी ज़बान व अदबकी तरक्कीके लिए हिन्दुस्तानकी विभिन्न ज़बानोंकी चुनी हुई किताबोंका दूसरी हिन्दुस्तानी ज़बानोंमें तरजुमे का काम कर रही हैं। इन दोनों संस्थाओंका मकसद हिन्दी और उर्दूको एक दूसरेसे करीब लाना और आपसमें एक दूसरेको समझनेकी कोशिश करना है। हिन्दुस्तानी बुक ट्रस्टने अब तक जो किताबें प्रकाशित की हैं उनमें दीवान-ए-गालिब, दीवान-ए-मीर और कबीर बानी हैं। मीरा बाईके दिल नवाज नग़मे भी बहुत जल्द छपकर सामने आयेंगे। इसी तरह नेशनल बुक ट्रस्ट आफ इन्डियाने भगवती चरण वर्माकी प्रसिद्ध नावेल 'भूले बिसेर चित्र' के अलावा नानक सिंहके पंजाबी नावेल 'सफेद खून हन्दी, तमिल और पंजाबी कहानियों और दूसरी कई किताबोंको उर्दू रूप दिये हैं। हिन्दुस्तानीकी रंगारंग संस्कृतिको समझने और एकदूसरेके लिए अच्छे विचार रखनेके लिए यह एक बहुत ही बुनियादी काम है। इससे न सिर्फ हिन्दी उर्दू बल्कि हिन्दुस्तानकी सारी ज़बाने एकदूसरेसे करीब आ जायेंगी। यह अन्जुमनें हिन्दुस्तानकी कौमी जिन्दगीके लिए नेकफाल हैं।

अपनी बात।

हिन्दुस्तानी जबान, हिन्दुस्तानकी सबसे ज्यादा जानी-बूझी और प्रचलित जबान है। पूरबसे पश्चिम और उत्तरसे दक्खिन तक इस जबानसे राबतेका काम लिया जाता है। मुल्कके हर हिस्सेमें समझे जानेकी वजहसे गांधीजीने इसे हिन्दुस्तान की कौमी जबान या राष्ट्रभाषाकी हैसियतसे इस मुल्कके लिए पसंन्द किया था। अगरचे हिन्दी सरकारी जबान है फिर भी आम हिन्दुस्तानी ही आज तक इस मुल्ककी अवामी जबान (Lingua franca) रही है। घरोंमें, बाजारोंमें खेलकूदके मैदानोमें, भाई-बहनोंकी निजी बातचीतमें, कालेज और यूनिवर्सिटीके खुले माहौल और फिल्मोंमें, बातको बनाने और दिलोंको जोडनेमें इसी जबानका सहारा लिया जाता है। इस जबानका आम इस्तेमाल ही इसकी ताकत और तवानाई है। इस जबानके दो अदबी या साहित्यिक रूप हिन्दी और उर्दू है। हिन्दुस्तानी अपने साहित्यिक रूप धारने के लिए इन्ही दो को अपनाती है। गांधीजीका ख्याल था कि हिन्दी और उर्दू दो ऐसी नदियाँ है जिनसे हिन्दुस्तानी (सरस्वती) जाहिर होने वाली है। हिन्दी और उर्दूसे मिली जुली जबान हिन्दुस्तानी ही, साधारण रूपसे एक शक्ल उभर आयी है जिसे हिन्दी और उर्दूकी कहानियों और शायरीमें आमतौरसे देखा जाता है। इस मिली-जुली जबानकी शायरी और नस्र का संकलन बहुत जल्द इस रिसर्च सेन्टरकी जानिबसे प्रकाशित होने जा रहा है।

★ ★ ★

उर्दू शायरी आमतौरसे फारसी जबान और साहित्यके असरमें रही है. इस मुल्क की साहित्यिक परम्परा या अदबी रिवायतसे अगरचे इस जबानने कभी मुंह नही मोडा, फिर भी कई एक विषयों पर तवज्जह देनी बाकी थी। शृंगार रसमें डूबी हुई फिराककी रूपकी रुबाइयोंके बाद घरके माहौलकी शायरी उर्दूमें नायाब होती जा रही थी। उर्दूमें अब इसकी तरफ पूरी तवज्जह दी जाने लगी है और बहुतसे पुराने और नये शायर इन देसी विषयों पर हीरे मोती चुन रहे हैं। इस सिलसिलेकी एक अहम किताब जाँनिसार अख्तरकी रुबाइयोंका मजमुआ 'घर आँगन' है। जाँनिसार अख्तर उर्दूके उन मशहूर शायरोंमें से हैं जो अपने अन्दाजसे पहचाने जाते हैं। उनकी शायरीकी खुसूसियत हिन्दी उर्दू लफ्जोंका खूबसूरत मिलाप भी है। उनकी मशहूर नज्म 'खामोश आवाज' इस गंगा जमुनी जबानकी बेहतरीन नमूना है। इसी अन्दाज पर 'घर आँगन' की रुबाइयां भी हैं जो विचार और जबान दोनो एतबारसे हिन्दुस्तानीका नमूना है। रानी केतकी की कहानी, बैताल पचीसी, प्रेमचन्दकी कहानियों और फिराककी रुबाइयोंकी तरह 'घर आँगन' की शायरी भी इस

हिन्दुस्तानी ज़बान

साल – ३ २ अक्टूबर १९७१ नम्बर – १

ہندوستانی زبان

سال ۴ — ۲ اکتوبر سنہ ۱۹۷۲ ع — نمبر ۱

اپنی بات

آزادی کے بعد جب ملک کے لیے دستور بنا اور جب ہندوستان کی سرکاری زبان کا مسئلہ سامنے آیا تو گاندھی جی کی ہندوستانی، ہندی کے مقابلے میں ایک اور صرف ایک ووٹ سے پیچھے رہ گئی۔ ہندی راج سنگھاسن پر بیٹھی اور سب نے اسے سویکار کرلیا۔ ساتھ ہی ساتھ ہندوستان کی دوسری مختلف علاقائی یا پرادیشک زبانیں بھی راشٹریہ بھاشائیں بنیں۔ اپنے اپنے علاقوں میں ان بھاشاؤں کا چلن رہا۔ یہ سب زبانیں آزادی کے پچھلے پچیس سالوں میں خوب پھلی پھولیں۔ آزادی اگر راس نہ آئی تو صرف اُردو کو۔ خاص طور سے اُتر پردیش میں تو اس کی حالت تباہ ہوئی، اسے اس کے گھر میں جگہ نہیں تھی۔ وہ بچّے جو یہ زبان بولتے تھے، ان کو اس سے دور رکھا گیا، چنانچہ خود یو پی میں ایک نسل ایسی پیدا ہوئی جو اردو سے واقف نہیں۔ اردو سے اس سلوک نے گاندھی جی کی ہندوستانی کی کلپنا کو پھلنے پھولنے کا موقع نہیں دیا۔

سیاسی (راجنیتک) اور تاریخی حالات کبھی یکساں نہیں رہتے، ان میں تبدیلیاں آتی رہتی ہیں۔ لوگوں کے سوچنے سمجھنے کے طریقوں میں فرق آتا جاتا ہے اور اس سے زبانیں بھی پربھاوت ہوتی رہتی ہیں۔ آزادی کے پچیسویں سال میں یہ تبدیلیاں کچھ زیادہ ہی دکھائی دے رہی ہیں۔ بھاشا ویگیانک طریقے سے اگر دیکھا جائے تو عام بول چال کی زبان کا پریوگ کتابی زبان کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہوتا ہے۔ خود کتابی زبان میں بھی بول چال کی زبان اپنا اثر دکھا رہی ہے۔ اُردو کے لفظ ہندی میں اور ہندی کے شبد اُردو میں بہت خوبصورتی اور سندرتا کے ساتھ اپنی جگہ بنا رہے ہیں۔ اُردو کی ترقی اور وکاس کے لیے بھی حالات سازگار ہیں۔ بھارت سرکار نے ترقی اردو بورڈ اور اردو کمیٹی کے تحت جو شری اندر گجرال کے مارگ درشن اور نگرانی میں کام کر رہی ہے، اردو کو بھی اس کا حق دلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ جب

کام شروع ھوا ھے تو امید ھے کہ خلوص اور سچائی کے راستے یہ پورا بھی ھوگا۔ اتر پردیش سرکار نے بھی اردو اسکول کھولنے اور بچوں کو اپنی ماتر بھاشا (مادری زبان) میں تعلیم حاصل کرنے کی سہولتیں دینے کا وعدہ کیا ھے۔ لکھنؤ میں ایک اردو اکیڈمی کی ستھاپنا بھی کی گئی ھے جو اردو کے شاعروں اور ادیبوں کو انعام دے گی۔ اسی قسم کی ایک اور اردو اکیڈمی بہار میں بھی اردو کے لیے کام کر رھی ھے۔ خود ھماری مہاراشٹر سرکار نے بھی جس نے ھمیشہ سے اردو کو سہولتیں دی ھیں اب مہاراشٹر کے اردو کے شاعروں اور لیکھکوں کو ھر سال انعام دینے کا فیصلہ کیا ھے۔ یہ ساری باتیں ھمت بندھاتی ھیں۔ ھندی کے ساتھ اردو کے وکاس سے گاندھی جی کی ھندوستانی کی کلپنا کو طاقت ملتی ھے۔ اردو اور ھندی کے تعلق سے ھندوستانی زبان کی ترقی نہ صرف گاندھی جی کے وچاروں کی جیت ھے بلکہ ھندوستانی لوک تنتر کی بھی جیت ھے۔

ھندوستانی زبان نے اردو اور ھندی کے ساھتیک روپوں میں ھمارے ملک کے ادبی خزانے کو آگے بڑھا کر اس کی سانسکرتک (تہذیبی) اور بھاشا ویگیانک پرم پراؤں کی بنیادیں مضبوط کی ھیں۔ ھمارے زمانے میں پروفیسر احتشام حسین کو اس درشٹی سے بڑی اھمیت حاصل ھے۔ انھوں نے پرانی پرم پراؤں کے آدر کے ساتھ ساھتیہ میں نئی روایتوں کو اپنایا تھا۔ وہ اردو کے بہت بڑے آلوچک (نقاد) اور لیکھک تھے۔ انھوں نے اردو میں کہانیاں بھی لکھیں اور شاعری بھی کی۔ وہ پرانے ادب کے رسیا، نئے ادب کے پرستار اور نئے روپ کے پریمی بھی تھے۔ افسوس کہ اردو زبان وادب کا یہ سورج پہلی دسمبر سنہ ۱۹۷۲ء کو ڈوب گیا۔ خدا مرحوم کو کروٹ کروٹ چین نصیب کرے۔

احتشام صاحب کی موت کو ابھی ایک ہی دن گذرا تھا کہ ۳ دسمبر کو ہندی کے مشہور لیکھک، کہانی کار اور ناٹک کار موہن راکیش کے سورگ باشی ہونے کی خبر آئی۔ وہ ہندی کے بہت بڑے کلا کار تھے۔ پچھلے چند سالوں میں انہوں نے ہندی کہانیوں اور ڈراموں کے ذریعے وہ شہرت حاصل کی جو بہت کم لوگوں کے حصے میں آتی ہے۔ ان کے ڈرامے انیک شہروں اور نگروں میں اسٹیج کیے گئے اور بہت پسند کیے گئے۔ موہن راکیش کی ایک بہت بڑی خوبی اور وِشیشتا جو اردو اور ہندی کی خلیج کو کم کرتی ہے، ان کی زبان ہے۔ اردو اور ہندی کی بھاشا ویگیانک ایکتا کے لیے راکیش ہمارے مارگ درشک تھے۔ ان کی موت سے ہندی ساہتیہ کا جو نقصان ہوا وہ اپنی جگہ پر، ان کی موت سے ہندوستانی زبان کا بھی بھاری نقصان ہوا ہے۔ خدا ان کی روح کو چین اور سکون نصیب کرے۔

بچّوں کی اُردو

(تحصیل زبان کا ایک مطالعہ)

ڈاکٹر عبد الستار دلوی

انگریزی میں لسانی اصطلاح میں بچوں کی زبان کے لیے دو اصطلاحیں ہیں، جو الگ الگ مفہوم میں استعمال ہوتی ہیں۔ اولاً بچوں کی زبان (Child Speech) وہ زبان ہے جو بچے اندازاً ڈیڑھ سال کی عمر سے درجہ بدرجہ حاصل کرتے ہیں۔ کچھ آوازیں ادا کر پاتے ہیں کچھ نہیں کر پاتے، کبھی لفظ کا ابتدائی حصہ ادا کرتے ہیں اور کبھی آخری۔ بچے کی زبان کا یہ عمل تحصیل زبان (Language Acquisition) کہلاتا ہے جس میں بچہ اپنی مادری زبان[1] یا پہلی زبان (First Language-L1) سیکھتا ہے، دوم، بچوں کی زبان کا مفہوم Baby Talk کا ہے۔ جس کے اصطلاحی معنی اس بول چال کی زبان کے ہیں جو بچوں کے انداز پر، بڑے بچوں سے بولتے ہیں۔ Baby Talk کے مفہوم میں بچوں کی زبان در اصل پیار اور محبت کی زبان ہوتی ہے جو بڑے بچوں کو دینا چاہتے ہیں اور جس سے ان میں رفاقت کا جذبہ پیدا کیا جاتا ہے۔ اردو میں بچوں کی زبان کے لیے

---

۱ ۔ مادری زبان کا تصور غلط فہمیاں پیدا کرتا ہے، اس لیے کہ بچہ نے جو زبان پہلے حاصل کی ہو ضروری نہیں کی وہ اسکی ماں کی زبان ہو۔ کبھی کبھی وہ اپنے باپ کی زبان بھی پہلے سیکھتا ہے، مثلاً اگر ایک مہاراشٹری عورت نے بنگالی سے شادی کی ہو اور وہ شوہر کے ساتھ بنگال میں سکونت اختیار کرے تو ان کا بچہ مراٹھی کے بجائے بنگالی سیکھے گا اور اس لحاظ سے مراٹھی اسکی مادری زبان نہیں ہوگی۔ یا اگر دو انگریزی تعلیم یافتہ میاں بیوی انگلستان میں سکونت اختیار کریں تو اس ماحول میں بچہ بھی ماں کی گود ہی سے انگریزی سیکھے گا (حالانکہ ماں باپ کی زبان کوئی ہندوستانی زبان ہوگی)۔ ان لسانی حالات سے نمٹنے کے لیے پہلی زبان (First Language-L1) کی اصطلاح وضع کی گئی ہے جس کے معنی اس زبان کے ہیں جو بچہ پہلے حاصل کرتا ہے۔ مادری زبان کا تصور بھی در اصل پہلی زبان ہی کا تصور ہے جسے عموماً بچے اپنے ماں باپ سے حاصل کرتے ہیں۔

انگریزی کی طرح دو علاحدہ علاحدہ اصطلاحوں کی غیر موجودگی میں "بچوں کی اردو" کے فقرے کو انہیں دو معنوں میں وضاحت کے ساتھ استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اس طرح گویا "بچوں کی زبان" اردو میں حاوی یا جامع اصطلاح (Cover term) ہے جو انگریزی (Child Speech) اور (Baby Talk) دونوں کے لیے استعمال ہو سکتی ہے۔

بچپن یا بچہ کی عام اصطلاح اور لسانی اصطلاح میں خاصا فرق ہے۔ عام اعتبار سے دس گیارہ سال کی عمر تک بچپنے کی عمر ہوتی ہے اور اس عمر تک لڑکا یا لڑکی بچے کہلاتے ہیں۔ سن بلوغ کو پہنچنے کے بعد بچہ لڑکا یا لڑکی کہلائیگا، گو پیار اور محبت میں ماں باپ کے نزدیک آٹھ سال سے اسی سال کی عمر میں فرق نہیں کیا جاتا۔ لسانیات کی رو سے بالغ شخص کے لیے جنسی بلوغت ضروری نہیں بلکہ اسکے لیے زبان پر مکمل قابو ہو جانا ضروری ہے۔ چونکہ بچہ معروف اور مجہول دونوں طریقوں سے اپنی عمر کے ساتویں سال سے زبان پر پوری طرح حاوی ہو جاتا ہے، لہذا سات سال کی عمر ھی عام طور سے لسانی بلوغت کی عمر سمجھی جاتی ہے جبکہ وہ زبان کے استعمال پر قادر ہو کر اپنے لسانی گروہ کا ممبر بن جاتا ہے۔ اس کے برعکس بچہ وہ ہے جو اپنے لسانی گرو (Speech Community) میں تہذیبیایا (encultured) جاتا ہے۔ عام طور سے یہ عمر ایک سال سے چھ سال تک کی ہوتی ہے، اگرچہ بعض اوقات بچہ چار سال کی عمر میں ھی زبان پر قابو پیدا کر لیتا ہے۔ اسی طرح شیرخوار (infant) وہ ہے جو ابھی بچہ نہیں ہے اور جو زبان کا معروف طور پر (actively) استعمال کرنا نہیں جانتا، البتہ مجہول طور پر (passively) بہت محدود پیمانہ پر اسے سمجھ سکتا ہو[1]۔

یہ مقالہ بچوں کی اردو (Child Speech) کے بارے میں ہے، جس میں اردو زبان کی حیثیت سے تحصیل کی مختلف منزلوں سے متعلق اجمالی مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔ اسی طرح

1.— Kelkar, Ashok R: Marathi Baby Talk. Word. 20 (1964) P. 40
Ferguson, C.A. : Baby Talk in Six Languages in Language Structure and Language Use. Stanford, California (1971) P. 114.

اس میں بچوں کی اردو (Baby Talk) کی خصوصیات بھی ہیں ، اس لیے کہ بڑے بچوں کی گفتگو بچوں کی خاطر انہیں کی طرز ادا میں دہراتے ہیں ۔ Child Speech اور Baby Talk میں ایک گہرا رشتہ ہے جسے مقالہ نگار کے خیال میں پورے طور پر الگ نہیں کیا جا سکتا ۔

بچوں میں صوتی ترقی (Phonetic development) کی بطور خاص چار منزلیں ہیں ۔

۱ ــ رونا　　۲ ــ غوں غاں نا (babbling)

۳ ــ للانے کا دور (lallation)[1]　　۴ ــ گفتگو

ابتدائی چند مہینوں میں بچہ جو آوازیں پیدا کرتا ہے وہ نطقی (Oral) حروف علت (Vowel like) کی سی ہوتی ہیں ۔ اس زمانہ میں حروف علت اور حروف صحیح کا تناسب (ratio) ۵ سے ۱ کا ہوتا ہے بر خلاف بڑوں کے جن میں تقریبا ایک اور ایک ہوتا ہے ۔

آٹھ سے دس ماہ کا بچہ مختلف قسم کی آوازیں محسوس کرتا ہے اور اسی احساس کے تحت آوازیں پیدا کر کے خوش ہوتا ہے ۔ یہ دور اصطلاح میں غوں غاں نے (babbling) کا دور کہلاتا ہے ۔ ان آوازوں کے ساتھ بچہ کا کھیل اور ان کی ادائیگی اگرچہ بے مقصد ہوتی ہے تاہم اسی سے وہ اپنے اعضائے نطق کے استعمال کے لیے تربیت حاصل کرتا ہے جن سے کہ اسے آئندہ فن گفتگو میں کام لینا ہوتا ہے ۔ اسی کے ساتھ بچہ اپنے اندر نقل کرنے کی صلاحیت بھی پیدا کرتا ہے جس کے بغیر وہ زبان حاصل نہیں کرسکتا ۔ آواز جب ادائیگی کی صورت میں بچہ کے کان تک پہنچتی ہے تو وہ اس آواز کو بار بار سرخوشی کے عالم میں آزماتا ہے ، جب تک کہ وہ اس پر قادر نہیں ہو جاتا ہے ۔ آوازوں کو سننے اور دہرانے کا یہ سلسلہ لفظ اورجملوں تک چلتا ہے ۔ یہ عمل اعضائے نطق اور کانوں کے درمیان مستقل رشتہ کا باعث ہوتا ہے ۔ بچہ کسی دوسرے شخص کی

---

۱ ــ Lallation کے لیے دوسرا انگریزی لفظ (Lambdacism) ہے جس کے معنی "ر" کا تلفظ "ل" کی طرح ادا کرنے کے ہیں ، اسی لیے اسے اردو میں "للانے" کا اصطلاحی روپ دیا گیا ہے جو غوں غاں نے کے بعد کا دور ہے ۔

آواز سننے پر بھی فقرے یا لفظ کا سب سے واضح اور صاف حصہ ادا کرتا ہے۔

دوسروں کی نقل میں جب مہارت پیدا ہوتی ہے تو اسی کے ساتھ بچہ میں فہم وادراک کی قوت بھی بڑھ جاتی ہے۔ دو سے تین یا ساڑھے تین سال کی عمر تک ذہانت ۶۵ فیصد سے ۹۹ فیصد تک بڑھ جاتی ہے۔ بچہ کا صوتی نظام (Phonological System) جو ابتدا میں بہت محدود ہوتا ہے اب بڑے لوگوں (adults) کی طرح ہو جاتا ہے، البتہ بچہ کے لیے غوں غاں کے زمانہ کی آوازوں کو بار بار سیکھنے اور انہیں دہرانے کی ضرورت پڑتی ہے اور اسی طرح ان آوازوں کے استعمال کے صحیح مواقع جاننا بھی اس کے لیے از بس ضروری ہو جاتا ہے۔ جوں جوں اسکی عمر آگے بڑھتی ہے اور نقل کرنے کی صلاحیت اس میں پختہ ہو جاتی ہے وہ ان آوازوں کو زیادہ سے زیادہ صحت کے ساتھ ادا کرتا ہے۔

بچوں کا ذخیرۂ الفاظ:

بچہ اپنی عمر کے ساتویں یا آٹھویں مہینے میں اپنی زبان کا پہلا لفظ ادا کرتا ہے، اکثر والدین babbling کے زمانے کی آوازوں کو جن میں ماں یا با (ابّا) شامل ہیں آوازوں کی دنیا سے نکال کر لفظ کی دنیا میں لے آتے ہیں۔ ایسے میں دوہرے ارکان (Repeated Syllables) ماں ماں، دَدا، پاپا ہوتے ہیں۔ البتہ یہ طے کرنا مشکل ہے کہ یہ ارکان لفظ کی معنوی حیثیت کا روپ کب اختیار کرتے ہیں۔ تاہم اسی زمانہ سے جب بچہ ماں، با، کہنا شروع کرتا ہے دو سال کی عمر تک وہ بہت کم لفظ سیکھتا ہے۔ اکثر لفظ جو بچہ حاصل کرتا ہے اسم ہوتے ہیں جو افعال اور جملوں کی حیثیت سے بھی استعمال ہوتے ہیں۔

دوسرے سال کی عمر سے سات یا آٹھ سال کی عمر تک بچوں کا ذخیرۂ الفاظ تیزی سے بڑھتا ہے۔ عمر کے تیسرے سال میں اسما کے علاوہ افعال، صفتیں اور دیگر صرفی لفظ (Parts of Speech) کے استعمال کی شُد بُد بھی پیدا ہو جاتی ہے اور وہ زبان کی ساخت کو سمجھ لیتا ہے۔ تاہم پانچ سال کی عمر تک بچہ جن الفاظ پر قابو پالیتا ہے اور انہیں استعمال کرتا ہے وہ اسکے قریبی ماحول سے متعلق ہوتے ہیں اور اس لحاظ سے محدود

بھی - چھ سال کی عمر سے بچہ پھر تیزی سے الفاظ کا ذخیرہ جمع کرلیتا ہے - اسکی خاص وجہ یہ ہے کہ وہ دوسروں سے لفظ سنتا ہے اور زیادہ سے زیادہ باتیں کرتا ہے آٹھ اورنو سال کی عمر میں جب وہ زبان سیکھ لیتا ہے اور پڑھنا شروع کرتا ہے تو اسی کے ساتھ اسکے ذخیرۂ الفاظ میں تیزی سے اضافہ ہوتا ہے - چونکہ اس عمر میں وہ زبان کی صوتی اور صرفی ساخت (Phonetic and Grammatical Structure) پر قابو پالیتا ہے، وہ لفظوں کو جاننے اور سمجھنے کی زیادہ سے زیادہ کوشش کرتا ہے -

معنیاتی سطح پر بچہ میں سمجھنے کی پہلی منزل احساس کی منزل ہے - وہ جسمانی تحریک (Stimulus Physical) سے اطراف وجوانب کی چیزوں کو محسوس کرتا ہے - وہ روتا ہے اور ماں باپ یا بڑے اسکی ضروریات کو محسوس کرتے ہیں، بھوک لگنے پر دودھ پلاتے ہیں یا اسکا بچھونا صاف کرتے ہیں تا کہ اسے راحت پہنچائی جاسکے - دوسری منزل میں بھی بچہ روتا ہے تا کہ اسکے ماحول (environment) کو بدلا جاسکے - لیکن ساتھ ہی ساتھ مختلف اشاروں (gestures) کے ذریعہ وہ سننے والوں تک اپنا مقصد اور معنی پہنچاتا ہے اور آہستہ آہستہ آوازوں کے ذریعہ اپنے ماحول کو بدلنے میں حصہ لیتا ہے - تیسری منزل میں بچہ مختلف آوازوں (Cries) کے ذریعہ اظہار خیال کرتا ہے اور جب اسکی ضروریات پوری ہو جاتی ہیں تو آرام اور سکون حاصل ہو جانے کا بھی اظہار کرتا ہے - اسی طرح وہ تنہائی ڈر اور غصہ کے جذبات اور محسوسات کو بھی دوسروں تک پہنچاتا ہے - والدین ان آوازوں میں آہستہ آہستہ فرق کرنے لگتے ہیں اور ان کی مختلف طریقوں سے معنیاتی توجیہہ کرتے ہیں -

جب یہ فرق زیادہ سے زیادہ آوازوں میں بدل جاتا یا ترقی کرجاتا ہے تو غون غاں کے اس دور کو اور مختلف ارکان (Syllables) کی ادائیگی کو بچہ کے والدین معنی کے لباس سے آراستہ کرتے ہیں - ددا ، بپّا یا با ، ما یا مّا وغیرہ مختلف ارکان کو بعد میں والدین اشاروں کے ذریعہ مخصوص کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور اس طرح بچہ ان اشاروں کی

مدد سے اپنے ارکان کو لفظ کے روپ میں لوگوں یا اشیا کے لیے مخصوص کر لیتا ہے اور اس طرح ما ، پا یا با نی وغیرہ ماں ، پپا ، ابا یا پانی یا نانی کے مفہوم میں بچہ کی زبان سے ادا ہوتے ہیں اور اس طرح اشاروں کی مدد سے نام دینے کی منزل ، ناموں کی منزل (Naming Stage) بن جاتی ہے۔ اب بچہ مختلف قسم کی آوازوں کو استعمال کرنے کی بجائے اپنی ضروریات حاصل کرنے کے لیے لفظوں کا سہارا لینے لگتا ہے۔ یہی لفظ وہ بعد میں جملوں میں استعمال کرنے لگتا ہے اور اسطرح وہ اپنا ما فی الضمیر دوسروں تک پہنچانے میں کامیاب ہو جاتا ہے۔ بچہ عام طور سے معنی سیاق وسباق (Context of Situation) سے پیدا کرلیتا ہے۔ جس طرح آوازیں نقل کے ذریعہ حاصل کی جاتی ہیں ، معنی اشیا یا ماحول میں تعلقات سے حاصل کیے جاتے ہیں۔

بچہ ایک وقت میں ایک ہی معنی سیکھتا ہے۔ اگر لفظ کا ذخیرہ زیادہ ہو تو کبھی وہ لفظ سے وہ معنی مخصوص کرتا ہے جو اسے معلوم ہوتے ہیں اور کبھی لفظ سے کئی کئی معنی پیدا کرلیتا ہے۔ ایسا کرتے وقت مماثلت کے عمل (analogy) کو اپنے لیے زیادہ کارآمد بناتا ہے مثلا با یا ابّا کے اظہار میں وہ یہ لفظ اپنے باپ کے علاوہ دادا ، بھائی اور دیگر مردوں کے لیے بھی استعمال کرتا ہے اور یہی وہ مواقع ہوتے ہیں جہاں پر اسکا مماثلت (analogy) کا طریقہ غلط ہوتا ہے۔ ضمیر واحد متکلم (میرا) کے لحاظ سے ضمیر واحد مخاطب (تمہارا) کے بجائے وہ اکثر تمکا اور (ھمارا) کی بجائے «ھمکا» استعمال کرتا ہے یا ضمیر شخصی «میرا» کی بجائے اپنا نام استعمال کرتا ہے جیسے میں کھاؤنگا کی بجائے سلمان کھانیگا وغیرہ یا ماضی کے لیے کھایا ، گیا ، پڑھا کی مماثلت پر کیا کی بجائے کرا بولتا ہے۔ یہاں دراصل وہ زبان کی صرف یاگرامر میں داخل ہوتا ہے جہاں پر اسے مزید مطالعہ اور مشاہدہ کی ضرورت ہوتی ہے اور جہاں پر وہ ہر اصول زبان کو مماثلت (analogy) کے پیمانے سے ناپ نہیں سکتا۔

بچوں کے ابتدائی جملے بھی لفظوں ہی کی صورت میں ادا ہوتے ہیں۔ بعد میں وہ

فقرے استعمال کرتا ہے اور اسی کے ساتھ ساتھ صرفی خصوصیات مثلاً واحد اور جمع بنانے کے طریقے ، لفظوں کے اختتامیے (Word endings) ، افعال اور صفتوں کو بھی اپنانے لگتا ہے۔ والدین اور ساتھیوں کے ربط سے بچہ لفظوں میں تمیز پیدا کرنے لگتا ہے اور تین سے چار سال کی عمر میں بچہ اپنے ہم جولیوں سے زیادہ سے زیادہ زبان سیکھتا ہے۔

بچہ ، زبان سماجی ماحول میں سماجی ضروریات کے تحت حاصل کرتا ہے مگر جب اس پر قدرت حاصل کرلیتا ہے تو اسکی ساری اندرونی زندگی (inner life) بدل جاتی ہے۔ وہ اب دوسروں پر بھروسا کرنے کی بجائے خود اپنے آپ پر زیادہ اعتماد رکھتا ہے اور اپنے لیے خود فیصلے کرتا ہے۔ زبان کی تحصیل کے بعد وہ زبان کو نقالی (imitation) سے زیادہ تجزیاتی نظر سے دیکھتا ہے اور اسے سماجی پس منظر میں اسکی ساخت کو ملحوظ رکھتے ہوئے استعمال کرتا ہے۔

زبان کی تحصیل کی درجہ بدرجہ ترقی:

زبان کی درجہ بدرجہ ترقی کے مطالعوں کو گریکر ، ہِگیے ، سٹرن ، لیپولڈ اور کیسپر وغیرہ ماہرین نے جس طرح پیش کیا ہے اسکی تفصیلات اس طرح ہیں :۔

بچے کی زبان رونے سے شروع ہوتی ہے اور وقت کی رفتار کے ساتھ ساتھ اس میں فرق پیدا ہوتا رہتا ہے یہاں تک وہ جملے میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ بچے کی زبان کا پہلا فرق مختلف جذبات میں مثلا تکلیف میں رونے اور اظہار خوشی میں امتیاز پیدا کرنا ہے پھر چند مہینوں بعد بچہ آلات نطق (Speech Organs) کے استعمال سے چند آوازیں پیدا کرتا ہے۔ پھر وہ خود ہی اپنی آوازوں کی نقل کرتا ہے (lallation) اور پھر دوسروں کی نقل اتارتا ہے۔ جب والدین چند آوازوں اور ان کے ملاپ کو سنتے ہیں تو وہ انہیں بچوں کے لیے بامعنی « الفاظ » سمجھتے ہیں اور انہیں اشیا یا اشخاص سے متعلق کردیتے

ہیں۔ یہ چھوٹے چھوٹے لفظ مختلف حالات کو سنبھال لیتے ہیں اور جملوں کے طور پر بھی استعمال ہوتے ہیں۔ جوں جوں بچے کے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ ہوتا ہے وہ فعل اور فاعل (action and actor) میں فرق پیدا کرتا ہے اور ان دو کو دو لفظی فقرہ جیسے «اسم اور فعل» میں ملا دیتا ہے۔ ان فقروں میں لفظوں کا اضافہ ہوتا رہتا ہے، تا آنکہ بچہ جملوں میں لفظوں کی ترتیب (Word-order)، نحو اور تصریفی عمل (inflections) کو پہچاننے لگے۔ اس منزل پر بچہ زبان کے بنیادی اجزا پر قدرت حاصل کر کے مجموعی اعتبار سے بولنا شروع کرتا ہے۔ اب اسکا کام صرف یہ رہ جاتا ہے کہ وہ اجزائے زبان کو زیادہ سے زیادہ حاصل کرتے ہوئے لفظ کی گرامر اور معنی میں فرق کرسکے۔ زبان کی تحصیل کے عمل میں بچہ آوازوں سے امتیازی آوازوں اور کی طرف پھر لفظ، فقرے اور جملوں کی طرف بڑھتا ہے۔

بچے کی تحصیل کا تدریجی ارتقا:

عمر تین ماہ : بچہ انسانی آوازوں کو پہچاننے لگتا ہے، مگر یاد داشت سے عاری ہوتا ہے۔ مسکراہٹ اور فوری منتشر آوازوں سے مخاطب سے تعلق پیدا کرتا ہے – (Babbling)

عمر چھ ماہ : دوستانہ یا غیر دوستانہ (پیار اور ڈانٹ) کے لہجہ کو پہچانتا ہے اور مختلف مصوتوں کو ادا کرتا ہے یہ دور للانے (Lallation) کا دور کہلاتا ہے۔

عمر نو ماہ : اشاروں (Gestures) کا اس پر رد عمل ہوتا ہے اور چند مخصوص الفاظ کو پسند کرتا ہے۔ آوازوں کی مختلف اقسام پیدا کر سکتا ہے اور انہیں ملا سکتا ہے۔

ایک سال : سیدھے سادھے احکام کی تعمیل کرتا ہے اور چند لفظوں سے کھیلتا ہے۔

ڈیڑھ سال : بڑوں کی خواہش پر چھوٹی چھوٹی چیزوں کو پہچانتا ہے اور احکام کی تعمیل بھی کرتا ہے۔ درجن بھر لفظ جانتا اور سمجھتا ہے اور انہیں اشاروں کی مدد

سے استعمال کرتا ہے۔ ابلاغ و ترسیل کا دور شروع ہوتا ہے اور ذخیرہ
الفاظ تیزی سے بڑھنا شروع ہوتا ہے۔

دو سال : حالات حاضرہ سے متعلق مختلف احکام سمجھتا ہے۔ کئی سو الفاظ اس
کے ذخیرہ میں شامل ہوتے ہیں۔ تلفظ میں تبدیلی آجاتی ہے۔ سادہ فقرے،
ضمائر اور اپنی خواہشات پوری کرنے کے لیے افعال استعمال کرنے لگتا ہے۔

تین سال : ماضی سے متعلق سوالات کو سمجھتا ہے۔ ذخیرۂ الفاظ میں مزید اضافہ ہوتا
ہے اور جملوں کی ساخت پر قدرت حاصل کرتا ہے۔ واحد، جمع، زمانہ
اور دیگر جملوں کے اجزا پر بھی قدرت حاصل ہوجاتی ہے۔ ماضی کے
واقعات کو دھرا سکتا ہے۔

چار سال : فہم وادراک بڑھ جاتا ہے۔ بول چال کے فن پر مکمل طور پر قدرت
حاصل ہوجاتی ہے اور بچوں کی زبان (Baby Talk) کی منزل گذر جاتی ہے[1]۔

اردو میں بچوں کی تحصیل زبان کے بارے میں ابتک کوئی کام نہیں ہوا۔ ثانوی زبان
کی تحصیل اور اس کے اصول بھی ابھی مفروضات کی دنیا سے آگے نہیں نکل سکے ہیں۔
بچوں کی زبان کے سلسلے میں مشاہدات سے صرف اسقدر اندازہ لگایا جا سکا ہے کہ وہ
"ر" کے تلفظ کو "ل" میں بدل دیتے ہیں[2]، مگر بچوں کی زبان کا کوئی تفصیلی مطالعہ
ابتک پیش نہیں ہوا ہے۔ موجودہ مطالعہ بھی اس سلسلہ کا کوئی تفصیلی مطالعہ نہیں، البتہ
تفصیل میں جانے کی ابتدائی کوشش ہے۔ اور اسکی بنیاد اردو بولنے والے تین بچوں کی
زبان کے مشاہدہ پر رکھی گئی ہے جنکے بالترتیب نام سعد، سلمان، سمیہ ہیں۔ یہ تینوں
بچے بمبئی کے متوسط "کوکنی مسلمان" گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس گھر کی مادری
زبان اردو ہے، البتہ وہ "کوکنی" بھی بولتے ہیں جو مراٹھی کی ایک سماجی بولی ہے۔

1 — W. F. Mackey : Language Teaching Analysis (Longmans, London, 1965) PP. 101—106.
۲ — مولانا محمد حسین آزاد : سخندان فارس (سنہ ۱۹۰۷ء)۔

مسلمانوں کی کوکنی فارسی عربی لفظوں سے پُر ہے۔ اردو اور کوکنی دونوں زبانوں پر انہیں مادری زبان کا سا عبور حاصل ہے اور مختلف سماجی ضرورتوں کے لحاظ سے اردو اور کوکنی کو یکساں طور پر مادری زبان کی حیثیت سے استعمال کرتے ہیں۔ ان تینوں بچوں نے ڈیڑھ سال کی عمر سے بولنا شروع کیا۔ بچوں کی زبان کے یہ نمونے ڈیڑھ سال سے چار سال کی عمر تک مختلف اوقات میں محفوظ کیے گئے۔ زبان کے نمونوں کے سلسلے میں دوسرے بچوں کا بھی وقتاً فوقتاً مشاہدہ کیا گیا۔ اور عام طور سے اردو بولنے والے بچوں میں لسانی علوم کے لحاظ سے یکسانیت پائی گئی۔ بچے اگر چار پانچ سال کی عمر کے بعد بھی اپنی صوتی عادتوں پر قائم رہنے کی کوشش کریں تو لسانی اعتبار سے ان کو بڑوں میں شمار کر کے ان کا مذاق اڑایا جاتا ہے۔

مندرجہ ذیل بچوں کی اردو کی صوتی خصوصیات کا دیگر بچوں کی صوتی خصوصیات سے بھی مقابلہ کیا گیا ہے۔ عام طور سے ان خصوصیات کے سلسلے میں دوسرے بچوں کے والدین نے بھی اپنے بچوں کی زبان کے مشاہدے کے پیش نظر ان خصوصیات کے ہونے پر اتفاق کیا ہے۔ اس مطالعہ میں بچوں کی زبان پر مشتمل بڑی حد تک محدود ذخیرۂ الفاظ استعمال کیا گیا ہے اور وضاحت کے خیال سے بچوں کی اردو کا بڑوں کی زبان سے بھی مقابلہ کیا گیا ہے۔ ایسے الفاظ صوتی خطوط (Phonetic Slashes) میں دیے گئے ہیں۔

بچوں کی اردو کے مُصوّتے :

بچوں کی اردو میں عام طور سے مندرجہ ذیل چھ مُصوّتے استعمال ہوتے ہیں:

اگلے مُصوتے : اِ (i) اور اے (e)

درمیانی مُصوتہ : آ (ə)

پچھلے مصوتے : آ (a)، او (o) اور اُو (u)

مثالیں :

/ i /

	بچوں کی اردو	بڑوں کی اردو
/ bili /	بلی	بلّی
/ mita /	مِیتا	میٹھا
/ tin /	تن	تین
/ pulic /	پُلیچ	پُولیس
/ mulki /	مُلکی	مرغی
/ idəl /	اِدَل	اِدھر

/ e /

	بچوں کی اردو	بڑوں کی اردو
/ eca /	ایچا	ایسا
/ cep /	چیپ	سیب
/ pen /	پین	پین (قلم)
/ le /	لیے	لیے
/ ce	چے	سے

/ ə /

	بچوں کی اردو	بڑوں کی اردو
/ ənda /	اندا	انڈا
/ kəl /	کل	کل
/ motəmbi /	موتمبی	موسمبی
/ təpəl /	تپل	چپّل
/ pəlc /	پلچ	پرس (purse)

/ a /

	بچوں کی اردو	بڑوں کی اردو
/ ati /	آتی	ہاتھی
/ nadila /	نادِلا	نادرہ

/ na:k /	ناک	ناک
/ təlipa/	تلیا	شریفہ
/ ka /	کا	کھا

/ o /

/ gola /	گولا	گھوڑا
/ coya /	چویا	سویا
/ topi /	توپی	ٹوپی
/ motal /	موتل	موٹر
/ ko /	کو	کو
/ ol /	اول	اوڑھ

/ u /

/ ut /	اُت	اُٹھ
/ mulki /	مُلکی	مرغی
/ ālu /	آلو	آلو
/ kulci /	کُلچی	کرسی

مندرجۂ بالا چھے مُصوّتوں کے مطالعے سے واضح ہوگا کہ یہ مُصوّتے بچوں کی زبان میں بھی بڑوں کی زبان کی طرح سوائے درمیانی مصوتہ/ ə / کے ابتدائی، درمیانی اور آخری حالت میں استعمال ہوتے ہیں۔ درمیانی مُصوّتہ / ə / صرف لفظ کی ابتدا اور درمیان میں استعمال ہوتا ہے۔

بچوں کی اردو کے مصوتی نظام کو حسب ذیل جدول میں دکھایا

جاسکتا ہے:

بچوں کی اردو کے مُصمّتے:

بچوں کی اردو میں گیارہ مصمتے اور دو نیم مصوتے استعمال ہوتے ہیں۔ یہ گیارہ مصمتے اور دو نیم مصوتے حسب ذیل ہیں:

مصمتے: پ، ب، ت، د، ج، چ، ک، گ، ن (انگ) م، ل

نیم مصوتے: و، ی

مندرجہ بالا آوازوں سے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ بچے عام طور سے سادہ بندشی آوازیں استعمال کرتے ہیں۔ ہکار بندشیے (Aspirated Stops) بچوں کی اردو میں عام طور سے نہیں ملتے۔ اسی طرف انفی آوازیں / ن / ، / م / اور پہلوئی آواز / ل / کی ادائیگی چنداں مشکل نہیں۔ بندشی آوازوں میں کوزی آوازیں / ٹ / ، / ڈ / بھی استعمال نہیں ہوتیں، ان آوازوں کی جگہ دندانی آوازیں / ت / اور / د / ہی کا استعمال ہوتا ہے۔ اسی طرح بچوں کی اردو میں صفیری آوازیں / ف / ، / س / ، / ش / ، / خ / ، / ز / اور / غ / ،

تالیکا آواز / ر / ، تھپکدار معکوسی آواز / ڑ / عام طور سے استعمال نہیں ہوتی۔

مثالیں :

		بچوں کی اردو	بڑوں کی اردو
/ پ /			
	/ pani /	پانی	پانی
	/ apa /	آپا	آپا
	/ cep /	چیپ	سیب
	/ təpəl /	ٹپل	چپل
	/ pencil /	پنچل	پنسل
/ ب /			
	/ ba:l /	بال	بال
	/ bucət /	بوچٹ	بش شرٹ
	/ motəmbi /	موتمبی	موسمبی
	/ bət /	بٹ	بس
	/ bay /	بائی	بھائی
	/ əbaja:n /	ابا جان	ابّا جان

/ ب / اور / پ / کے تعلق سے ایک دلچسپ خصوصیت جو مطالعہ میں آئی وہ یہ ہے کہ اکثر بچے ابتدائی یا آخری حالت میں / ب / کی بجائے / پ / کا استعمال کرتے ہیں ، اس طرح گویا مسموع آواز غیر مسموع ہوجاتی ہے مثلاً سیب / بچوں کی اردو میں / چیپ / ہو جاتا ہے ، یہی حالت بندر کے / ب / کی بھی ہے جو / پ / (پندر) بن جاتا ہے۔

/ ت / ، / د /

یہ دو دندانی آوازیں بالترتیب غیر مسموع اور مسموع بندشی آوازیں ہیں۔ یہ دونوں

آوازیں بچوں کی اردو میں تینوں ابتدائی، درمیانی اور آخری حالتوں میں پائی جاتی ہیں مثلاً:

	بچوں کی اردو	بڑوں کی اردو
/ ت /		
/ təl /	تل	سَر
/ bət /	بت	بس
/ kuta /	کُتا	کُتّا
/ د /		
/ dəla /	دلا	ڈرا
/ ənda /	اندا	انڈا
/ ta:d /	تاد	ساد (سعد)

مندرجہ بالا الفاظ میں بچوں کی اردو کی خصوصیت یہ ہے کہ بڑوں کی اردو کا آخری / س / بچوں کی اردو میں / ت / میں بدل جاتا ہے گویا صفیری آواز بندشی آواز میں بدل جاتی ہے جیسے بجائے / بس / کے وہ / بت / بولتے ہیں۔

/ چ / ، / ج /

/ چ / اور / ج / تالوی بندشی آوازیں ہیں جن میں پہلی آواز / چ / غیر مسموع ہے اور دوسری / ج / مسموع ہے۔ بچوں کی اردو میں یہ آوازیں آزادانہ طور پر استعمال ہوتی ہیں مثلاً۔

	بچوں کی اردو	بڑوں کی اردو
/ چ /		
/ cəlma:n /	چلمان	سلمان
/ ca:d /	چاد	ساد (سعد)
/ ci:ku /	چیکو	چیکو

/ ک / ، / گ /

/ ک / اور / گ / غشائی بندشی مسموع اور غیر مسموع آوازیں ہیں۔ بچے ان دونوں آوازوں کو ادا کرتے ہیں۔

	بچوں کی اردو	بڑوں کی اردو
/ ک /		
/ka:n/	کان	کان
/ ci:ku /	چیکو	چیکو
/ na:k /	ناک	ناک
/ گ[1] /		
/ gənda /	گندا	گندا
/ gola /	گولا	گھوڑا
/ əngu:n /	انگون	انگور
/ ba:g /	باگ	بھاگ

/ م / ، / ن / :

بچوں کی اردو میں انفی دولبی اور دندانی دونوں آوازیں مستعمل ہیں۔ غشائی انفی آواز بھی ذیلی صوتیے کی حیثیت سے استعمال ہوتی ہے جو عام طور سے / گ / سے پہلے ادا ہوتی ہے۔

۱ — بہت سے بچے / ل / کو / ک / میں بدل دیتے ہیں جسے ہم مسموع کو غیر مسموع بنانے کے رجحان سے تعبیر کرسکتے ہیں مثلاً / انگلی / بچے / انکلی ، / پلنگ / بچے / پلنک / اور / پنگڑی / بچے / پنکلی / (بمعنی چوڑی ، مرالٹھی) بن جاتے ہیں۔

	بچوں کی اردو	بڑوں کی اردو
/ م /		
/ ma /	مـــا	مـــاں
/ motəmb /	موتمبی	موسمبی
/ na:n /	آنام	آرام
/ ن /		
/ na:m /	نام	نام
/ ənda /	اندا	انڈا
/ ka:n /	کان	کان

/ن/(ण)

بڑوں کی اردو میں / ن/(ण) دندانی انفی آواز / ن / کی ذیلی صوت (allophone) ہے۔ بچوں کی اردو میں ذیلی صوت / ن/(ण) نہیں ملتی / ن / کی صوت معکوسی آواز / ڈ / کے حلقۂ اثر میں ہے۔ چونکہ بچوں کی اردو یکسر معکوسی آوازوں سے خالی ہے اس لیے ذیلی صوتیہ / ن /(ण) کی غیر موجودگی بھی فطری ہے۔ البتہ غشائی انفی آواز / نگ / ng / کا ذیلی صوتیہ بچوں کی زبان میں بھی پایا جاتا ہے۔ یہ آواز / گ / سے پہلے استعمال ہوتی ہے۔ مثلاً / nanga / ننگا ، / angu:n / انگون (انگور) وغیرہ میں۔

/ ل /

/ ل / پہلوئی دندانی مسموع آواز ہے۔ یہ آواز بچوں کی بہت بڑی کمزوری ہے۔ اگر یہ آواز نہ ہو تو بچے ، بچے نہ رہیں۔ بڑوں کی اردو کے مقابلے میں / ل / اپنے علاوہ / د / ڈ / اور / ڑھ / کا قائم مقام بھی ہے بچے اس آواز کے استعمال سے بہت جلد پہچانے جاتے ہیں۔ اسے گویا بچوں کی اردو کی کلیدی آواز سمجھنا چاہیے۔

مثالیں :

	بچوں کی اردو	بڑوں کی اردو
/ lat /	لات	رات
/ loti /	لوتی	روٹی
/ gola /	گولا	گھوڑا
/ cəl /	چل	چڑھ
/ gil /	گِل	گِر

نیم مصوّتے :

اردو میں دولبی اور حنکی / و / اور / ی / دو نیم مُصوّتے استعمال ہوتے ہیں۔ بچوں کی اردو میں بھی ان دونوں نیم مُصوتوں کا استعمال ہوتا ہے :

	بچوں کی اردو	بڑوں کی اردو
/ و /		
/ vā /	واں	وہاں
/ buva /	بُوا	بُوا
/ ی /		
/ ya:d /	یاد	یاد
/ aya /	آیا	آیا
/ kaya /	کایا	کھایا
/ bay /	بای	بھای

مندرجہ بالا بچوں کی اردو کی خصوصیات کے پیش نظر کہا جاسکتا ہے کہ بڑوں کی اردو کی آوازیں / ب /، / ٹ /، / ڈ /، / چ /، / س /، / ش /، / ز /، / ر /، / ڑ / بالترتیب بچوں کی اردو میں / پ /، / ت /، / د /، / ت /، / ٹ /، / ج /، / ر /، / ل /، / ل / میں بدل جاتی ہیں۔

بچوں کی اردو میں مُصمتی خوشے :

بچوں کی اردو میں مُصمتی خوشوں کا استعمال بھی بہت محدود ہے۔ موجودہ ذخیر الفاظ کے پیش نظر یہ / ت ت / ، / ت ک / ، / ت ل / ، / ن ک / اور / م ت / ۔ خوشے ہیں۔ ممکن ہے چند اور خوشے بھی مل جائیں مگر اندازہ ہے کہ یہ تعداد دس بارہ سے زیادہ نہ ہوگی۔ ان خوشوں میں بھی سوائے / ن ک / کے سارے خوشے لفظ کے بیچ میں پائے جاتے ہیں۔ / ن ک / کا خوشہ لفظ کے آخر میں پایا جاتا ہے۔

مثالیں :

/ ت ت /	اِتّول	(اسٹول)
/ ت ک /	کتکلی	(گدگلی)
/ ت ل /	متلی	(مچھلی)
/ ن ک /	پنکا	(پنکھا)
/ م ت /	تمتا	(چمچہ)

مندرجہ بالا سارے خوشے دو مصمتی درمیانی خوشے ہیں البتہ / ن ک / کا خوشہ / پلنک / میں لفظ کے آخر میں بھی ملتا ہے۔ تین مصمتی صرف ایک خوشہ ملا ہے یہ خوشہ لفظ / انکلی / بمعنی انگلی میں / ن ک ل / کا خوشہ ہے۔

نوٹ : مصمتی آوازوں کی جدول اگلے صفحے پر ملاحظہ ہو :

صوتیاتی نقطۂ نظر سے بچوں کی اردو کی مصمتی آوازوں کو حسب ذیل طور پر مرتب کیا جا سکتا ہے۔

		دولبی	دندانی	کوزی	حنکی	غشائی	لہاتی
بندشی	سادہ مسموع	ب	د	×	ج	ک	×
	ہاکاری مسموع	×	×	×	×	×	×
	سادہ غیر مسموع	پ	ت	×	چ	گ	×
	ہاکاری غیر مسموع	×	×	×	×	×	×
انفی	مسموع	م	ن	×	×	×	
چستانی یا صفیری	غیر مسموع	×	×	×	×	×	
تالیکا	مسموع	×	×	×	×	×	
پہلوئی	مسموع	—	ل	—	—	—	
تھپک دار	مسموع	—	×	—	—	—	
	مسموع ہاکاری	—	×	—	—	—	
نیم مصوتہ		و			ی		

صرفی اعتبار سے ابتدائی الفاظ جو بچوں نے ادا کرنا سیکھے وہ اسما اور تخاطبی اصطلاحیں (Address terms) ہیں۔ اس سلسلے میں زبان کی تحصیل کا دلچسپ پہلو یہ ہے کہ بچے عام طور سے الفاظ کے آخری ارکان (Syllables) ادا کرتے ہیں مثلاً:

پیّا > پا
ممّی > می
خالہ > لا
پھوپی > پی

تا ہم چار مصمّتوں پر مشتمل دو رکنی الفاظ میں کبھی کبھی بچے آخری رکن کی بجائے ابتدائی رکن بھی ادا کرتے ہیں۔ موجودہ ڈیٹا (data) میں / پا / پانی کے معنوں میں بھی استعمال ہوا ہے۔ مندرجۂ بالا رشتہ داری اصطلاحیں (Kinship terms) جاننے کے بعد بچوں نے اپنے خاندان یا گھر کے دوسرے افراد کے ناموں کو ادا کرنا سیکھا۔ ان اسما کے بھی وہ آخری ارکان ہی ادا کرتے ہیں مثلاً:

نادرا > لا
عاتکہ > کا
نفیسہ > چا

اگرچہ بچوں کی زبان میں پانی > پا بنجاتا ہے تا ہم ایک مثال پانی کے بجائے مانی کی بھی ملتی ہے اس طرح گویا دولبی غیر مسموع بندشیہ (bilabial voiceless stop) دولبی غنہ (bilabial nasal) بنجاتا ہے۔

صرفی اعتبار سے زبان کی تحصیل کی دوسری منزل اسمائے مشترک ہیں، جن کی چند مثالیں حسب ذیل ہیں:

کُلسی (کرسی)
دُدُ (دودھ)

کَل	(گھر)
ُلمال	(رومال)
کتاپ	(کتاب)
کانا	(کھانا)
تَنا	(چنا)
گوت	(گوشت)
بَلپ	(برف)

مادری زبان کی تحصیل میں مذکورہ تینوں بچوں نے ضمیر شخصی واحد متکلم / میں / کا استعمال تقریباً تین سال کی عمر تک نہیں کیا ، اسکی جگہ وہ اپنا نام ھی استعمال کرتے تھے ۔ مثلاً !

۱ ۔ میں گئی کی بجائے چُـمّی گئی (سُمیّہ گئی)
۲ ۔ میں گیا کی بجائے چاد یا تاد گیا (سعد گیا)
۳ ۔ میں سوؤنگا کی بجائے چلمان چوئے گا (سلمان سوئیگا)

تاہم ان ضمائر کے تحت وہ واحد مخاطب / تُو / اور واحد غائب / او / (وہ) کے استعمال سے واقف تھے ، اسی طرح واحد مخاطب تعظیمی (تُم) (آپ) بھی اپنے والدین بڑوں اور مہمانوں کے لیے تین سال کی عمر تک استعمال کرتے تھے ۔ ضمیر شخصی واحد متکلم / میں / کی طرح ضمیر شخصی واحد اضافی حالت میں (میرا) کا استعمال بھی شاذ ھی ملتا ہے ۔ یہاں بھی میرا کی بجائے بچے / سلمان کا / یا / سعد کا / ھی استعمال کرتے تھے مثلاً :

/ یہ میرا ہے / کی بجائے / یہ سلمان کا ہے / یا / یہ سعد کا ہے / اور

/ یہ میری ہے / کی بجائے / یہ سلمان کی ہے / یا / یہ سعد کی ہے / بولیں گے ۔

ضمائر شخصی کے سلسلے میں بچوں کی اردو کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ وہ

ضمیر شخصی جمع مخاطب اضافی حالت میں / تمہارا / کی بجائے / تم کا / اور ضمیر شخصی جمع متکلم اضافی حالت میں / ھمارا / کی بجائے / ھمکا / بولتے ھیں ۔ یہاں پر وہ قیاس (analogy) سے کام لیتے ھیں ۔

ضمیر اشارہ میں قریب کے لیے وہ [او] بجائے [وہ] اور [یے] بجائے [یہ] بولتے ھیں ۔

منتخب کتابیات

1. R. W. & J. S. Albright, The Phonology of a Two-year old child in WORD. 12: (1965)
2. Ashok R. Kelkar: Marathi Baby Talk in WORD. 20: (1964)
3. Furguson C. A.: Language Structure and Language Use
4. Robert A. Hall: Introductory Linguistics
5. W. F. Mackey: Language Teaching Analysis
6. U. Weinreich: Language in Contact
7. Jesperson: Language: Its nature and development
8. Hans Hörmann: Psycholinguistics
9. Dell Hymes (Ed.) Language in Culture and Society

بیدی کے فن کی استعاراتی اور اساطیری جڑیں

(ڈاکٹر) گوپی چند نارنگ

اردو افسانے میں اسلوبیاتی اعتبار سے جو روایتیں زندہ رہنے کی صلاحیت رکھتی ہیں یا جو اہم رہی ہیں، تین ہیں۔ پریم چند کی، منٹو کی اور کرشن چندر کی۔ پریم چند کے اسلوب کا تعلق اس عظیم عوامی روایت سے ہے جو پراکرتوں کے سمندر منتھن سے برآمد ہوئی تھی اور جسے کھڑی کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ پریم چند کی اردو ادنا سی تبدیلی سے ھندی بن جاتی ہے اور ان کی ھندی ادنا سی تبدیلی سے اردو۔ یہی اس کی طاقت ہے اور آج بھی ھندوستان کی عوامی زبان کا لسانی قدر اسی بولی کے ہاتھ میں ہے۔ پریم چند کے بعد آنے والے بیسیوں افسانہ نگار ان کی اسلوبیاتی روایت کے پیروکار رہے اور آج تک ھیں۔ منٹو کے ھاں اس کا دوسرا روپ ملتا ہے۔ بات وھی ہے لیکن جیسے سبزے کو کاٹ چھانٹ کر تختے اور روشیں جمادی گئی ہوں۔ پریم چند کے ھاں تصوریت کے اثر سے جو جذباتی آمیزش تھی، اس کے نکال دینے سے گویا وھی چیز جو پہلے سونا تھی، اب منٹو کے ھاں کندن بن گئی۔ منٹو کی زبان میں حیرت انگیز ہمواری اور صفائی ہے جیسے کسی گھڑی بنی چیز (finished product) میں ہوتی ہے۔ پریم چند کے ھاں اس کا ٹھیٹھ پن تھا، منٹو کے ھاں اس کا ترشا ہوا روپ ملتا ہے۔ ہر طرح کے اونچ نیچ اور افراط وتفریط سے پاک۔ منٹو کے ھاں ایک بھی لفظ بغیر ضرورت کے استعمال نہیں ہوتا۔ اس لحاظ سے ان کا اسلوب کفایت لفظی کا شاہ کار ہے۔ اس کے برعکس کرشن چندر الفاظ کے استعمال کے معاملے میں خاصے فیاض واقع ہوئے ھیں۔ ان کی نثر میں گھلاوٹ، روانی اور چستی ہے۔ یہ رومانیت کے

تمام اوصاف سے مزین ہے ، دلہن کی طرح سجیلی اور جاذب نظر ، لیکن اس کی سحرکاری اور دلآویزی زیادہ دور تک ساتھ نہیں دیتی اور تھوڑی دیر میں سطحی قسم کے رومانی جوش وخروش میں تبدیل ھوجاتی ہے ۔ کرشن چندر کے پرستاروں کی اب بھی کمی نہیں ۔ لیکن جدید افسانہ کئی برس ہوئے رومانی نثر کی اس روایت کو خیر باد کہہ کر نئے فکری سفر پر روانہ ہوچکا ہے ۔ البتہ منٹو کی ھموار اور افراط وتفریط سے پاک زبان آج بھی لایق توجہ ہے اور جدید نسل کے کئی افسانہ نگار اس سے متاثر ھیں ۔ لیکن مشکل یہ ہے کہ آج کی زندگی کے تقاضے کچھ ایسے ھیں کہ صرف ھمواری اور سادگی وصفائی سے کام نہیں چلتا ۔ منٹو کی زبان میں اشاریت کی صلاحیت ہے ، لیکن جدید ذھن اس سے کہیں آگے بڑھ کر رمزیت اور علامتیت کا تقاضا کرتا ہے ۔ اس کی تفصیل آگے آئے گی کہ جن افسانہ نگاروں نے منٹو کی اسلوبیاتی روایت کو اپنایا ھے انہیں کے ہاتھوں استعارہ ، کنایہ اور علامت کے عمل سے اس کی معنوی شکل بدل رھی ھے ۔

بیدی نے منٹو اور کرشن چندر کے تقریباً ساتھ ساتھ لکھنا شروع کیا تھا لیکن کرشن چندر اپنی رومانیت اور منٹو اپنی جنسیت کی وجہ سے بہت جلد توجہ کا مرکز بن گئے ۔ بیدی کو شروع ھی سے اس بات کا احساس رہا ھوگا کہ وہ کرشن چندر جیسی رنگین نثر لکھ سکتے ھیں اور نہ ھی ان کے ھاں منٹو جیسی بے باکی اور بے ساختگی آسکتی ہے ۔ چنانچہ وہ جو کچھ لکھتے ، سوچ سوچ کر لکھتے ۔ منٹو نے انہیں ایک مرتبہ ٹوکا بھی تھا ۔ "تم سوچتے بہت ہو ، لکھنے سے پہلے سوچتے ہو ، بیچ میں سوچتے ھو اور بعد میں سوچتے ھو" ۔ بیدی کا کہنا ھے "سکھ اور کچھ ھوں یا نہ ھوں ، کاریگر اچھے ھوتے ھیں اور جو کچھ بناتے ھیں ٹھوک بجا کر اور چول سے چول بٹھا کر بناتے ھیں" ۔ چنانچہ فن پر توجہ شروع ھی سے بیدی کے مزاج کی خصوصیت بن گئی ۔ سوچ سوچ کر لکھنے کی عادت نے انہیں براہ راست انداز بیان سے ھٹا کر زبان کے تخیلی استعمال کی طرف راغب کیا ۔ گرھن کے پیش لفظ میں انہوں نے

طرح لکھا ہے :

« جب کوئی واقعہ مشاہدے میں آتا ہے تو میں اسے من وعن بیان کردینے کی کوشش نہیں کرتا۔ بلکہ حقیقت اور تخیل کے امتزاج سے جو چیز پیدا ہوتی ہے اس کو احاطۂ تحریر میں لانے کی سعی کرتا ہوں »۔

مشاہدے کے ظاہری پہلو میں باطنی پہلو تلاش کرنے کا یہی تخیلی عمل رفتہ رفتہ انہیں استعارہ، کنایہ اور اشاریت کی طرف یعنی زبان کے تخلیقی امکانات کو بروے کار لانے کی طرف لے گیا۔ ان کوششوں کے ابتدائی نقوش دانہ ودام اور گرھن کی کہانیوں میں دیکھے جاسکتے ہیں۔

« رحمان کے جوتے » میں ایک جوتے کا دوسرے جوتے پر چڑھنا سفر کی علامت ہے یہ سفر ایک جگہ سے دوسری جگہ کا بھی ہوسکتا ہے اور موت کا بھی۔ بڈھا رحمان اپنی بیٹی سے ملنے دوسرے شہر جارہا ہے تو راستے ہی میں اس کا انتقال ہوجاتا ہے اور اس طرح بیدی ایک سماجی عقیدے کی مدد سے واقعے کے ظاہری اور باطنی پہلو میں معنوی ربط پیدا کرلیتے ہیں۔

اسی طرح « اغوا » میں زمیں کا کڑ توڑنا کنایہ[1] ہے رائے صاحب کی کنواری بیٹی للسو کے رام کرنے کا۔ رائے صاحب کا مکان بن رہا ہے۔ علی جو ایک وجیہ شکل

---

۱ — استعارہ اور کنایہ کا فرق اہل علم پر واضح ہے۔ علم بیان کی سب اقدار میں خواہ وہ تشبیہ ہو، استعارہ ہو یا کنایہ بنیادی عنصر مشابہت یا کسی نہ کسی قسم کا معنوی علاقہ ہے، جس سے معنی کی توسیع ہوتی ہے اور زبان کے تخیلی استعمال میں مدد ملتی ہے۔ یہ رشتہ یا علاقہ جتنا چھپا ہوا ہوگا کلام اتنا ہی بلیغ ہوگا۔ تشبیہ میں مشابہت اور مشبہ اور مشبہ بہ کی مغائرت ظاہر ہوتی ہے۔ جبکہ استعارہ میں مشبہ کی جگہ مشبہ بہ بول کر مشابہت کو بھلا دیا جاتا ہے، اسی لیے تشبیہ کی بہ نسبت استعارہ بلیغ تر ہے اور کنایہ اس سے بھی زیادہ بلیغ کیونکہ اس میں لازم بول کر ملزوم اس طرح مراد لیتے ہیں کہ لازمی معنی بھی مراد لیے سکتے ہیں (یہ دہری معنویت کنایہ اور موجودہ دور کی علامت (Symbol) میں مشترک ہے، فرق یہ ہے کہ علامت کنایہ کی بہ نسبت زیادہ پہلو دار ہوتی ہے، اور اس کی تعمیر کاری میں ایک سے زیادہ استعارے یا کنایے صرف ہوسکتے ہیں) زیر نظر مضمون میں صفاتیہ کلمہ واستعاراتی انداز، اصطلاحاً استعارے اور کنایے دونوں کے ملے جلے استعمال کے مفہوم میں لایا گیا ہے۔

کشمیری مزدور ، جو نل گاڑنے کے لیے زمین ، کاٹنے پر مقرر ہے ایک ساتھی کے پوچھنے پر کہتا ہے۔ «ابھی تو کچھ بھی نہیں ہوا زمین پتھریلی ہے کڑ بہت محنت سے ٹوٹے گا» لیکن کہانی کے آخر میں جب علی جو «دھرتی» کا کڑ توڑنے میں کامیاب ہو جاتا ہے اور «نل» «زمین» میں «پانی» تک چلا جاتا ہے تو اسی رات وہ کنسو کو بھی لے اڑتا ہے۔

لیکن وہ کہانی جس میں بیدی نے استعاراتی انداز کو پہلی بار پوری طرح استعمال کیا ہے، اور اساطیری فضا ابھار کر پلاٹ کو اس کے ساتھ ساتھ تعمیر کیا ہے، «گرہن» ہے اس میں ایک گرہن تو چاند کا ہے اور دوسرا گرہن اس زمینی چاند کا جسے عرف عام میں عورت کہتے ہیں، اور جسے مرد اپنی خود غرضی اور ہوس ناکی کی وجہ سے ہمیشہ گہنانے کے درپے رہتا ہے۔ ھولی ایک نادار بے بس اور مجبور عورت ہے۔ اس کی ساس راھو ہے اور اس کا شوہر کیتو جو ہر وقت اس کا خون چوسنے اور اپنا قرض وصول کرنے میں لگے رہتے ہیں۔ ھولی کی سسرال سے مائیکے بھاگ نکلنے کی کوشش بھی گرہن سے چھوٹنے کی مثال ہے لیکن چاند گرہن سے سماجی جبر کا گرہن کہیں زیادہ اٹل ہے۔ ھولی گھر کے کیتو سے بچ نکلنے کی کوشش کرتی ہے تو سٹیمر لانچ کے کیتو کتھورام کی گرفت میں آجاتی ہے جو اسے رات بھر کے لیے سرائے میں لے جاتا ہے اور اس طرح یہ خوبصورت چاند ایک گرہن سے دوسرے گرہن تک مسلسل عذاب کا شکار ہوتا ہے۔ اس کہانی کی معنویت کا راز یہی ہے کہ اس میں چاند گرہن اور اس سے متعلق اساطیری روایات کا استعمال اس خوبی سے کیا گیا ہے کہ کہانی کی واقعیت میں ایک طرح کی ما بعد الطبیعاتی فضا پیدا ہوگئی ہے۔ خارجی حقیقت میں آفاق حقیقت یا محدود میں لامحدود کی جھلک دیکھنے کی یہی خصوصیت جو گرہن میں ایک بیج کی حیثیت رکھتی ہے، آزادی کے بعد بیدی کی کہانیوں میں ایک مضبوط اور تناور درخت کی حیثیت سے سامنے آتی ہے اور بیدی کے فن کی خصوصیت خاصہ بن جاتی ہے۔ اس سلسلے میں انکی

کہانی "اپنے دکھ مجھے دے دو" اور ناول "ایک چادر میلی سی" خاص طور سے قابل ذکر ہیں۔ بیدی کے فن کی استعاراتی اور اساطیری بنیادوں کو سمجھنے کے لیے ان دونوں کا نسبتاً تفصیلی تجزیہ کرنا اور الفاظ کے پردوں کو ہٹا کر ان کے پیچھے کے معنوی رشتوں کا پتا چلانا بہت ضروری ہے۔

(۲)

"اپنے دکھ مجھے دے دو" میں بنیادی کردار کا نام اندو ہے۔ اندو پورے چاند کو کہتے ہیں جو مرقع ہے حسن و محبوبیت کا "اور جو پھلوں کو رس اور پھولوں کو رنگ دیتا ہے، جو خون کو ابھارتا ہے اور روح میں بالیدگی پیدا کرتا ہے۔ اندو کو سوم بھی کہتے ہیں جو سوم رس کی رعایت سے آب حیات کا مظہر ہے جس کے بغیر زندگی کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔ کہانی میں اندو کا جوڑا مدن سے ہے۔ مدن لقب ہے عشق و محبت کے دیوتا کام دیو کا۔ اندو کو بیدی نے ایک جگہ رتن بھی کہا ہے جس سے ذہن پھر کام دیو کی طرف راجع ہوتا ہے۔ رگوید (X 129) میں کام دیو کو وجود کا جوہر (primal germ of mind) کہا ہے جس سے کاینات کی تخلیق ہوئی۔ یونانی صنمیات میں Eros یا کیوپڈ کا تصور بھی اسی حیثیت سے آیا ہے۔ گویا کرداروں کے ناموں ہی سے سرشٹی کے مثبت اور منفی تتووں (elements) کے ملنے اور تخلیق کے لامتناہی عمل کے شروع ہونے کا آفاقی احساس پیدا ہونے لگتا ہے۔

کہانی کا بنیادی خیال عورت اور مرد کی کشش کا یہی پر اسرار عمل ہے۔ بیدی کا ذہن چونکہ دیو سے زیادہ دیوی کی طرف یا تہذیب کے آبائی تصور سے زیادہ مادری تصور کی طرف راجع ہے (جس کی تفصیل آگے چل کر "ایک چادر میلی سی" کے

ضمن میں پیش کی جائے گی) اس لیے تخلیق کے اس ازلی اور ابدی عمل میں بنیادی اہمیت مرد کو نہیں عورت کو حاصل ہے مدن محض آلۂ کار ہے تخلیقی عمل کی تکمیل کا ، جنسی کشش کی تشخیص کا یا اندو کو بتدریج ادھورے سے پورا بنانے کا۔ اندو موضوع ہے اور مدن اس کا معروض۔ محبت کی موضوعی جہت کے علاوہ اندو کی دوسری جہتیں اور شاخیں بھی ہیں۔ وہ بیٹی بھی ہے بیوی بھی اور ماں بھی۔ لیکن اول وآخر وہ ماں ہے یا پھر عورت جس کے تصرف میں ساری کاینات ہے اور جس کی ذات ذرہ ذرہ میں کھپی ہوئی اور چاند ستاروں میں بسی ہوئی ہے اور دھرتی بن کر جس نے آکاش کو اپنی باھوں میں جکڑ رکھا ہے۔ بیدی جگہ جگہ گوشت پوست کی اندو کی ازلی اور ابدی عورت سے تطبیق کرتے ہیں۔

« مدن کی نگاہیں اور اس کے ہاتھوں کے دُوشاسن صدیوں سے اس دروپدی کا چیرھرن کرتے آئے تھے جو عرف عام میں بیوی کہلاتی ہے لیکن ہمیشہ اسے آسمانوں سے تھانوں کے تھان ، گزوں کے گز کپڑا ننگا پن ڈھانپنے کے لیے ملتا آیا تھا۔ دوشاسن تھک ہار کے یہاں وہاں گرے پڑے تھے لیکن یہ دروپدی وہیں کھڑی تھی عزت اور پاکیزگی کی سفید ساری میں ملبوس دیوی لگ رہی تھی »۔

مدن خود ہی پانڈو ہے اور کورو بھی۔ وہ یُدھشٹر بھی ہے اور دُوشاسن بھی۔ وہی حفاظت کرنے والا بھی ہے اور وہی ننگا کرنے والا بھی۔ عورت اور مرد کے تعلقات میں جسم کی لذت کے ساتھ ایک روحانی پہلو بھی ہے۔ کرشن جو گزوں کے گز کپڑا ننگا پن ڈھانپنے کے لیے دیتا ہے وہ عورت کی اپنی محبت کی سچائی سے وہ گہری وابستگی ہے جو ہر خطرے کے موقع پر اس کی عفت اور پاکیزگی کی ڈھال بن جاتی ہے۔

محبت کی سچائی کے ساتھ عورت کی وابستگی کی مزید توثیق اس وقت ہوتی ہے جب اندو کے حاملہ ہونے کے بعد مدن خائف ہو اٹھتا ہے کہ کہیں یہ مر ہی نہ جائے

«تجھے کچھ نہ ہوگا۔ اندو . . . . . میں تو موت کے منہ سے بھی چھین کے
لے آونگا تجھے۔ اب ساوتری کی نہیں ستیہ وان کی باری ہے»

لیکن ستیہ وان کی باری کبھی آتی ہے نہ آئے گی یہ ایثار وقربانی کی پتلی ساوتری یہ
اندو ہی کا مقدر ہے کہ ہر بار خون کے دریا سے گزرے اور اپنی زندگی کو خطرے میں
ڈال کر ایک نئے وجود کو زندگی عطا کرے۔

«کمرے میں وہ اکیلا ہی تھا اور اندو — نند اور جسودھا — اور دوسری طرف
نند لال . . . .»

«اب سب کچھ ٹھیک تھا اور اندو شانتی سے اس دنیا کو تک رہی تھی۔ معلوم
ہوتا تھا اس نے مدن ہی کے نہیں دنیا بھر کے گناہ گاروں کے گناہ معاف
کر دیے ہیں اور اب دیوی بن کر دیا اور کرونا کے پرساد بانٹ رہی ہے»۔

اب اندو جننی ہے جگت ماتا، سب کی ماں۔ وہ جسودھا ہے، دیوی کے بیٹے کرشن
یعنی نندلال کو پالنے والی خود دکھ سکھ سہنے اور سب کو سکھ اور شانتی دینے
والی۔ تبھی تو اندو نے شادی کی رات مدن سے چھوٹتے ہی کہا تھا۔ «اپنے دکھ
مجھے دے دو»

اس موقع پر اگرچہ

«آسمان پر کوئی خاص بادل نہ تھے لیکن پانی پڑنا شروع ہو گیا تھا گھر کی گنگا
طغیانی پر تھی اور اس کا پانی کناروں سے نکل نکل کر پوری ترائی اور اس کے
آس پاس بسنے والے گاؤں اور قصبوں کو اپنی لپیٹ میں لے رہا تھا»۔

تھوڑی دیر میں دل کی کوئی کڑی ٹپکنے لگتی ہے اور

«ہلکی بارش تیز بارش سے زیادہ خطرناک ہوتی ہے، اس لیے باہر کا پانی او
کی کڑی میں سے ٹپکتا ہوا اندو اور مدن کے بیچ میں ٹپکنے لگا»۔

«جذبات» اور «پانی» پڑنے کے استعارے کا استعمال بیدی نے اس موقع پر خوب طرح کیا

کہ تکمیل ہوتی ہے اور وہ اپنے آکاش سے بغل گیر ہونے اور «پانی» کی صورت میں
کے بیج کو اپنے اندر جکڑ لینے یا اپنے قرض کو وصول کرنے کے لیے بے قرار
«ایک چادر میلی سی» میں بھی کیا ہے۔ دونوں جگہ یہ بارش تیز نہیں بلکہ ہلکی
جو دھرتی کی نس نس پور پور کو شرابور کرسکتی ہے۔ میں نے اس بات کی
پہلے اشارہ کیا ہے کہ اندو یعنی چاند کا دوسرا نام سوم ہے جو «پانی» سے پیدا
اور جیسے سوم رس یعنی زندگی کے امرت یا تخلیقی آبی مادے کا دینے والا تصور کیا
ہے۔ وشنو پران سے روایت ہے کہ انوسویا کے بیٹے سوم کا بیاہ رشی دکش کی ۲۷
ں سے ہوا تھا، لیکن دل وجان سے وہ چاہتا صرف روہنی کو تھا باقی ۲۶ کے
د ورقابت سے مجبور ہوکر دکش نے «سوم چاند» کو شراپ دیا تھا کہ تیرا حسن
ایک سا نہیں رہے گا، اور تو ہمیشہ گھٹتا بڑھتا رہیگا۔ عورت (اندو) کا سفر
تخلیق سے تکمیل اور تکمیل سے تخلیق کی طرف جاری رہتا ہے، کبھی وہ کلی ہے
ی پھول اور کبھی مرجھائی ہوئی پتی۔ جو ہر بار جب کلی سے پھول بنتی ہے تو
نئی کلی کو جنم دیتی ہے روشنی سے تاریکی اور تاریکی سے روشنی یا عدم سے
د اور وجود سے عدم کے سفر کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ اندو کبھی سب کچھ ہے
ی کچھ بھی نہیں۔ کبھی پونم کا چاند ہے اور کبھی اماوس کی رات۔ آخری منظر
جب مدن اندو سے منحرف ہو کر بازار جانے کی کوشش میں ہے تو بیدی نے
ہے:

«پھر آج چاندنی کے بجائے اماوس تھی....»

محبت میں اماوس سے پورنیما اور انکار سے اقرار کا سفر ایک جست میں طے
ہے اور پلک جھپکتے میں اندو پورے چاند کی صورت «مدن کا ہاتھ پکڑ» کر اُسے
دنیاؤں «میں لے جاتی ہے جہاں انسان مر کر ہی پہنچ سکتا ہے»۔ اگرچہ عورت
کر آفاقی تصور اپنی اصل کے اعتبار سے شیومت کے شکتی اور تانترک عقاید
ہوتا ہے لیکن کہانی کی ساری فضا ویشنومت سے ماخوذ ہے دروپدی، ستاوتری

اور سیتا سب ویشنو تصورات ہیں۔ ویشنوں کے خاص منتر "اوم نمو بھگوتے واسودیوایا" سے بھی کئی موقعوں پر فضا سازی کی گئی ہے اس میں واسودیو سے مراد کرشن ہیں جو واسودیو کے بیٹے اور وشنو کے آٹھویں اوتار مانے جاتے ہیں۔ بچے کی پیدایش کا دن بھی وجے دشمی ہے جو رام کے تعلق سے وشنو تہوار ہے۔ ویشنومت کے ان حوالوں کا ذکر اس لیے ضروری تھا کہ بخلاف "اپنے دکھ مجھے دے دو" کے "ایک چادر میلی سی" کی ساری اساطیری فضا شیومت سے ماخوذ ہے۔ ناول کا مرکز ومحور یہاں بھی عورت ہے، روح کاینات اور تخلیق کی امین لیکن اِس تصور اور اُس تصور میں ہلکا سا فرق زاویۂ نگاہ کا ہے وہاں زور اس بات پر تھا کہ عورت زندگی کا زہر پی کر مرد کے لیے امرت فراہم کرتی ہے یا دکھ سہتی اور سکھ دیتی ہے اس کے برعکس "ایک چادر میلی سی" میں واضح طور پر معاملہ عورت کے مرد کو قابو میں لانے اور تولید نسل کے تخلیقی عمل میں اس سے اپنے قرض کے وصول کرنے کا ہے۔ "اپنے دکھ مجھے دے دو" میں اندو کبھی دروپدی تھی کبھی ساوتری اور کبھی جنک دلاری سیتا ہے۔ یہ سب کے سب عورت کے مثبت روپ ہیں، محبت، ایثار، عزت، عصمت اور پاکیزگی کی اساطیری روایات سے جگمگاتے ہوئے۔ لیکن ان کے مقابلے پر "ایک چادر میلی سی" میں رانو کے تصور میں مثبت اور منفی دونوں پہلو ہیں۔ ناول کی ساری فضا خون سے لت پت اور تشدد کے رنگ میں رنگی ہوئی ہے جس کا تعلق واضح طور پر شکتی پوجا، تانترک عقاید، خون کی قربانی اور قتل کی روایت سے ہے۔ ناول کے پہلے جملے ہی یہ ہیں: "آج شام سورج کی ٹکیا بہت لال تھی.... آج آسمان کے کوٹلے میں کسی بے گناہ کا قتل ہو گیا تھا"۔

سورج کا لال ہونا استعارہ ہے قتل کا بیدی نے محض کوٹلہ نہیں، بلکہ سورج کی رعایت سے آسمان کا کوٹلہ کہا ہے۔ جس سے فوری طور پر ایک مابعد الطبیعاتی

(Metaphysical) فضا پیدا ہو گئی ہے اور قتل وخون کا روح کو جکڑ لینے والا تصور سامنے آگیا ہے جو شکتی اور دیوی سے مخصوص ہے۔

"کوٹلے جاترا کی جگہ تھی چودھری کی حویلی کے بازو میں دیوی کا مندر تھا، جو کبھی بھیروں سے بچتی بچاتی اس گاؤں آنکلی تھی اور اس جگہ جہاں اب ایک مندر کھڑا تھا گھڑی دوگھڑی بسرام کیا تھا اور پھر بھاگتی ہوئی جا کر سامنے سیال کوٹ جموں وغیرہ کی پہاڑیوں میں گم ہوگئی تھی"۔

دیوی کی دو شانیں ہیں مثبت اور منفی۔ مثبت حیثیت سے وہ پاروتی ہے، اما، یا گوری ہے، نسوانی حسن وجمال اور محبت ووفا شعاری کی تمثیل اور مادرانہ شفقت کا مرقع، لیکن منفی شان میں وہ کالی ہے، درگا ہے اور بھوانی ہے، رنگ کی سیاہ، دیکھنے میں بھیانک اور ہیبت ناک چہرے، دانتوں اور ہاتھوں سے خون ٹپکتا ہوا اور بھیروں کی لاش کو پیروں تلے دبائے وہ وحشیانہ طور پر مسکراتی ہوئی نظر آتی ہے۔

شو مت سے زیادہ تر دیوی یا شکتی کا یہی خونخوار تصور وابستہ ہے۔ شکتی قوت تخلیق ہے اس کے ساتھ شو کا تصور محض تکمیلی حیثیت سے آتا ہے۔ شوشکتی کی تجسیم یونی اور لنگم یعنی عورت اور مرد کے اعضائے مخصوص سے کی جاتی ہے جوتا ترک عقاید کی رو سے پرستش کا موضوع ہیں۔ شکتی ماں بھی ہے اور شو کی بیوی بھی اور بھیروں کے روپ میں اس کی قاتل بھی۔

منگل اور رانو کے رشتے کی توجیہ مغربی نفسیات کے Oedipus Complex کی رو سے کرنا سامنے کی بات ہے۔ بیدی کے ذہن میں یہ تصور بھی رہا ہوگا لیکن میرا خیال ہے کہ بیدی فرائیڈ کی جنسیات سے اتنے متاثر نہیں، جتنے قدیم ہندوستانی فکر کے نظریۂ جنس سے۔ کرداروں کی تعمیر کاری کے تخلیقی عمل میں وہ شکتی کے ان وسیع تر تصورات سے جن کی رو سے شکتی ماں بھی ہے اور رفیقۂ حیات بھی کیسے

بچ سکتے ہوں گے، خصوصاً جب ان کا بچپن ان علاقوں میں گزرا ہے جہاں یہ صورات صدیوں سے رائج ہیں۔

بھیروں تعداد میں ایک سے زیادہ ہیں۔ یہ شو یعنی ازلی مرد کی شانیں ہیں اور سب کی سب وحشی اور تخریب کار۔ شو کی بیوی دیوی انہیں کی رعایت سے بھیروی بھی کہلاتی ہے۔ «ایک چادر میلی سی» میں ایک بھیروں تو خود تلوکا ہے، جھگڑالو، غصیلا اور تشدد پسند۔

«مار ڈالا اڑیو مار ڈالا — ہائے نی کوئی بچاؤ ہائے نی یہ راکھشس» «تلوکے کے دماغ میں آج کے ہنگامے کی بجائے وہ جاترن گھسی ہوئی تھی۔ اور رات بھر گھسی رہی۔ اندھیرے میں وہ خود مہربان داس تھا اور رانو جاترن» دوسرے بھیروں مہربان داس، گھنشام داس اور باوا ہری داس ہیں جو سازش کرکے نوعمر جاترن یعنی دیوی کی عزت پر حملہ کرتے ہیں۔ «دیوی کے پاس تو اپنے آپ کو بچانے کے لیے ترشول تھا، جس سے اس نے بھیروں کا سر کاٹ کے الگ کردیا لیکن اس معصوم جاترن کے پاس صرف پیارے پیارے گلابی سے ہاتھ تھے، جنہیں وہ بھیروں کے سامنے جوڑ سکتی تھی ... پھربدن — جیسے تربوز کے گودے کا بنا ہوا۔ جو مہربان کی چھری سے بچ نہ سکتا تھا۔ شاید اسی لیے اس دن کا سورج غصے میں لال۔ کہیں گم ہوگیا تھا اور اوپر آسمان پر دوج کے چاند کو نچڑنے پیلا ہونے کے لیے چھوڑ گیا»

لیکن دیوی چونکہ ناقابل تسخیر ہے وہ جاترن کے بھائی کی شکل میں تلوکے کا خون چوس لیتی ہے۔

«وہ اپنے خون میں بسے ہوئے کپڑوں کو نچوڑ نچوڑ کر لہو اپنے سر پر مل رہا تھا۔ یوں معلوم ہوتا تھا جیسے دیوی کی روح اس میں چلی آئی ہے اور ایک انتقامی جذبے سے اپنا روپ کروپ اور آنکھیں بھبھوکا کیے ...... یا تلوکے

کی طرف دیکھ رہی ہے"۔

ناول کے آخر میں یہی لڑکا پھر شکتی کے روپ میں ظاہر ہوتا ہے اور رانو کی بیٹی بڑی کو فروخت ہونے سے بچاتا ہے اور اس سے شادی کرلیتا ہے۔

یہاں اس بات کا ذکر ضروری ہے اگرچہ شکتی کا تصور مابعد الطبیعیاتی طور پر ناول کی معنوی فضا میں پوری طرح بسا ہوا ہے لیکن دراوڑوں کے مادری تہذیبی دور سے گزرنے کے بعد (جن کے ہاں عورت کو مرکزی اہمیت حاصل تھی) نسل انسانی کا قافلہ جن راہوں سے گزرا ہے اور پدری تہذیب نے اپنے ارتقا کی منازل کو جس طرح طے کیا ہے، اس کے پیش نظر آج کی انسانی برادری میں عورت کا وہ درجہ نہیں رہا۔ حیاتیاتی طور پر وہ کمزور ہے ہی، سماجی طور پر بھی اس کا درجہ خاصا کمتر ہے، خاص طور پر ان معاشروں میں جو کم ترقی یافتہ یا غیر ترقی یافتہ کہے جاتے ہیں۔ اس لیے زندگی کا وہ ازلی کرب جو عورت مرد دونوں کا مشترکہ ورثہ ہے، عورت کے حصے میں کچھ زیادہ ہی آتا ہے۔ ہمارے ہاں سماجی سطح پر عورت کی بے بسی محرومی اور بے چارگی شکتی کے قدیم ہمہ گیر تصور کی بالکل ضد ہے۔ بیدی کے ہاں ہندوستانی عورت کے روحانی اور سماجی مقام ومرتبہ کا یہ تضاد کھل کر سامنے آتا ہے۔ عورت کی زندگی جس طرح سے درد کا ساگر ہے، بیدی اس کے احساس کو اپنے مخصوص استعاراتی انداز میں جگہ جگہ اظہار کی سطح تک لے آئے ہیں۔

"بیٹی تو کسی دشمن کے بھی نہ ہو بھگوان! ذرا بڑی ہوئی، ماں باپ نے سسرال ڈھکیل دیا۔ سسرال والے ناراض ہوئے، مائکے لڑھکا دیا۔ مانو کپڑے کی گیند۔ جب اپنے ہی آنسوؤں سے بھیگ جاتی ہے تو پھر لڑھکنے جوگی بھی نہیں رہتی"

"رانو سوچتی ــــ وہ خود بھی تو روٹی کپڑے کے دعوے پر چلی آئی تھی۔ لیکن پاپی پرماتما نے جب اس کی بچی کو زندگی کی سسرال میں بھیجا تو روٹی کپڑے

کا بھی وعدہ نہ کیا»۔

«رانو اٹھی — مڑتے ہوئے اس نے چندان کو ایسی نگاہوں سے دیکھا جیسے کہہ رہی ہو۔ تو تو جننی ہے ماں! جگت ماتا ہے تو تو مجھے مت دھتکار۔ جیسے تیسے بھی ہے، مجھے رکھ لے، میرا اس دنیا میں کوئی نہیں ....»

«رانو نے چھمون کی طرف دیکھا .... جیسے یہ اس کا بچپن تھا، اس کی معصومیت ہی تھی جو رانو کے دکھ کو سمجھ سکتی تھی۔ یہ بچپن اور معصومیت جو کردہ اور ناکردہ گناہوں سے کہیں اوپر تھی۔ رانو کا جی چاہا اسے چھاتی سے لگالے۔ بھینچ لے کہ وہ پھر سے اس کے بدن میں تحلیل ہوجائے اور اس دنیا میں نہ آئے جہاں ....»

«ہیر نے کہا۔ اے جوگی تو جھوٹ کہتا ہے، روٹھے یار کو منانے کون جاتا ہے۔ میں ڈھونڈتے ڈھونڈتے تھک گئی، ایسا کوئی نہ دیکھا جو جانے والوں کو واپس لے آئے ....»

ناول میں دو موقعوں پر برات کا منظر ہے، ایک بار جب منگل کو زبردستی پکڑ کر لایا جاتا ہے اور دوسری بار جب جاترن کا بھائی بڑی کو بیاہنے آتا ہے، دونوں جگہ شو کا ذکر ملتا ہے۔

«اور عجیب سی برات، جیسے شوجی پاروتی کو لینے آئے ہوں۔ گلے میں رودراکش کی مالائیں اور سانپ! منہ میں دھتورا اور بھانگ! کمر میں لنگوٹ اور کاندھے پر مرگ چھالا اور ہاتھوں میں ترشول ..... براتی بندر اور لنگور، شیر اور چیتے اور ہاتھی .....»

شادی کے بعد شو اور پاروتی کی طویل جدائی اور ملن کا ذکر پرانوں میں ملتا ہے۔ ناول میں منگل اپنی شادی کی عجیب وغریب نوعیت کی وجہ سے رانو سے کھنچا ہوا ہے۔ شوجی کی تپسیا بھنگ کرنے اور انہیں پاروتی کی طرف راغب کرنے کے لیے

کام دیوتا اور رتی کی ضرورت پڑی تھی۔ ناول میں رتی کے روپ میں سلامتے ہے جس کے متناسب اعضا کی کشش منگل کے جسم میں جنس کی جوالا کو بھڑکا دیتی ہے۔ لیکن اس موقع پر گھر کی پاروتی رانو راستہ روک کر کھڑی ہوجاتی ہے۔ اشٹم کے چاند کی طرح آدھی نظروں کے سامنے اور آدھی نظروں سے اوجھل۔

«رانو کیا چھپا رہی تھی۔ کوئی بات تھی جو ابٹنے، بندی، اخروٹ کی چھال اور رس بھریوں سے اوپر ہوتی ہے جس کا تعلق عورت کی شکل وصورت سے نہیں ہوتا۔ نہ اس کی نسائیت اور اس کی انتہا ہے، جسے وہ دھیرے دھیرے سامنے لاتی ہے اور جب لاتی ہے تب پتا چلتا ہے یہ بات تھی۔ جیسے اشٹم کا چاند اپنا آدھا چھپائے رہتا ہے اور پھر آہستہ آہستہ روز بروز ایک ایک پردے، دوپٹے، چولی، انگیا سب کو الگ ڈالتا جاتا ہے اور آخر ایک دن ایک رات پورنیما کے روپ میں آکر کیسی بے خودی ومجبوری کیسی ناداری ولا چاری کے ساتھ اپنا سب کچھ لٹا دیتا ہے....»

منگل جب شراب کے نشے میں لڑکھڑاتا ہوا دروازے تک جاتا ہے اور پھر گھر کے باہر کا گپ اندھیرا دیکھ کر واپس آجاتا ہے تو سامنے:

«رانی کھڑی تھی، پونم کا چاند، جو بے صبر ہوکر آدھے سے پورا ہوگیا تھا۔ اور بادلوں کے لحاف وتوشک کو چیرتے پھاڑتے ہوئے نیچے زمین پر اتر آیا تھا۔»

«عورت کا حسن ثلاثہ منگل کے سامنے تھا جس سے گیہوں کی روٹی کھانے والا کوئی بھی مرد انکار نہیں کرسکتا.... اور بیچ میں لطیف سا پردہ.... پھر اس حسن پر ایک انگڑائی.... سال کے باون ہفتے، ہفتے کے سات دن، دن کے آٹھ پہروں، گھڑیوں اور پلوں میں ایک ایسا لمحہ ضرور آتا ہے جب چاند لپک کر سورج کو سر سے پاؤں تک کھا دیتا ہے۔»

ایک طویل جد وجہد کے بعد یہ ایک طرح سے شکتی کی جیت تھی۔ عورت کی فتح، جس نے اپنے مرد کو اپنے وجود میں تحلیل کر لیا تھا شکست خوردہ سورج، «منگل» شب کے سامنے شرمایا اور بادل کے پردے سے منہ نکال کر اپنی زمین «رانو» کی طرف دیکھتے ہوئے مسکرانے لگا۔ شکتی کی اس بھر پور فتح کے موقع پر بیدی نے ہندوستانی عورت کی روحانی عظمت اور سماجی بے بسی کے تضاد کو نظر انداز نہیں کیا۔ ایک طرف تو بے چارگی کی یہ کیفیت ہے:

«آج آسمان کے کوٹلے پر کوئی نادار اپنی محبت سے سرشار روتا کڑھتا ہوا اپنی پھٹی پرانی چادر اوڑھ کے سوگیا تھا»۔

اور دوسری طرف بڑی کی شادی کے سلسلے میں طاقت وعظمت کا یہ منظر:

«رانی ہاں کہے گی تو دنیائیں بس جائیں گی۔ اور اگر نہ کہے گی تو پرلے آجائے گی — مہا پرلے — جس میں کیا انسان اور کیا حیوان کیا پشو اور کیا پنچھی۔ کیا دھرتی اور کیا آکاش، سب ناش ہو جائیں گے۔ سمے کے پاس کوئی نوح نہ رہے گا اور خدا کے پاس کوئی روح... شبد میں جھنکار نہ رہے گی، جیوتی میں پرکاش نہ رہے گا»۔

شروع میں میں نے کہا تھا کہ شیومت کے معنوی پیکروں کی وجہ سے پورے ناول کی معنوی فضا میں قتل وخون کی روایت بسی ہوئی ہے۔ تلوکے کے قتل اور جاترن کی عصمت دری کے بعد خونیں مناظر ایک کے بعد ایک سامنے آتے رہتے ہیں۔ منگل کو جب گھسیٹ کر شادی کے لیے لایا جاتا ہے تو «وہ لہولہان تھا»۔ اسی طرح وصل کی رات بوتل کی چھینا جھپٹی میں رانو کے سر سے «خون کا فوارہ» بہ نکلتا ہے۔ «ٹماٹر» جو کھایا نہیں جاسکا، تلوکے کی خون آلودہ لاش کی یاد دلاتا ہے۔ وصل کی رات کو پھر یہی «ٹماٹر» چینی کی ایک ٹوٹی ہوئی رکابی میں ملتا ہے «دل کی شکل کا ٹماٹر جو آلتی بھون میں کٹا پڑا تھا» آخری باب میں بڑی کی شادی کے بعد جب رانو مندر کی طرف

ہاتھ اٹھا دیتی ہے تو اچانک محسوس ہوتا ہے۔ «جہاں کلس تھے وہیں اندھیرے میں کسی کے ہاتھ پھیلے اور گردن لٹکتی ہوئی نظر آئی۔»

(۳)

اوپر کے تجزیوں سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ بیدی کے فن میں استعارہ اور اساطیری تصورات کی بنیادی اہمیت ہے اکثر وبیشتر ان کی کہانی کا معنوی ڈھانچا دیومالائی عناصر پر ٹکا ہوتا ہے لیکن اس سے یہ نتیجہ نکالنا غلط ہوگا کہ وہ بطور خاص اس ڈھانچے کو خلق کرتے ہیں اور اس پر کہانی کی بنیاد رکھتے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ دیومالائی ڈھانچا پلاٹ کی معنوی فضا کے ساتھ ساتھ ازخود تعمیر ہوتا چلا جاتا ہے۔ بیدی کا تخلیقی عمل کچھ اس طرح کا ہے کہ وہ اپنے کردار اور اس کی نفسیات کے ذریعے زندگی کے بنیادی رازوں تک پہنچنے کی جستجو کرتے ہیں۔ جبلتوں کے خود غرضانہ عمل، جسم کے تقاضوں اور روح کی تڑپ کو وہ صرف شعور کی سطح پر نہیں بلکہ ان کی لاشعوری وابستگیوں کے ساتھ سامنے لاتے ہیں بیدی کے ہاں کوئی واحد واقعہ واقعۂ محض نہیں ہوتا، بلکہ ہزاروں لاکھوں دیکھے اور ان دیکھے واقعات کی نہ ٹوٹنے والی مسلسل کڑی کا ایک حصہ ہوتا ہے۔ تخلیقی عمل میں چونکہ ان کا سفر تجسیم سے تخییل کی طرف، واقعہ سے لاواقعیت کی طرف، تخصیص سے تعمیم کی طرف اور حقیقت سے عرفان حقیقت کی طرف ہوتا ہے، وہ بار بار استعارہ، کنایہ اور دیومالا کی طرف جھکتے ہیں۔ ان کا اسلوب اس لحاظ سے منٹو اور کرشن چندر دونوں سے بنیادی طور پر مختلف ہے۔ کرشن چندر واقعات کی سطح تک رہتے ہیں، منٹو واقعات کے پیچھے دیکھ سکنے والی نظر رکھتے تھے، لیکن بیدی کا معاملہ بالکل دوسرا ہے۔

ہے تو یہ بھی زمین پر ہیں ، لیکن ان کا سر آکاش میں اور پاؤں پاتال میں ہوتے ہیں۔
ی کا اسلوب پیچیدہ اور گمبھیر ہے۔ ان کے استعارے اکہرے یا دہرے نہیں،
پہلودار ہوتے ہیں۔ ان کے مرکزی کردار اکثر وبیشتر ہمہ جہتی (multidimentional)
ہوتے ہیں جن کا ایک رخ واقعاتی اور دوسرا آفاقی وازلی (architypal) ہوتا ہے۔ ظاہر
ہے ان کی تعمیر کاری میں وقت اور مقام کی روایتی منطق کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔
کی نفسیات میں انسان کے صدیوں کے سوچنے کے عمل کی پرچھائیں پڑتی ہوئی معلوم
ہوتی ہے۔ ایسے میں وقت کا موجودہ لمحہ صدیوں کے تسلسل میں تحلیل ہو جاتا ہے،
اور چھوٹا سا گھر پوری کائنات بن کر سامنے آتا ہے۔ بیدی جس عورت اور مرد کا ذکر
کرتے ہیں وہ صرف آج کی عورت اور آج کا مرد نہیں بلکہ اس میں وہ عورت اور
وہ مرد شامل ہیں جو لاکھوں سال سے اس زمین کے شداید جھیل رہے ہیں اور
اس کی نعمتوں سے لذت یاب ہوتے چلے آرہے ہیں۔ بیدی کے پہلودار استعاراتی اسلوب
کی وجہ سے ان کے کرداروں کے مسائل اور ان کی محبت ونفـــرت خوشیاں اور غم
دکھ اور سکھ ، مایوسیاں اور محرومیاں نہ صرف انہیں کرداروں ہی کی ہیں ، بلکہ ان میں
ان بنیادی جذبات اور احساسات کی پرچھائیاں بھی دیکھی جا سکتی ہیں جو صدیوں سے
انسان کا مقدر ہیں۔ اس طرح کی ما بعـــد الطبیعیاتی فضا بیـدی کے فن کی خصوصیت
خاصہ ہے۔

میں نے شروع میں کہا تھا کہ بیدی کے استعاراتی اور اساطیری اسلوب کے اولین
نقوش ان کی ابتدائی کہانیوں میں ڈھونڈے سے مل جاتے ہیں۔ ان کا پہلا کامیاب استعمال
"گرہن" میں کیا گیا تھا لیکن اس وقت بیـدی کو ابھی اپنی اس قوت کا احساس نہیں
تھا آزادی کے بعد "لاجونتی" کی کامیابی نے یقینا انہیں مزید اس طرف متوجہ کیا ہوگا۔
(کوکھ جلی اگر چہ ۱۹۴۹ ع میں شایع ہوئی لیکن اس کی اکثر کہانیاں آزادی
سے پہلے کی ہیں) لیکن پہلی بار پوری طرح یہ اسلوب "اپنے دکھ مجھے دے دو"

میں کھل کر سامنے آیا اس کے بعد تو جیسے بیدی نے اپنے آپ کو پالیا۔ یا انہیں اپنے اسلوب کی بنیادوں کا عرفان ہوگیا۔ « ایک چادر میلی سی » لگ بھگ اسی زمانے میں لکھا گیا۔ اس میں اور اس کے بعد بیدی کے استعاراتی اور اساطیری اسلوب کی قوت شفا کو واضح طور پر دیکھا اور محسوس کیا جاسکتا ہے۔ یہاں آزادی کے بعد کی سب کہانیوں کے تجزیہ کی گنجایش تو نہیں البتہ مختصراً چند اشارے کیے جاتے ہیں۔

«لاجونتی» میں معنوی فضا کی توسیع کے لیے «راماین کی کتھا»، «سیتا کے اغوا»، اور «دھوبی کی حکایت» سے مدد لی گئی ہے۔ «جوگیا» میں رنگوں کی حیثیت پہلودار استعاروں کی ہے اور ان احساسات اور کیفیات کو ابھارا گیا ہے جو رنگوں کے اثر سے طبیعت میں پیدا ہوتے ہیں۔ «ببّل» میں عفت وعصمت کی پاسداری کے لحاظ سے لڑکی کے کردار کی سیتا سے تطبیق کی ہے اور خود ببّل نٹ کھٹ بالک کرشن ہے جو ہوٹل میں سیتا کو درباری کی ہوس کا شکار ہونے سے بچا لیتا ہے۔ لمبی لڑکی میں گیتا کے سترھویں ادھیائے اور اس کے مہاتم کا تصور ہے جو اس وقت پڑھا جاتا ہے جب دادی کی زندگی کی کشتی «لمبی لڑکی» کی شادی کے بعد کنارے آلگتی ہے۔ «ٹرمینس سے پرے» میں اچلا کا شوہر رام گڈکری بیسویں صدی کا رام ہے جو بن باس یعنی دورے پر جاتے ہوئے اپنی سیتا یعنی اچلا کو راس رچانے کے لیے پیچھے اکیلا چھوڑ جاتا ہے۔ حجام الٰہ آباد میں سرسوتی کے سنگم کا لوک پتی جس نے حجامت بنا بنا کے سب کا حلیہ بگاڑ رکھا ہے، در اصل ہماری موجودہ سیاسی لیڈر شپ یا حکمراں طبقہ ہے۔ یہ غالباً بیدی کی واحد کہانی ہے جس میں استعارے کی باقاعدہ تکرار نے پوری کہانی کو علامتی رنگ دے دیا ہے۔ «دیوالہ» بھابی اور نند کے جنسی جذبات کی کہانی ہے جس میں بیدی نے شادی کے ادارے کے بارے میں بعض سوال اٹھائے ہیں۔ اس کا مرکزی کردار آٹھ بار لڑکا شبل ہے جو نہ صرف گوکل اشٹمی کے دن کرشن کی روایت

کی پیروی میں رسم کی مٹکی پھوڑتا ہے بلکہ عملاً بھی "مٹکی" پھوڑتا ہے "یوکلپٹس" کی اساطیری علامتیں عیسائیت سے ماخوذ ہیں۔ بیدی کی تازہ کہانیوں میں سے "میتھن" میں کھجوراہو کے مندروں کی جنسی وحدیت کی فضا ہے اس میں جنس کو اکائی کے طور پر پیش کیا گیا ہے مرد اور عورت جنس کے دو پہلو ہیں — توام — آپس میں جڑے ہوئے۔ جیمنی کا جڑواں ستاروں کا تصور یونانی اور مصری اساطیر میں بھی ملتا ہے لیکن اس کی ثنویت میں واحد وحدت دیکھنا ہندوستانی ذہن سے متعلق ہے۔ بیدی نے اپنے مخصوص انداز میں جنسی انجذاب کی وحدیت میں تخلیق کائنات کی ما بعد الطبیعاتی وحدانیت کی جو معنوی فضا پیدا کی ہے وہ ان کے کمال فن کی دلیل ہے۔

اس بات کی شکایت عموماً کی جاتی ہے کہ بیدی اب جنس کو ضرورت سے زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ جس طرح اوپر کے تجزیہ سے یہ بات ثابت کی جاچکی ہے کہ دیو مالا سے مدد لینے کا رجحان بیدی میں شروع سے تھا لیکن آزادی کے بعد یہ باقاعدہ طور پر ان کے فن کا حصہ بن گیا، اسی طرح یہ کہنا بھی صحیح ہے کہ جنس کے بارے میں لکھنے کا مادہ بیدی میں پہلے سے تھا ("گرہن" کی چودہ کہانیوں میں سے سات یعنی نصف کے مرکزی خیال کا جنس سے گہرا تعلق ہے) لیکن آزادی کے بعد اس نے ایک بھرپور رجحان کی شکل اختیار کرلی ہے۔ یہ سوچنا غلط نہیں ہے کہ بیدی کو ہندوستانی اساطیر وروایات کے ساتھ شروع ہی سے جو دل چسپی رہی ہوگی، وہ آزادی کے بعد کئی گنا بڑھ گئی ہے۔ انہیں ہندوستانی ذہن کے تصور جنس کا بھی گہرا احساس رہا ہوگا۔ یہ سامنے کی بات ہے کہ قدیم ہندوستان کا تصور جنس سامی تصور جنس سے یا جدید مغربی تصور جنس سے بالکل مختلف چیز ہے۔ یہ بہت ہی آزادانہ، کھلاڈلا اور بھرپور ہے، روح کی لطافت سے شاداب اور خون کی حدّت سے تھرتھراتا ہوا۔ سامی تصور کی سخت گیری جو مجازی لگاؤ کو شجر ممنوعہ قرار دیتی ہے، یہاں نام کو بھی نہیں۔ بے شک جسمانی لذت اور حواس کی سرشاری اس کا نقطۂ آغاز

ہے لیکن یہ کیفیت اس ہوس ناکی اور سفلہ پن کی طرف نہیں لیے جاتی جو مغربی مزاج سے مخصوص ہے۔ جسمانی حسن کے آزادانہ اور بے باک اظہار کی وجہ سے یہاں عریانیت کے وہ معنی ہی نہیں، جن سے ہمارے موجودہ ذہن آشنا ہیں۔ شوشکتی اور وشنومت کا ذکر پہلے کیا جاچکا ہے یہ ھندوستان میں اساطیر کی دو اہم ترین روایتیں ہیں، اور دونوں میں جنس کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ شوشکتی کے سلسلے میں یونی اور لنگم کی پرستش کا ذکر پہلے کیا جاچکا ہے۔ کرشن کی راس لیلا کا مرکز ومحور بھی جنس ہے۔ ان دونوں میں فرق صرف اتنا ہے کہ شو شکتی کے تصور میں دراوڑی ذہن کی کھردری ارضیت کا پہلو نمایاں ہے اور کرشن کی راس لیلا یا سیتا اور رام کے تعلقات میں آریائی ذہن کی آسمانی لطافت کا پہلو نمایاں ہے۔ ان اساطیری تصورات کے علاوہ بیدی کے سامنے ہندوستانی فنون لطیفہ کی روایتیں بھی ہیں۔ ہندوستانی مصوری، سنگ تراشی اور موسیقی میں جنس کا عمل دخل دنیا کی کسی بھی تہذیب سے کہیں زیادہ ہے یہاں راگ راگنیاں بھی حسیناؤں کے پیکر میں ڈھل کر سامنے آتی ہیں۔ کھجوراھو یا کونارک کی سنگ تراشی ہو یا اجنتا ایلورا کی باگھ اور ایراوتی کی مجسمہ سازی یا نقاشی، ہر جگہ جنس کا اظہار آزادانہ اور بھر پور طریقے پر ہوا ہے۔ اس میں لذت کا پہلو یقیناً ہے لیکن اس عظیم مسرت کے روپ میں جو انسان کو فطرت کا سب سے اہم تحفہ ہے۔ در اصل سارا معاملہ تخلیق کے لامتناھی عمل کا ہے۔ ھندوستانی روایت میں جنس کے جسمانی پہلو کو اس کے روحانی پہلو سے الگ کرکے دیکھا ہی نہیں جاتا۔ یا پھر یوں کہا جاسکتا ہے کہ جنس کے جسمانی پہلو کی کچھ اس طرح سے تطہیر اور تقدیس کر دی گئی ہے کہ عریانیت عریانیت نہیں رہی۔ بیدی کے ہاں جنس کے ذکر کو اگر اس پس منظر میں دیکھا جائے تو اس کی معنویت ہی دوسری ہو جاتی ہے۔

"یہ دنیا کتنی پیاری جگہ ہے جہاں کے لوگ خدا نے بنائے اور پھر فرشتوں سے کہا کہ ان کو سجدہ کرو۔ آخر ایک دن ایک رات عظیم "وہ" سامنے بیٹھی

ہے ، ویدوں کے منتر اور شاستروں کے ارتھ جسکی طرف کبھی واضح اور کبھی مبہم اشارے کرتے ہیں ، ۔
بیاہ شادی کے گیت جس کے لیے مرتعش اور بھٹوں میں جس کے لیے اینٹیں پکتی ہیں ... اور سبھاؤں میں شور جس کے لیے بڑھتا ہی جاتا ہے ، جیسے اس کے بچوں کی ماں ہونا ہے ، اس لیے وہ اس دھرتی کی طرح ڈرتی سمٹتی ہے جس میں کسان آتا ہے ، ہل کاندھے پر ڈالے ، جس کا تیز اور تیکھا پھل ابھی ابھی کسی لوہار نے تیز آنچ والی بھٹی میں ڈھالا ہے .... سر پر پگڑی باندھے ، کلغی سجائے وہ راجا جنک معلوم ہونے لگتا ہے جو دھرتی کو الٹائے گا تو نہ جانے کب سے اس میں دبی ہوئی کوئی مٹکی پھوٹ جائے گی ، اور اس میں سے بڑے ہی صبر ، بڑے ہی ایثار ، بڑے ہی پیار والی جنک دلاری سیتا پیدا ہوگی۔ جسکے لیے اس کا عظیم « وہ » آتا ہے ، ایک ہاتھ میں مقدس کتاب ، دوسرے میں شراب لیے ..... تاریخ کے دھندلے ادوار میں وہ انگنت گوپیوں سے کھیلا ہے ، ان کے ساتھ بے شمار راسیں رچائی ہیں اور اس کی آنکھوں میں ڈر ہے ، اور محبت اور ہیبت ۔ وہ سمجھتا ہے کہ اس بار کی تروتازہ حسین وجمیل دوشیزہ کے بدن پر قبضہ جائے گا۔ بار بار اپنائیگا ، بےہوش ہوہوجائے گا ۔ اور وہ نہیں جانتا وہ محض ایک تنکا ہے ، زندگی کے بحر زخار میں صرف ایک بہانہ ہے تخلیق کے اس لامتناہی عمل کو ایک بار چھیڑ دینے کا ، ایک بار حرکت میں لیے آنے کا ، اور پھر بھول جانے کا ..... »

(لمبی لڑکی)

« موہن نے ہمیشہ عورت کو مایا کے روپ میں دیکھا تھا ۔ وہ باہر سے اور اندر سے اور معلوم ہوتی تھی ۔ اچھا اور برا ، گناہ اور ثواب کبھی خوبصورت کبھی بدصورت طریقے سے آپس میں کھلے ملے ہوتے تھے پھر جو عورت کبھی

میں بھری پری دکھائی دیتی وہ دبلی نکلتی اور دبلی دکھائی دینے والی بھری پری۔۔
اسے ہی تو مایا کہتے ہیں یا لیلا ۔ مثلا ایسی تندرست عورت جسے دیکھتے
ہی گردے میں درد ہونے لگے اس سے ڈرنا بےکار بات ہے اور ہڈیوں کے
ڈھانچے سے الجھنے پہ اتنا بھی نفع نہیں ہوتا تھا جتنا کسی مزدور کو بیس
سیر لکڑیاں کاٹنے سے۔ مایا جس کے بارے میں کہیں یہ ہاتھ نہ آئے گی وہی
گردن دبائے گی، اور مایا کیا ہوتی ہے،

(ٹرمینس سے پرے)

یہ لیے شہوانی حدوں کو بھی چھو سکتی ہے لیکن کتھا سرت ساگر، ہتواپدیش، شکا سپ تی،
اور پرانوں کے سیکڑوں ہزاروں قصے کہانیوں میں شہوانیت کا وہ کون سا پہلو ہے جو
بیان نہیں ہوا۔ ان میں عورت کی فطرت اور جسمانی مسرت کے سربستہ رازوں کو
کھولنے کی مسلسل کوشش ملتی ہے۔ ہندوستان کے کلاسیکی ادبی سرمایہ میں جو
مخصوص بےباکی پائی جاتی ہے وہ چٹخارے کے لیے یا محض اکسانے کے لیے نہیں،
اس کا تعلق جسمانی مسرت کی باخبری سے ہے۔ بیدی کے ہاں جنس کا ذکر زیادہ تر
اس لحاظ سے آتا ہے جہاں معاملہ فطرت کے دل کی دھڑکنوں کو سننے، جسمانی کیف
وسرور کے عظیم معمے کو سمجھنے، عورت اور مرد کے تعلقات کی بھول بھلیوں کے
بھید کو جاننے اور کائنات میں اتصال باہمی کی پراسراریت کی گرہیں کھولنے کا ہو، وہاں
جنس کے مختلف پہلوؤں کا ذکر ناگزیر ہے۔

(۴)

اب چند الفاظ بیدی کے اسلوب اور ہم عصر افسانہ کی زبان کے بارے میں۔
ہم عصر افسانہ میں براہ راست انداز بیان سے بچنے اور زبان کو تخیلی سطح پر استعمال

کرنے کا رجحان عام ہوتا جا رہا ہے۔ مجموعی طور پر اس رجحان کو رمزیہ انداز بیان (Oblique Expression) کا رجحان کہا جا سکتا ہے۔ یہ بنیادی طور پر ان تینوں اسلوبیاتی روایتوں سے انحراف کرتا ہے جس کا ذکر میں نے مضمون کے شروع میں کیا تھا۔ یعنی پریم چند کی، منٹو کی اور کرشن چندر کی۔ ان تینوں روایتوں کو مجموعی طور پر براہ راست انداز بیان (Direct Expression) کی روایت کہا جاسکتا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ کئی پرانے افسانہ نگاروں کے ھاں رمزیہ انداز بیان کی مثالیں مل جائیں گی۔ مثلاً احمد علی کا موت سے پہلے یا احمد ندیم کا قاسمی کا سلطان یا وحشی، لیکن بنیادی طور پر یہ سب براہ راست انداز بیان کے افسانہ نگار ہیں۔ آزادی کے بعد جن افسانہ نگاروں نے براہ راست انداز بیان سے رمزیہ انداز بیان کی طرف سفر کیا ہے، ان میں دو نام نہایت اہم ہیں: قرۃ العین حیدر اور انتظار حسین۔ (یہاں اس بات کی طرف اشارہ کرنا ضروری ہے کہ اردو میں پہلی اساطیری کہانیاں بیدی نے لکھیں، انتظار حسین نے نہیں۔ بیدی کے ھاں اساطیر سے مدد لینے کا رجحان «گرھن» سے شروع ہوتا ہے جو سنہ ۴۲ یا اس سے پہلے شایع ہو چکی تھی جب کہ انتظار حسین ۱۹۶۰ ع کے لگ بھگ اس طرف متوجہ ہوئے۔ ان کے مجموعے «کنکری» میں کوئی اساطیری انداز کی کہانی نہیں۔ البتہ سب سے پہلے داستانی اسلوب کی باز یافت انتظار حسین نے کی۔ انتظار حسین کے اسلوب کو داستانی کہتے ہیں، جبکہ بیدی کا انداز بیان اساطیری ہے)۔

جدید افسانہ نگاروں میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جنہوں نے براہ راست انداز بیان کے افسانہ نگار ہوتے ہوئے بھی بعض افسانوں میں رمزیہ انداز بیان کو استعمال کیا میری مراد رام لال کی آنگن، جوگندر پال کی باز یافت، اقبال مجید کی پیٹ کا کیچوا سے ہے۔ ان سے کچھ ہٹ کر اردو افسانہ میں اس وقت کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو بیسویں صدی کی آٹھویں دھائی میں بھی آرائش لفظی، رنگیں بیانی، مرصع کاری اور تشبیہ سازی کو

بڑی اہمیت دیتے ہیں۔ میں نے اس سے پہلے جہاں تشبیہ اور استعارے کے فرق سے بحث کی تھی، اس کی وضاحت کردی تھی کہ زبان کے تخییلی استعمال کے سلسلے میں استعارے کے مقابلے میں تشبیہ کمتر درجے کی چیز ہے۔ تشبیہ بے شک شعری لوازم میں سے ھے لیکن اول تو اس کی معنوی فضا محدود ہوتی ھے، اور استعارے کی لا محدود، دوسرے یہ کہ تشبیہ مشبہ اور مشبہ بہ کے ساتھ آتی ھے اور اکثر وبیشتر اس کے ساتھ وجہ شبہ اور حرف تشبیہ کا دم چھلا بھی لگا ہوا ہوتا ھے، جس سے نہ صرف طوالت اور لفاظی پیدا ہوتی ھے بلکہ اشاریت بھی مجروح ہوتی ھے۔ اردو افسانہ میں تشبیہ سے مزین نثر دراصل کرشن چندر کے اسلوب کی توسیع ھے۔ کرشن چندر کے ھاں پھر بھی ایک لطافت، نرمی اور توانائی ھے جب کہ ان لوگوں کے ھاں تشبیہ کی بھرمار سے نثر بے حد کثیف اور گاڑھی ہوگئی ھے اور افسوس اس بات کا ھے کہ ایسی گاڑھی نثر لکھنے والے سمجھتے ہیں کہ وہ زبان وادب کی خدمت کر رھے ہیں اور اردو افسانے پر احسان فرما رھے ہیں۔ ایسے لوگوں میں اپنے گناہ بخشوائے ہوئے وہ افسانہ نگار بھی شامل ہیں، جنہیں افسانوی زبان کا سرے سے شعور ھی نہیں۔ لمبے لمبے جملے، رنگین اور نادر تشبیہیں، منظر نگاری کی بھرمار، تفصیل ھی تفصیل، جزئیات ھی جزئیات، الفاظ ھی الفاظ، ایسے افسانوں کو پڑھتے ہوئے سر پیٹ لینے کو جی چاھتا ھے۔ ادب بے شک الفاظ کا فن ھے لیکن الفاظ کو سلیقے سے برتنے کا، نہ کہ ان کا ڈھیر لگانے اور انہیں بے مصرف استعمال کرنے کا۔ زبان کے ایسے کرم فرماؤں کو اردو افسانہ کبھی معاف نہ کرے گا۔

ان کے مقابلے پر وہ افسانہ نگار ہیں جو سرے سے براہ راست انداز بیان کے قائل ھی نہیں اور موجودہ دور میں افسانے کے لیے صرف رمزیہ انداز بیان ھی کو موزوں سمجھتے ہیں۔ میری مراد عبد اللہ حسین، دیویندر اِسر، بلراج مین را، سریندر پرکاش، احمد ھیش، خالد اصغر، بلراج کومل، کمار پاشی اور انور سجاد جیسے افسانہ نگاروں

ہے۔ یہ اردو افسانہ کی بلوغت کا کھلا ہوا ثبوت ہے کہ اب واضح معنی کے بجائے پوشیدہ معنی کی اہمیت تسلیم کرلی گئی ہے یہ بھی طے ہے کہ جیسے جیسے افسانہ ترقی کرتا جائےگا رمزیہ انداز بیان کی اہمیت بڑھتی جائے گی۔

عام طور پر کہا جاتا ہے کہ اب افسانے کی زبان شاعری کی زبان سے قریب آ گئی ہے لیکن یہاں شاعری کی زبان سے کرشن چندر اور ان کی صف کے افسانہ نگاروں کی رومانی نثر مراد نہیں جو طرحدار تو ہے تہ دار نہیں۔ جدید افسانے میں شاعری کی زبان سے وہ زبان مراد ہے جو شاعرانہ وسایل سے کام لیتی ہے یعنی کنایہ، استعارہ اور اشاریت ورمزیت سے۔ نیز اساطیر، قدیم رسوم وعقائد اور لوک روایات سے مدد لے کر نئے معنوی تلازموں کی دریافت کرتی ہے۔

آخر میں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ نئے افسانہ نگار جب براہ راست انداز بیان کی پرانی اسلوبیاتی روایت کو رد کرچکے ہیں تو رمزیہ انداز بیان کی نئی روایت کی بنیاد کس اردو پر رکھی جائے گی؟ پریم چند کی زبان تو ارتقائی سفر میں پیچھے رہ گئی ہے۔ کرشن چندر کی زبان کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔ ان دونوں کے بعد منٹو رہ جاتے ہیں یا پھر بیدی۔ بیدی کا معاملہ یہ ہے کہ ان کا اسلوب اتنا منفرد ہے کہ اس کی پیروی نہ کسی سے ہوئی ہے نہ ہوسکتی ہے۔ اس لیے نہیں کہ اس کی بنیاد استعارہ اور اساطیر پر ہے (کیونکہ یہ بات تو ان میں اور اکثر جدید افسانہ نگاروں میں وجہ اشتراک ہے) بلکہ اس لیے کہ بیدی کی زبان اردو کے بنیادی دھارے (Mainstream) سے قدرے ہٹی ہوئی ہے۔ اس طرح سے لے دے کے فقط منٹو رہ جاتے ہیں اور اس میں شک نہیں کہ منٹو کی زبان بنیادی اردو سے قریب ہونے کی وجہ سے سب سے زیادہ قابل قبول ہے۔ یہاں اس بات کی وضاحت ضروری ہے کہ میں یہاں زبان اور اسلوب کو دو مختلف معنی میں استعمال کررہا ہوں۔ اسلوب کی دو پرتیں ہوتی ہیں۔ پہلی زبان کی پرت (Level of Language) اور دوسری معنی کی پرت

(Level of Meaning) - جہاں تک رمزیہ انداز بیان کی پہلی پرت کا تعلق ہے یعنی زبان کا تو لامحالہ منٹو کی زبان بنیاد کا کام دے گی۔ لیکن معنی کی پرت تو لفظ کے پوشیدہ معنی پر زور دینے، استعارہ، کنایہ اور اساطیر سے مدد لینے اور زبان کے زیادہ سے زیادہ تخیلی استعمال سے تیار ہوگی اس سلسلے میں منٹو سے زیادہ مدد نہیں ملے گی، کیونکہ ان کا اسلوب تو بہر حال براہ راست انداز بیان کی ذیل میں آتا ہے، البتہ اس ضمن میں استفادے کے لیے نگاہیں بیدی کی طرف اٹھیں گی اور بار بار اٹھتی رہیں گی۔

اردو میں ترکی اثرات کی کمی کے اسباب

حامد اللہ ندوی

(۱)

اردو زبان کی نشوونما کی تاریخ میں سلاطین دھلی کے عہد کو بڑی اہمیت حاصل ھے، یہی وہ زمانہ تھا جس میں ھندو مسلم میل جول سے اردو زبان کی داغ بیل پڑی اور صوفیاے کرام نے اپنے تبلیغی مقاصد کے لیے اسے اپنا کر سارے ھندوستان میں عام کردیا.

سلاطین دھلی کے نام سے جن حکمرانوں نے ھندوستان پر حکومت کی ان میں شمسی خاندان، خلجی خاندان، تغلق خاندان اور لودھی خاندان خاص طور پر اھمیت رکھتے ھیں. ان خاندانوں کے نسلی روابط کی چھان بین سے معلوم ھوتا ھے کہ یہ سب ترکی النسل تھے. اولین غیر عرب فاتح محمود غزنوی اور شہاب الدین غوری تو ترکی النسل تھے ھی لیکن ان کے جانشین قطب الدین ایبک شمس الدین ایلتتمش اور غیاث الدین بلبن کے ترکی النسل ھونے میں بھی کسی کو شبہ نہیں. خلجیوں کے متعلق بعض مورخین نے شبہ ظاھر کیا ھے کہ وہ ترک نہیں تھے. لیکن جیسا کہ لفظ خلجی خود بتاتا ھے وہ بھی ترک تھے اور ترکستان کے ایک قبیلے خلج سے تعلق رکھتے تھے. خلجیوں کی طرح تغلق کا تعلق بھی ترکستان ھی کے ایک قبیلے قراونہ (Qarauna) سے تھا. لودھیوں کو افغانی سمجھا جاتا ھے لیکن سچ یہ ھے کہ اکثر افغانیوں کا رشتہ بھی اوپر جا کر ترکوں سے ھی ملتا ھے.

اس عہد کے نہ صرف حکمران ترک تھے بلکہ اکثر امرا ورؤسا ، فوجی وسیاسی عہدہ دار اور علما وشعرا بھی ترکی النسل تھے جن میں امیر خسرو کا نام منجملہ سے نمایاں ہے ۔ ترکوں کی یہ سیاسی وسماجی برتری پورے سوا تین سو سال (۱۲۰۶ ۔ ۱۵۲۶) تک سارے ہندوستان پر چھائی رہی اور اس کے بعد بھی جن بادشاہوں نے ان کی جگہ لی وہ خاندان تیموریہ سے تعلق رکھتے تھے ۔ اور نسلا ترک ہی تھے ۔ ان ساری باتوں کا لازمی نتیجہ یہی ہونا چاہیے تھا کہ اردو پر ترکی زبان کی چھاپ ہمیں قدم قدم پر نظر آتی ۔

لیکن یہ عجیب بات ہے کہ جب ہم اردو پر دوسری معاصر اور قریبی زبانوں کے اثرات کا پتا چلانے کی کوشش کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ اس پر عربی ، فارسی اور ہندوستانی کا اثر تو قدم قدم پر موجود ہے لیکن ترکی کے اثرات نہ ہونے کے برابر ہیں ۔ سوال یہ ہے کہ آخر اردو زبان ترک سلاطین اور ترکی امرا وحکام کے زیر سایہ پروان چڑھنے کے باوجود خود ترکی اثرات سے اس قدر عاری کیوں ہے ۔ کیا بات ہے کہ اس میں عربی اثرات ملتے ہیں ، فارسی اثرات ملتے ہیں اور ہندوستانی اثرات ملتے ہیں اور نہیں ملتے تو صرف ترکی اثرات ؟ اس کا جواب معلوم کرنے کے لیے ہمیں یقیناً خود ترکوں اور ترکی زبان کا ذرا گہرائی سے مطالعہ کرنا ہوگا ۔

(۲)

ترکوں کے نسلی حالات اور ان کی قدیم تاریخ پر اب تک جو کچھ لکھا گیا ہے اس کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ترک یا تورانی ایشیائے کوچک کے بہت پرانے باشندے ہیں ۔ زمانہء قدیم میں ان کا اپنا ایک مخصوص معاشرتی نظام تھا جو زیادہ تر خانہ بدوش (Nomads) جرگوں پر مشتمل تھا ، اور ہر جرگہ اپنے ایک طاقتور سردار کے ماتحت ہوتا تھا ۔ یہ نہایت بہادر جانباز اور دلیر ہوتے تھے ۔ شہر بسانے اور

آرام کی زندگی گزارنے کے مقابلے میں وہ شاہین وار آزاد فضاؤں میں گھومنے اور شکار زندہ کی لذت سے لطف اندوز ہونے کے عادی تھے۔ ان کا اپنا کوئی مخصوص تمدن نہ تھا، بلکہ جہاں اور جن لوگوں کے ساتھ رہتے ان کے اجزائے تمدن کو اپنالیتے تھے۔ ان میں سے اکثر تجارت پیشہ تھے اور چین سے ہندوستان تک تمام بڑی راستوں پر ان کا قبضہ تھا۔ ایشیا کے اکثر پہاڑ، وادیاں اور دریا ان کے دیے ہوئے ناموں سے آج بھی مشہور ہیں۔

چھٹی صدی عیسوی میں بومن (Bumin) اور استامی (Istami) نامی دو ترک سرداروں نے جو آپس میں بھائی بھی تھے، منگولیا اور چین کی سرحدوں سے لے کر بحر اسود تک کے وسیع علاقے کو فتح کرکے وہاں دو متوازی حکومتیں قائم کرلی تھیں جن کو چین کے لوگ شمالی ترکوں کی سلطنت اور مغربی ترکوں کی سلطنت کے نام سے آج بھی جانتے ہیں لیکن یہ سلطنتیں جتنی تیزی سے بنیں اتنی ہی تیزی سے بکھر بھی گئیں۔

اسلام کے عروج اور عربوں کی ترقی کے زمانے میں سمرقند، بخارا، خوارزم، فرغانہ، تاشقند اور کاشغر وغیرہ میں انہیں کی حکمرانی تھی۔ جب عربوں نے ایران وروم کو فتح کیا تو یہ ترکی علاقے بھی ان کے زیر نگیں ہوگئے اور ان میں اسلامی اشاعت عام ہوگئی۔ بہادر اور جنگجو ہونے کی وجہ سے عباسی خلیفہ ہشام کے عہد حکومت ہی سے عربوں اور ایرانیوں کی طرح یہ بھی فوج کا ایک باقاعدہ حصہ بننے لگے، یہاں تک کہ خلیفہ معتصم کے برسر اقتدار آتے آتے ان ترکوں کا اثر ورسوخ اور عمل دخل اتنا بڑھ گیا کہ خلیفہ کی جگہ وہی ملک کے سیاہ وسفید کے مالک معلوم ہوتے تھے۔

دولت عباسیہ کے زوال کے بعد جہاں مختلف ایرانی النسل گورنروں نے اپنے اپنے علاقوں میں خود مختاری کا اعلان کردیا وہاں ترکوں نے بھی موقع سے فائدہ

اکر جگہ جگہ اپنی چھوٹی چھوٹی حکومتیں قائم کرلیں، چنانچہ مصر میں طولونی،
تانستان میں غزنوی اور خراسان میں سلجوقی حکومتیں اسی عہد کی پیداوار ہیں اور
لت عثمانیہ سلجوقی ترکوں کی آخری یادگار ہے جو کئی سو سال تک بیک وقت ایشیا،
روپ اور افریقہ تین براعظموں پر چھائی رہی۔

(۳)

فوجی اور سیاسی سطح پر تو بے شک ترکوں نے آہستہ آہستہ یہ ساری برتریاں
صل کیں۔ نسلی اور قومی اعتبار سے بھی عربوں اور ایرانیوں کے بعد ہر طرف انہیں کا
رہ رہا۔ لیکن لسانی سطح پر وہ اس قدر منظم اورکامیاب نظر نہیں آتے۔ اس کی بڑی
جہ شاید یہ ہو کہ جتنے ان کے قبیلے تھے اتنی ہی ان کی بولیاں بھی تھیں اور ان
لیوں میں بھی کوئی باہمی رشتہ تلاش کرنا مشکل تھا۔ چنانچہ میکس میولر نے اپنی
ہور کتاب علم اللسان (The Science of Language) میں لکھا ہے:

«تورانی گروہ السنہ میں بہ استثنائے چینی اور اس کی ہم اصل (Cognate) بولیوں
کے وہ تمام زبانیں شامل ہیں جو ایشیا اور یوروپ میں بولی جاتی ہیں اور آریائی
وسامی گروہ میں شامل نہیں۔ سامی اور آریائی زبانیں بھی صرف چار مغربی
جزیرہ نما (Peninsula) هندوستان، ایران، عرب، ایشیائے کوچک اور یوروپ
میں بولی جاتی ہیں اور یہ باور کرنے کے اسباب موجود ہیں کہ یہ سارے
عالک بھی آریائی اور سامی قوموں کی آمد سے پہلے تورانی قبائل کے زیر نگیں
تھے، اور یہاں تورانی بولیاں عام تھیں...... بے شک اِن آن گنت (immense)
زبانوں میں وہ خاندانی مشابہت نہیں ہے جو سامی یا آریائی زبانوں کو ملاتی ہے۔
لیکن اِن بولیوں میں خاندانی مشابہت کی ناموجودگی ہی اس لسانی گروہ کا طرۂ
امتیاز ہے۔»

فاضل مصنف نے اِس پر مزید روشنی ڈالتے ہوئے بتایا ہے: "آریائی اور سامی زبانوں کے اکثر الفاظ اور صرفی و نحوی ترکیبیں ایک نسل کی قوت تخلیق کی پیداوار ہیں، صوتی فساد (Phonetic corruption) کی وجہ سے ان کا صحیح امتیاز دھندلا ضرور گیا ہے لیکن وہ ایک دوسرے سے اتنی آسانی کے ساتھ الگ نہیں ہوئی ہیں اِس طریقے سے ایک زبان کو آنے والی نسلوں کے حوالے کرنا صرف ان لوگوں سے ممکن ہے جن کی تاریخ ایک مستقل دھارے کی صورت میں بہتی ہو اور جہاں مذہب، قانون اور شاعری اسی واضح کناریوں کو جنم دیتے ہوں جو زبان کے بہاؤ کو چاروں طرف سے گوٹ لگا سکیں. تورانی خانہ بدوشوں میں ایسی کوئی سیاسی سماجی یا ادبی مرکزیت اور یک جہتی کبھی پیدا ہی نہ ہوسکی. جس قدر تیزی سے ان کی عظیم مملکتیں (Empires) بنیں اتنی ہی تیزی سے ریت کی آندھیوں (Sand-clouds) کی طرح یہ ختم بھی ہوگئیں اور کوئی دستور، کوئی نغمہ، کوئی افسانہ اپنے تخلیق کار سے زیادہ زندگی نہ پاسکا".

ان حالات کا لازمی نتیجہ یہ کہ اسلامی اثرات سے پہلے وہ اپنی کسی ایک بولی کو زبان کے درجے تک پہنچا ہی نہ سکے. اور جب اسلام کے زیر اثر آئے تو اس وقت تک عربوں کی زبان اور ان کی تہذیب کا اثر اس قدر حاوی ہوچکا تھا کہ اس کے سامنے مفتوحہ قوموں اور ملکوں کی کوئی زبان کوئی تہذیب ٹک ہی نہ سکی، فارسی زبان اور ایرانی تہذیب کی جڑیں چونکہ زیادہ گہری تھیں اس لیے وہ اپنا تھوڑا سا روپ بدل کر باقی رہنے میں کامیاب ہوگئیں. اس طرح گویا صرف دو ہی زبانوں کا سارے عالم اسلام میں عمل دخل تھا عربی اور فارسی، ایسی صورت میں ترکوں کے سامنے بھی صرف دو ہی راستے تھے، یا وہ اپنی کاروباری ضرورتوں کے لیے عربی یا فارسی کو اپنالیں یا پھر اپنی کسی بولی کو ترقی دیں. پہلا راستہ ان کے لیے آسان تھا اسی لیے عرب علاقوں میں ان کی حکومتیں بنیں تو سرکاری و درباری مقاصد کے لیے انہوں نے عربی کو اپنایا اور ایرانی و رومی علاقوں میں ان کی حکومتیں بنیں تو فارسی کو ان

مقاصد کے لیے استعمال کیا۔ یہی وجہ ہے کہ جب غزنوی اور غوری ترک افغانستان میں برسر اقتدار آئے تو انہیں بھی چار وناچار فارسی ہی کو دفتری وکاروباری زبان بنانا پڑا، اور ان کے توسط سے ہندوستان میں بھی فارسی کے رائج ہونے اور فروغ پانے کی راہیں کھل گئیں۔

(۴)

لیکن زبانوں اور بولیوں کی حیثیت اس بڑی دنیا میں بالکل ایسی ہے جیسی سمندر کی موجیں، جس طرح سمندر میں بیک وقت ہزاروں موجیں ابھرتی ہیں اور ایک موج کا دوسری موج کے اثر سے الگ رہنا ناممکن ہے اسی طرح ایک زبان کا بھی دوسری زبان سے اپنا دامن بچانا ناممکن ہے جب دو یا دو سے زیادہ زبانیں باہم ملتی ہیں تو وہ ایک دوسرے سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتیں۔

ابتدائے اسلام میں ترکوں کی زیادہ تر آبادیاں ایران وروم کی سرحدوں پر واقع تھیں، قومی مزاج اور طرز معاشرت کے اختلاف کی وجہ سے ان میں اور ایرانیوں میں ایک جذبۂ رقابت سا بھی پیدا ہوگیا تھا اور وہ ہمیشہ ایک دوسرے سے برسر پیکار رہتے تھے۔ تورانیوں اور ایرانیوں کی اس دیرینہ آویزش کی جھلکیاں آج بھی بعض فارسی شہکاروں میں دیکھی جاسکتی ہیں۔ چنانچہ فردوسی کا شاہنامہ اس کشاکش دیرینہ کی ایک طویل داستان ہے۔ گوکہ اس منظوم داستان میں ہمیں عربی، رومی، حبشی، کرد غرض کہ ہر قسم کے کردار جگہ جگہ سرگرم عمل دکھائی دیتے ہیں لیکن اصلی مقابلہ ایرانیوں اور تورانیوں میں ہے۔ فردوسی نے قومی حمیت کے جوش میں جہاں ایرانیوں کو مہذب انصاف پسند بہادر اور سارے اعلا صفات کا نمونہ قرار دیا ہے وہاں تورانیوں کو نہایت وحشی، جاہل اور حملہ آور کے روپ میں دکھایا ہے۔ فردوسی کا ہیرو رستم اپنی اعلا ایرانی تہذیب کا ایک نمائندہ ہے اور وہ اپنی ناقابل شکست قوت کے ذریعے قدم

قدم پر تورانیوں کو ذلت ورسوائی کا سامنا کرنے پر مجبور کردیا ہے۔

ایرانی تہذیب کی ان ساری سربلندیوں کے باوجود یہ ایک حقیقت ہے کہ وہ اس دیرینہ آویزش کی وجہ سے ایک دوسرے سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ ترکوں نے اگر ایرانی تہذیب اور ان کی زبان کو اپنایا تو ایرانی بھی ترکوں کی بعض قومی اور لسانی خصوصیات سے مرعوب ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ چنانچہ ترک چشم (مخمور آنکھ) ترک جوش (دلفریب ادا) ترک سوار (بانکا) جیسی صفاتی ترکیبیں، ترکان چرخ (سبع سیارہ) ترک چین (سورج) ترک حصاری (چاند) ترک خرگاہ (محبوب) جیسے کنایے واستعارے، ترکی کردن (جفا کرنا) ترکی تمام شدن (غرور ٹوٹنا) ترکتازی کردن (تاخت وتاراج کرنا) ترکی بہ ترکی جواب دادن (منہ توڑ جواب دینا) جیسے محاورے اور

زبان آن پسر ترکی ومن ترکی نہ می دانم
چہ خوش بودی اگر بودی زبانش در دہان من

اگر آن ترک شیرازی بدست آرد دلِ ما را
بخال ہندوش بخشم سمرقند وبخارا را

الا اے ترک آتشروی ساقی — بآب بادہ عقل از من فرو شوی

جیسے زبان زد عام شعر کچھ ایسے ہی فارسی زبان کا نا قابل تلافی حصہ نہیں بن گئے۔ ان میں کا ایک ایک لفظ اِس بات کی غمازی کرتا ہے کہ ایرانی بھی ترکوں کی زبان، ان کے حسن وجمال، ان کی ادا وبانکپن اور ان کی دلیری وجانبازی ودیگر مردانہ صفات سے کچھ کم متاثر نہیں تھے۔

زبان اور اس کے مسائل سے ہمیشہ ہی علما نے دلچسپی لی ہے۔ ...

قدیم تاریخوں میں ہمیں متعدد علما و ماہرین کے نام ایسے ملتے ہیں جنہوں نے زبان، الفاظ، مادے، مشتقات اور قواعد پر بڑی جانسوزی سے کام کیا ہے لیکن اس کو ایک ضمنی مضمون سے مستقل علم بنانے کا سہرا علمائے یوروپ کے سر ہے۔

یوروپ میں سولھویں صدی عیسوی میں پہلی بار اس طرف باقاعدہ توجہ دی گئی۔ اس وقت لوگوں کے ذہن پر مذہب سوار تھا اور زبان کو وہ خدا کی دین سمجھتے تھے، اس کے نتیجے کے طور پر یہ بات ان کے دلوں میں بیٹھ گئی کہ تمام زبانوں کی اصل ایک ہے اور وہ عبرانی ہے۔ زبانوں کے معاملے میں وحدتِ اصل (monogenesis) کا یہ نظریہ اس وقت اس قدر مقبول تھا کہ تقریباً دو سو سال تک یوروپ کے اکثر علمائے زبان نہایت دیانت داری کے ساتھ اس کو سچ سمجھتے رہے۔ اور عبرانی کے نام سے سامی زبانوں پر نہایت زور وشور کے ساتھ تحقیق جاری رہی۔

لیکن جب اٹھارویں صدی کے اواخر اور انیسویں صدی کی ابتدا میں سیاحت، تجارت، دریافت اور انکشافات کے نتیجہ میں نئے راستے کھلے، نئی زبانیں سامنے آئیں اور نئے لسانی نظریات نے جنم لیا تو پھر سامی زبانوں کی تحقیقات ثانوی ہو کے رہ گئیں اور اولیت ہند یوروپی زبانوں کے تقابلی مطالعہ کو مل گئی اور ان زبانوں پر زیادہ سے زیادہ کام ہونے لگا۔

اس طرح اب تک زیادہ سے زیادہ لسانی تحقیقات یا تو سامی زبانوں کے سلسلے میں ہوئی ہیں یا پھر ہند یوروپی زبانوں اور ان کی مختلف شاخوں کے سلسلے میں۔ ان دو لسانی خاندانوں کے علاوہ دنیا کے اور لسانی خاندانوں پر جو کچھ معلومات ملتی ہیں ان کی حیثیت محض ضمنی ہے اور ان کو عام معلومات سے زیادہ کا درجہ نہیں دیا جاسکتا۔

ترکی یا تورانی بولیوں کا شمار عام درجہ بندی کے مطابق یورال التائی (Ural Altaic) زبانوں میں ہوتا ہے اول تو اسی میں اختلاف ہے کہ یورال اور التائی دونوں گروہ مل کر

ایک خاندان کی شاخیں بتاتے ہیں یا یہ ایک دوسرے سے الگ دو مستقل خاندان ہیں اور پھر التائی کی شاخیں جن میں ترکی بولیاں بھی شامل ہیں ایک دو نہیں بیسیوں ہیں اور سب سے آخر میں خود ترکی بولیاں بھی دریا کی مچھلیوں کی طرح سیکڑوں ہیں جنکی صحیح گنتی انسان کے بس کا روگ نہیں۔ پہلے تو انہیں تاریخی اعتبار سے قدیم ترکی (Old Turkish) میانی ترکی (Middle Turkish) اور جدید ترکی (Modern Turkish) کے نام سے تین ادوار میں تقسیم کیا گیا ھے اور پھر جغرافیائی اعتبار سے علاقہ وار ان کی مزید تقسیم در تقسیم کی گئی ہے۔ ان تفصیلات کو پڑھ کر یقین سا ہو جاتا ہے کہ واقعی ایشیا اور یوروپ میں سامی اور آریائی زبانوں کو الگ کرنے کے بعد جو کچھ رہ جاتا ہے اس کا بڑا حصہ تورانی بولیوں پر مشتمل ہے۔ اور یہ بولیاں اتنی زیادہ تعداد میں، اتنی زیادہ مدت سے سامی اور آریائی زبانوں کے دوش بہ دوش رائج ہیں کہ آج وثوق کے ساتھ یہ کہنا بھی مشکل ہے کہ اِن کے درمیان لسانی عناصر کا آزادانہ لین دین کس حد تک ہوا ہے۔

لیکن جیسا کہ ہم نے اوپر لکھا ھے سالہا سال سے تورانیوں اور ایرانیوں میں جو قریبی تعلقات تھے اس کے نتیجے میں ایرانی تورانیوں کی آزادانہ زندگی اور فطری طرز معاشرت سے بے حد متاثر تھے اسی لیے انہوں نے غیر شعوری طور پر ایسے الفاظ کو زیادہ تر اپنایا ھے جو ترکوں کی قومی و معاشرتی خصوصیات کو ظاہر کرتے ہیں۔ ترک خانہ بدوش اور دشت نورد تھے اس لیے اکثر پہاڑوں، دّروں، وادیوں اور دریاؤں کے نام جیسے کرغیل، قراقرم، قاف، خزر، توغان، کرگان، جیحون وغیرہ ترکی سے فارسی میں آئے۔ ترک بہادر اور جنگجو تھے اس لیے اکثر جنگی ساز وسامان اور جنگی اصطلاحیں جیسے توپ، تفنگ، بوغدا، داروغہ، یورش، یغما، یرغمال، وغیرہ بھی فارسی کو ترکوں کی دین ہیں۔ ترکوں کا معاشرتی نظام قبائل اور جرگوں پر مشتمل تھا اسی لیے اکثر قبیلوں اور سرداروں کے نام جیسے سلجوق، طغرل، الپ ارسلان،

خان ، بیگ ، آغا ، خواجہ وغیرہ بھی ترکی سے فارسی کا حصہ بنے ۔ ترکوں کی غذائی عادتیں اور لباس وغیرہ بھی ان کا اپنا مخصوص قسم کا تھا اس لیے اکثر کھانوں اور لباسوں کے نام بھی جیسے پلاؤ ، قورمہ ، شوربہ ، یخنی ، قاب ، چمچہ ، چادر ، قبا ، نقاب وغیرہ بھی انہیں کے ذریعے فارسی میں آئے ۔

(۶)

الفاظ ہر زبان کا ایک بنیادی حصہ ضرور ہیں لیکن محض ان کی کمی یا زیادتی کو ہم ایک مستقل زبان کا درجہ نہیں دے سکتے ، اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ باہم مل کر جملوں کی شکل اختیار کرنے اور متکلم کے ما فی الضمیر کو پوری طرح ادا کرنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہوں اِسی لیے علمائے زبان نے ہمیشہ الفاظ سے زیادہ جملوں کی ساخت اور ان کے اجزائے ترکیبی کو مختلف زبانوں کے مدارج ترقی ناپنے کے لیے بہ طور پیمانہ استعمال کیا ہے ۔

سادہ سے سادہ جملے بھی کم از کم دو اجزا پر مشتمل ہوتے ہیں ، ایک مبتدا (Subject) دوسرا خبر (Predicate) ۔ مبتدا سے مراد وہ لفظ ہے جو کسی ایسے شخص یا چیز کی نشاندہی کرتا ہے جس کے متعلق کچھ کہا گیا ہو اور خبر سے مراد وہ لفظ ہے جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے جو کسی شخص یا چیز کے متعلق کہی گئی ہو ۔ یہ ضروری نہیں کہ ہر جملہ محض ایک مبتدا اور ایک خبر پر ہی مشتمل ہو ، بلکہ بعض اوقات ایک ہی جملے میں کئی کئی مبتدا اور کئی کئی خبریں بھی ہوتی ہیں اور انہیں باہم ملاکر ایک با معنی بات پیدا کرنے کے لیے مزید اجزائے کلام (Parts of Speech) کا بھی سہارا لینا پڑتا ہے ۔

دنیا کی ساری زبانیں جملوں کی ساخت کے سلسلے میں اس قدر خوش قسمت نہیں

ہیں کہ ان میں تمام اجزائے کلام اپنی مکمل صورت میں موجود ہوں، بعض زبانیں اس معاملے میں بعض ابتدائی منزل میں ہیں، بعض ثانوی منزل میں اور بعض اعلا منزل میں۔ اسی لیے علمائے السنہ نے دنیا کی ساری زبانوں کو جملوں کی اِن پیچیدہ ضروریات اور ان میں اِن کی موجودگی کی بنیاد پر تین زمروں میں بانٹا ہے۔ (۱) بے جوڑ (Isolating) (۲) جوڑ دار یا امتزاجی (Agglutinating) اور (۳) تصریفی (Inflecting)۔

۱۔ "بے جوڑ" سے مراد وہ زبانیں ہیں جن میں جملے آزاد الفاظ کی لڑی کی سی صورت میں ہوتے ہیں۔ ہر لفظ ایک مخصوص خیال کو ظاہر کرتا ہے اور تصریفی (Inflection) صلاحیت سے محروم ہوتا ہے، ان کے باہمی تعلق (Relationship) کی واحد پہچان ان کی ترتیب (Order) ہے۔

۲۔ "جوڑ دار یا امتزاجی" سے مراد وہ زبانیں ہیں جن کے جملوں میں بنیادی الفاظ کے علاوہ بعض ایسے صریح عناصر (Formal elements) بھی ہوتے ہیں جو ان الفاظ کے مفہوم کو محدود ومتعین کرنے کے لیے ان کے ساتھ جوڑے جاتے ہیں، اِن عناصر کی کمی بیشی زبان کی اس کی اپنی مخصوص ضرورت کے مطابق ہوتی ہے۔

۳۔ "تصریفی" سے مراد وہ زبانیں ہیں جن کے الفاظ میں خود اندرونی تبدیلی کی صلاحیت ہوتی ہے، اور جملوں میں ان کے باہمی تعلق کو سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے ظاہر کیا جاتا ہے، ان سابقوں اور لاحقوں میں سب سے اہم حروف جار (Prepositions) ہیں۔

علمائے زبان نے تورانی زبانوں کو جوڑ دار زبانوں کے زمرے میں رکھا ہے جبکہ آریائی زبانوں کو جن میں فارسی بھی شامل ہے تصریفی زبانوں میں شمار کیا ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ آریائی زبانوں میں جوڑ نہیں ہوتے، جوڑ تو ان میں بھی ہوتے ہیں لیکن فرق یہ ہے کہ تورانی زبانوں میں اِن جوڑوں کی حیثیت محض ترمیمی ارکان

(Modificatory Syllables) کی سی ہوتی ہے اور یہ مادّوں سے الگ بھی اپنا اپنا وجود رکھتے ہیں لیکن آریائی زبانوں میں یہ جوڑ اصل مادّوں میں اس قدر گھل مل گئے ہیں کہ ان کا اپنا الگ وجود بھی محسوس نہیں ہوتا، یہاں تک کہ بعض اوقات یہ پہچاننا بھی مشکل ہو جاتا ہے کہ ایک لفظ میں مادہ کونسا ہے اور ترمیمی جز یا رد کونسا۔ آریائی الفاظ ایک پرزہ کے بنے ہوئے لگتے ہیں جبکہ تورانی الفاظ میں شگاف (Fissures) اور جوڑ (Sutures) صاف نظر آتے ہیں۔

دوسرے الفاظ میں اس کا مطلب یہ ہوا کہ جب فارسی اپنی ترقی کی ابتدائی اور ثانوی منزل طے کر کے تکمیل کے اعلا درجے کو پہنچ چکی تھی اس وقت تورانی بولیاں اپنی ترقی کی محض دوسری منزل میں تھیں۔ ایسی صورت میں صاف ظاہر ہے کہ صرفی سطح پر فارسی کے ترکی سے متاثر ہونے کے امکانات کچھ زیادہ نہیں ہوسکتے۔ اس لیے ہمیں اس سطح پر فارسی میں ترکی اثرات کی حیثیت سے گنے چنے چند لاحقوں کے علاوہ اور کچھ نہیں ملتا۔ اور یہ لاحقے بھی فارسی میں اس قدر گھل مل گئے ہیں کہ فارسی الاصل ہی معلوم پڑتے ہیں۔ اس قسم کے چند ترکی الاصل لاحقے حسب ذیل ہیں

(الف) «چی»۔ یہ وصفیت کو ظاہر کرتا ہے، اور اس لاحقہ پر مشتمل بہت سے ترکی لفظ فارسی میں عام ہیں جیسے ایلچی، قاپوچی، توپچی، طبلچی خزانچی، باورچی وغیرہ۔

(ب) «چہ»۔ یہ اسم کے آخر میں لگانے سے تخفیف یا تصغیر کا فائدہ دیتا ہے جیسے صندوقچہ، دیگچہ، باغچہ، نیمچہ، مورچہ وغیرہ۔

(ج) «ش»۔ یہ اسمیت کا فائدہ دیتا ہے جیسے پیدائش، آزمائش وغیرہ، یا کسی لفظ کے ساتھ علامت مصدر علاحدہ کر کے لگانے سے حاصل مصدر بن جاتا ہے۔ جیسے پروردن سے پرورش، پرسیدن سے پرسش، بخشیدن سے بخشش وغیرہ۔

(د) "ک"۔ اسمیت کو ظاہر کرتا ہے جیسے کوچک، دستک، سنک (سنگ) وغیرہ۔

(ہ) "م"۔ علامت تانیث کے طور پر استعمال ہوتا ہے جیسے بیگ سے بیگم، خان سے خانم وغیرہ۔

اِن لاحقوں کے متعلق یہ وثوق کے ساتھ نہیں کہا جاسکتا کہ فارسی نے انہیں بحیثیت لاحقے ہی اپنایا ہے اور قیاس (Analogy) کے اصول پر اوپر کی مثالوں کو سامنے رکھتے ہوے مزید الفاظ بنائے جاسکتے ہیں یا ان لاحقوں پر مشتمل ترکی الفاظ فارسی میں رائج ہوگئے ہیں۔ مجموعی طور پر دونوں صورتوں کا امکان ہے۔

فارسی میں بعض ایسے مرکب مصادر بھی ہیں جو ترکی الفاظ کے ساتھ فارسی مصادر لگا کر بنائے گئے ہیں۔ جیسے کوچ کردن، سراغ رسانیدن، یورش کردن، قابو یافتن وغیرہ۔

(۷)

اوپر ہم نے ترکی کے فارسی پر اثر انداز نہ ہونے کے جو معاشرتی، لسانی اور صرفی اسباب بیان کیے ہیں ان میں ترکی کی اس کی اپنی بعض صوتی خصوصیات کو بھی شامل کیا جاسکتا ہے۔ فارسی آریائی زبان ہے اور ترکی التائی۔ التائی زبانوں کی صوتی خصوصیات کا ابھی تک کسی نے استحصاء نہیں کیا ہے۔ لیکن ترکی الفاظ کی جو فہرستیں عربی رسم خط میں عام طور پر ملتی ہیں ان پر ایک سرسری نظر ڈالنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ ان میں بعض ایسی آوازوں کا صوتی تواتر (Frequency) زیادہ ہے جو آریائی زبانوں کے لیے نامانوس ہیں۔

اس وقت ہمارے سامنے حافظ علی بہادر خان کا مرتب کیا ہوا ترکی زبان پر "ترکی

زبان» نامی اسّی (۸۰) صفحات کا ایک مختصر سا رسالہ ہے۔ اس میں فاضل مرتب نے ترکی زبان کے بعض ضروری قواعد کی وضاحت کرنے کے بعد تقریباً ڈھائی ہزار ترکی الفاظ کی ان کے اردو مترادفات کے ساتھ ایک طویل فہرست بھی دی ھے۔ اس میں تقریباً پانچ سو الفاظ ایسے بھی شامل ہیں جو ترکی علامت مصـــدر [مک] یا [مق] پر مشـــتمل ھیں۔

ان الفـاظ میں بہ ترتیب [ق]، [ک]، [غ]، [گ] اور [ش]، [چ] کا صـوتی تواتر زیادہ ھے، بعض اوقات ایک ھی لفظ میں دو دو تین تین بار یہ آوازیں آتی ھیں۔ ان میں [ک]، [گ]، [چ]، [ش] کی آوازیں تو فارسی میں بھی ھیں مگر [ق] اور [غ] اس کے لیے نامانوس ھیں، یہ سامی زبانوں کا حصہ ھیں اور عربی الفاظ کی ادائیگی کے لیے فارسی میں ان کی گنجائش پیدا کی گئی ھے۔

جو لوگ جدید ترکی سے تھوڑی بہت واقفیت رکھتے ھیں انہیں یہ اعتراض ھوسکتا ھے کہ [ق] اور [غ] کی آوازیں سرے سے اس میں ھیں ھی نہیں، لیکن صحیح یہ ھے کہ جدید ترکی ان تورانی بولیوں کی نمائنـــدگی نہیں کرتی جو زمانۂ قدیم میں فارسی اور عربی علاقوں میں رائج تھیں۔ ترکی زبان آج بھی روس، چین، عراق، ایران اور یوروپ کے سابق ترکی حصوں کے اکثر علاقوں میں رائج ھے۔ اور ھر جگہ اس کی شکل ایک جیسی نہیں، خود ترکی میں بھی آج جو زبان رائج ھے وہ دولت عثمانیہ کی دین ھے اور متعدد سلجوقی بولیوں کا مرکب ھے۔ سنہ ۱۹۲۸ء سے پہلے یہ عربی رسم خط میں لکھی جاتی تھی، اس سنہ میں پہـلی بار اتاترک نے اس کو عربی سے لاطینی رسم خط میں تبدیل کیا۔

اتاترک اور ان کے ساتھیوں کا لاطینی رسم خط اپنانے میں علمی اور سیاسی سطح پر جو کچھ مقصد ھو، مگر صوتی اعتبار سے ان کا بڑا اعتراض یہ تھا کہ عربی حروف ترکی آوازوں کی صحیح ترجمانی نہیں کرتے، بعض اوقات ایک عربی حرف ایک سے زیادہ

...ازوں کی غائندگی کرتا ہے۔ مثلاً [ک] ترکی میں حسب ذیل چار ترکی آوازوں
...ن ترجمانی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

۱۔[ک] = [ک] جیسے ویرمک = ویرمک
۲۔[ک] = [گ] جیسے کلمک = گلمک
۳۔[ک] = [ن] جیسے ینکی = ینی
۴۔[ک] = [ی] جیسے بک = بے

حالانکہ سچ پوچھیے تو اس میں عربی حروف کا کوئی قصور نہیں ایک [ڭ]
و چھوڑ کر دیگر ساری آوازوں کے لیے عربی میں الگ حروف موجود ہیں، یہ خود
رکی کی اس کی اپنی صوتی خصوصیت ہے جس کی صحیح ترجمانی کسی بھی حروف کے
ں میں نہیں۔ چنانچہ موجودہ لاطینی رسم خط کے متعلق بھی یہ دعوا نہیں کیا جا سکتا
وہ ترکی کی ان صوتی خصوصیات کی ترجمانی کا حق ادا کرتا ہے۔ اس میں بھی آج
[g] تین مختلف حالتوں میں تین مختلف آوازیں دیتا ہے۔

۱۔ لفظ کے آخر میں ہو تو [g h] کی آواز
۲۔ نرم مصوتہ (Soft vowel) کے بعد آئے تو گلائڈ (glide) [y] کی آواز
۳۔ نرم مصوتہ سے پہلے آئے تو نیم مصوتہ (Semi vowel) [y] کی آواز

بہر حال جدید ترکی کا صوتی ڈھانچا جو کچھ ہو، تورانی بولیاں جب فارسی کے
بط میں آئیں تو اس وقت یہ ترکی نہ تھی۔ بلکہ اویغور (Uyghur) ترک کے ان
بیلوں کی زبان تھی جو آٹھویں اور نویں صدی عیسوی میں عام طور پر مستعمل تھی۔
ر ترکی زبان اس وقت بھی شمالی سامیوں کے عربی رسم خط میں لکھی جاتی تھی۔ اور
س میں [ق]، [غ] کی آوازوں کی موجودگی کا ثبوت ملتا ہے فارسی والوں کے
یے ان آوازوں کی ادائیگی مشکل تھی۔ لہذا یہ امر بھی ترکی الفاظ یا اس کے اثرات
کو زیادہ سے زیادہ اپنانے میں یقیناً مانع رہا ہوگا۔

(۸)

اردو میں ترکی الفاظ پر اب تک تین اہم مقالے نظر سے گزرے ہیں، ڈاکٹر محمد صابر کا «اردو میں ترکی ومنگولی الفاظ»، ڈاکٹر اکمل ایوبی کا «اردو میں ترکی زبان کے الفاظ» اور ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ کا «اردو زبان کا ترکی عنصر» ان تینوں میں مشترکہ طور پر جن ترکی الفاظ کی نشاندہی کی گئی ہے اور ان کے علاوہ بھی مذکورہ بالا بحث کی روشنی میں جن ترکی اثرات کی مزید نشاندہی کی جاسکتی ہے وہ سارے کے سارے اردو میں ترکی سے براہ راست نہیں آئے بلکہ اردو میں آنے سے سیکڑوں سال پہلے فارسی زبان کا ایک اہم حصہ بن چکے تھے اور فارسی ہی کے توسط سے اردو میں بھی آئے ہیں۔ اس لیے انہیں بھی ترکی اثرات کی بجائے فارسی اثرات کا ہی ایک حصہ سمجھنا چاہیے۔

دوسرے الفاظ میں اس کا مطلب یہ ہوا کہ ترکوں نے سیکڑوں سال ہندوستان پر حکومت کرنے کے باوجود ہندوستانیوں کو اور قوموں کی طرح اپنے رنگ میں رنگنے کی کبھی کوشش نہیں کی۔ بلکہ ہندوستانی تمدن نے انہیں اس قدر اپنا گرویدہ کرلیا تھا کہ وہ «ترک» سے «ہندو» ہوگئے۔

ہندواں را زندہ سوزند اینچنیں مردہ مسوز
بندہ خسرو را کہ ترک است آخر وہندوی تست

حوالے

۱۔ ڈاکٹر جولیس جرمانس: ترکوں کی اسلامی خدمات اور ان کی زبان وادبیات، ص ۱۸-۲

۲۔ ڈاکٹر محمد عزیر: دولت عثمانیہ جلد اول، ص ۹-۱

۳- M. Philips Price: A History of Turkey. PP. 32-42

۴- Max Muller: The Science of Language, PP. 301-304

۵- شبلی نعمانی: شعر العجم جلد چہارم ص ۲۶۴-۲۵۶

۶- Maurice Leroy: Main Trends in Modern Linguistics PP. 5-9

۷- Encyclopaedia Britanica Vol 22, PP. 399-400

۸- علی بہادر خان: ترکی زبان

۹- Dr. Abdul Hafiz Akmut: A Grammar of Modern Turkish, Part, 1. PP. 1-5

۱۰- اردو دائرہ معارف اسلامیہ: دانش گاہ پنجاب لاہور، جلد ۴- ص ۲۳۳-۵۴

۱۱- اردو نامہ، شمارہ ۱۳، جولائی ستمبر ۱۹۶۳، ترقی اردو بورڈ کراچی

۱۲- معارف اعظم گڈھ، دسمبر ۶۹ ع

۱۳- معارف اعظم گڈھ، اپریل ومئی ۱۹۷۰ع

بھوپالی اردو

ڈاکٹر گیان چند

زبان اور بولی کی تعین بڑی مشکل ہوتی ہے بالخصوص اردو جیسی زبان کے معاملے
ہیں جیسے اہل لسانیات کھڑی بولی کا ایک روپ اور ہندی کو دوسرا روپ مانتے ہیں۔
س میں شک نہیں کہ اردو ہی نے کھڑی بولی کو سنوارا اور نکھارا۔ اس نے استواری
کے ساتھ اپنا دامن کھڑی بولی سے وابستہ رکھا لیکن ہندی نے ہرجائی پن کے ساتھ ہر
رف دام ڈالا چنانچہ وہ آج بہاری سے لے کر راجستھانی تک کو اپنے کنبے میں
ول کی داعی ہے۔ مجھے صحیح معلوم نہیں کہ اردو میں بھی بولیاں ہیں۔ بولیاں نہیں
ذیلی بولیاں ضرور ہیں اور یہ ذیلی بولیاں مختلف مقامات کی اردو کے علاقائی
پ ہیں۔

معیاری زبان کسی زبان کی کئی بولیوں میں سب سے اہم بولی ہوتی ہے۔ اس کا نام
عیاری زبان کی بجائے معیاری بولی ہوتا تو صحت کا حق زیادہ ادا ہوتا۔ معیاری زبان کی
یک شرارت یہ ہے کہ یہ بولیوں کے علاقے میں بھی شہروں یا کم از کم پڑھے لکھوں
ی مجلس سے بولی کو باہر ڈھکیل کر خود اس کی جگہ لے لیتی ہے لیکن اسے اس
منہ مخالفانہ کی کچھ قیمت دینی ہوتی ہے جو یہ ہے کہ اسے متعلقہ بولی سے اثر قبول
رنا ہوتا ہے۔ اسی متاثر روپ کو ہم "پنجابی اردو"، "بمبئی کی اردو" کہتے ہیں۔

کھڑی بولی یا ہندوستانی یا اردو نے اسی طرح مختلف شہری مرکزوں میں اپنا ڈیرا
ڈالا ہے ان میں سے کچھ زیادہ اہم ہیں اور ان میں سے ایک بھوپال ہے۔ یہاں کی
دفتی زبان کو ہم اردو کی بھوپالی ذیلی بولی یا اختصار کے ساتھ "بھوپالی اردو" کہہ سکتے

ہیں۔ یہ پڑوس کے قصبوں مثلاً سیہور، رائےسین، بیگم گنج وغیرہ میں بھی بولی جاتی ہے۔ بھوپال مالوے کا جزو ہے گو بندیل کھنڈ کے ڈانڈے کو بھی چھوتا ہے مالوے کا مرکزی حصہ بکرماجیت کے اجیّن، راجہ بھوج کے دھار، باز بہادر کے مانڈو اور اھلیہ بائی کے اندور پر مشتمل ہے لیکن روایت کے مطابق بھوپال بھی دھار والے راجہ بھوج کا بسایا ہوا بھوج پال ہے۔

اس علاقے کی بولی مالوی ہے جو راجستھانی کی ایک ذیلی بولی ہے۔ یہاں کے ہندو سیٹھوں کی پگڑی اور ان کی عورتوں کا لباس بھوپال اور راجستھان کی مماثلت کے شاھد ھیں۔ یہ وسیع علاقہ اردو کا نہیں لیکن جس طرح ریگستان کے بیچ نخلستان ہوتا ہے اسی طرح مالوی کے سمندر میں بھوپال اور چند دوسرے قصبے اردو کے جزیرے ھیں۔ شہر سے قصبات اور قصبات سے دیہات کی طرف کو جائیے، بتدریج اردو کا اثر کم اور مالوی کا اثر زیادہ ہوتا جاتا ہے۔ بھوپال میں بھی نچلے طبقے کے ھندو مثلاً دودھ والے، بھوئی (کہار) وغیرہ اردو پر مالوی کی تہہ چڑھا کر بولتے ھیں۔ بھوپال بمبئی کی نسبت دلّی سے قریب تر ہے لیکن تہذیبی اور تجارتی تعلقات بمبئی سے زیادہ ھیں اس لیے بھوپال کی زبان کسی قدر بمبوی اردو سے بھی متاثر ہے یعنی بھوپال کی زبان وہ اردو ہے جس پر تھوڑا تھوڑا مالوی، بندیلی اور بمبئی کی ہندوستانی کا اثر ہے۔ اھل بھوپال کو اس کا شعور نہ ہوگا لیکن یوپی سے آنے والوں کو معیاری اردو سے اختلافات بادی النظر ھی میں دکھائی دیے جاتے ھیں۔ انھیں اختلافات کا نام بھوپالی اردو ہے۔ ان میں سے خاص خاص یہ ھیں:

صوتی

۱۔ یائے لین کو یائے مجہول بولنا مثلاً ضمیر متکلم «میں» اور «پیسہ» کو فتحۂ اوّل کی بجائے کسرۂ اول سے ادا کرنا جس سے ضمیر «میں» کی آواز حرف جار «میں» جیسی ہوجاتی ہے۔ یہ نزلہ انگریزی الفاظ پر بھی پڑتا ہے مثلاً وَیسٹ (west)

بمعنی مغرب کو 'waste' بمعنی برباد کرنا کے ہم آواز کردیتے ہیں۔

۲۔ واؤ لین کو واؤ مجہول بنادینا مثلاً "سَو" بمعنی صد کو فتحۂ اوّل کی بجائے پیش سے "سُو" بولتے ہیں۔ حرفِ عطف اَور کو پیش کے ساتھ ہندی لفظ "اور" بمعنی طرف کا ہم آواز کردیتے ہیں۔

۳۔ کہا۔رہا کی وسطی "ہ" کو "ی" سے بدل کر فتحۂ اوّل کی جگہ کسرۂ اوّل سے بولتے ہیں یعنی کِیا۔رِیا (یائے معروف کے ساتھ)۔ دلّی کی کرخنداری اردو اور مغربی یوپی کی بولی میں بھی ان الفاظ کو مسخ کرتے وقت "ہ" کی جگہ "ی" رکھ دی جاتی ہے لیکن وہاں "ی" ماقبل مفتوح بولی جاتی ہے جب کہ بھوپال میں ماقبل مکسور۔

۴۔ مصمّتوں پر ختم ہونے والے بعض الفاظ کے آخر میں الفِ زاید کا اضافہ کردیتے ہیں مثلاً بیجا (بیج)۔ پیڑا (پیڑ)۔ دوبا (دوب) آخری "آ" کا رجحان یہاں تک ہے کہ باسی کو باسا کہتے ہیں۔

۵۔ چند دوسرے الفاظ کا مخصوص بھوپالی تلفّظ ملاحظہ ہو:

شعر میں "ع" کی آواز یائے مجہول کی ہے لیکن بھوپال میں اسے یائے لین سے بولتے ہیں مثلاً اظہر سعید خاں بھوپالی اپنے مصرع "بھلا یہ شِعر تمہیں کیوں پسند آئیں گے" میں شِعر کو بہ قافیۂ خَیر بولتے ہیں۔

اسی طرح محلہ میں "م" پر پیش ہے لیکن بھوپال میں "م" اور "ح" دونوں کو فتحتین سے اس طرح بولتے ہیں کہ "محلہ" کے ابتدائی تین حرفوں کی آواز لفظ "محل" جیسی ہوجاتی ہے۔ "پَٹّھا" معنی دفتی یا گتّا کو یہاں زبر کی بجائے ضمّ اوّل سے "پُٹّھا" بولتے ہیں۔ "پتّھر" کو دکنی انداز سے "پھتّر" کہتے ہیں۔

نحوی

یہاں تعظیمی ضمیر حاضر "آپ" کے ساتھ فعل کے وہ صیغے استعمال کرتے ہیں جو

«تم» کے ساتھ بولے جاتے ہیں۔ مثلاً «آپ ایسا کرو» (بجائے آپ ایسا کیجیے)۔ آپ تو کھانا کھاؤ (بجائے کھائیے)۔

معنوی

اسے ہم تین شقوں میں دیکھیں گے:

(الف)۔ کچھ مقامی الفاظ ایسے ہیں جو معیاری اردو میں بھی پائے جاتے ہیں لیکن بھوپال میں ان کے معنی قدرے مختلف ہیں مثلاً:

بائی — معیاری اردو میں بائی جی محض طوائفوں کے لیے مخصوص ہے لیکن یہاں محض عورت کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ کسی بھی عورت کو بائی یا بائی جی کہہ کر خطاب کرسکتے ہیں۔ بھوپال میں اس لفظ کی کثرتِ استعمال مہاراشٹر کا اثر ہے۔

بُوا — بھوپال میں خادمہ کے معنی میں آتا ہے۔ مسلمان ملازماؤں کو بوا کہا جاتا ہے۔ یو پی کے ہندوؤں میں یہ لفظ باپ کی بہن کے لیے استعمال ہوتا ہے اور مسلمان خواتین برابر والیوں کو بوا کہہ کر خطاب کرتی ہیں مثلاً جان صاحب کا شعر ہے:

کارخانے میں ہے قدرت کے کسے دخل بوا   بچہ تم پہلے جنیں، بیاہ ہوا میرے بعد

دادا — معیاری اردو میں باپ کے باپ کے لیے مخصوص ہے۔ بنگال میں بڑے بھائی کو کہتے ہیں۔ بھوپال میں کسی بھی بڑے کو کہہ سکتے ہیں خواہ وہ عمر کے لحاظ سے بڑا ہو یا مرتبے کے لحاظ سے۔ بمبئی میں اس لفظ کے معنی اس طرح گر گئے ہیں کہ غنڈے بدمعاش کو کہتے ہیں۔

کھیرا اور ککڑی — شمالی ہند میں جسے کھیرا کہتے ہیں اسے بھوپال میں ککڑی اور جسے شمال میں ککڑی کہتے ہیں اسے یہاں کھیرا بولتے ہیں۔ بھوپال میں کھیرے (مقامی زبان میں ککڑی) لوکی کی طرح بڑی جسامت کے ہوتے ہیں اور اس کے باوجود کچے اور نرم رہتے ہیں۔ لکھنؤ کی پھل والیاں ککڑی کی

توصیف میں ھانک لگاتی تھیں۔

«لیلیٰ کی انگلیاں ھیں، مجنوں کی پسلیاں ھیں، کیا خوب ککڑیاں ھیں»

وہ بھوپال کی فربہ ککڑیوں (یعنی ہماری زبان میں کھیروں) کا ڈیل ڈول دیکھیں تو سر پیٹ لیں یا غش کر جائیں۔

پپیتے کو یہاں «ارنڈ ککڑی» کہتے ھیں۔ اگلے زمانے میں یوپی میں اسے ارنڈ خربوزہ کہا جاتا تھا۔

خاں — نون غنہ کے ساتھ اردو میں تنہا استعمال نہیں ہوتا۔ خاں صاحب کہتے ھیں یا نون کے اعلان کے ساتھ سرحد کے پٹھانوں کو «خان» کہہ کر پکار لیتے ھیں۔ بھوپال چونکہ پٹھانوں کی بستی ہے اس لیے یہاں نون غنّہ کے ساتھ «خاں» «ارے خاں» اور «کیوں خاں» (عجلت میں «کوں خاں») کہہ کر خطاب کرنے کا عام دستور ہے۔ اس میں پٹھان کی کوئی تخصیص نہیں۔ ہندو کو بھی ارے خاں کہہ کر مخاطب کیا جاسکتا ہے۔

کاریگر — یہاں معمار کے معنی میں مخصوص ھے اور اس کے سہال کو «گولہ» کہتے ھیں۔

مال — سیمنٹ اور ریت کو ملاکر بنائے ہوئے گیلے مسالے کو کہتے ھیں

کچرا بمعنی کوڑا۔ اس معنی میں یہ لفظ غالباً مہاراشٹر میں بھی بولا جاتا ہے۔

قند بمعنی چینی۔ یہ مانا کہ فارسی میں اس لفظ کے معنی شکر ھیں لیکن بھوپال میں کارخانے کی دانے دار چینی کو قند کہا جاتا ہے۔

جھاڑ — معیاری اردو میں جھاڑی کا مکبّر ہے یعنی کانٹے دار یا بدنما یا سوکھی جھاڑی۔ بھوپال میں کسی بھی پودے کو کہتے ھیں مثلاً چمیلی کا جھاڑ۔

مٹکا — معیاری اردو میں مٹکا اتنے بڑے گھڑے کو کہتے ہیں جس میں آدمی گھس کر بیٹھ سکتا ہے لیکن بھوپال میں ہر گھڑے کو مٹکا کہتے ہیں خواہ وہ کتنا ہی چھوٹا کیوں نہ ہو۔

عمدہ — یہ لفظ یہاں مخصوص انداز سے «بہت اچھے» کے معنی میں استعمال ہوتا ہے مثلاً

الف — «یہاں کیسے بیٹھے ہو»

ب — «عمدہ بیٹھے ہیں»

یا

الف — «ٹیکسی تو ملی نہیں تانگہ لے آیا ہوں»

ب — «عمدہ»

کنے — (پاس) مثلاً اُس کنے یا اس کے کنے۔ قدیم اردو میں یہ لفظ عام تھا۔ اب بھوپال کے علاوہ رام پور میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ اتفاق سے دونوں پٹھانوں کی بستیاں ہیں۔

بتانا — معیاری اردو میں اس کے جو معنی ہیں بھوپال میں اس معنی میں تو استعمال ہوتا ہی ھے اس کے علاوہ یہاں «دکھانا» کے معنی میں بھی بولا جاتا ھے مثلاً «فوٹو ذرا مجھے تو بتاؤ»

اس معنی میں یہ لفظ بھوپال سے بمبئی تک مستعمل ھے۔

چلے گا — بمعنی «کام میں آئے گا»۔ «راس آجائے گا»۔ مثلاً

الف۔ «امرود ذرا کچا ھے»

ب۔ «چلے گا» (یعنی کوئی مضائقہ نہیں، اسی کو کھا لیں گے)

یا

الف۔ «دیکھیے یہ مکان کرایے پر مل سکتا ھے لیکن بہت چھوٹا ھے»

ب۔ "سب چلیے گا" (یعنی اسی پر اکتفا کرلیں گے)
یہ بھی بمبئی کا محاورہ ہے جو بھوپال نے مستعار لے لیا ہے اور اب تو شمالی ہند کی طرف بھی بڑھتا جا رہا ہے۔

پٹکنا — معیاری اردو میں کسی چیز کو اوپر سے اٹھا کر زور سے زمین پر دے مارنے کو کہتے ہیں۔ بھوپال میں محض "رکھنے" کو کہتے ہیں۔ شدت یا تشدد کا کوئی شائبہ نہیں مثلاً "دیگچی چولھے پر پٹک دو" کے معنی "دیگچی چولھے پر رکھ دو"۔

مچانا — سیمنٹ کے مسالے یا گارے کو بھگو کر معمار کے استعمال کے لیے تیار کرنا مثلاً "مال مچالو" یعنی سیمنٹ اور ریت کو پانی میں ملاکر مسالہ بنا لو۔ معیاری اردو میں شور اور اس کے ہم معنی الفاظ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے مثلاً شور مچانا، غل مچانا، ہلّڑ مچانا۔

دودھ کھانا — یہاں دودھ کے لیے پینے کے علاوہ کھانا بھی بولا جاتا ہے مثلاً بابو جی میرا دودھ بہت گاڑھا ہے۔ ایک دن کھا کر دیکھیے۔

(ب) کچھ مقامی الفاظ ایسے ہیں جو ہیئت اور معنی دونوں کے لحاظ سے معیاری اردو کے الفاظ سے کافی ملتے ہیں لیکن کسی قدر مختلف بھی ہیں مثلاً۔

ممّا (عوام میں ایک تعظیمی خطابیہ لفظ ہے جو ظاہر ہے ماما یعنی ماموں سے بنا ہے)۔ پٹیا (فرش لگانے کے پتّھر کے تختیے)۔ نفری (ایک آدمی کا ایک دن کا کام یعنی man-day)۔ چُنَیٹی (چونا دانی)۔ سُوجا (سُوا یعنی بڑی سوئی جس سے بوری سیتے ہیں)۔ ملواتی (چھوٹی مولی)۔ بھٹّا (بینگن)۔ چُھٹّا یا چُھٹّے (ریزگاری)۔ کھلیے۔ (ریزگاری)۔

(ج) کچھ مقامی الفاظ ایسے ہیں جو معیاری اردو میں بالکل نہیں ملتے مثلاً بیا۔ یہ

بانی کا مصغّر ہے اور لڑکی کے معنی دیتا ہے۔ لڑکی کو بیا کہہ کر خطاب بھی کرسکتے ہیں۔ نواب حمید اللہ خاں مرحوم کی دو صاحبزادیاں چھوٹی بیا اور بڑی بیا کے لقب سے مشہور تھیں۔

بندھانی (مرد مزدور)۔ **ریزہ** (عورت یا لڑکا مزدور جن کی مزدوری کم ہوتی ہے)۔ **دھاڑی** (ایک دن کی مزدوری) یہ لفظ پنجابی سے لیا گیا ہے۔ **پگار** (تنخواہ) یہ لفظ مراٹھی سے آیا ہوگا۔ **پٹیل** (گاؤں والوں کے لیے تعظیمی خطابیہ لفظ جیسے شمالی ہند میں چودھری کہتے ہیں) بھوپال سے لے کر گجرات تک گاؤں کے مکھیا یا پردھان کو پٹیل کہتے ہیں۔ یہ لفظ گجراتی سے مستعار ہونا چاہیے۔ **ڈوکرا** (بوڑھا)۔ ابتدائی اردو میں جو صوفیائے کرام کے کچھ فقرے ملتے ہیں ان میں کسی بزرگ کی زبانی "پڑھ ڈوکرے" کہا گیا ہے۔ انھوں نے کسی لڑکے کو مزاحاً یا دعا کے طور پر بوڑھا کہا تھا۔ ڈوکری یا ڈکریا (بڑھیا)۔ **کھکھا** (خالہ)۔ **برونی** (ملازمہ خاص طور سے برتن مانجھنے والی)۔ **بھونی** (کہار)۔ **بٹلا** (مٹر)۔ **گنڑیری** (لوکی)۔ **گلکی** (تُرئی یا توری)۔ **روسے کی پھلی** (لوبیے کی پھلی)۔ **بیہی** (امرود) اس کی جمع بیہیں یا بیئیں آتی ہے۔ تُور یا توھر (ارہر)۔ **راج گیرا** (چولائی جس کے لڈو بنتے ہیں)۔ **پسی** (گیہوں) اِس کی وہاں دو قسمیں مشہور ہیں دیسی پسی یعنی سفید رنگ کا گیہوں جو گھٹیا ہوتا ہے اور شربتی پسی جو ہلکے سرخ رنگ کا اور بڑھیا ہوتا ہے۔ **مہی** (چھاچھ)۔ **بھجرے** (نورتے یعنی جَو کے چھوٹے پودے)۔ شمالی ہند میں دسہرے کی رسم میں بہنیں انھیں بھائیوں کے کانوں پر رکھتی ہیں۔ بھوپال میں برسات میں کسی تقریب میں کام میں آتے ہیں۔ **گُٹکا** (سونف الائچی کی طرح تواضع کا ایک خوش رنگ بنایا ہوا دانہ)۔ ہندی میں گٹکا جادو کی شے کو کہتے ہیں (ملاحظہ ہو رانی کیتکی کی کہانی میں) یا پھر چھوٹی کتاب کو بھی کہتے ہیں۔ **چلّر** (ریزگاری)۔ **غٹا** (پتھر کا ٹکڑا جو پھینک کر مارا جائے)۔ **کویلوُ**۔

یائے مجہول اور آخری واؤ معروف کے ساتھ (کھپریل)۔ پُھدّی (بیڈ منٹن کھیلنے کی پروں کی چڑیا)۔ پنجابی میں اس کے معنی شرم گاہ کے ہیں۔ سدیں۔ یائے مجہول کے ساتھ (تڑکے)۔ ھیٹنا۔ یائے معروف سے (کھینچنا)۔

(د)۔ محاورں میں صرف تین یاد آتے ہیں۔

پیٹوں پر آجانا یعنی کنگال ہوکر اپنی اوقات پر آجانا۔ اس کی اصل یہ ھے کہ بھوپال میں مکانوں کے باہر دو پتھر رکھ کر اُن کے اوپر پتھر کا بڑا سا تختہ رکھ دیتے ہیں جو ایک قسم کی عوامی بنچ کا کام کرتا ہے۔ اس پر بیٹھ کر خوش گپیاں کرتے ہیں۔ صوفے اور کرسی سے گر کر پیٹوں پر بیٹھنا فلاکت کی نشانی ہے۔

جنّت کی چڑیاں۔ (ہیجڑے)

برّو کاٹ بھوپالی۔ برّو میں واؤ معروف ہے۔ بھوپال میں اس لفظ کے معنی ہیں سرکنڈہ جس کے قلم بنائے جاتے ہیں۔ انیسویں صدی کی ابتدا میں بھوپال علاقے میں بیہڑ کا عالم تھا جگہ جگہ سرکنڈے اُگے ہوئے تھے۔ شروع شروع میں جو پٹھان یہاں آکر آباد ہوئے انہوں نے سرکنڈوں کو کاٹ کر زمین صاف کی۔ ان نو آبادیاتی مقتداؤں کو برّو کاٹ بھوپالی کہتے ہیں یعنی قدیمی بھوپالی جن کے اجداد نے یہ بستی بسائی تھی۔

بھوپال نے اردو کو مشہور مزاح نگار ادیب ملّا رموزی دیا۔ انہوں نے گلابی اردو تو بہت لکھی لیکن بھوپالی روز مرّے کو مزاح کا موضوع نہ بنایا۔ اس کے لیے کسی «انشا» کی ضرورت تھی جو بھوپالی «میر غفر غینی» کی زبانی یہاں کے عوامی روز مرّے کا لطف پیش کرتا۔ حیدر آبادی اردو کی ظریفانہ تخلیقات پڑھنے میں آتی ہیں۔ بھوپالی اردو میں بھی اسی رنگ ڈھنگ کی چیزیں ممکن ہیں اور میں نے ایک آدھ سنی بھی ہیں۔ کاش کوئی فرزندِ بھوپال اپنی بولی پر آپ ہی ہنسنے کا سامان فراہم کرسکے۔

سنت نام دیو اور اُن کی ہندوستانی شاعری

یونس اگاسکر

مہاراشٹر میں بھکتی تحریک کی بنا تیرھویں صدی میں پڑی۔ سنت گیانیشور اس تحریک کے بانیوں میں سے ہیں۔ اُنہیں مراٹھی سنت شاعری کا جدّ اعلا سمجھا جاتا ہے۔ سنت گیانیشور کے بعد جن سنتوں نے بھکتی تحریک اور سنت شاعری کا جھنڈا سنبھالا اُن میں سنت نام دیو پیش پیش تھے سنت نام دیو نے نہ صرف مہاراشٹر میں اس تحریک کا پرچار کیا بلکہ پنڈھرپور کے وِٹّھل کی بھکتی کے گیت ہندوستانی میں رچ کر شمالی ہند اور پنجاب کے بھکتوں کو جا سنائے۔ نام دیو کے سفر شمال اور اُن کے ہندوستانی پدوں کی وجہ سے شمالی ہند کی مذہبی تحریکوں پر جو اثرات مرتّب ہوئے ہیں، وہ ایک مستقل تحقیق کا موضوع بن سکتے ہیں۔ فی الوقت اُن کی ہندوستانی شاعری کا جائزہ لینا مقصود ہے۔

سنت نام دیو کی ہندی یا ہندوستانی شاعری کے زیادہ تر نمونے سکھوں کے «گرو گرنتھ صاحب» میں دستیاب ہوتے ہیں۔ گرنتھ صاحب میں سکھوں کے اپنے دھرم پرچارکوں کے علاوہ شمالی ہند کے کبیر، رامانند، سور داس اور جنوبی ہند کے نام دیو، ترلوچن، پرمانند کے ملفوظات بھی شامل ہیں۔ موخر الذکر تینوں سنت کوی مہاراشٹر کے باشندے اور پنڈھرپور کے وِٹّھل (جسے کرشن کا اوتار مانا جاتا ہے) کے بھکت تھے۔ ان میں نام دیو کے سب سے زیادہ یعنی اکسٹھ (٦١) «پد» گرنتھ صاحب میں شامل ہیں۔ ان «پدوں» کی زبان مراٹھی، پنجابی اور ہندوستانی (ہندی+اردو) کا ملغوبہ معلوم ہوتی ہے۔ بحریں اور راگ مراٹھی سے الگ ہیں لیکن اپنی روح کے اعتبار سے یہ «پد» مہاراشٹری «ابھنگوں» سے بہت قریب ہیں۔

گرنتھ صاحب کے اُس حصّے کو جس میں سنت نام دیو کے پد شامل ہیں، «بھگت نام دیو کی مُکھ بانی» کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس حصّے کا انگریزی ترجمہ ڈاکٹر ارنسٹ ٹرمپ کے اوّلین ترجمۂ گرنتھ صاحب (۱۸۷۷ء) میں شامل ہے۔ ڈاکٹر ٹرمپ نے اپنے طویل پُر مغز مقدمے میں گرنتھ صاحب کی زبان سے متعلق جو یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ قدیم پراکرت اور جدید بھاشاؤں کی خصوصیات سے مملو ہے، وہ نام دیو کی شاعری پر بھی صادق آتا ہے۔ نام دیو کی زبان کا مطالعہ اس لحاظ سے دلچسپ ثابت ہوسکتا ہے کہ اس میں پراکرت اور جدید اُردو یا ہندوستانی کی درمیانی کڑیاں ہاتھ لگ سکتی ہیں نیز پنجابی، مراٹھی اور دکنی کے مشترک عناصر کا بھی سراغ مل سکتا ہے۔[1]

مذکورہ بالا اکسٹھ پدوں کے علاوہ نام دیو کی ہندوستانی شاعری کے دیگر نمونے بھی پائے جاتے ہیں۔ ونے موہن شرما نے اپنی کتاب «ہندی کو مراٹھی سنتوں کی دین» میں مزید گیارہ پد پیش کیے ہیں۔ ترمبک ہری آوٹے کی مرتبہ «نام دیوا چی گاتھا» میں اُن کے کُل ۱۰۲ ہندوستانی پد شامل ہیں۔ راج نارائن موریہ کی مرتّبہ «سنت نام دیو کی ہندی پد اولی» میں تیرہ ساکھیاں اور ۱۳۰ پد شمول ہیں۔ یہ مجموعہ ڈاکٹر بھگیرتھ مشر کے عالمانہ مقدمے کے ساتھ ۱۹۶۴ء میں پونا یونی ورسٹی سے شایع ہوچکا ہے۔ راج نارائن موریہ کے خیال میں مہاراشٹر، اترپردیش، پنجاب اور راجستھان میں تلاش کرنے پر نام دیو کے مزید پد یا اُن کی شاعری کے نمونے دستیاب ہوسکتے ہیں۔[2] وانکھیڈے گروجی نے اپنی ہندی کتاب «سنت نام دیو تتھا اُن کا ہندی ساہتیہ» میں مختلف ماخذات کی مدد سے اُن کے کل ۲۸۵ پد پیش کیے ہیں۔[3]

۱- نام دیو کے دو سو سال بعد ایکناتھ اور تکارام کے زمانے (پندرھویں صدی) میں اسی زبان کا کینڈا اس حد تک ہندوستانی ہوچکا تھا کہ جسٹس راناڈے نے ان سنتوں کی ہندوستانی کو تا کو «اردو» کہنے میں کوئی ہچکچاہٹ محسوس نہیں کی ہے: دیکھیے: Rise of the Maratha Power by M. G. Ranade—P. 91.

۲- संत नामदेव की हिन्दी पदावली : सं. राजनारायण मौर्य P. 34

۳- संत नामदेव तथा उनका हिन्दी साहित्य : कृ. गो. वानखेडे. १९७०

سنت نام دیو ۲۶ اکتوبر ۱۲۷۰ء (کارتک شُدھ اِکادشی شک ۱۱۹۲) کو پنڈھرپور کے مقام پر پیدا ہوئے۔ خاندانی پیشہ خیّاطی تھا اور اُن کے گھرانے میں وٹھل بھکتی کی روایت بھی چلی آتی تھی۔ نام دیو نے پہلی روایت کو تو برقرار نہیں رکھا تاہم اُن کی شاعری میں بھی کبیر کی طرح پیشہ ورانہ اصطلاحات کا استعمال پایا جاتا ہے۔ اُنہوں نے شمال کا سفر کب اور کیسے کیا، اس کے بارے میں یقینی طور پر کچھ نہیں کہا جاسکتا۔ اُن کے ابھنگوں میں اُن کی ذاتی زندگی سے متعلق اشارے ملتے ہیں لیکن ہندوستان کے سفر پر کوئی واضح روشنی نہیں پڑتی۔ نیز اُن کے حالات ومعجزات سے مملو پدوں سے متعلق محقّقین کا نظریہ یہ ہے کہ وہ نام دیو کی موت کے بعد دوسرے بھکتوں نے کہہ کر اُن کے نام سے منسوب کردیے ہیں۔ پنجابی میں گیانی خزان سنگھ کی تحریر کردہ «برھم گیانی نام دیو جی مہاراج کی جنم ساکھی» اور بابا پورن داس کا لکھا «سری سوامی نام دیو جی» نامی گرنتھ ملتا ہے لیکن ان دونوں کتابوں میں بیان کردہ تفصیلات اکثر سنی سنائی باتوں پر مشتمل ہیں۔ ایک مراٹھی محقّق ونقّاد شن گو تُلپُلے کے نزدیک بابا پورن داس کے «چرتر» میں صرف دو بیانات صحیح ہیں۔ ایک تو یہ کہ نام دیو کا جنم استھان پنڈھر پور ہے اور دوسرے اُن کی زندگی کا بیشتر حصّہ مہاراشٹر میں گذرا۔ باقی تفصیل سوانح نگار کی خیال آرائی کا نتیجہ ہے[1]۔

جہاں تک پنجاب میں نام دیو کے قیام وتبلیغ کا تعلق ہے، تُلپُلے صاحب کو اس میں انکار کی گنجائش نہیں نظر آتی۔ اُن کے نزدیک نام دیو نے تقریباً بیس سال تک پنجاب میں بھکتی تحریک کا پرچار کیا[2] یونسکو کے زیر اہتمام مرتبہ «سکھوں کی مقدس تحریروں کا انتخاب» میں نام دیو کے قیام پنجاب کی مدّت دس سال بتائی گئی ہے[3]۔

---

۱ - पाच संत कवी : ले. शं. गो. तुळपुळे P. 134.

۲ - तुळपुळे P. 134 & 189.

۳ - Selections from the Sacred Writings of the Sikhs: Unesco P. 228.

نام دیو سے متعلق تعارفی نوٹ میں یہ جملہ درج ہے:

Namdev spent about ten years in the Punjab

نام دیو کا سال پیدائش ۱۲۷۰ء اور سال وفات ۱۳۵۰ء تسلیم کیا گیا ہے۔ انہوں نے سمادھی پنڈھرپور کے مقام پر لی تھی۔ اگر تُلپُلے صاحب کے اس خیال کو صحیح مان لیا جائے کہ نام دیو تقریباً بیس سال تک پنجاب (یا شمالی ھند) میں رہے تو یہ باور کرنا پڑے گا کہ وہ ۱۳۳۰ء سے پہلے ھی شمال کی طرف نکل گئے ہوں گے اور ۱۳۵۰ء کے لگ بھگ پنڈھرپور یا مہاراشٹر لوٹ آئے۔ پنجاب میں نام دیو کا قابل لحاظ مدت تک قیام اس لیئے بھی معتبر معلوم ہوتا ہے کہ وھاں اُن کی تعلیمات کا اثر آج بھی پایا جاتا ہے۔ وھاں سنت نام دیو سے منسوب ایک مندر «گُردوارہ بابا نام دیو جی» بھی موجود ہے جس کی بنیاد اُن کے ایک شاگرد بہور داس نے رکھی تھی اور جو سردار جسّا سنگھ رام گڑھیا کے ھاتھوں تکمیل کو پہنچا۔ میکس آرتھر میکالف نے اپنی کتاب «سِکھ رلِی جن» میں نام دیو کے قیامِ پنجاب، تبلیغ وتلقین اوز تعمیرِ مندر پر روشنی ڈالی ہے۔ وہ لکھتا ہے:

> Namdev visited the present district of Gurdaspur in the Punjab when fifty-five years of age. He first went to Bhattewal and dwelt beside a tank there, which is called Namiana in memory of him.—Namdev removed from Bhattewal, and took up his abode near another tank in a lonely forest. His presence there soon attracted cultivators, and the village of Ghumān gradually sprang up over the spot where he is supposed to have been cremated. A fine domed building was erected to his memory by Sardar Jassa Singh Ramgarhia; and the tank was repaired by Mai Sada Kaur, the mother-in-law of Maharaja Ranjit Singh. — His followers in the Gurdaspur district are of the same caste and occupation as himself, reverence the Granth Sahib, and in many respects resemble the Sikhs in their usages.
>
> *The Sikh Religion by Max Arthur Macauliffe Vol. VI, p. 39-40.*

شن پو ۔ جوشی نے اپنی مراٹھی کتاب « پنجاب کے نام دیو » میں ایم ۔ وی بھڈے کے مضمون « پنجاب میں نام دیو مسلک » کی مدد سے گھومان کے نام دیو پنتھیوں کا حال درج کیا ھے ۔ وہ لکھتے ھیں :

گھومان کی آبادی تقریباً دو ہزار نفوس پر مشتمل ھے ۔ اس گاؤں کی ساری آبادی نام دیو کے ماننے والوں کی ھے ۔ ہر سال یہاں ماگھ شدہ کی دوج کو یاترا ھوتی ھے کیونکہ پنجاب کے لوگوں کا خیال ھے کہ ماگھ شدہ پنچمی یعنی بسنت پنچمی کا دن نام دیو کا یوم پیدائش ھے ۔ پنجاب کے نام دیو بھگت گلے میں تلسی کے تنکوں اور پتوں کی مالا پہنتے ھیں ۔ پنجاب کے اکثر درزی نام دیو سے عقیدت رکھتے ھیں ۔ وہ جنیو پہنتے ھیں ، سَندھیا کرتے ھیں اور ماں باپ کا شرادھ بھی کرتے ھیں ۔ سبھی نام دیو پنتھی لمبے لمبے بال نہیں رکھتے ۔ بہت سے ڈاڑھی مونچھ بڑھاتے اور سر مُنڈاتے ھیں اور کچھ سنیاسیوں کی طرح چار ابرو کا صفایا بھی کرتے ھیں[1] ۔

مذکورہ بالا کھلی شہادتوں کے علاوہ خود نام دیو کی شاعری میں چند ایسی اندرونی شہادتیں موجود ھیں جن کی بنا پر ہم گرو گرنتھ کے نام دیو اور مراٹھی کے سنت کوی نام دیو کو ایک ہی شخصیت کے دو روپ ماننے پر مجبور ھیں ۔ ڈاکٹر سدرشن سنگھ مجیٹھیا نے اپنی کتاب « سنت ساہتیہ » میں ان شہادتوں کو اچھے ڈھنگ سے پیش کیا ھے ۔ ان کے اپنے الفاظ میں[2] ۔

(१) पहली बात तो यह है कि गुरु ग्रंथ साहिब के पदों से नामदेव के जीवनकालीन जिन घटनाओं का पता लगता है वे ज्ञानदेव कालीन नामदेव के जीवन में मिलने वाली घटनाओं से अभिन्न नहीं हैं। मूर्ति को दूध पिलाना, मन्दिर का द्वार पश्चिम की ओर करना, मृत गाय जिलाने के प्रसंग दोनों में ही समान हैं।

1 - पंजाबांतील नामदेव—ले : शं, पु. जोशी p. 44.

2 - संत साहित्य—ले : सुदर्शन सिंह मजीठिया p. 197.

२) दोनों के इष्ट देव विट्ठल हैं। उत्तर के किसी संत ने अपना इष्ट देव विट्ठल नहीं माना है। मराठी और हिन्दी पदों में समान रूप से विट्ठल शब्द का प्रयोग मिलता है।

३) मराठी और हिन्दी पदों में भाव भी समान ही हैं। साथ ही हरि, गोविंद, रामु, केशव, माधव आदि का समान रूप से प्रयोग हुआ है।

४) गुरु ग्रंथ साहिब में प्राप्त पदों में मराठी शब्द-विन्यास भी कहीं-कहीं मिलते हैं।

इस से यही प्रतिपादित होता है कि पंजाब के नामदेव और महाराष्ट्र के ज्ञानदेव कालीन नामदेव अभिन्न हैं।

اسی قسم کی اندرونی شہادتوں کے زور پر آچاریہ ونے موہن شرما[1]، شریمتی پدمنی راجے پٹ ور دھن[2]، ڈاکٹر بھگیرتھ مشر[3]، راج نارائن موریہ[4] وغیرہ نے مراٹھی کے سنت کوی نام دیو اور گرو گرنتھ صاحب کے نام دیو کو ایک ہی شخصیت تسلیم کیا ہے۔

مذکورہ شہادتوں کے علاوہ شمال کے هندی سنتوں کے هاں بھی نام دیو کی بزرگی کا عقیدت مندانہ ذکر ملتا ہے۔ ظاہر ہے کہ نام دیو کی تعلیمات کا اثر شمالی هند میں صرف دو ہی ذرائع سے پہنچ سکتا تھا ایک تو یہ کہ خود نام دیو نے شمالی هند میں اپنے خیالات کا پرچار کیا ہو یا پھر ان کے ماننے والوں نے ان کی تعلیم کو شمال میں پھیلایا ہو۔ دوسرے امکان کے بارے میں کوئی واضح ثبوت اب تک دستیاب نہیں ہیں۔ ایسی صورت میں پہلے امکان ہی کو قابل قبول سمجھا جائے گا۔ شمال کے جن سنتوں نے نام دیو کی عظمت کے گیت گائے ہیں ان میں کبیر، پی پا، دادُو دیال، رَےَ داس اور کمال جیسے باکمال بھکت بھی شامل ہیں۔ انہوں نے نام دیو کو گرو سمان مانا ھے۔ حقیقت یہ ھے کہ نام دیو نے سَگنُ بھکتی اور مورتی پوجا کے خلاف پرزور آواز اٹھائی تھی جس کی گونج شمال کے سنتوں کی شاعری میں بھی سنائی دیتی ھے۔ نام دیو کی

१ - हिन्दी को मराठी संतों की देन :
२ - भारतीय परंपरा आणि कबीर :
३ - संत नामदेव की हिन्दी पदावली :
४ - हिन्दी साहित्य में संतमत के आदि प्रवर्तक — संत नामदेव :

مراٹھی اور ہندوستانی شاعری میں ان کا یہ احتجاج قدم قدم پر نمایاں ھے:

पाषाणाचा देव बोलत भक्तातें।

सांगते ऐकते मूर्ख दोघे ।।

पाच संत कवी पृ. १५०.

हिन्दू पूजे देहुरा, मुसलमानणु मसीत

नामें सोई सेविआ जहँ देहुरा न मसीत

ना. हिं. पदावली, पद २०८.

شمال کے جن سنتوں نے نام دیو کا ذکر عقیدت مندانہ طور پر کیا ھے، ان کے پد شریمتی پٹ وردھن نے اپنی کتاب میں پیش کیے ھیں[1]۔ ان سب نے نام دیو اور کبیر کا ذکر ایک ہی انداز میں کیا ھے۔ اس سے اندازہ ھوتا ھے کہ شمال کی سنت شاعری اور تحریک پر نام دیو کا کتنا اثر ھے۔ نام دیو کی اسی بزرگی اور اوّلیت کی بنا پر بعض محققین نے انہیں ھندی سنت شاعری اور تحریک کے بانیوں میں سے تسلیم کیا ھے۔ خصوصاً فلسفۂ ھمہ اوست اور نِرگُن واد کے اولین کامیاب پرچارک شمالی ھند میں نام دیو ہی تھے۔ آچاریہ ونے موھن شرما اس سلسلے میں تفصیل سے بحث کرنے اور دلائل پیش کرنے کے بعد لکھتے ھیں[2]۔

"..... इसलिए हम उन्हें उत्तर भारत में निर्गुण भक्तिमत का प्रथम प्रचारक और प्रवर्तक तथा कबीर आदि संतों का पथ-प्रदर्शक मानते हैं।

شری راج ناراین موریہ نے بھی اسی خیال کا اظہار کیا ھے[3]:

निर्गुण भक्ति के लिए नामदेव और कबीर का ही नाम लिया जासकता है। नामदेव कबीर के पूर्ववर्ती होने के कारण संतमत के प्रारंभकर्ता कहे जाएँगे। अत: निःसंकोच रूप से यह स्वीकार किया जासकता है कि हिन्दी साहित्य में संतमत के आदि प्रवर्तक संतनामदेव हैं।

---

١ - भारतीय परंपरा आणि कबीर : सौ. पद्मिनीराजे पटवर्धन P. 227

٢ - हिन्दी को मराठी संतों की देन : आचार्य विनयमोहन शर्मा P. 130

٣ - हिन्दी साहित्य में संतमत के आदिप्रवर्तक – संत नामदेव : राजनारायन मौर्य P. 140.

نام دیو کی شاعری

گروگرنتھ صاحب میں مشمول نام دیو کے پدوں کو میکالف نے تین ادوار کی تخلیقات بتایا ھے۔ بچپن، جوانی اور پیری۔ اس کے اپنے الفاظ میں[1]۔

> They belong to three periods of his life — boyhood when he was an idolator, manhood when he was emancipating himself from Hindu superstition, and old age when his hymns became conformable to the ideas of religious reformers at the time, and to the subsequent teachings of the Sikh Gurus.

غالباً یہی وجہ ھے کہ ان کے پدوں میں تضاد خیال بھی پایا جاتا ھے۔ کہیں وہ بت پرستی کا پرچار کرتے نظر آتے ھیں تو کہیں سگُن بھکتی کے خلاف آواز اٹھاتے دکھائی دیتے ھیں۔ کبھی وحدت الوجود کا نظریہ پیش کرتے ھیں تو کبھی انیک دیوی دیوتاؤں کی حمد گاتے ھیں لیکن ان کی پوری شاعری کا بہ غور جائزہ لینے سے اندازہ ھوتا ھے کہ وہ بھی کبیر کی طرح نرگُن واد کے پرچارک ھیں اور خدا کے روپ کو کسی ایک مظہر میں قید نہیں سمجھتے:

हिन्दू पूजै वेहुरा, मुस्सलमाणु मसीत ।
नामे सोई सेविआ, जहं देहुरा न मसीत ।।

ھندو پوجے دیہُرا، مسّلمانُ مسیت
نامے سوئی سیویا، جنہہ دیہرا نہ مسیت

دیہرا = مندر، مسیت = مسجد، سوئی = وھی، اسی کو، سیویا = پوجتا ھے، جنہہ = جس کا، جیسے۔

(ھندو مندر کی پوجا کرتے ھیں تو مسلمان مسجد کی (میں) عبادت کرتے ھیں۔ نام دیو تو اسی کی پوجا کرتا ھے جو نہ مندر میں ھے نہ مسجد میں بلکہ ساری

1 — The Sikh Religion: by Max Arthur Macauliffe P. 40.

کاینات میں بسا ہوا ہے)

عمر کے ابتدائی دور میں نام دیو مہاراشٹر کی بھکتی تحریک وارکری پنتھ (वारकरी पंथ) سے بہت متاثر تھے۔ وارکری پنتھ سگن بھکتی کا قائل تھا۔ سن پختگی کو پہنچتے پہنچتے نام دیو کی فکری دنیا میں انقلاب آگیا۔ وہ ذرے ذرے میں خالق کاینات کا جلوہ دیکھنے لگے۔ شمال کے سنتوں کی طرح ان کا جھکاؤ بھی نظریہ وحدت الوجود کی طرف ہو گیا۔ انہیں ہر مظہر کاینات میں گووند سمایا ہوا نظر آنے لگا۔ گووند کے سوا ہر چیز حلقۂ دام خیال بن کر رہ گئی۔ ان کے نزدیک آب وحباب اور جل ترنگ یہ سب ایک ہی حقیقت کے مختلف روپ ہیں اور برہم کی لیلا کو ظاہر کرتے ہیں لیکن افسوس مایا کے جال میں گرفتار انسان اس کا ادراک نہیں کرسکتا :

एक अनेक बिआपक पूरक, जत बेखउ तत सोई ।
माया चित्र बिचित्र बिमोहित, बिरला बूझै कोई ।।
सभु गोबिंद है, सभु गोबिंद है, गोबिंदु बिनु नहीं कोई ।
जलतरंग और फेन, बुदबुदा, जलते भिन्न न कोई ।।

ایک انیک ویاپک پورک، جت دیکھت تت سوئی
مایا چتر وچتر وموہت، برلا بوجھے کوئی
سبھو گووند ہے، سبھو گووند ہے، گووند بن نہیں کوئی
جل ترنگ اور پھین، بُد بُدا، جل تے بھن نہ کوئی

ویاپک پورک = مکمل اور ادھورا، چتر وچتر = نئے نئے (روپ)، وموہت = موہ میں پھنسا، برلا = خال خال، بھن = الگ۔

(وہ ایک بھی ہے انیک بھی، مکمل بھی ہے اور جزو بھی۔ جہاں دیکھیے وہی سمایا ہوا ہے۔ مایا کے نرالے اور عجیب موہ میں انسان پھنس کر رہ جاتا ہے۔ اسے پہچاننے والے انسان خال خال ہی ہوتے ہیں۔ ہر جگہ گووند موجود

ہے ، گووند کے بغیر کوئی شے وجود نہیں رکھتی۔ جل ترنگ ، جھاگ اور بلبلہ یہ سب پانی سے الگ نہیں ہیں)

ذیل کے پد میں بھی اسی خیال کی بازگشت سنائی دیتی ہے ساتھ ہی وٹھل کا نام مہاراشٹر سے نام دیو کے تعلق کو بھی ظاہر کرتا ہے :

इभै बीठलु, उभै बीठलु, बीठल बिनु संसार नहीं।

थान थनंतरि नामा प्रणवै, पूरि रहिउ तूं सरब महीं॥

اِبھے بی ٹھلو ، اُبھے بی ٹھلو ، بی ٹھل بن سنسار نہین

تھان تھننتر ناما پرنوے ، پوری رہؤ توں سرب مہیں

اِبھے اُبھے = یہاں وھاں ، بی ٹھلو = وٹھل ، تھان تھننتر = ھر جگہ ، پرنوے = پرنام کرتا ہے ، پوری = سمایا ھوا ، سرب = کل۔ تمام ، مہیں = میں۔ اندر۔

(اِدھر بھی وٹھل ہے اُدھر بھی وٹھل ہے۔ وٹھل کے بغیر دنیا نہیں۔ نام دیو جگہ جگہ تجھے پرنام کرتا ہے کیونکہ تو ھر جگہ ، ھر شے میں سمایا ھوا ہے)۔

مایا اور وحدت الوجود کے نظریات کا تال میل نام دیو کی شاعری مین جا بجا نظر آتا ہے۔ ھندو فلسفۂ تخلیق کاینات کے مطابق اس دنیا کو محض کھیل تماشے کے طور پر خالق نے پیدا کیا ہے۔ نام دیو نے بھی اسی خیال کی عکاسی کی ہے اور ساتھ ھی خدا کو ھرجگہ حاضر وموجود (Omnipresent) بتایا ہے۔ میکالف کے خیال میں :

> Namdev's creed is the unity of God who is contained in everything and fills all creation. (The Sikh Religion, P..41).

نام دیو نے کاینات کے خالق اور دنیا کے پالن ھار کو مختلف ناموں سے یاد کیا ہے۔ ان کی شاعری میں وٹھل ، گووند ، رام اور کرشن جیسے مختلف اوتاروں سے

محبت وعقیدت کا اظہار پایا جاتا ہے۔

कहा करऊं जाति, कहा करऊं पाति।
राम का नाम जपऊं दिन राति॥

کہا کروں جاتی، کہا کروں پاتی
رام کا نام جپٹوں دن راتی

(مجھے ذات پات کے جھنجھٹوں سے کیا لینا دینا؟ میں تو دن رات راہ
کی مالا جپنے ہی میں مست ہوں)۔

ایک جگہ انھوں نے اپنے آپ کو اندھا اور بھگوان کے نام کو سہارا بنا کر بڑ
کی عاجزی کا اچھا نقشہ کھینچا ہے:

मैं अँधले की टेक तेरा नाम खुन्दकारा।
मैं गरीब मसकीन, तेरा नाम है आधारा॥
करीमा रहीमा, अल्लाह तूँ गनी।
हाजरा हजूर दर पेस तूँ मनी॥
तूँ दाना तूँ बीना, मैं विचारू कया करी।
नामे चे स्वामी बखसिंद तूँ हरी॥

میں اندھلے کی ٹیک تیرا نام خند کارا
میں گریب مسکین، تیرا نام ہے آدھارا
کریما، رحیما، اللہ تو گنی
حاجرا، حجور، درپیش توں منی
توں دانا، توں بینا، میں وچارو کیا کری
نامے چے سوامی، بخسند توں ھری

اندھلے = اندھے، ٹیک = لاٹھی، خند کارا = خداوندگار، گنی = غ
حاجرا حجور = حاضر وموجود، بخشند = بخشندہ۔

(مجھ اندھے کی لاٹھی تو تیرا نام ہے اور مجھ غریب ومسکین کو تیرے نام ہی کا آسرا ہے۔ اے کریم، رحیم، اللہ غنی تو ہر جگہ موجود اور میں ہر وقت تیرے سامنے ہوں۔ تو دانا وبینا ہے میں عاجز ولاچار ہوں۔ نامؔ دیو کی بخشش کرنے والا سوامی تو صرف ہری (خدا) ہی ہے)۔

نام دیو نے اپنے ایک مراٹھی پد میں یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ بھکتی کی حقیقت جاننے کے لیے نام دیو کے ابھنگوں کا مطالعہ کرو لیکن پہلے گیان اور پھر بھکتی کو تلاش کرو۔ اس میں شبہ نہیں کہ نام دیو کے پدوں میں گیان یعنی علم وحکمت کو سمونے کی کوشش جا بجا نظر آتی ہے مگر یہ پریم یا بھکتیٔ رس سے خالی نہیں ہیں۔ ان پدوں میں گیان اور بھکتی کا مدھرملن نظر آتا ہے۔ ذیل کے پدوں میں انھوں نے جپ (ورد) کو سارے دکھوں کا مداوا بتایا ہے اور خدا سے لو لگانے کو سب سے بہترین طریقۂ عبادت قرار دیا ہے:

हरि हरि करत मिटै सभि भरमा ।
हरि के नाम लै उत्तम धरमा ।।
प्रणवै नामा ऐसो हरी ।
जाके जपत मैं अपदा टरी ।।

ھری ھری کرت مِٹئے سبھی بھرما
ھری کے نام لَئے اُتّم دھرما
پرنَوئے ناما اَیسو ھری
جا کے جپت مَیں آپَدا ٹری

بھرما = بھرم، اُتّم = بہترین، پرنَوئے = پوجتا ھے، پرنام کرتا ھے، جا کے = جس کے، جپت = جپ، ورد، آپَدا = دکھ، مصیبت، ٹری = ٹلے، ٹلتی ھے۔

(ہری نام کا جپ کرنے سے سارے شک وشبہات کا خاتمہ ہوتا ہے اسی لیے ہری کا نام لینا بھکتی کا اعلا ترین درجہ ہے۔ نام دیو ایسے خدا کی عبادت کرتا ہے جس کا صرف نام لینے سے سارے دکھ درد ٹل جاتے ہیں)۔

نام دیو کی زبان

نام دیو کے ہندوستانی پدوں میں سنسکرت کے سبھی حروف صحیح وحروف علّت اپنی اصلی یا بگڑی ہوئی شکل میں نظر آتے ہیں۔ زبان پر پنجابی اثر بہت نمایاں ہے۔ چونکہ گرو گرنتھ صاحب کی تالیف نام دیو کے تقریباً ڈھائی سو سال بعد ہوئی ہے، اس لیے ان کی زبان کا بدل کر پنجابی سے قریب ہوجانا عین ممکن ہے۔ چنانچہ اکثر افعال میں پنجابی پن جھلکتا ہے۔ پنجابی الفاظ کے علاوہ نام دیو کے ہاں برج، کھڑی بولی، پوربی ہندی اور مراٹھی الفاظ کا استعمال بھی جا بجا نظر آتا ہے۔ خصوصاً مراٹھی کے حروف جار یا ربط (Prepositions) مثلاً चा-चे-ची (کا۔کے۔کی) मधे (میں) اور مراٹھی افعال مثلا आनीले (لایا۔لائے) भेटुला (ملاقات کی) मांडीले (رکھا۔رچا) होती (تھی) وغیرہ کا استعمال ان کے مہاراشٹری نسب کا بین ثبوت ہیں۔ بہت سے غیر مراٹھی الفاظ میں بھی مراٹھی لاحقہ ला کا استعمال نظر آتا ہے۔

نام دیو کی زبان میں عربی فارسی کے دخیل الفاظ بھی کسی حد تک پائے جاتے ہیں لیکن ان کی تعداد اتنی زیادہ نہیں ہے کہ ان کی بنیاد پر کوئی نتیجہ اخذ کیا جاسکے۔ نیز جن پدوں میں عربی فارسی الفاظ کا دخل زیادہ ہے ان کی صحت میں تردّد پیدا ہوجاتا ہے کیوں کہ نام دیو کے عہد میں مسلمانوں کی زبانوں کے الفاظ ملکی زبانوں میں اس حد تک رچ بس نہیں سکے تھے کہ سنتوں کی زبان پر رواں ہوسکیں۔

سنت نام دیو کی ہندوستانی شاعری کا لسانی تجزیہ ایک مستقل موضوع ہے جس پر کام کرنے کی گنجائش باقی ہے۔ بر وقت اس مختصر سے تعارفی جائزے پر اکتفا کرتا ہوں۔

फार्म ४

(नियम ८ देखिये)

१. प्रकाशन स्थान :— महात्मा गांधी मेमोरियल रिसर्च सेन्टर, एम्. जी. एम्. बिल्डिंग, नेताजी सुभाश रोड, बम्बई—२

२. प्रकाशन अवधि :— सालाना

३. मुद्रक का नाम :— डा.अब्दुस्सत्तार दलवी
(क्या भारत का नागरिक है ?) भारतीय
(यदि विदेशी है तो मूल देश) —
पता :— महात्मा गांधी मेमोरियल रिसर्च सेन्टर, एम्. जी. एम्. बिल्डिंग, नेताजी सुभाष रोड, बम्बई—२

४. प्रकाशक का नाम :— डा.अब्दुस्सत्तार दलवी
(क्या भारत का नागरिक है ?) भारतीय
(यदि विदेशी है तो मूल देश) —
पता :— महात्मा गांधी मेमोरियल रिसर्च सेन्टर, एम्. जी. एम्. बिल्डिंग, नेताजी सुभाष रोड, बम्बई—२

५. सम्पादक का नाम :— डा.अब्दुस्सत्तार दलवी
(क्या भारत का नागरिक है ?) भारतीय
(यदि विदेशी है तो मूल देश) —
पता :— महात्मा गांधी मेमोरियल रिसर्च सेन्टर, एम्. जी. एम्. बिल्डिंग, नेताजी सुभाष रोड, बम्बई—२

६. उन व्यक्तियों के नाम व पते जो समाचार-पत्र के स्वामी हों तथा जो समस्त पूँजी के एक प्रतिशत से अधिक के साझेदार या हिस्सेदार हों। — अकेडमिक कमेटी, हिन्दुस्तानी प्रचार-सभा, एम्. जी. एम्. बिल्डिंग, नेताजी सुभाष रोड, बम्बई—२

मैं, डा. अब्दुस्सत्तार दलवी, यह घोषित करता हूँ कि मेरी अधिकतम जानकारी एवं विश्वास के अनुसार ऊपर दिये गये विवरण सत्य हैं।

डा. अब्दुस्सत्तार दलवी

तारीख २ अक्टूबर १९७२ प्रकाशक

इस चमत्कार पूर्ण घटना ने जहां महात्मा गांधी को लोगों की दृष्टि में अकाश की उंचा-इयों तक उठा दिया वहां वे उनके हृदय में गहरे समा भी गए । सम्पूर्ण देश की तरह ही इस प्रदेश के लिए भी महात्मा गांधी स्वराज्य दिलाने वाले केवल राजनीनिक नेता ही नहीं थे, वे लाख लाख दलितों और पीड़ितों के उद्धारक भी थे। इसी लिये आज जब भी कोई आंख डबडबाती है तो नये प्रकाश लिए युग पुरुष महात्मा-गांधी की ओर उठ जाती है । फिर वह चाहे व्यक्ति का संकट हो अथवा देश का । सीमाओं पर आए संकटो के अवसर पर भी इस प्रदेश की जनता महात्मा गांधी को नहीं भूली —

नवा सड़क मां परे हे खपरा ।
तोर गए ले बापू दुसमन मार थे थपरा ।।

अर्थात स्वराज्य के नये रास्ते पर अनेक रुकावटे हैं ।! हे बापू ! तुम जैसे व्यक्तित्व के अभाव के कारण ही आज शत्रु हमें कष्ट दे रहे ।

आज देश में फिर से भेद भाव एवं नफरत की वह आग सुलग रही है जिसे महात्मा गांधी ने अपने खून से बुझाया था ।

आज जब कि देश यह समझ रहा है कि महात्मा गांधी की वह यात्रा जो पोरबन्दर से प्रारम्भ हुई थी राजघाट पर जाकर समाप्त हो गयी तब इस प्रदेश से उठता हुआ प्रेम एवं सहि-ष्णुता का यह स्वर —

हिन्दू ला राम राम, पठान ला सलाम ।
बाबा ला बंदगी, सतनामी सतनाम ।।

चुनौती देकर यह कह रहा है कि "कौन कहता है कि गांधी मर गया है ?' गांधी एक ऐसी आवाज का नाम है जो दब नहीं सकती । गांधी एक ऐसी मशाल का नाम है जो कभी बुझ नहीं सकती । गांधी एक ऐसी यात्रा का नाम है जिसका अंतिम पड़ाव दया, प्रेम और सहि-ष्णुता का है —

हिन्दू ला राम राम, पठान ला सलाम ।
बाबा ला बंदगी, सतनामी सतनाम ।।

सामाजिक एकता के फल स्वरूप लोगों में स्वराज्य के प्रति एक अपूर्व उत्साह उत्पन्न हो गया। उनके नेत्रों में भारत माता का चित्र तथा मन में स्वराज्य का स्वप्न झूमने लगा ——

पाबो सुराज मजा करबो ।
भारतमाता के सदा पुकार सुनबो ।।

अर्थात् हम स्वराज्य पाकर मजा करेंगे तथा भारत माता की सदा पुकार सुनेंगे ।

लोगों का यह विश्वास दृढ़ हो गया कि गांधी जी का स्वातंत्र्य-युद्ध धर्म युद्ध है—

मंदिर बनाये दरसन खातिर –
गांधी मांगे सुराज धरम खातिर ।।

अर्थात् जिस प्रकार देव-दर्शन के लिए मंदिर का निर्माण एक धार्मिक कृत्य है उसी भांति गांधी का स्वातंत्र्य-युद्ध भी धर्म के लिए है ।

इसने लोगों के मनो बल को इतना उठा दिया कि अब स्वराज्य की राह का हर कांटा उन्हें फूल लगने लगा । जेल की यातना अब डर कर भागने की वस्तु नहीं बल्कि स्वागत की वस्तु बन गयी ——

दिया मांगे बाती, बाती मांगे तेल ।
सुराज लेबो अंगरेज, कतेक देबे जेल ।।

अर्थात् दीपक बाती मांगता है, बाती तेल चाहती है, हमारी मांग स्वराज्य की है । हे अंगरेज ! जेल का कष्ट हमारी मांग को दबा नहीं सकता ।

और इस तरह हमारी आजादी की आकांक्षा के प्रतीक के रूप में तिरंगा शान से उड़ने लगा ।

गोरी के अचरा भुंइया मां लुरे ।
गांधी जी के झंडा दुनिया मां फिरे ।

अर्थात् गोरी का आंचल भूमि तक नीचा ही अच्छा लगता है परन्तु गांधीजी का झंडा दुनिया में ऊपर उड़ते हुए ही शोभा पाता है ।

अंत में इस झंडे के लिए बलिदान होने की भावना ने ही हमें स्वराज्य के द्वार तक पहुंचा दिया ——

बिहाव के मडर ला सरोई डारे न ।
अंगरेजवा ला भइया भगोई डारे न ।।

अर्थात् विवाह के अंत में जिस तरह 'मौर' जलाशय में डाल दिया जाता है उसी भांति हमने स्वातंत्र्य—युद्ध के अंत में अंगरेजों को भगा ही दिया ।

विश्व-इतिहास की यह सबसे महान घटना थी जब कि एक देश ने अहिंसा के द्वारा स्वराज्य प्राप्त किया था ——

गांधी जी के सलाह मां हम तुम आयेन ।
बिन लड़े मोर भैया सुराज पाये न ।।

अर्थात् गांधी जी की सलाह से ही हमने बिना हिंसात्मक युद्ध के स्वराज्य पा लिया ।

लाये ला माटी बनाय मरका ।
गांधी बबा के कहे हर ठौकाठौका ।।

अर्थात् जिस तरह कुम्हार मिट्टी लाकर घड़ा बनाता है उसी तरह हम स्वराज्य की मूर्ति गढ़ रहे हैं और इसमें गांधी बाबा का हर कथन उचित है ।

खादी ला पहिरा अब चरखा ला काता ।
सुराज के झगड़ा ला सबे झन बांटा ।।

महात्मा गांधी के ही प्रभाव से इस प्रदेश के लोग सबको चरखा चलाने एवं खादी पहनने की तथा स्वराज्य के हर संघर्ष में मिल जुल कर हिस्सा लेने की सलाह देने लगे और परिणाम यह हुआ कि ——

गांव के गंवइया में पहिरे हौं खादी ।
हमला आजादी देवाये महात्मा गांधी ।।

अर्थात् महात्मा गांधी हमें आजादी दिलाने वाले हैं अत: मैं गांव का रहने वाला खादी पहनता हूं ।

नानमुन टूरा पहिरेला पागी ।
गांधी बबा के कहे ले पहिनव खादी ।।

और इस तरह गांधी बाबा के कहने से गांवों के लोग, यहां तक कि बच्चे भी खादी पहनने लगे। अंग्रेजी शासन में संतोष अनुभव करने वाली छत्तीसगढ़ की जनता का इस तरह अंग्रेजों को चुनौती देना गांधी जी के प्रभाव एवं चमत्कार का ससे बड़ा प्रमाण है। गांधी जी का यह प्रभाव कवल राजनीतिक क्षेत्र में ही नहीं था इस प्रदेश के सामाजिक जीवन में भी इससे महत्वपूर्ण कार्य किया था। जातीय भेदभाव एवं छआ-छूत की भावना जो देश को घुन की तरह खा रही थी वह भी गांधी जी के उपदेशों से दूर होने लगी और फिर ——

घसिया रांधय धनवार पर सय ।
बाम्हन हंसि हंसि खाय ।।

घसिया तथा धनवार जैसी निम्न सभझी जानेवाली जातियों द्वारा पकाया हुआ भोजन भी ब्राह्मण हंस हंस कर खाने लगे । लोगों में अन्य सम्प्रदायों के प्रति सहिष्णुता एवं उदारता के भाव जागृत होने लगे —

हिन्दू ला राम राम, पठान ला सलाम ।
बाबा ला बंदगी, सतनामी सतनाम ।।

अर्थात् हिन्दुओं को राम राम, मुसल मानों को सलाम, बैरागियों को बंदगी तथा सतनामियों को सतनाम। यह महात्मा गांधी का ही प्रभाव था जिसकी छाया में लोगों ने यह अनुभव किया कि जब तक हम सामाजिक रूप से एक नहीं होते राजनीतिक मोर्चे पर हम असफल रहेंगे।

रहा । केवल सोनाखान के जमीदार ने अंग्रेजों के विरुद्ध तलवार उठायी परन्तु उसे शक्ति से कुचल दिया गया । इस तरह मराठा-शासन ने छत्तीसगढ़ के नवीन राजनीतिक जागरण की सुबह को और दूर ढकेल दिया ।

अंग्रेजी शासन के प्रति उत्पन्न छत्तीसगढ़ी जनता का भ्रम अधिक दिनों तक नहीं रह सका । अंग्रेजी शासन के दोष शीघ्र ही उनके समक्ष स्पष्ट हो गये । बिलायती कपड़े के व्यापार ने सबसे अधिक हानि स्थानीय कपड़ा बुनने के उद्योग को पहुंचायी और यह दर्द इन पंक्तियों में उभर आया है ——

अछिया डोरिया ला कोस्टा बीने, सादा ला बीने गांडा ।

नैनसूत ला पुतरी बीने, तेला बेचे फिरंगी राजा ।

अर्थात् 'कोस्टा' अच्छे डोरिया वस्त्र बुनता है तथा गांडा सादे वस्त्र बनाता है परन्तु पुतली घर (मिलें) महीन वस्त्रों का निर्माण करते हैं जिन्हें फिरंगी राजा बेचता है ।

अन्य उद्योगों और व्यवसायों की भी वही हालत हुई । लोग अनुभव करने लगे —

धुंकी सांही अंगरेज भूइया मां छाइगे ।

सोन के चिरैया माटी के होइ गे ।।

अर्थात् छुतही बीमारी की भांति शीघ्रता से देश में फैले अंग्रेजों ने ही अपने शोषण से इस सोने की चिड़िया को मिट्टी में बदल दिया है । निर्धनता इतनी बढ़ गयी कि——

तिवरा के दाल मां बनाए भाजी ।

फिरंगी होगे राजा नंदागे खाजी ।।

अर्थात् निर्धनता के कारण अब तिवरा की दाल और भाजी से ही संतोष करना पड़ता है । बच्चों को अपने प्रिय खाद्य पदार्थ तक खाने को नहीं मिलते ।

आइन बिलायत ले करीन रोजगार ।

झट राजा बन बैठिन इहां के हकदार ।।

और इस तरह बिलायत से व्यापार के लिए आनेवाले अंग्रेजों का राजा बनकर बैठ जाना, लोगों को बुरा लगने लगा ।

यह निश्चय ही सम्पूर्ण देश में अंग्रेजी शासन के विरुद्ध उबलते हुए असन्तोष एवं एक राष्ट्रीय चेतना की जागृति का फल था और महात्मा गांधी उस राष्ट्रीय चेतना के सबसे बड़े प्रतीक थे। छत्तीसगढ़ में इस राष्ट्रीय चेतना एवं महात्मा गांधी के विचारों को फैलाने का श्रेय पं. सुन्दरलाल शर्मा, पं. रविशंकर शुक्ल, ठाकुर प्यारेलाल, बरिस्टर छेदीलाल, तथा माधवराव सप्रे जैसे नेताओं और लेखकों को है ।

भारतीय राजनीति में महात्मा गांधी के आगमन के पश्चात स्वतंत्रता आन्दोलन जोर पकड़ने लगा । इस प्रदेश की जनता के हृदय में महात्मा गांधी के प्रति अपार श्रद्धा थी । लोगों का विश्वास था कि महात्मा गांधी जैसे अवतारी पुरुष का कोई आदेश गलत नहीं हो सकता —

छत्तीसगढ़ी लोक-गीतों में गांधी

डा. हनुमंत नायडू

हिन्दी विभाग, एलफिस्टन कालेज, बम्बई—३२

मध्यप्रदेश का पूर्वी अंचल छत्तीसगढ़ के नाम से पुकारा जाता है। छत्तीसगढ़ी इस प्रदेश की बोली है। पूर्वैतिहासिक काल से लेकर महात्मा गांधी तक और उनके बाद भी छत्तीसगढ़ एक समृद्ध राजनीतिक परम्परा का उत्तराधिकारी रहा है। छत्तीसगढ़ी जनमानस पर महात्मा गांधी के प्रभाव को अधिक स्पष्टता से समझने के लिए छत्तीसगढ की राजनीतिक पृष्ठभूमि को समझ लेना आवश्यक है ।

मध्ययुग में रतनपुर के हैहयवंशी शासकों ने इस प्रदेश को एक सुसंगठित शासन व्यवस्था दी थी जिसके अन्तर्गत यहां की जनता सुखी एवं सम्पन्न थी। इस प्रदेश पर मुसलमानों का शासन कभी नहीं रहा । १८ वीं शताब्दी के मध्य में निर्बल नरेशों को पराजित करके नागपुर के मराठों ने इस प्रदेश पर अधिकार कर लिया और इसके साथ ही छत्तीसगढ़ के इतिहास का एक स्वर्णिम अध्याय समाप्त हो गया । सन १७४० में नागपुर के भोंसला नरेश रघुजी प्रथम के सेनापति भास्कर पंत ने छत्तीसगढ़ को लूट कर जिस मराठा शासन की नींव डाली थी उस में इस प्रदेश का इतना अधिक शोषण किया गया कि इस प्रदेश की अर्थ व्यवस्था की कमर ही टूट गयी । मराठा शासन के सौ वर्षों ने इस प्रदेश के वैभव, व्यापार-उद्योग, शिक्षा एवं सभ्यता सबकी हत्या कर दी और प्रदेश को अशिक्षा एवं निर्धनता के घने अंधकार में भटकने के लिए छोड़ दिया । इसका छत्तीसगढ़ के सामाजिक, सांस्कृतिक एवं राजनीतिक जीवन पर बहुत अधिक प्रभाव पड़ा है । सन १८५३ में यह प्रदेश अंग्रेजों के शासन के अन्तर्गत आया। शोषण और आतंक के पश्चात आये सुव्यवस्थित अंग्रेजी शासन का प्रदेश की जनता ने स्वागत किया । एक विदेशी शक्ति द्वारा दी जाने वाली परतंत्रता का यह स्वागत संभवतः विचारशील व्यक्तियों को अनुचित प्रतीत हो परन्तु यह छत्तीसगढ़ की जनता का नहीं बल्कि मराठा-शासन का दोष था। प्रथम तो मराठा-शासन की भेंट अशिक्षा एवं निर्धनता ने जनता को इस योग्य नहीं रखा था कि देश के परिप्रेक्ष्य में अंग्रेजी शासन का मूल्यांकन कर सकती । द्वितीय मराठों के शासन की तुलना में अंग्रेजों का शासन जनता को अधिक व्यवस्थित एवं संतोषदायी प्रतीत हुआ । इसीलिए मराठा शासन के अंत होने के केवल चार वर्ष बाद जब सन १८५६ में सम्पूर्ण उत्तर भारत अंग्रेजों के विरुद्ध प्रथम स्वातंत्र्य-संग्राम में जूझ रहा था तब छत्तीसगढ़ शांत ही

प्राचीन काल से ही पतंग उड़ाने की प्रथा रही है और इसे मनोरंजन का अच्छा साधन माना जाता रहा है । पतंग का खेल महंगा है अतः इसे अमीरों का खेल माना जाता है, जैसे क्रिकेट को माना जाता रहा है । आजकल तो स्थान स्थान पर **'पतंगबाजी'** की प्रतियोगिताएं आयोजित होती है ।

पतंग उड़ाने के लिये जिस कच्चे धागे का उपयोग किया जाता है, उसे **'सद्दी'** कहा जाता है । पतंग कच्चे धागे के कारण लड़ाई जाने पर कट जाती है जो उसे **'सद्दी से कटना'** कहा जाता है । कांच को पत्थर या चीप पर बारीक नमक के समान पीसकर एवं पके चांवल के साथ मिला (जिसे बुन्देलखंड में भात कहते हैं) कर लुद्दी बनाई जाती है इस लुद्दी को **'लुद्दी'** ही कहा जाता है । इसे कच्चे धागे, याने सद्दी पर रगड़ने से पक्का कांच युक्त धागा तैयार होता है जिसे **'मंझा'** कहा जाता है । मंझा किसी विशेष रंग का बनाया जा सकता है – **लुद्दी** में वांछितरंग मिला लिया जाता है ।

पतंग को उड़ाते समय जो धागा छोड़ा जाता है उसे **'ढीलदेना'** कहते हैं। ढील के दो प्रकार हैं, उन्हें **"छपका और भपका"** कहा जाता है । आकाश में जब पतंग एक दूसरे के धागों में उलझकर दोनों पतंग बाजों द्वारा ढील देने पर, दूर तक चली जाती है, तो **"ढीलों से पेंच जाना"** कहा जाता है। पेंच पतंग की लड़ाई को कहते हैं । दो लोग आपस में अपनी अपनी पतंग से एक दूसरे की पधंग काटने के लिये अपनी पतंगों को उलझाते हैं । जब कोई पतंग पर्याप्त धागे के साथ कट जाती है तो उसे **"ढिल्लों से पतंग कटना'** कहते हैं । कभी कभी बजाय ढील देकर पतंग लड़ाने के पतंग उल्झाकर अपनी अपनी तरफ धागे को खींचते है ताकि पतंग कटे इसे **"खिच्चमकाट"** कहते है । पतंग जब कट कर हवा में आकश की ओर ऊपर की तरफ ही उठती है और नीचे आने का नाम नहीं लेती तो उसे पतंग का **'बमकना'** कहा जाता है ।

पतंग बहुत पतले कागज की बनाई जाती है । पतंग के मुख्य मोटे आधार (बांस की कमटी) को **"ठड्डा'** कहते है । ऊपर के भुड़े हुए कमान को **'कमानी'** कहते है । जिस पतंग का आधार और कमान नाजुक होता है, उसे **'लिभ्भड'** पतंग कहते है । पतंग को उड़ान के लिये बांधे जाने वाले धागों के मुख्य आधार को **'जुत्ता या जोता'** कहा जाता है। पतंग के जोते जब उपयुक्त नही बांधे जाते हैं तो वह हवा में एकंगी (एक्र और ज्यादा) भागतो है । ऐसी स्थिति में पतंग में एक ओर **'किन्नी'** बांधी जाती है । किन्नी किसी धागे या कपड़े की चिन्धी होती है, जिसकी, जिस दिशा में पतंग भागती है '(झुकती) है ; उसके विपरीत दिशा में कमान के कोने पर बांधा जाता है । इसका उपयोग पतंग का संतुलन बनाये रखने के लिये किया जाता है ।

पतंग कई ढंग से रंगबिरंगे पतले कागजों से बनाये जाते हैं । बुन्देलखंड में निम्नलिखित पतंगों के प्रमुख प्रकार बालकों के मुख से सुनने मिलते हैं । लंगोटिया (लंगोट के समान), मुड्ड-याल (मुड्डे पर दूसरे रंग का कागज होता है) अड़िया, चांदतारा, पट्टयाला (पट्टोवाला) तिर-पट्टयाल (तीन पटियों वाला) आधरंगा (दो समान आधे आधे रंगो वाला) तारा, इत्यादि ।

(लेख सर्वेक्षण पर आधारित)

किसी भी खेल के बीच में, जब कोई बालक किसी कारणवश, खेल में भाग नहीं [illegible] चाहता तो वह "थुइया" शब्द का प्रयोग करता है एवं खेल से अलग हो जाता है । थुइया कहते हुए [illegible] जमीन पर थूक भी देता है । आशय है कि उसे खेल में सम्मिलित ना समझा जावे एवं खेल के नियम और बंधनों से वह मुक्त माना जावे ।

गोली खेलते समय, और गिल्ली डन्डा खेलते समय समान रुप से प्रयुक्त होने वाला वाक्य है : **"छिनीबट रही आय"** या **'बट रहो आय"** । अपनी चाल चलने के उपरान्त जब बालक की गोली, किसी वस्तु से टकराकर स्थिर हो जाती है, तब इस वाक्य का प्रयोग वह करता है । इसका आशय है टकराकर गोली जिस स्थान पर स्थिर हो जाती है, वही मानी जाय । यदि बालक उक्त वाक्य का प्रयोग नहीं करता या करपाता तो उसे पुन: अपने स्थान लौट कर अपनी चाल पुन: चलना पड़ती है । इस वाक्य का प्रयोग विपरीत अर्थ में **"छिनी बट बूर जाय"** या **बट बूर जाय"** के रुप में प्रयुक्त होता है । दाम लेने वाला या दाम देने वाला जो भी इस शब्द का प्रयोग पहले करता है, वही इसका लाभ उठा सकता है ।

